حج و عمرہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

جلد اول

حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق

(آ - ج)

مؤلف

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

بیت العمار کراچی

0333-3136872

حج وعمرہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق

(آ-ج)

جلدِ اول

مؤلف

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

نام کتاب: حج وعمرہ کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف: مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

طباعت: طبع ثانی: ۱۴۳۸-۲۰۱۷

ناشر: بیت العمار کراچی

نورانی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔ 74400

فون: 0302-2205466, 0333-3136872

0333-3845224

ای میل: baitulammar2004@gmail.com

qaasmiesencyclopedia2004@gmail.com

کراچی:

الحجاز پبلشرز، بنوری ٹاؤن۔ 0314-2139797

اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن۔ 021-34727159

دارالبشائر، بنوری ٹاؤن۔ 0334-2659744

ادارۃ النور، بنوری ٹاؤن۔ 0324-2855000

مکتبہ القرآن، بنوری ٹاؤن۔ 021-34856701

زم زم پبلشرز، اردو بازار۔ 021-32729089

مکتبہ ندوہ، اردو بازار۔ 0321-8936511

مکتبہ المعارف، دارالعلوم کراچی۔ 021-35032020

کوئٹہ:

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ۔ 081-26622631

مکتبہ ماجدیہ۔ 0333-7434142

پنجاب:

مکتبہ رحمانیہ۔ 042-37224228

الفلاح پبلشرز۔ 0333-4101085

مکتبہ عائشہ۔ 0321-9233714

دارالناشر۔ 0333-8335011

خیبر پختونخواہ (KPK):

مکتبہ عمر فاروق، قصہ خوانی بازار، پشاور۔ 0311-8845717

مکتبہ بنوری ٹاؤن، لکی مروت۔ 0336-9731158

مکتبہ فاروقیہ، بنو۔ 0334-8825488

مکتبہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک۔ 0337-7445290

مکتبہ محمودیہ، صوابی۔ 0312-9430416

مکتبہ الحرمین، اکوڑہ خٹک۔ 0313-8680501

مولوی ظہور، مردان۔ 0334-8414660

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر
ج	

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ آغاز

حج کا لغوی معنی ہے ’’کسی جگہ کا ارادہ کرنا، زیارت کرنا‘‘۔

اور اصطلاح میں حج ایک معروف و مشہور عبادت ہے، جو اسلام کے پانچ ارکان میں سے آخری رکن ہے۔

حج حقیقت میں مخصوص وقت میں نیک لوگوں کی بہت بڑی جماعت کے اکٹھے ہونے کا نام ہے، اور وہ وقت بھی ایسا ہے جس میں انبیاء کرام، صدیقین، شہداء اور صالحین کی یاد تازہ ہوتی ہے، اور ان کی زندگیاں یاد آتی ہیں، جن پر اللہ تعالیٰ نے خصوصی فضل و کرم فرمایا ہے۔

اور وہ جگہ ایسی ہے کہ اس میں دین کی واضح نشانیاں موجود ہیں، اور وہاں دین کے بڑے بڑے لوگوں کی جماعتیں آتی رہی ہیں، اور وہ لوگ وہاں موجود دین کی یادگاروں کی تعظیم کرتے رہے ہیں، وہاں اللہ تعالیٰ کے سامنے روتے اور گڑگڑاتے رہے ہیں، اور اللہ تعالیٰ سے خیر و بھلائی کی امید لے کر اور گناہوں کی معافی کی آرزو لے کر وہاں حاضر ہوتے رہے ہیں، جب ایسے وقت اور ایسی جگہ میں نیک لوگ بڑی تعداد میں جمع ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف پوری توجہ کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہوتی ہے، اور گناہوں کی مغفرت ہوتی ہے، اور حجاج کرام گناہوں سے پاک وصاف ہو جاتے ہیں، حدیث شریف میں ہے کہ ’’عرفہ کے دن شیطان جس قدر ذلیل و خوار، حقیر، کمزور اور غضب ناک نظر آتا ہے، کسی اور دن نظر نہیں آتا‘‘۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وہ اللہ کی رحمت کے نزول، اور بڑے بڑے گناہوں سے درگزر کرنے کو دیکھتا ہے، اور اپنی پوری محنت پر پانی پھیرتے ہوئے دیکھتا ہے۔

کچھ بے دین، نام نہاد دانش وَر لوگ یہ فلسفہ پیش کرتے ہیں کہ حج میں کتنا بڑا سرمایہ برباد ہوتا ہے؟ اور کتنا وقت لگ جاتا ہے، آخر حج کا مقصد کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کی

عبادت تو ہر جگہ سے کی جاسکتی ہے، دنیا کے تمام لوگوں کا دور دراز علاقوں سے سفر کر کے ایک جگہ جمع ہونا آخر کیوں ضروری ہے؟

حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے اس قسم کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے فرمایا کہ حج کی اصل ہر ملت و مذہب میں موجود ہے، تمام قوموں میں میلوں، ٹھیلوں، اور یاتراؤں کا رواج ہے، اسلام میں یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگوں کے لیے تین چیزیں ضروری ہیں:

① کوئی ایسی جگہ ہونی ضروری ہے جس سے لوگ برکت حاصل کریں، اور وہ جگہ اس لیے برکت والی ہے کہ لوگوں نے وہاں اللہ کی نشانیوں کو نمودار ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔

② اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنے کے لئے قربانی کے طریقے بھی ہوں، خواہ وہ جانور کی قربانی ہو یا کوئی اور عمل ہو۔

③ اور ایسی شکلیں بھی ہوں جو اکابر ملت سے مروی ہوں، جیسے احرام کا مخصوص لباس، طواف، سعی اور شیطان کو کنکریاں مارنے کی شکلیں وغیرہ، تاکہ لوگ ان پر عمل کر سکیں، ان مخصوص شکلوں سے اللہ تعالیٰ کے مقرب بندوں کی یاد تازہ ہوتی ہے اور ان اکابر کے احوال یاد آتے ہیں۔

ان تین چیزوں کے مجموعے کا نام حج ہے، ہر قوم میں اس کا رواج ہے، اسلام میں یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے۔

اس لیے مسلمانوں کے حج پر اعتراض کرنا، اور اس پر جو رقم خرچ ہوتی ہے اس کو فضول سمجھنا، اور اس میں جو وقت لگتا ہے اس کو ضیاع سمجھنا اور دوسری اقوام کے میلوں، ٹھیلوں اور یاتراؤں وغیرہ پر اعتراض نہ کرنا، سراسر ظلم اور ناانصافی ہے۔ ایسے بے دین لوگوں کو سوچنا چاہیے اور اپنا رویہ درست کر لینا چاہیے، ورنہ یہ عقل مندی اور دانش مندی کے خلاف ہے۔

دسویں ہجری نبوت کا آخری سال تھا، اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا خلیفہ مقرر کیا، اور ۲۵/ذی قعدہ جمعرات کے دن ظہر کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حج کے لیے روانہ ہوئے، حضرت خدیجۃ الکبریٰ اور حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہما کے علاوہ باقی تمام ازواج مطہرات اور سیدہ النساء فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہم اس سفر میں ساتھ تھیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے روانگی سے پہلے غسل کیا، سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے سر مبارک پر تیل اور بالوں کی مانگ میں عمدہ خوشبو لگائی جس کا اثر کئی دن تک محسوس ہوتا رہا، اس کے بعد آپ نے احرام کی دو چادریں زیب تن فرمائیں، ایک سفید چادر لپیٹ لی، اور ایک سفید چادر باندھ لی۔

اور یہ حج کا مردانہ یونیفارم ہے، جس کو پہن کر بندہ اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہوتا ہے، یہ تواضع اور عاجزی کا لباس ہے، دنیا کی زیب وزینت سے ہٹ کر کفن کی مانند ہے، اس میں امیر وغریب سارے کے سارے برابر ہیں، دنیا کے اندر تو کپڑوں کی اونچ نیچ کا فرق ہوتا ہے، لیکن جو بھی حج یا عمرہ کے لیے جائے گا اس کا احرام یہی ہوگا، امیر و غریب دونوں کا لباس یہی ہوگا۔

اس کے بعد آپ علیہ السلام نے احرام کی نیت کر کے تلبیہ پڑھا، اور ساتھ جانے والے صحابہ کرام کو تلبیہ کی تلقین کی، صحابہ کرام نے بھی تلبیہ پڑھنا شروع کیا، حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ پیغام دیا کہ اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ یہ صحابہ اونچی آواز سے تلبیہ پڑھیں، اور یہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔

تقریباً نو (۹) دن اس سفر میں لگے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس سفر میں امت کو دین کے احکام بھی سکھا رہے تھے اور ساتھ ساتھ صحابہ کرام کی تربیت بھی فرما رہے تھے۔

اس سفر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اونٹ بھی گم ہو گیا تھا، نبی کریم صلی اللہ

علیہ وسلم نے امت کو تعلیم دی کہ: دیکھو حج کے دوران ایسے واقعات پیش آسکتے ہیں، سامان گم ہوسکتا ہے، بندہ بیمار ہوسکتا ہے، کوئی مشکل، کوئی مصیبت آسکتی ہے، یہ سب چیزیں سفر کا حصہ ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ سفر میں بندے کو دل بڑا رکھنا چاہیے، تاکہ سفر کے دوران کوئی ایسی بات پیش آجائے تو برداشت کر سکے، مصائب وغیرہ اللہ کی جانب سے ہیں، اس میں بندے کا کوئی اختیار نہیں۔

صحابہ کرام کے دلوں میں دین کو سیکھنے کا بہت زیادہ شوق تھا، ان کو یہ تڑپ رہتی تھی کہ انہیں شریعت کے احکام سکھائے جائیں، تاکہ ہر عمل کو شریعت کے مطابق کرسکیں، اسی طرح حجاج کرام کو چاہیے کہ حج کے سفر میں علماء کرام سے زیادہ سے زیادہ دین کے احکام سیکھنے کی کوشش کریں تاکہ ہر عمل شریعت کے مطابق ہو، اور دنیا وآخرت دونوں جہاں میں کامیابی ہو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد الحرام میں داخل ہوئے، جب آپ ﷺ نے بیت اللہ کو دیکھا تو کھڑے کھڑے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی۔

اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے وقت کی نماز ادا فرمائی، پھر بیت اللہ کا طواف کیا، اس لیے حجاج کرام کو چاہیے کہ بیت اللہ میں پہنچنے کے بعد اگر جماعت کی نماز کا وقت ہو تو پہلے جماعت کے ساتھ نماز پڑھیں اور اگر نماز کا وقت نہیں تو بیت اللہ کا طواف کریں، جیسا کہ کسی محفل میں جب کوئی آئے تو اس کو چاہیے کہ مجلس میں جو صدر مجلس ہے پہلے اس سے مصافحہ کرے اسی طرح احرام باندھ کر آنے والے کو چاہیے پہلے اللہ کے گھر کا طواف کرے، کیوں کہ وہ آیا ہی اسی لیے ہے، پھر طواف شروع کرتے وقت حجر اسود کے بالکل سامنے آکر ترتیب سے استقبال، نیت، اور استلام کرے۔

''حجر اسود'' زمین میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کا دایاں ہاتھ ہے، جس نے حجر اسود کو بوسہ دیا اس نے گویا اللہ رب العزت کی قدرت کے دائیں ہاتھ کو بوسہ دیا۔

دنیا کا دستور یہ ہے کہ اگر کوئی شخص محبوب سے ملنے جاتا ہے تو اس کا دل چاہتا ہے

کہ محبوب سے ملے اور اس کے ہاتھوں کو بوسہ دے، اللہ تعالیٰ نے بھی بندوں کے واسطے محبت کے جذبے کے اظہار کے لیے یہ عمل مشروع فرمایا ہے۔

بعض علماء نے لکھا ہے کہ: انسان کے قلب کی جو کیفیت ہوتی ہے، وہ حجر اسود کو بوسہ دیتے وقت یا استلام کرتے وقت حجر اسود کے اندر محفوظ ہو جاتی ہے، آج کل تو ویڈیو کیمرے نے اس کو سمجھنا آسان کر دیا ہے، جس طرح ویڈیو کیمرہ منظر کو محفوظ کر لیتا ہے، بالکل اسی طرح حجر اسود بھی اس حاجی اور عمرہ کرنے والے کے دل کی کیفیت کو محفوظ کر لیتا ہے، اس کا ایکسرے ہو جاتا ہے، اور قیامت کے دن اس کیفیت کے ساتھ انسان اپنے پروردگار کے سامنے پیش ہوگا۔

اگر رش اور ہجوم کی وجہ سے حجر اسود کو بوسہ دینا مشکل ہو تو شریعت نے حکم دیا کہ اس کو سامنے لے کر ہاتھوں سے اشارہ کر کے ہاتھوں کی انگلیوں کے اندرونی سرے کو بوسہ دے دے تو استلام ہو جائے گا، اس کی مثال ایسی ہے جیسے ہم بچہ کو خوش ہو کر ہوائی بوسہ (Flying Kiss) دیتے ہیں تو بچہ محسوس کرتا ہے کہ مجھے گویا بوسہ مل گیا، تو حجر اسود کو ہجوم کی وجہ سے دور سے ''فلائنگ کِس'' کرنے کا دوسرا نام استلام ہے۔

اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف شروع کیا اور اس میں دو کام اور بھی کیے، ایک کام تو یہ کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم احرام کے کپڑوں کو دائیں کندھے کے نیچے سے اوپر لے گئے، اور دائیں کندھے کو ننگا کر لیا، اس کو ''اضطباع'' کہتے ہیں، اور یہ طواف کے سات چکروں میں کیا۔

اور دوسرا کام طواف کے شروع کے تین چکروں میں ''رمل'' کیا۔ رمل سے مراد ہے طواف کے شروع کے تین چکروں میں اگر جگہ اور موقع ہو تو پہلوانوں کی طرح کاندھے ہلا کر قدرے تیز چلنا۔

پھر اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ''ملتزم'' پر تشریف لے آئے (حجر اسود

اور بیت اللہ کے درمیان چھ فٹ کی دیوار کے حصہ کو ''ملتزم'' کہتے ہیں) اور اس سے لپٹ کر دعا کی ، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ملتزم سے اس طرح لپٹے کہ آپ کا سینہ مبارک بھی دیوار کے ساتھ تھا، رخسار مبارک بھی دیوار کے ساتھ تھا، دونوں ہاتھ اوپر تھے، جیسے چھوٹا بچہ ماں کے سینے سے لپٹ جاتا ہے، اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ ملتزم سے اس طرح لپٹ گئے۔ جو شخص ملتزم سے لپٹا وہ ایسے ہی ہے جیسے اس نے اپنے اللہ سے معانقہ کیا۔

پھر اس کے بعد مقام ابراہیم اور بیت اللہ کو سامنے لے کر دو رکعت نماز ادا کی، اس کے بعد زم زم کے کنویں پر تشریف لے آئے ، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زم زم کا پانی پیا۔

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صفا کے پہاڑ کی طرف روانہ ہوئے ، اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی فرمائی، اور آپ ''میلین اخضرین'' کے درمیان دوڑے بھی تھے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج قران کا احرام باندھا تھا، اس لیے سعی کے بعد حلق نہیں کروایا، اور احرام میں رہے (اور جو صحابہ کرام عمرہ کا احرام باندھ کر آئے تھے انہوں نے سعی سے فارغ ہو کر حلق کروالیا، یعنی بال کٹوا کر احرام کی چادریں اتار دیں، اور عام کپڑے پہن لیے)۔

آپ ﷺ اس کے بعد خیموں میں تشریف لے آئے جو مکہ مکرمہ سے باہر لگے ہوئے تھے، اور بقیہ چار دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں قیام فرمایا، روزانہ حرم تشریف لے جاتے تھے اور واپس آجاتے تھے۔

پھر سات ذی الحجہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کے قریب خطبہ دیا یہ حج کا پہلا خطبہ تھا، اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرب قیامت کی علامتیں بتائیں کہ قیامت کے قریب دنیا میں کیا کیا ہوگا۔

پھر آٹھ ذی الحجہ کو جو صحابہ کرام عمرہ کر کے احرام سے نکل گئے تھے انہوں نے

دوبارہ حج کا احرام باندھا، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حج قران کی وجہ سے پہلے ہی سے احرام میں تھے، چناں چہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے ساتھ **۸؍ذی الحجہ** کومنیٰ کے لیے روانہ ہوئے، اور ظہر سے پہلے پہنچ گئے اور رات وہیں قیام فرمایا۔

اگلا دن **۹؍ذی الحجہ** جمعہ کا دن تھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم منی میں فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد عرفات کی طرف تشریف لے گئے، ظہر سے پہلے عرفات میں پہنچنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھوڑی دیر آرام فرمایا، اور غسل فرمایا، ظہر اور عصر کی نمازیں اکٹھی ادا فرمائیں، پھر اس کے بعد خطبہ دیا، یہ حج کا دوسرا خطبہ تھا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خطبے میں یہ فرمایا تھا کہ: ''لوگو! اس مجلس کے بعد، اس سال کے بعد ہم اور تم اکٹھے نہیں ہوں گے''، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ سن کر رو پڑے، سمجھ گئے کہ شاید میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی اب روانگی کا وقت قریب ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خطبے میں یہ بھی فرمایا کہ: ''لوگو! میں نے سود ختم کر دیا، خون بہا معاف کر دیا''، اور یہ بھی فرمایا کہ: ''آپس میں ایک دوسرے کے حقوق کی پامالی نہ کرو ایک دوسرے کی حق تلفی نہ کرو''، عورتوں کے حقوق کے بارے میں فرمایا کہ: ''ان کے حقوق ادا کرو''، اور یہ بھی فرمایا کہ: ''تم دین کے اوپر جمے رہو''، وغیرہ۔

واضح رہے کہ **۹؍ذی الحجہ** کا دن یوم عرفہ یا حج کا دن کہلاتا ہے، اللہ رب العزت کے نزدیک یہ بہت ہی زیادہ محبوب دن ہوتا ہے، یہ مغفرت کا دن ہوتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے ''بدر'' اور ''عرفہ'' کے دن کے علاوہ شیطان کو اتنا ذلیل ہوتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا، یہ ''بدر'' کے دن ذلیل ہوا تھا یا ''عرفہ'' کے دن ذلیل ہوتا ہے، سر پر مٹی ڈالتا ہے، چلّاتا ہے کہ میری تو سالوں کی محنت ضائع ہوگئی۔

اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو فرمایا کہ اب تم وقوف کرو، ''وقوف'' کا مطلب یہ ہے کہ حجاج کرام اس وقت اللہ رب العزت سے کھڑے ہو کر

دعائیں مانگیں، اگر کھڑے نہیں ہوسکتے تو بیٹھ کر دعائیں مانگیں، اور اگر بیٹھ کر نہیں مانگ سکتے تو لیٹ کر مانگیں۔

جب سورج غروب ہوگیا تو اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عرفات سے واپس مزدلفہ کی طرف تشریف لائے اور وہاں پہنچ کر عشاء کے وقت میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ملا کر پڑھیں، عرفات میں عصر کی نماز کو مقدم کر کے ظہر کے ساتھ ملا کر ادا کیا اور مزدلفہ میں مغرب کی نماز کو مؤخر کر کے عشاء کے وقت میں ادا فرمایا، اس میں اس بات کی تعلیم دی کہ: اللہ تعالیٰ کی جانب سے جس وقت جو حکم آئے اس کی پیروی کرو، اور اس کو مانو، بندگی سکھائی کہ شریعت کے حکم کے سامنے ہمیشہ سرِ تسلیم خم کردو، سر جھکا دو، شیطان کی طرح عقل کے پیچھے نہ پڑو، اور تکبر اور ضد نہ کرو، ورنہ مردود ہو جاؤ گے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ آپ کنکریاں چن لیں، تین دن جو کنکریاں ماری جاتی ہیں انہیں مزدلفہ میں چننا مسنون عمل ہے، باقی کہیں سے بھی جمع کیا جاسکتا ہے، وہ کنکریاں بڑی نہیں ہونی چاہییں، موٹے چنے کا دانہ جو پلاؤ میں ڈالتے ہیں اس کے برابر ہونی چاہییں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ تشریف لانے کے بعد عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور بیماروں کو منیٰ روانہ فرمادیا، لیکن ان کو فرمادیا کہ جب تک سورج طلوع نہ ہو شیطان کو کنکریاں نہیں مارنا، اور خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ کے اندر قیام فرمایا، حاجی کے حق میں مزدلفہ کی رات شب قدر کی مانند اہم اور قیمتی ہوا کرتی ہے۔

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز مزدلفہ میں پڑھنے کے بعد مزدلفہ میں وقوف کیا یعنی قبلہ رخ کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی، وقوف مزدلفہ کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ سے عاجزی اور آہ وزاری کرنا تاکہ اللہ تعالیٰ حرم میں آنے کی توفیق دے دے۔

وقوف کرنے کے بعد مزدلفہ سے منیٰ کی طرف تشریف لائے، راستے میں مزدلفہ

اور منیٰ کے درمیان ایک وادی ہے اس کو ''وادی محسّر'' کہتے ہیں، یہ وہ جگہ ہے جہاں یمن سے ابرہہ کا ہاتھیوں والا لشکر آیا تھا، اور اللہ تعالیٰ نے پرندوں کے ذریعہ ہاتھیوں کے لشکر کو وہاں پر ہلاک کیا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب وہاں سے گزرنے لگے تو آپ نے سواری کو ذرا تیز فرما دیا۔

اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جس جگہ پر اللہ کا عذاب آیا ہو اس کو سیرگاہ اور تفریح گاہ نہیں بنانا چاہیے، بلکہ وہاں سے گزرنا پڑے تو جلدی سے گزر جانا چاہیے، تاکہ اللہ تعالیٰ گزرنے والے کو بھی اس عذاب میں مبتلا نہ فرمائے، باقی عبرت اور سبق لینے کے لیے دیکھنا چاہے تو دور سے دیکھے۔

پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ تشریف لائے تو منیٰ میں آپ ﷺ نے سب سے پہلے جو آخری شیطان ہے اس کو کنکریاں ماریں، اصل میں شیطان کو کنکریاں مارنا اپنی نفرت اور بیزاری کا اظہار کرنا ہے، ایمان دار حضرات شیطان سے بغض رکھتے ہیں، دلی نفرت کرتے ہیں، اور اس کو کنکریاں مارتے ہیں، اور بے ایمان لوگ شیطان سے دلی نفرت نہیں کرتے، اور شیطان کو کنکریاں نہیں مارتے، تاکہ دوستی میں خلل نہ آئے۔

''رمی'' کی حکمت یہ ہے کہ بیت اللہ کے طواف زیارت کے لیے آنے سے پہلے شیطان بدبخت کو جو اللہ کا دشمن ہے اور سارے انسانوں کا دشمن ہے کنکریاں مار کر اس کے دشمن ہونے کو ثابت کیا جائے، اس سے نفرت اور اللہ سے محبت کو ظاہر کیا جائے۔

(لطیفہ) شیطان کو سات کنکریاں مارنی ہوتی ہیں، تو ایک صاحب نے شیطان کو چھ کنکریاں ماریں اور ساتویں کنکری جیب میں ڈال لی، کسی نے کہا ساتویں کنکری شیطان کو کیوں نہیں ماری؟ تو جواب دیا کہ وہ گھر جا کر بیوی کو ماروں گا، کیوں کہ وہ بے چارہ بیوی سے تنگ تھا، تو ایسا نہ کرے، شیطان کو پوری سات کنکریاں مارے۔

بعض لوگ شیطان کو جوتا اتار کے مارتے ہیں، ایسا بھی نہ کرے، کیوں کہ شیطان

کو جوتے مارنے سے اتنی تکلیف نہیں ہوتی، جتنی سنت کے مطابق چھوٹا سا پتھر مارنے سے تکلیف ہوتی ہے، سنت کے مطابق چھوٹا سا پتھر مارنا ایسا ہی ہے جیسے پستول کی گولی کسی کو ماردی، لہٰذا سنت طریقے کے مطابق شیطان کو مارے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے کے بعد قربانی کی، پھر حلق کروایا، ترتیب سے ان تینوں کاموں کو انجام دیا، اس لیے امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان تینوں اعمال کے درمیان ترتیب واجب ہے، اگر ترتیب کے خلاف کیا تو دم دینا لازم ہوگا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کل سو اونٹ قربان کیے، تریسٹھ اونٹ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس قربان کیئے اور بقیہ ۳۷ اونٹوں کو ذبح کرنے کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ میری طرف سے قربان کر دیجیے۔

بعض لوگ قربانی پر اعتراض کرتے ہیں اور اس کے بجائے صدقہ، خیرات اور ویلفیئر کے کاموں کی ترغیب دیتے ہیں، ان کو سمجھنا چاہیے کہ ان کی سمجھ، ان کی عقل، ان کی ہوشیاری نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ نہیں ہے، جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کی، ایک نہیں بلکہ سو اونٹوں کی قربانی کی، صدقہ، خیرات اور ویلفیئر کے کام کی ترغیب نہیں دی، تو ان کو کیا حق بنتا ہے کہ اللہ کے نبی سے زیادہ شریعت کو سمجھنے کا دعویٰ کرتے پھریں، اور نبی کے کام کے خلاف لوگوں کو ترغیب دیں! ان پر ضروری ہے کہ ایسی باتوں سے توبہ کریں، ورنہ آخرت تو برباد ہوگی، دنیا بھی برباد ہونے کا خطرہ ہے، ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ مہلت دیتے ہیں تاکہ توبہ کرلیں، اگر اس مہلت سے فائدہ نہیں اٹھاتے اور توبہ نہیں کرتے، اور اپنے اعمال کو درست نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ اچانک پکڑ لیتا ہے، اور اللہ کی پکڑ سب سے زیادہ سخت اور خطرناک ہوتی ہے، اس لیے موقع سے فائدہ اٹھائیں، اللہ سے توبہ کریں، اور اللہ کو راضی کریں تاکہ دنیا و آخرت دونوں جہاں میں کامیابی ہو۔

لوگوں کے لیے قربانی میں حکمت یہ ہے کہ اپنی خواہشات کو اللہ کے حکم پر قربان

کردیں، اسی کا نام بندگی ہے، اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ جانور کی قربانی کر کے دکھائیں۔

قربانی کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حلق کروایا، اور اس کے بعد آپ نے احرام اتار دیا۔

حضرت معمر بن عبداللہ عدوی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک کو مونڈا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک بڑے تھے، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ذریعہ وہ بال صحابہ کرام میں تقسیم کروائے۔

بال مبارک کو صحابہ کرام میں تقسیم کرنے کی وجہ یہ تھی کہ نبی کریم ﷺ نے حج کے دو مہینے بعد دنیا سے پردہ فرمانا تھا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی یاد کے لیے، محبت کے لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں وہ بال تقسیم کروادیے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۰/ذی الحجہ کو ہفتہ کے دن منیٰ میں ایک خطبہ بھی دیا، اس کو یوم النحر کا خطبہ کہتے ہیں، کیوں کہ دس ذی الحجہ کو قربانی کی جاتی ہے، اس خطبے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

فليبلغ الشاهد الغائب

ترجمہ: تم میں سے جو حاضر ہے، وہ میرے اس پیغام کو ان تک بھی پہنچادے جو یہاں پر حاضر نہیں ہیں۔

قربانی کے بعد حلق کرنے سے احرام کی تمام پابندیاں ختم ہو جاتی ہیں، البتہ ایک پابندی باقی رہتی ہے کہ جب تک طواف زیارت نہ کر لیا جائے اس وقت تک میاں بیوی کا ملنا منع ہوتا ہے۔

حج کا اصل مقصد اللہ تعالیٰ کی تجلیات کا دیدار کرنا ہے، چنانچہ حج کا احرام باندھ کر منیٰ عرفات اور مزدلفہ میں جانا ہوا، واپس منیٰ میں آ کر شیطان کو کنکریاں ماریں، قربانی کی، حلق کیا، اس کے بعد احرام اتاریں، اب پہلے بیت اللہ شریف کا طواف کر کے اللہ تعالیٰ

کے ساتھ ملاقات کریں، پھر اس کے بعد مخلوق سے ملاقاتیں کریں۔

چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰/ ذی الحجہ کو منیٰ سے بیت اللہ آئے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ شریف کا طواف کیا، اور یہ طواف احرام کے بغیر کیا، اس کو ''طوافِ زیارت'' کہتے ہیں، یہ حج کا دوسرا بڑا رکن ہے۔

طواف زیارت اصل میں اللہ تعالیٰ کے دیدار کرنے کی مانند ہے، میزبان مہمان کو اپنے گھر بلائے، اور خوب مہمان نوازی کرے، اور اپنا دیدار نہ کروائے تو پھر بلانے کا فائدہ کیا ہوا؟ مگر یہ دیدار کرنا ہر بندے کی آنکھ کا کام نہیں۔

حسن بصری رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں طواف کررہا تھا کہ ایک نوجوان لڑکی کو دیکھا وہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں اونچی اونچی آواز میں بڑے عشق اور محبت کے اشعار پڑھ رہی تھی، مجھے عجیب سا لگا کہ جوان لڑکی عشقیہ اشعار پڑھ رہی ہے، تو میں نے اسے منع کیا کہ یہ مناسب نہیں لگتا کہ تم اونچی آواز میں ایسے اشعار پڑھو، وہ مجھے کہنے لگی کہ حسن مجھے بتاؤ کہ گھر کا طواف کررہے ہو یا رب العتیق کی تجلیات کا طواف کررہے ہو، میں نے کہا: میں تو بیت اللہ کا طواف کررہا ہوں، ﴿ولیطوفوا بالبیت العتیق﴾[الحج:۲۹]

جب میں نے یہ کہا تو وہ مسکرائی اور کہنے لگی کہ ہاں جن کے دل پتھر ہوتے ہیں وہ اس پتھر کے گھر کا طواف کررہے ہوتے ہیں، اور جن کے دل زندہ ہوتے ہیں وہ پروردگار کی تجلیات کا طواف کررہے ہوتے ہیں۔

اور یہ طواف بارہ ذی الحجہ کے سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے کرنا ہوتا ہے، اگر سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے نہیں کیا تو طوافِ زیارت بھی کرنا ہوگا اور تاخیر ہونے کی وجہ سے حرم کی حدود میں ایک دم بھی دینا لازم ہوگا۔

طواف زیارت کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم واپس منیٰ تشریف لائے، پھر منیٰ سے اپنے خیموں میں تشریف لائے اور اس سے اگلے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف

وداع فرمایا، اس طرح حج کا سفر مکمل ہوا۔

کیسے خوش نصیب لوگ ہیں، جو اپنی زندگی میں حج کا احرام باندھ کر سفر کرتے ہیں، لبیک لبیک پڑھتے ہیں، کوئی اللہ کے گھر کا طواف کرتا ہے، کوئی مقام ابراہیم اور بیت اللہ کو سامنے لے کر نماز پڑھتا ہے، سجدہ کرتا ہے، کوئی حجر اسود کو بوسے دیتا ہے، کوئی زم زم پیتا ہے، کوئی صفا، مروہ میں سعی کرتا ہے، عرفات، مزدلفہ اور منیٰ میں حاضر ہو کر دعا مانگتا ہے اور شیطان کو کنکری مارتا ہے، شیطان سے نفرت اور اللہ سے محبت کا ثبوت دیتا ہے، کیا ہی عجیب منظر ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان عشاق میں شامل فرمائے، اور ہمیں زندگی میں بار بار ان مقدس جگہوں کی حاضری کی توفیق عطا فرمائے۔

حج چوں کہ مال داروں پر زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہوتا ہے، بعض تو ایسے مال دار ہوتے ہیں کہ زندگی گزر جاتی ہے مگر حج کی سعادت حاصل کرنا ان کی قسمت میں نہیں ہوتا، بعض ایسے غریب ہوتے ہیں کہ اس شوق میں زندگی ختم ہو جاتی ہے، مگر مالی استطاعت نہ ہونے کی وجہ سے یہ حسرت لے کر قبر میں چلے جاتے ہیں، اور بعض پوری زندگی میں ایک مرتبہ حج کرتے ہیں، اور بعض ایسے ہیں کہ وہ ہر سال کرتے ہیں، مگر ان کا دل بھرتا نہیں، موت تک ہر سال حج کے لیے چلے جاتے ہیں، یہ اللہ کا فضل وکرم ہے، ہر ایک کے ساتھ معاملہ ایک جیسا نہیں ہے، ہر ایک کا جذبہ اور محبت کا انداز ایک جیسا نہیں ہے، اور اللہ کا معاملہ بھی ہر ایک کے ساتھ ایک جیسا نہیں ہے، وہ خالق و مالک ہے، ہر چیز اس کے اختیار میں ہے، وہ جیسا کرنا چاہے کر سکتا ہے، اس پر کسی کو اعتراض کرنے کا حق نہیں ہے۔

باقی حج کے مسائل کی ضرورت چوں کہ سال میں ایک دفعہ ہوتی ہے، عام طور پر ذہن میں نہیں ہوتا، ضرورت کے وقت حد سے زیادہ پریشانی ہوتی ہے، اس لیے پریشانی کم سے کم کرنے کے لیے بندہ نے حج کے ضروری مسائل کو حروفِ تہجی کی ترتیب سے کئی جلدوں میں جمع کر دیا ہے تاکہ ضرورت کے وقت دیکھا جا سکے اور حج سنت کے مطابق ادا

ہو، اور اللہ کے دربار میں قبول ہو۔ آمین

عجیب اتفاق ہے کہ میں اس کتاب کے متن سے 2004ء میں فارغ ہوا، لیکن طباعت کی نوبت آنے میں تقریباً تیرہ سال کا طویل عرصہ گزر گیا، مختلف حوادثات آئے، کبھی متن کے کاغذات گم ہوگئے، کبھی تخریج کے، کبھی گھر سے، کبھی کمپوزر سے، آخر اللہ اللہ کر کے طباعت کا مرحلہ الحمدللہ آ ہی گیا، اس پر اللہ کا شکر ہے۔

آخر میں ان تمام حضرات کا شکر گزار ہوں جو اس کتاب کی تیاری میں کسی بھی اعتبار سے شامل رہے، اللہ تعالیٰ ان کی محنت کو قبول فرمائے، اور ان کو اجرِ عظیم سے نوازے، خاص طور پر مفتی محمد ولی اللہ حسین صاحب اور مفتی محمد یوسف انور صاحب جو تخریج میں شامل رہے، مفتی محمد نعمان صاحب اور مفتی ذوالقرنین صاحب جو کمپوزنگ میں شامل رہے، عزیزم محمد مرزوق انعام جو سیٹنگ میں شامل رہے، اللہ تعالیٰ ان سب کو اجرِ عظیم عطا فرمائے، اور اس کتاب کو ہم سب کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور دنیا و آخرت دونوں جہاں میں کامیابی عطا فرمائے، اور بلا حساب دخول اوّلی کے ساتھ جنت میں داخل فرمائے۔

آمین بحق سید المرسلین صلی اللّٰہ علیه وعلیٰ آله واصحابه اجمعین.

کتبہ

محمد انعام الحق قاسمی

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

۱۴۳۷/۱۱/۲۱ھ

۲۰۱۶/۸/۲۵ء

مقدمہ

بیت اللہ

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

اللہ تعالیٰ نے ہر چیز سے پہلے پانی پیدا فرمایا، اور پانی کو ہوا پر ٹھہرایا، پھر اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی ہوا بھیجی جس سے پانی میں ہل چل پیدا ہوگئی، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے اسی حرکت میں بیت اللہ والی جگہ قبہ نما ایک ٹیلہ پیدا کر دیا، جہاں دو ہزار سال بعد بیت اللہ شریف تعمیر کیا گیا۔ (مصنف عبدالرزاق: ۹۰/۵)

قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ آسمان اور زمین کی پیدائش کے زمانہ میں پانی کی سطح پر سب سے اول کعبہ کا مقام نمودار ہوا، شروع میں سفید جھاگ تھا، جو بعد میں منجمد ہوگیا، زمین کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے اس کی تخلیق ہوئی، پھر اسی کے نیچے سے زمین پھیلا دی گئی۔

اور یہ بیت اللہ تمام سچی عبادت گاہوں میں سب سے پہلی عبادت گاہ ہے، برکت والا ہے، پورے جہاں کے لئے ہدایت اور رہنمائی کا ذریعہ ہے، اس کی زیارت قلبی تسکین اور روحانیت کی غذاء اور ایمان کی تازگی کا سبب ہے، مغفرت اور بخشش کا یقینی ذریعہ ہے اس عمارت کو دیکھنا بھی عبادت ہے، رات دن ہمیشہ اس پر ایک سو بیس رحمتیں نازل ہوتی ہیں جن میں سے ساٹھ طواف کرنے والوں کے لئے، چالیس نماز پڑھنے والوں کے لئے اور بیس ان لوگوں کے لئے ہوتی ہیں جو صرف کعبہ شریف کے دیدار سے اپنی آنکھوں کو منور کر رہے ہوتے ہیں۔ (جامع اللطیف: ۸۵) اس کے فضائل اور مناقب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت کچھ ارشاد فرمایا ہے۔

دنیا کی آبادی اس وقت تک باقی رہے گی جب تک اللہ کا گھر بیت اللہ دنیا میں باقی رہے گا، جس وقت اللہ تعالیٰ کا یہ ارادہ ہوگا کہ کارخانۂ عالم کو ختم کر دیا جائے تو

اس بیت اللہ کو اٹھالیا جائے گا، جب تک خانۂ کعبہ باقی ہے اس وقت تک یہ دنیا بھی باقی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے قریب ایک چھوٹی پنڈلیوں والا، ٹیڑھے ہاتھوں والا گنجا کعبہ شریف کو خراب کرے گا، گویا وہ منظر اب بھی میری آنکھوں کے سامنے رقص کررہا ہے، وہ ظالم ایک ایک پتھرا کھاڑ کرا لگ کردے گا، اس کا غلاف چرا کر لے جائے گا، اور خزانۂ کعبہ بھی لوٹ لے گا۔

میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ کدال چلا رہا ہے، اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کررہا ہے۔ (العیاذ باللہ) (بخاری شریف: ۱/۲۱۶، ۲۱۷)

غرض کہ خانۂ کعبہ ایک محترم مکان ہے جس کا ادب واحترام فرض ہے، اس لئے حدود حرم میں اور احرام کی حالت میں شکار کرنا ممنوع ہے۔

زمین

کعبۃ اللہ والی زمین رونما ہونے کے بعد اس کے چاروں طرف پوری دنیا کی زمین بنی، پھر اس کے بعد کسی زمانہ میں اللہ کے حکم سے یہ زمین سات حصوں میں تقسیم ہوگئی اوران ساتوں حصوں کو سات براعظم کہتے ہیں، اوران سات براعظموں کو یوں سمجھ لیں جیسے سات بہت بڑے بڑے جہاز سمندروں میں کھڑے ہیں، اب بھی ان براعظموں کو عالمی نقشوں میں سے کاٹ کاٹ کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ کر دیکھا جائے تو زمین کی ابتدائی شکل نظر آتی ہے کہ ساتوں براعظم ایک ہی زمین تھی بعد میں سات ٹکڑوں میں تقسیم ہوگئی، اس لئے اس دنیا کو مقصد بنانا عقلمندی نہیں ہے۔

اب بیت اللہ شریف اور اس کے اردگرد کی زمینوں کا مختصر تعارف پیش کرتے ہیں تاکہ عمرہ اور حج ادا کرنے میں آسانی ہو۔

بیت اللہ شریف کا تعارف

بیت اللہ شریف ایک چوکور عمارت ہے شمال وجنوب میں اس کی لمبائی ہے،

مغرب و مشرق میں چوڑائی ہے، اس میں چار کونے ہیں، اور کونے کو عربی زبان میں رکن بھی کہتے ہیں، اور اس عمارت کے شمال مشرقی کونے کو رکن عراقی، اور شمال مغربی کنارے کو رکن شامی، اور جنوب مغربی کونے کو رکن یمانی کہتے ہیں اور جنوب مشرقی کونے میں حجر اسود نصب ہے، اس سے طواف کی ابتداء اور انتہاء ہوتی ہے۔

شمال مشرق کی جانب ملک عراق ہے اس لئے اس کو رکن عراقی کہتے ہیں، اور شمال مغرب کی جانب ملک شام ہے اسلئے اس کونے کو رکن شامی، اور جنوب مغرب میں ملک یمن ہے اس لئے اس کونے کو رکن یمانی کہتے ہیں اور جنوب مشرق میں حجر اسود نصب ہے اس لئے اس کونے کو حجر اسود والا کونا کہتے ہیں۔

حجر اسود

حجر اسود بیضوی شکل کا ایک پتھر ہے، جس کے کالے رنگ کو ہلکی سی سرخی نکھارتی ہے، ایک بالشت لمبا اور تقریبا (2.3) بالشت چوڑا ہے، بیت اللہ شریف کے جنوب مشرقی کونے میں مسجد کے صحن سے چار فٹ کی بلندی پر نصب ہے۔ اس کے اندر ایسی زبردست مقناطیسی کشش ہے کہ ہر ملک وقوم اور رنگ ونسل کے لوگ بلاتفریق کھچے چلے آرہے ہیں یہ پتھر جنت کے یاقوتوں میں سے ایک ہے، اس کو حضرت آدم علیہ السلام اپنے ساتھ جنت سے لائے تھے، اور بیت اللہ شریف کی تعمیر کے وقت ایک کونے میں نصب فرمایا تھا، حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ میں جو طوفان آیا تھا اس میں حضرت آدم علیہ السلام کا تعمیر کیا ہوا بیت اللہ آسمانوں پر اٹھائے جانے کے وقت حجر اسود کو جبل ابوقیس کے اندر امانت رکھ دیا گیا تھا، پھر حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی خدمت میں پیش کردیا گیا تھا، اس طرح انہوں نے اسے پھر اسی جگہ نصب کردیا تھا جہاں پہلے نصب تھا۔

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب جنت سے حجر اسود دنیا میں آیا تو وہ دودھ سے بھی زیادہ سفید تھا، لیکن لوگوں کے گناہوں نے اسے کالا کردیا۔ (ترمذی: ۱/۱۰۷، نسائی: ۲/۲۹)

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ حجر اسود کو لائیں گے، اور وہ ان لوگوں کے حق میں سفارش کرے گا جنہوں نے خلوص نیت سے اس کے بوسے لئے تھے۔ (مصنف عبدالرزاق: ۳۰/۵)

اللہ تعالیٰ نے حجر اسود کو اس کی پہلی نورانی صورت سے تبدیل کر کے اس لئے کالا کر دیا تا کہ جہنمی لوگ اس کی زینت کو نہ دیکھ سکیں۔

☆ سب سے پہلے فرشتوں کی ایک جماعت نے بڑے اعزاز اور احترام سے حجر اسود کو اس جگہ پر نصب کیا تھا جہاں ابھی ہے۔

☆ حجر اسود کو موجودہ جگہ پر اس لئے نصب کیا گیا ہے تا کہ طواف شروع کرنے کی علامت بن جائے۔

☆ قیامت سے پہلے اس پتھر کو اٹھا کر دوبارہ جنت میں پہنچا دیا جائے گا۔

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا حجر اسود کا کثرت سے استلام کرو، ایک وقت آئے گا کہ تم اسے اپنی جگہ موجود نہ پا کر افسوس کرو گے، رات کے وقت لوگ طواف کے دوران اس کا استلام کرتے رہیں گے مگر صبح کے وقت اسے غائب پائیں گے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جنت کی کسی چیز کو دنیا میں نہیں چھوڑنا، قیامت سے پہلے اسے دوبارہ اٹھا کر جنت میں پہنچا دیں گے۔ (اخبار مکہ: ۲۴۴)

☆ حجر اسود کی عظمت وجلالت میں یہ ایک عجیب وغریب نکتہ ہے کہ ہم اسی جگہ بوسہ دیتے ہیں جہاں امام الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک ہونٹوں سے بوسے دئے تھے، اور جہاں باقی انبیاء کرام علیہم السلام کے منہ مبارک مس کرتے رہے ہیں اسی طرح ہمارے ہاتھ بھی اسی جگہ لگتے ہیں جہاں انبیاء کے مقدس ہاتھ لگے تھے۔

لہٰذا اے مسلمان جب تو اس نکتہ کو سمجھ جائے تو پھر حجر اسود کا بوسہ دینے اور

اسے مس کرنے میں غفلت نہ کرنا۔ (تاریخ القویم: ۲۹۹/۳)

پھر وہاں سے چھ فٹ شمال کی جانب کعبۃ اللہ کا دروازہ ہے اس کو ''باب کعبہ'' کہتے ہیں، اور دروازہ اور حجر اسود کے درمیان کے چھ فٹ کے دیوار کے حصہ کو ''ملتزم'' کہتے ہیں، ملتزم کا معنی چمٹنے کی جگہ، ہر طواف کے بعد ملتزم سے لپٹ کر دعا مانگنا مستحب ہے، یہ دعا کی قبولیت کا مقام ہے، یہاں پر جو دعا کی جاتی ہے وہ قبول ہوتی ہے۔

اور کعبۃ اللہ کے شمال کی جانب چھت سے پانی گرنے کے لئے سونے کا جو پرنالہ بنا ہوا ہے اس کو ''میزاب رحمت'' کہتے ہیں، اس کے نیچے دعا قبول ہوتی ہے

میزاب رحمت

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ شریف کی جب تعمیر کی تھی تو چھت نہیں بنائی تھی، اس لئے اسمیں پرنالہ بھی نہیں تھا، اسی طرح قصی بن کلاب کے زمانہ تک چھت اور پرنالہ کے متعلق کوئی صحیح روایت نہیں ملتی البتہ قریش نے تعمیر کے وقت چھت بنائی اور پرنالہ بھی بنایا، جس کا پانی حطیم میں گرتا ہے، اس کے بعد متعدد بار اسے تبدیل کیا گیا۔

ابتداء میں پرنالہ لکڑی یا پتھر کا ہوتا تھا بعد میں اس پر سونا چڑھایا گیا تھا، پھر ۱۲۷۶ھ میں سلطان عبد المجید خان بن سلطان محمود خان نے قسطنطنیہ میں سونے کا میزاب بنوایا، اور پہلا میزاب اتار کر نئے میزاب کو زینت بخشی گئی جس پر تخمیناً پچاس رطل سونا صرف ہوا تھا جو آج تک جلوہ نما اور رونق افروز ہے۔ (دائرۃ المعارف: ۱۴۴/۵، تاریخ الکعبہ: ۱۸۱، ۱۸۳)

میزاب رحمت کی لمبائی ۲۵۸ سینٹی میٹر ہے، اور چوڑائی اندر سے ۲۶ سینٹی میٹر اور اونچائی ۵۸ سینٹی میٹر ہے، کعبہ شریف کی دیوار میں میزاب کے اوپر ایک بڑا وزنی پتھر نصب ہے، جس کی لمبائی ایک میٹر ۲۰ سینٹی میٹر ہے، اور چوڑائی آدھا میٹر ہے، میزاب کا اگلا حصہ زبان کی مانند ہے جو نیچے لٹکا ہوا اور متحرک بھی ہے، اسے ''لسان'' اور ''برقع'' بھی کہتے ہیں۔ (تاریخ القویم: ۸۴/۴، ۸۵)

اور کعبۃ اللہ کے شمال کی جانب دیوار سے متصل ہلالی شکل کی دیوار کے اندر جو جگہ ہے اس کو ''حطیم'' کہتے ہیں، اور یہ تقریباً چھ گز شرعی ہے، اور کعبۃ اللہ کی شمالی دیوار کے مغرب اور مشرق میں آمدورفت کا راستہ ہے۔ حطیم کے باہر سے طواف کرنا ضروری ہے اس کے بیچ سے گزرنا درست نہیں ہے۔

حطیم

کعبہ شریف کی شمالی جانب ایک قوس نما دیوار بنی ہوئی ہے، اس احاطہ کو ''حطیم''، ''حجر اسماعیل'' اور ''حطیرۂ اسماعیل'' کہا جاتا ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا، اس دیوار کی حقیقت کیا ہے؟ کیا یہ بیت اللہ میں شامل ہے؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ بیت اللہ میں سے ہے، ام المومنین رضی اللہ عنہا نے عرض کیا تو پھر اسے بیت اللہ میں داخل کیوں نہیں کیا گیا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

عائشہ! تیری قوم نے جب بیت اللہ کی تعمیر کا منصوبہ بنایا تو انہوں نے پاکیزہ حلال مال خرچ کرنے کی پابندی لگائی تھی، اس طرح جو فنڈ جمع ہوا وہ پوری عمارت کے لئے ناکافی تھا جس کے پیش نظر انہوں نے شمالی جانب سے کچھ چھوڑ کر تعمیر مکمل کر لی۔

عائشہ! اگر تیری قوم کا زمانہ جاہلیت قریب نہ ہوتا اور مجھے ان کے انکار اور باہمی تصادم کا خدشہ نہ ہوتا تو میں حطیم کے حصہ کو بیت اللہ میں ضرور شامل کر کے ابراہیمی بنیادوں کے مطابق تعمیر کرتا اور اس کے مشرق ومغرب میں دروازے بناتا۔

(بخاری شریف:۱/۲۱۵)

غلاف کعبہ

بیت اللہ شریف ایسی عبادت کی جگہ ہے کہ اس کی تعظیم کرنا بے حد واجب ہے

اور اس کا وجود نادر اور برکت والی چیز ہے، اسے خارجی اثرات، ہوا، مٹی، پانی اور دھوپ وغیرہ سے محفوظ رکھنے اور ظاہری زیب وزینت کی غرض سے غلاف پہنایا جاتا ہے۔

سب سے پہلے سیدنا اسماعیل علیہ السلام نے کعبۃ اللہ پر غلاف چڑھایا پھر عدنان نے پھر شاہ تبع اسعد الحمیری نے غلاف چڑھایا۔

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ لکھتے ہیں:

ابن جریج سے روایت ہے کہ سب سے پہلے شاہ تبع حمیری نے غلاف چڑھایا تھا جب کہ زبیر بن بکار سے روایت ہے کہ عدنان پہلا آدمی ہے جس نے غلاف چڑھانے کا رواج ڈالا تھا، لیکن بعض علماء کا خیال ہے کہ سیدنا اسماعیل علیہ السلام نے پہلا غلاف چڑھایا تھا، ان روایات میں اس طرح تطبیق دی جاسکتی ہے کہ اگر یہ بات درست ہے کہ سیدنا اسماعیل علیہ السلام نے غلاف چڑھایا تھا تو ممکن ہے بعد میں یہ طریقہ متروک ہوگیا ہو پھر عدنان نے اس طریقہ کو جاری کیا، بعد میں سالہا سال تک یہ عمل بند رہا، بالآخر شاہ تبع نے اسے پھر جاری کردیا (اور اب تک جاری ہے)۔ (فتح الباری: ۳/۳۶۰)

اسلام کی تاریخ میں سب سے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن یمن کا بنا ہوا کالے رنگ کا غلاف، کعبہ شریف پر چڑھایا۔ اس کے بعد خلفاء راشدین نے چڑھایا اس کے بعد اب تک سلسلہ جاری ہے۔ (اخبار مکہ: ۱۸۱، ۱۸۳)

احرام کعبہ

کعبۃ اللہ پر حج کے ایام میں ایک سفید کپڑا لٹکایا جاتا ہے، اس کو لوگ ''احرام کعبہ'' کہتے ہیں۔

عوام الناس کا خیال ہے کہ جس طرح حج ادا کرنے کے لئے حاجی پر احرام ضروری ہے اسی طرح کعبہ شریف کو بھی احرام باندھا جاتا ہے، یہ خیال قطعاً غلط اور بے بنیاد ہے، اصل بات یہ ہے کہ حج کے ایام میں حجاج کثرت سے کعبہ شریف کے غلاف کو چھوتے اور

مس کرتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ پھٹ جاتا ہے، اس لئے حفاظت کی غرض سے اسے قد آدم اوپر اٹھا دیا جاتا ہے، تاکہ لوگوں کے ہاتھ نہ پہنچ سکیں، ابتداء میں جب غلاف اٹھانے کی وجہ سے کعبۃ اللہ ننگا نظر آیا تو ایک کپڑا غلاف کے طور پر لٹکا دیا جاتا تھا، لیکن بعد میں یہ مستقل دستور ہی بن گیا، اور لوگوں نے اس کپڑے کا نام احرام مشہور کر دیا۔

علامہ ابن جبیر اندلسی نے لکھا ہے کہ ۲۷/ ذو القعدہ کو کعبۃ اللہ کا غلاف چاروں اطراف سے بقدر قد آدم اونچا کر دیا جاتا ہے تاکہ لوگوں کے چھونے سے پھٹنے نہ پائے اور اسے احرام سے تعبیر کرتے ہیں، یہ طریقہ مستقل طور پر جاری ہے، حجاج کرام کے چلے جانے کے بعد غلاف کھول دیا جاتا ہے۔

علامہ محمد طاہر کردی نے لکھا ہے کہ ہمارے زمانہ میں یہ طریقہ ہے کہ ہر سال سات ذی الحجہ کو غلاف بقدر قد آدم بلند کر دیا جاتا ہے، اور اسکے نیچے سفید کپڑا الٹکا دیا جاتا ہے، اگر چہ یہ معلوم نہ ہو سکا کہ یہ احرام کا طریقہ کب اور کیوں رائج ہوا؟

(تاریخ القویم: ۴/ ۲۵۹)

شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود کے زمانہ سے یکم ذی الحجہ کو کعبۃ اللہ کو غسل دیا جاتا ہے اور سفید کپڑا لٹکا دیا جاتا ہے۔

ستارۂ کعبہ

بیت اللہ شریف کے دروازہ پر بے حد خوبصورت، دیدہ زیب، اور دلفریب ایک پردہ ڈالا جاتا ہے اس کو ''ستارۂ کعبہ'' یا کعبہ کے دروازہ کا پردہ کہا جاتا ہے، جس پر سونے اور چاندی کی تاروں سے انتہائی نفاست کے ساتھ قرآنی آیات بُنی ہوئی ہیں، اور دروازہ پر پردہ ڈالنے کی ابتداء کب سے ہوئی اس کی صحیح تاریخ معلوم نہیں۔ (تاریخ القویم: ۴/ ۲۳۵)

کعبہ شریف کا اندرونی غلاف

کعبہ شریف کا بیرونی غلاف سال میں ایک مرتبہ، دو اور تین مرتبہ بھی تبدیل

ہوتا رہا ہے کیونکہ بارش، گرد وغبار، ہوا اور سخت دھوپ کی وجہ سے غلاف جلد کمزور ہو جاتا ہے، اس لئے اسے بار بار تبدیل کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے، لیکن اس کے برعکس اندر کا غلاف ہر قسم کے حوادثات سے محفوظ ہونے کی وجہ سے نیا غلاف ڈالنے کی ضرورت پیش نہیں آتی، اس لئے چودہ سو سالہ تاریخ میں صرف چند مرتبہ اندر کا غلاف تبدیل کیا گیا ہے۔

کعبہ شریف میں کوئی روشندان، اور کھڑکی نہیں ہے، اور اندر کوئی فانوس یا بجلی کا بلب بھی نہیں جلتا، اس لئے اندر کے غلاف کا رنگ سرخ ہے، جب کعبۃ اللہ کا دروازہ کھلتا ہے تو تھوڑی سی روشنی ہو جاتی ہے، اور غلاف میں سرخ رنگ ہونے کی وجہ سے اندر آسانی سے نظر آ جاتا ہے۔ (تاریخ القویم: ۴/۲۱۶-۲۱۸)

بیت اللہ شریف کا طول وعرض

☆ کعبہ شریف کی بلندی زمین سے اوپر تک ۱۵ میٹر ہے۔ (تقریباً ۴۹ فٹ ۲ انچ ہے)

☆ کعبہ شریف کی مشرقی دیوار (جس میں دروازہ ہے) کی لمبائی ۱۱ میٹر ۵۸ سینٹی میٹر ہے۔

☆ کعبہ شریف کی لمبائی مغربی دیوار سے ۱۱ میٹر ۹۳ سینٹی میٹر ہے۔

☆ کعبہ شریف کی چوڑائی حطیم کی جانب ۱۱ میٹر ۲۲ سینٹی میٹر ہے۔

☆ کعبہ شریف کی چوڑائی حجر اسود اور رکن یمانی کے درمیان ۱۰ میٹر ۱۳ سینٹی میٹر ہے۔

☆ زمین سے حجر اسود کی اونچائی ایک میٹر ۵۰ سینٹی میٹر ہے۔

☆ کعبہ شریف کے دروازہ کی لمبائی ۲ میٹر ہے۔

☆ میزاب رحمت کی جانب نیچے سے حطیم کی دیوار تک کا درمیانی فاصلہ ۸

میٹر ۳۶ سینٹی میٹر ہے۔(اس میں سے ساڑھے چھ ہاتھ کعبہ شریف کا حصہ ہے اور باقی سیدنا اسماعیل علیہ السلام کی بکریوں کا باڑہ تھا)

☆ کعبۃ اللہ کی مشرقی دیوار سے مقام ابراہیم تک کا فاصلہ ۱۱ میٹر ہے۔

اور کعبۃ اللہ کی عمارت اور حطیم کے چاروں طرف گول دائرہ کی شکل میں نشیبی علاقہ ہے، اس میں لوگ طواف کرتے ہیں، اس کو عربی زبان میں ''مطاف'' کہتے ہیں، یعنی طواف کرنے کی جگہ اور ''مطاف'' میں کعبۃ اللہ کی مشرقی جانب تقریباً دروازہ کے برابر میں ۵۷ فٹ کے فاصلہ پر ''زمزم کا کنواں'' ہے۔

آب زمزم

☆ یہ ایک لطیف وشیریں، خوش ذائقہ، زود ہضم، بے حد برکت، فضیلت اور عظمت والا پانی ہے، جسے پوری دنیا کے پانیوں پر برتری اور فوقیت حاصل ہے۔

اور یہ حجر اسود سے مشرقی جانب 21 میٹر کے فاصلے پر ہے۔

زمزم کا کنواں کعبہ شریف سے مشرقی جانب ۳۸ ذراع یعنی تقریباً ۵۷ فٹ کے فاصلہ پر واقع ہے۔(مسلم شریف: ۱/۴۰)

☆ اور زمزم کا چشمہ حضرت جبرئیل امین علیہ السلام کے پاؤں کی ٹھوکر یا ہاتھ کے اشارہ یا پیر مارنے سے جاری ہوا۔

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر ہاجرہ اسے (چاروں طرف سے مٹی کی باڑ بنا کر) بند نہ کرتیں تو آج یہ کنوئیں کی بجائے دریا کی شکل میں ہوتا اور دنیا کو سیراب کرتا۔

☆ اور زمزم کے پانی میں میٹھے اور کھارے پانی کا امتزاج ہے۔(لسان العرب: ۱۲/۲۷۵، ماء زمزم)

☆ زمزم کا کنواں ابتداء میں صرف چند انچ گہرا تھا بعد میں یہ گہرا اور چوڑا کنواں بن گیا۔

آب زمزم کے فضائل اور مناقب کے بارے میں علامہ طاہر کردی نے لکھا ہے کہ:

① اس چشمہ کے جاری ہونے کا سبب سیدنا اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ ماجدہ بنیں۔

② اور اس کو نکالنے اور جاری ہونے کا ذریعہ سیدنا جبرئیل علیہ السلام بنے۔

③ روئے زمین کے مقدس ترین مقام پر اس کا ظہور ہوا یعنی بیت اللہ کے سامنے مسجد الحرام کے اندر۔

④ اس چشمہ کے تین سوت، تین ایسی معزز سمتوں سے جاری ہیں جو دوسری تمام جہات سے اشرف ہیں، رکن حجر اسود، صفا اور مروہ۔

⑤ یہ ایسا برکت والا پانی ہے جسے انبیاء، اصفیاء، اتقیاء اور نیک لوگ پیتے رہے۔

⑥ اسی مقدس پانی سے جبرئیل امین علیہ السلام نے امام الانبیاء، اشرف الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب اطہر کو دھویا تھا۔

⑦ اس پانی کو یہ شرف حاصل ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ڈول میں کلی کر کے دوبارہ کنویں میں ڈال دیا، اس طرح اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جھوٹا ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔

⑧ دنیا میں ایسا عظمت والا پانی ہے جس کی شان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زبان مبارک سے مبارک کلمات صادر ہوتے رہے۔

⑨ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمزم کے پانی کو مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ طلب کیا۔ (تاریخ القویم: ۳۰/۴۴)

زمزم کے کنواں سے شمال کی جانب کعبۃ اللہ کے مشرق میں ''مقام ابراہیم'' ہے۔

مقام ابراہیم

☆ مقام ابراہیم یہ وہ پتھر ہے جس پر ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے ہو کر کعبہ شریف کی تعمیر فرمائی تھی۔

☆ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام جب اپنی زوجہ محترمہ ہاجرہ اور سیدنا اسماعیل علیہ السلام کی ملاقات کے لئے مکہ مکرمہ تشریف لاتے تو سواری سے اترتے چڑھتے وقت اسی پتھر پر پاؤں رکھتے تھے۔

☆ یہ پتھر حجر اسود کی طرح جنت سے آدم علیہ السلام کے ساتھ اتارا گیا تھا۔

☆ جب حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام سے ملاقات کرنے کے لئے مکہ معظّمہ تشریف لے گئے تو وہ گھر میں موجود نہیں تھے ان کی بیوی عمارہ نے آپ کی عزت وتکریم اور بے حد تعظیم کی، اور اس وقت کے دستور کے مطابق درخواست کی کہ چچا جان آپ براق سے اتر کر آرام کریں، اور میں آپ کے گرد آلود سر کے بال دھونے کی سعادت حاصل کروں، لیکن آپ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے نیچے اترنے کی اجازت نہیں۔

چنانچہ نیک سیرت بہو ایک پتھر لائی، اور اسے آپ کے دائیں پاؤں کے نیچے رکھا، آپ نے پتھر پر پاؤں رکھ کر سر کو دائیں جانب جھکا دیا، اور بہو نے اسے دھویا، پھر پتھر بائیں پاؤں کے نیچے رکھ کر سر کی دوسری جانب بھی دھوئی، جہاں حضرت ابرہیم علیہ السلام نے پتھر پر پاؤں مبارک رکھے تھے اس جگہ پاؤں ٹخنوں تک گڑھ گئے تھے، اور بہت گہرے نشانات منقش ہو گئے تھے۔

جب حضرت اسماعیل علیہ السلام گھر تشریف لائے تو نیک بیوی نے سارے واقعات سے آپ کو مطلع کیا، اور یہ بات خاص طور پر تعجب سے بتائی کہ جس پتھر پر انہوں

نے پاؤں رکھے تھے، اس میں اب بھی گہرے نشانات موجود ہیں، سیدنا اسماعیل علیہ السلام نے اسے ایک معجزہ قرار دیا اور اس پتھر کو گھر میں عزت وتکریم سے محفوظ فرمالیا۔

پھر جس وقت بیت اللہ کی تعمیر کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام تشریف لائے، اور تعمیر کے دوران پاڑھ بنانے کے لئے (چنائی کے لئے) کوئی پتھر لانے کو کہا تو حضرت اسماعیل علیہ السلام نے وہی پتھر لاکر پیش کردیا۔ (اعلام الاعلام: ۳۶، روح المعانی: ۱۴۳/۹، تفسیر کبیر: ۱۵۶/۱)

☆ مقام ابراہیم وسیع تر معنوں میں پورے حرم شریف پر بھی بولا جاتا ہے۔

☆ اور مقام ابراہیم کو "ام نہشل" نامی سیلاب کے بعد خلیفۃ المسلمین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے مبارک ہاتھ سے اس جگہ پر نصب فرمایا تھا جہاں آج موجود ہے انشاء اللہ قیامت تک اسی جگہ پر رونق افروز رہے گا۔

پھر جب بیت اللہ کے چاروں طرف کا "مطاف" ختم ہوتا ہے تو چاروں طرف کچھ بلندی پر ترکی حکومت اور سعودی حکومت کی بنائی ہوئی عمارات کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے، اس کو "مسجد الحرام" کہتے ہیں، بیت اللہ اور مسجد الحرام ایک نہیں ہے بلکہ الگ الگ ہیں اور دونوں کے درمیان "مطاف" کا فاصلہ موجود ہے۔

اور مسجد الحرام میں جنوب کی جانب اذان خانہ ہے، ہجوم اور رش کم ہونے کی صورت میں عام طور پر امام اس کے نیچے کھڑے ہوکر نماز پڑھاتے ہیں، اور عید کا خطبہ بھی دیتے ہیں، اسی جگہ کے ساتھ "دارارقم" بھی تھا۔

دارارقم

یہ مقدس ومتبرک مکان مسجد الحرام میں صفا سے بائیں جانب مشرق کی طرف ۳۵ یا ۴۰ میٹر کے فاصلہ پر واقع تھا یہ ارقم بن ابی ارقم بن عبد مناف بن جندب اسد بن عبداللہ عمر بن مخزوم کا تھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے عرصہ دراز تک تبلیغ،

تدریس اور نماز کا مرکز بنایا تھا، آپ یہاں تشریف فرما ہو جاتے اور دیگر مسلمان بھی اس شمع کے گرد پروانوں کی طرح جمع ہو کر اسلام کے احکام سے بہرہ یاب ہوتے، اور اسی مکان میں سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تھا، جس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شجاعت اور بہادری نے مسلمانوں کو سرعام نماز پڑھنے کی ہمت سے ہم کنار کردیا، اور اب یہاں اذان خانہ ہے، اور عام حالات میں امام یہاں کھڑے ہو کر امامت کرتے ہیں۔

☆ نئی سعودی توسیع کے بعد حرم شریف کی پیمائش ۱۹۰۰۰۰ مربع میٹر ہے۔

☆ صفا سے مروہ تک کا فاصلہ تقریباً ۴۰۵ میٹر ہے۔

☆ جمرہ عقبی اور جمرہ وسطی کے درمیان فاصلہ تقریباً ۱۱۶ میٹر ہے۔

☆ جمرہ وسطی سے جمرہ اولی کے درمیان فاصلہ تقریباً ۱۵۶ میٹر ہے۔

☆ جمرہ وسطی سے وادی محسر کے آخر تک فاصلہ تقریباً (مزدلفہ میں) ۵۳۲۸ میٹر ہے۔

☆ حرم شریف کے نشانات سے حدود عرفات کے نشانات تک فاصلہ ۱۵۵۴ میٹر ہے۔

☆ عرفات کے نشانات سے جبل رحمت تک کا فاصلہ ۱۵۵۴ میٹر ہے۔

(تاریخ القویم: ۴/۱۰۱، ۱۰۶)

اور کعبۃ اللہ کی مغربی جانب رکن یمانی کی سمت میں مطاف سے اوپر مسجد الحرام میں باب عبدالعزیز کی شمالی جانب باب ام ہانی ہے، باب ام ہانی سے متصل شمالی جانب حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کا گھر تھا سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چچازاد بہن ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر ان کے گھر تشریف لایا کرتے تھے، بعض روایات کے مطابق معراج کی رات بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہی کے گھر میں آرام فرما تھے یہیں سے معراج کے لئے تشریف لے گئے، اب اس کا نشان باقی نہیں ہے۔

اور کعبۃ اللہ کی مشرقی جنوبی جانب مسجد الحرام ختم ہونے کے بعد صفا کا پہاڑ ہے، اور اب صفا کا پہاڑ زیادہ بلند نہیں ہے، البتہ کچھ پتھر اب بھی نشان کے طور پر باقی ہیں یہاں سے سعی شروع کی جاتی ہے۔

اور صفا سے شمال کی جانب کعبۃ اللہ کے مشرق شمال کی طرف مروہ ہے، اب مروہ کے پہاڑ کی نشانی بھی موجود نہیں ہے، کنارے پر معمولی بلندی موجود ہے، یہاں پر سات چکر پورا کرنے کے بعد سعی ختم ہو جاتی ہے۔ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنے کی جگہ کو ''مسعیٰ'' کہتے ہیں۔ **صفا مروہ کی مزید تفصیل یہ ہے:**

صفا مروہ

صفا اور مروہ کعبہ شریف کے قریب مشرق جنوب اور مشرق شمال میں دو پہاڑیاں ہیں، جن پر سیدہ ہاجرہ علیہا السلام نے پانی کی تلاش میں انتہائی بے تابی اور بے قراری کے عالم میں سات چکر لگائے تھے، اللہ تعالیٰ کو ان کی یہ ادا اس قدر پسند آئی کہ اسے حج اور عمرہ کا لازمی رکن قرار دیا ہے، اگرچہ ابتداء میں یہ دونوں پہاڑیاں کافی بلند تھیں مگر حرم شریف کو سیلاب سے محفوظ رکھنے کے لئے جس قدر بلند کیا جاتا رہا، ان پہاڑیوں کی بلندی آہستہ آہستہ کم ہوتی گئی، یہاں تک کہ اس وقت معمولی سے ٹیلے کی شکل میں برائے نام باقی رہ گئی ہیں۔ اور اب ان پر چڑھنے کے لئے زینے نہیں ہیں جو پہلے زمانے میں تھے، اب صرف ڈھلوان سی بنا دی گئی ہے۔

علامہ قطب الدین رحمہ اللہ المتوفی ۹۸۸ھ نے اعلام الاعلام میں لکھا ہے کہ اس وقت جس جگہ سعی کی جاتی ہے کیا یہ ساری جگہ وہی ہے جہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سعی کی جاتی تھی یا اس کا کچھ حصہ تو وہی ہے اور کچھ حصہ اس کے علاوہ ہے اس صورت میں حج اور عمرہ کے اس رکن کی ادائیگی میں خلل آئے گا یا نہیں؟ علامہ موصوف اس کے جواب میں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے

دور میں مسعی (صفامروہ کے درمیان کی جگہ) کافی کشادہ اور چوڑی تھی، بعد کے زمانہ میں اس چوڑائی میں بعض مکان بھی بنالئے گئے، جنہیں خلیفہ مہدی عباسی نے منہدم کر کے حرم کو کشادہ کیا تھا اس طرح مسعی کا کچھ حصہ حرم میں شامل ہو گیا مگر اسے پوری طرح تبدیل نہیں کیا، خلیفہ موصوف کی اس کارکردگی پر علماء کرام اور ائمہ مجتہدین نے کوئی اعتراض نہیں کیا، چنانچہ امام مالک، امام ابو یوسف، امام محمد، امام شافعی، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور دیگر آئمہ مجتہدین نے بھی اس جگہ سعی کرنا جائز اور صحیح قرار دیا اور اس پر کسی نے اعتراض نہیں کیا۔ (اعلام الاعلام:۱۰۳)

اسی طرح اگر موجودہ زمانہ میں بھی دائیں بائیں مشرق ومغرب میں کشادہ کیا گیا تو اعتراض نہیں کرنا چاہئے۔

☆ صفا سے مروہ کے درمیان ۳۹۴ میٹر ۵۰ سینٹی میٹر کا فاصلہ ہے۔

☆ چوڑائی پہلے ۲۰ میٹر تھی اب تقریباً ڈبل ہو گئی ہے۔

☆ صفا پہاڑ کے باہر صحن ہے، صحن کے ختم ہونے کے بعد پہاڑ پر شاہی محل ہے اس پہاڑ کو ''جبل ابی قبیس'' کہتے ہیں۔

اس کی بلندی ۴۲۰ میٹر ہے، اور سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت کے مطابق زمین پر سب سے پہلے یہی پہاڑ پیدا کیا گیا تھا، قبیلہ ایاد میں سے ابو قبیس نامی ایک آدمی نے اس پر مکان بنایا تھا، جس کی وجہ سے یہی اس کا نام مشہور ہو گیا، یہ پہاڑ حرم شریف کے مشرق میں واقع ہے، حضرت نوح علیہ السلام کے طوفان کے وقت قدرتی طور پر حجر اسود اس میں امانت رکھا گیا جسے سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر کے وقت حاصل کر کے نصب فرمایا تھا۔

اور کعبۃ اللہ کے شمال کی جانب ایک پہاڑ ہے ۴۳۰ میٹر بلند ہے، اس کی ابتداء میں مروہ واقع ہے، اس پہاڑ کو ''جبل ہندی'' بھی کہتے ہیں اور جبل قعیقعان

بھی، آج کل مروہ اور جبل ہندی کے درمیان راستہ بنا ہوا ہے۔

اور کعبۃ اللہ کے مغرب کی جانب ''جبل عمرؓ '' ہے اور یہ محلّہ شبیکہ سے محلّہ مسفلہ تک پھیلا ہوا ہے، اس کے قریب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی ولادت کا مکان تھا اسی وجہ سے پہاڑ کا نام بھی جبل عمرؓ مشہور ہو گیا۔

اور مروہ کے مشرق میں راستہ سے اوپر پہاڑ کے دامن میں کونے پر نبی کریم ﷺ کی جائے پیدائش ہے اب یہاں ایک کتب خانہ ہے، جو عام حالات میں کھلا رہتا ہے اور حج کے موسم میں عام طور پر بند رہتا ہے۔

اور بیت اللہ شریف کے شمال مائل بمشرق کو ''معلیٰ'' کہتے ہیں، اور جنوب مائل بمغرب کو ''مسفلی'' کہتے ہیں، ''معلیٰ'' کا معنیٰ ''بالائی علاقہ'' اور ''مسفلی'' کا معنیٰ نشیبی علاقہ۔

مکہ مکرمہ کے مشرق مغرب اور شمال میں پہاڑ ہے، شمال کی جانب جو پہاڑ ہے اس کو ''جبل ہندی'' اور مغرب کی طرف جنوب وشمال میں جو پہاڑ ہے اس کو ''جبل عمرؓ'' کہتے ہیں، اب ان پہاڑوں کو ختم کر کے ان پر تعمیرات کا منصوبہ بنایا گیا ہے، اور درمیان میں جنوب وشمال کے رخ پر وادی ہے اور وادی کے درمیان بیت اللہ شریف ہے، جب مکہ مکرمہ کے پہاڑوں پر بارش ہوتی تھی تو معلیٰ ''یعنی شمالی بالائی علاقے کا پانی مسفلی جنوب کے نشیبی علاقے سے نکل جاتا تھا، کبھی کبھار ایسا بھی ہوا کہ سیلاب کے ریلے کی وجہ سے بیت اللہ شریف کی عمارت شہید ہو گئی تھی، پھر وہاں کے لوگوں نے اس کو پھر سے تعمیر کیا۔

اور ''معلیٰ'' کے علاقہ میں ''جنت المعلی '' بھی ہے، اور یہ مکہ مکرمہ کا عظیم قبرستان ہے، اس میں حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا اور بہت سارے صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور بڑے بڑے لوگ مدفون ہیں، معلیٰ کے علاقے میں مسجد الجن اور مسجد الرایہ وغیرہ بھی ہیں۔

اور مکہ کے چاروں طرف حرم کی حدود میں نشانات لگے ہوئے ہیں، اور بورڈ

بھی ہیں، اور ان پر یہ لکھا ہوا ہے کہ غیر مسلم یہاں سے آگے داخل نہیں ہو سکتے، یا غیر مسلم کے لئے دوسرا راستہ ہے جو حرم کی حدود سے باہر باہر نکل جاتا ہے۔

مکہ مکرمہ کی شمالی جانب مدینہ منورہ کے راستہ میں جاتے ہوئے حرم کی حد "تنعیم" ہے اور یہ سب سے قریب ترین جگہ ہے، اور مغربی جانب جدہ کی طرف جاتے ہوئے حرم کی حد "حدیبیہ" اور جنوب کی جانب یمن کی طرف جاتے ہوئے حرم کی حد "اضاۃ لبن" اور مشرقی جنوبی جانب حرم کی حد "جعرانہ" ہے اور مغربی شمالی جانب مزدلفہ کے بعد "وادی عرفہ" کے قریب حرم کی حد ہے، اور مشرقی شمالی جانب حرم کی حد "ثنیۃ جبل المقطع" ہے۔

حرم کی حدود میں شکار کھیلنا، درخت کاٹنا، گھاس میں جانور کو چرانا منع ہے، اور حرم کی مٹی اور پتھر کو حرم کی حدود سے باہر لے جانا منع ہے، اس لئے وہاں سے مٹی اور پتھر وغیرہ نہ لائیں۔

حدود حرم

کعبہ شریف اور حرم کی حدود کے درمیان فاصلہ کی مقدار:

شارع مدینہ پر تنعیم کے مقام پر حرم کی حد ہے	۳ میل	کا فاصلہ ہے
شارع یمن پر	۷ میل	کا فاصلہ ہے
شارع جدہ پر	۱۰ میل	کا فاصلہ ہے
شارع طائف عرفات کے قریب	۱۱ میل	کا فاصلہ ہے
شارع عراق پر	۷ میل	کا فاصلہ ہے
جعرانہ	۹ میل	کا فاصلہ ہے
امام تقی الدینؒ نے لکھا ہے کہ مکہ معظّمہ سے جعرانہ کا	۱۸ میل	فاصلہ ہے

نقشہ یہ ہے:

مسجد حرام اور حرم کی حدود کا درمیانی فاصلہ کلومیٹر کے حساب سے

تنعیم (مسجد عائشہ رضی اللہ عنہا)	7.5 کلومیٹر
نخله	13 کلومیٹر
اضاة لبن (عكيشيه)	16 کلومیٹر
جعرانه (مستوفره)	22 کلومیٹر
حديبيه (شميسی)	22 کلومیٹر
جبل عرفات (ذات السليم)	22 کلومیٹر

حرم کے حدود کی حد بندی کیسے ہوئی؟

امام ازرقی نے اپنے دادا سے روایت نقل کی ہے کہ سیدنا آدم علیہ السلام جب مکہ مکرمہ تشریف لائے تو انہیں شیطان کے حملہ کا خطرہ لاحق ہوا جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو مکہ کی زمین کے چاروں طرف مقرر کر دیا تا کہ (شیطان) اس علاقہ میں داخل ہی نہ ہو سکے چنانچہ جن جن مقامات پر فرشتوں نے پہرہ دیا تھا وہاں حرم کے نشانات قائم کر دیئے گئے، اس طرح ان حدود کے اندر کا تمام علاقہ حرم قرار دیا گیا۔

(اخبار مکہ: ۳۵۷)

وہب بن منبہ سے روایت ہے کہ جب آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے زمین پر اتار دیا تو وہ مغموم اور پریشان رہتے تھے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے جنت سے ایک سرخ یاقوت کا خیمہ نازل فرمایا جسے کعبہ شریف والی جگہ نصب کر دیا گیا، اور حجر اسود ستاروں کی طرح چمک رہا تھا، جس کی روشنی حرم کے کناروں تک پہنچ رہی تھی، جب آدم علیہ السلام مکہ تشریف لائے تو ان کی اور مذکورہ خیمہ کی جنات سے حفاظت کے لئے اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو مقرر کر دیا، جن جن مقامات پر فرشتوں نے کھڑے ہو کر پہرہ دیا تھا

حدود حرم کا نقشہ
مشرق
مغرب
شمال
جنوب
جبل عرفات (ذات السلیم)
اضاۃ لبن (عکیشہ)
وادی نخلہ
جعرانہ
تنعیم
حدیبیہ

وہاں حرم کے نشانات قائم کر دیئے گئے۔(اخبار مکہ:۳۵۸)

ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ حج ادا کیا تو اس وقت جبرئیل علیہ السلام نے حرم کی حدود کے بارے میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگاہ کیا، چنانچہ آپ نے ان مقامات پر مٹی، گارے سے پتھروں کے برج بنا دیئے۔(اخبار مکہ)

غار حرا

حرم کے حدود میں مکہ معظّمہ سے تین میل شمال میں ''جبل النور'' ہے، اور یہ ایک بلند و بالا پہاڑ ہے اس کی چوٹی سے تھوڑا سا نیچے ''غار حرا'' ہے، یہ غار حرا ایک مصلٰی کی مقدار ہے اور اس کے قبلہ کی جانب ایک گول سوراخ ہے اس سے کعبۃ اللہ صاف اور واضح طور پر نظر آتا ہے، موجودہ دور میں کعبۃ اللہ کے اردگرد بلند و بالا عمارتوں کی وجہ سے شاید نظر نہ آئے لیکن پہلے واضح طور پر نظر آتا تھا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نبوت ملنے سے پہلے غار حرا میں مہینوں قیام فرماتے، وہاں عبادت، ریاضت اور مراقبہ میں مصروف رہتے، گھر سے کھانے پینے کا سامان ساتھ لے جاتے جب وہ ختم ہو جاتا تو مزید لے جاتے، کبھی کبھار حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بھی پہنچا دیتی تھیں۔

یہ نبوت کا مقدمہ اور دیباچہ تھا خواب کے ذریعہ آپ پر مخفی اسرار منکشف ہونے لگے جو کچھ آپ خواب میں دیکھتے بعینہ وہی پیش آتا تھا، معمول کے مطابق آپ غار حرا میں عبادت میں مشغول تھے جبرئیل امین تشریف لائے، اور نبوت کی خلوت آپ کے زیب تن کی، اور وحی نبوت کا آغاز ''اقرأ باسم ربک الذی خلق'' سے ہوا۔ یہ غار حرا بھی ایک یادگار تاریخی جگہ ہے۔

جبل ثور

حرم کے حدود میں ایک اور تاریخی پہاڑ ہے، اس کا نام ''جبل ثور'' ہے، یہ پہاڑ ۷۵۹ میٹر اونچا ہےاور بیت اللہ سے جنوب میں تقریباً چار کلومیٹر دور ہے اس کی چوٹی پر ''غار ثور'' ہے، جہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہجرت کے وقت تین رات روپوش رہے تھے، اس کے قریب ثور بن عبد مناف نے اقامت اختیار کی تھی، جس کے باعث پہاڑ کا نام ''ثور'' مشہور ہوگیا۔

جبل ثبیر

حرم کے حدود میں ایک اور مشہور پہاڑ ہےاس کا نام ''جبل ثبیر'' ہے، بیت اللہ سے منٰی جاتے ہوئے دائیں جانب واقع ہے، اور اس کے بالمقابل بائیں جانب حرا پہاڑ ہے اسی پہاڑ کے ایک حصہ کا نام ''ثبیر الاثبرہ'' ہے، جس کے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جب سورج کی کرنیں اس پر پڑیں تو حجاج منٰی سے عرفات روانہ ہوجائیں۔

منٰی

منٰی حرم کی حدود میں داخل ہے، یہاں کی گھاس کاٹنا اور جانوروں کو شکار کرنا جائزنہیں ہے البتہ مرغی، بکری، گائے، اونٹ، بھینس اور گھریلو جانوروں کو ذبح کرنا، پکانا اور کھانا جائز ہے۔

منٰی بیت اللہ شریف سے مشرقی جانب تقریباً تین میل کے فاصلہ پر ہے، جانے کے لئے بیت اللہ کی مشرقی جانب صفا مروہ کے درمیانی علاقے سے سرنگ کے ذریعہ پیدل جانے کا راستہ بھی ہےاور اطراف میں ''طریق المشاۃ'' کا بورڈ بھی موجود ہے، اور گاڑی کا راستہ بھی ہے۔

منیٰ شروع ہوتے ہی تین جمرات ہیں، ہماری زبان میں انہیں تین شیطان کہتے ہیں، مکہ کی طرف سے پیدل آنے کی صورت میں سب سے پہلے بڑا شیطان ہے اس کو ’’جمرہ عقبہ‘‘ کہتے ہیں، اس کے بعد درمیانی شیطان ہے اس کو ’’جمرہ وسطیٰ‘‘ کہتے ہیں، اور اس کے بعد چھوٹا شیطان ہے اس کو ’’جمرہ اولیٰ‘‘ کہتے ہیں، اس کے بعد خیمے لگے ہوئے ہیں جن میں حاجی ٹھہرتے ہیں، اگر خیمے کی طرف سے شیطان کی طرف آئیں گے تو سب سے پہلے چھوٹا شیطان پھر درمیانی شیطان پھر بڑا شیطان آئے گا۔

منیٰ میں خیمہ کی طرف سے شیطان کی طرف جاتے ہوئے بائیں جانب مسجد خیف ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ منیٰ کا یہ نام اس وجہ سے مشہور ہوا کہ جب حضرت آدم علیہ السلام حج کے مناسک سے فارغ ہو کر حضرت جبرئیل امین علیہ السلام سے جدا ہونے لگے تو جبرئیل امین علیہ السلام نے دریافت کیا کہ آپ کی کوئی اور تمنا ہے؟ تو حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا اب صرف جنت کی تمنا ہے، اور لفظ ’’منیٰ‘‘، تمنّیٰ سے مشتق ہے، اس کے علاوہ یہ وجہ بھی بیان کی گئی ہے کہ: منیٰ کا معنی ہے ’’یمنی الدماء‘‘ یعنی ایسی جگہ جہاں قربانی کے جانوروں کا خون بہایا جاتا ہے۔

۱۳۱۸ھ تک منیٰ کے میدان کی چوڑائی ۶۳۷ میٹر تھی، لیکن ۱۳۹۳ھ میں سعودی حکومت کی توسیع میں اس کا عرض ۹۵۵ میٹر سے بھی زیادہ ہو چکا ہے، اور توسیع کے وقت منیٰ میں جنوب کی جانب واقع جبل ثبیر کا بہت سارا حصہ کاٹ کر کشادہ سڑکیں بنادیں، اس کے علاوہ مسجد خیف کے قریب سے جبل ثبیر میں ایک سرنگ بنادی جس سے حرم شریف جانا بہت ہی آسان ہو گیا ہے۔

موجودہ وقت منیٰ کی چوڑائی ۲,۲۷۸ کلومیٹر ہے۔

مسجد خیف

منیٰ کی مساجد میں سب سے بڑی اور مشہور مسجد، مسجد خیف ہے۔

امام ازرقی نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے کہ نبی علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ: مسجد خیف میں ۷۵ انبیاء علیہم السلام نے نماز پڑھی ہے، جن میں سیدنا موسیٰ علیہ السلام بھی شامل ہیں۔ (اخبار مکہ:۴۰۰)

مسجد کی لمبائی ۱۳۰ میٹر اور چوڑائی ۱۰۰ میٹر ہے، مغربی دیوار میں محراب اور منبر بنا ہوا ہے، اور محراب پر گنبد بنا ہوا ہے، اور محراب کی جگہ پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے دن خیمہ لگایا تھا، اسی خیمہ میں آپ نے ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور عرفہ کے دن فجر کی نماز ادا فرمائی تھی، اس لئے حاجیوں کے لئے منیٰ میں پانچ نمازیں پڑھنا سنت ہے۔

اور منیٰ ختم ہوتے ہی وادی محسر ہے جہاں ابرہہ کے لشکر پر عذاب نازل ہوا تھا۔

پھر اس کے بعد حرم کے حدود میں مکہ معظّمہ سے مشرق جنوب میں مزدلفہ ہے اور یہ منی اور وادی محسر سے کچھ فاصلہ کے بعد واقع ہے۔

مزدلفہ

مــزدلــفــہ ''زلف'' سے نکلا ہوا ہے، اس کا معنی قریب اور نزدیک کے ہے چونکہ حجاج کرام مزدلفہ پہنچ کر ''منیٰ'' کے قریب ہو جاتے ہیں اس لئے اس کو مزدلفہ کہتے ہیں۔

نیز یہ کہ ''زلف'' ہموار اور صاف زمین کو بھی کہتے ہیں، اور مزدلفہ کا میدان منیٰ اور عرفات کی نسبت سے زیادہ ہموار ہے اس لئے اسے مزدلفہ کہتے ہیں۔

نیز یہ کہ ''ازلاف'' کے معنی اجتماع کے بھی ہیں، چونکہ حجاج کرام اس جگہ پر مغرب اور عشاء کی نماز جمع کر کے پڑھتے ہیں اس لئے بھی اس کو مزدلفہ کہتے ہیں۔

اس نام کا سبب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس مقام پر وقوف کر کے لوگ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتے ہیں، اس لئے بھی مزدلفہ اسے کہتے ہیں۔

ابھی مزدلفہ کی چوڑائی ۷۰۰, ۳ کلومیٹر ہے۔ (تفسیر کبیر: ۳/۲: ۱۷۷، تفسیر نقی: ۱/۱۰۲، تبیین: ۲/۲۹)

مشعر الحرام

مشعر الحرام ایک پہاڑ کا نام ہے، جو مزدلفہ میں واقع ہے، رسول اللہ ﷺ نے اس کے پاس وقوف فرمایا ہے اس لئے وہاں وقوف کرنا افضل ہے، اور پورے مزدلفہ میں جہاں بھی قیام اور وقوف کرے جائز ہے۔

مزدلفہ میں لوگ پہنچ کر مغرب وعشاء ایک ساتھ ادا کر کے سو جاتے ہیں، صبح فجر کے بعد مزدلفہ کا وقوف شروع ہوتا ہے اور یہ وقوف اس لئے مشروع کیا گیا ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں لوگ یہاں پر تفاخر اور نام ونمود کی محفلیں جماتے تھے، اسلام نے اس کو کثرتِ ذکر سے بدل دیا۔

سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۹۸ میں ہے:

فاذا أفضتم من عرفات فاذكروا الله عند المشعر الحرام واذكروه كما هداكم وان كنتم من قبله لمن الضآلّين.

''یعنی جب تم لوگ عرفات سے لوٹو تو مشعر حرام کے پاس اللہ کو یاد کرو، اور اس طرح یاد کرو جس طرح تم کو بتلا رکھا ہے، اگرچہ تم اس سے پہلے گمراہوں میں سے تھے''۔

یعنی جاہلیت کے زمانہ میں یہاں پر جو کچھ کیا جاتا تھا وہ گمراہی تھی۔

یہاں پر کثرت سے اللہ کو یاد کرنے کا حکم اس لئے دیا کہ جاہلیت کی عادت کا انسداد ہوجائے یعنی یہ ذکر ان کو تفاخر اور نام ونمود کا موقع ہی نہ دے نیز اس جگہ ذکرِ الٰہی کے ذریعہ توحید کی شان بلند کرنا ایک طرح منافست، سبقت اور ریس کی ترغیب ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ تم خدا کی یاد زیادہ کرتے ہو یا مشرکین کی تفاخرت کا پلہ بھاری ہے۔

پھر حرم کی حدود سے باہر مکہ معظّمہ سے سیدھا مشرق کی جانب عرفات ہے۔

عرفات

بیت اللہ کی مشرقی جانب ایک میدان ہے، اس میدان کو ''عرفات'' کہنے کی بہت سی وجوہ بیان کی گئی ہیں، علامہ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

☆ حضرت آدم علیہ السلام اور اماں حوّا آسمان سے اترنے کے ایک لمبا عرصہ گزرنے کے بعد اسی میدان میں اکٹھے ہوئے اور باہم تعارف ہوا۔

☆ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو اس میدان میں مناسک حج (حج کے ارکان، احکام اور عبادت کے مقامات) سے آگاہ کرنے کے بعد دریافت کیا کہ کیا آپ نے حج کے ارکان اور احکام کو پہچان لیا؟ تو انہوں نے ارشاد فرمایا، ہاں میں نے پہچان لیا ہے۔

☆ یہ جگہ اس قدر معظم، محترم اور مشہور ہے کہ اس کی تعریف کئے بغیر ہی لوگ اسے پہچان لیتے ہیں، اس لئے اسے ''عرفات'' کہا جاتا ہے۔

اس میدان میں اللہ کے بندے عبادت اور دعاؤں کے ذریعہ اپنے رب کی معرفت حاصل کرتے ہیں، اگر چہ یہ مقصود دوسرے مقامات پر بھی حاصل ہوسکتا ہے، لیکن یہ میدان ایک منفرد عظمت وجلالت کا حامل ہے، جس سے دیگر مقامات خالی ہیں، اس معنی کے اعتبار سے عرفہ ''معروف'' سے مشتق ہوگا۔

☆ بعض علماء نے کا کہنا ہے کہ ''عرف'' سے مشتق ہے، یعنی اس میدان میں خوش آیند اور روح پرور بُو پائی جاتی ہے، البتہ منٰی میں جانور وغیرہ ذبح کرنے کی وجہ سے فضا قدرے متعفن ہوتی ہے، جب کہ عرفات اس چیز سے خالی ہے اس لئے اسے عرفہ یا عرفات کہا جاتا ہے۔ (اشعۃ اللمعات: ۳۳۸/۲)

☆ جبل عرفات ایک بڑی کمان کی مانند ہے جو ایک وسیع وادی کو گھیرے ہوئے ہے جس کی مسافت دو میل ہے اس میں ایک چھوٹی سی پہاڑی جبل رحمت کے

نام سے مشہور ہے، جس کی بلندی ۳۰ میٹر اور لمبائی ۳۰۰ میٹر ہے، اس پر چڑھنے کے لئے غیر منظّم بڑی بڑی ۹۱ سیڑھیاں ہیں۔

پہاڑی پر چڑھتے ہی ایک چبوترہ بنا ہوا ہے جس کا طول ۱۵ میٹر اور عرض ۱۰ میٹر ہے اسے مسجد ابراہیم کہا جاتا ہے۔

جبل رحمت کے اوپر ۴ میٹر بلند ایک برج بنا ہوا ہے، حجاج کی رہنمائی کے لئے عرفات کی رات اس پر شمع روشن کی جاتی تھی۔ (تعلیقات اخبار مکہ)

اب پورے عرفات میں بجلی کا انتظام ہونے کی وجہ سے اس برج پر روشنی کرنے ضرورت نہیں ہوتی۔

عرفات کی لمبائی اور چوڑائی تقریباً دو، دو میل ہے۔

عرفات کے متصل مغربی جانب ''وادی عــــرنة'' ہے جو دو نشانات کے درمیان واقع ہے یعنی حرم کے حدود اور عرفات کے نشانات کے درمیان والی جگہ کو ''وادی عـرنـہ'' کہا جاتا ہے، اگر حاجی اس جگہ حج کے دن ٹھہرے رہیں تو ان کا حج نہیں ہوگا انہیں عرفات کی حدود کے اندر ٹھہرنا لازم ہے۔

ابھی عرفات کی چوڑائی ۲,۸۹۲ کلومیٹر ہے۔

مسجد نمرہ

یہ مسجد عرفات کے میدان کے مغربی کنارے پر واقع ہے، اسے مسجد عرفہ، جامع ابراہیم اور مصلی عرفہ بھی کہا جاتا ہے، اسکی لمبائی ۹۰ میٹر اور چوڑائی ۸۰ میٹر ہے، اس کے چاروں طرف برآمدے بنے ہوئے ہیں، محراب ۳ میٹر اونچا اور ۵ میٹر چوڑا ہے، اس کا منبر ۲.۵ میٹر اونچا اور دس سیڑھیوں والا ہے، سعودی حکومت نے پوری مسجد از سر نو تعمیر کی ہے۔

حرم کی حدود سے باہر چاروں طرف میقات تک جو زمین ہے اس کو ''حِل''

شمال
جنوب
مدينة المنوره
ذو الحليفه (بیر علی)
بدر
مستورة
رابغ
جحفه
امج
عسفان
ذات عرق
مكة المكرمة
جدة
حديبيه
عرفات
منى
قرن المنازل
طائف
يلملم
میقات

کہتے ہیں اور ''حِل'' کا معنی حلال ہونا کیونکہ اس میں وہ چیزیں حلال ہیں جو حرم کے اندر حرام تھیں، یعنی یہاں شکار کھیلنا، درخت اور گھاس کاٹنا، اور اس میں جانور کو چرانا جائز اور حلال ہے۔

''حِل'' کی حدود ختم ہوتے ہی ''میقات'' کے شروع کے مقامات شروع ہو جاتے ہیں، اور یہیں سے مکہ مکرمہ جانے کے لئے احرام کے ساتھ گزرنا واجب ہے ورنہ دم اور عمرہ یا حج لازم ہو جاتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت جبرئیل علیہ السلام کی نشاندہی پر مکہ مکرمہ کے چاروں طرف کچھ مقامات متعین فرمائے ہیں، جہاں پہنچ کر مکہ مکرمہ جانے والوں پر حج یا عمرہ کا احرام باندھنا واجب ہے، ان مقامات کو ''میقات'' کہتے ہیں، اور یہ پابندی میقات سے باہر رہنے والوں پر عام ہے جب بھی وہ لوگ مکہ مکرمہ کے قصد سے میقات کے حدود میں داخل ہوں خواہ کسی بھی غرض سے ہو تو بیت اللہ کا یہ حق ان کے ذمہ ہے کہ میقات سے احرام باندھ کر مکہ مکرمہ میں داخل ہوں، اگر حج کا وقت ہے تو حج کا احرام ورنہ عمرہ کا احرام باندھیں، اور پہلے بیت اللہ کا یہ حق ادا کریں پھر اپنے اپنے کام میں مشغول ہوں، ہاں اگر صرف جدہ یا مدینہ منورہ جانے کی نیت ہے مکہ مکرمہ جانے کی نیت نہیں ہے تو میقات سے احرام باندھنا ضروری نہیں ہے۔

اور مدینہ طیبہ کی میقات سب میقاتوں سے زیادہ فاصلہ پر مقرر کی، کیونکہ مدینہ طیبہ کو وحی نازل ہونے کی جگہ، ایمان کا مرکز اور ''دار الھجرت'' ہونے کا شرف حاصل ہے، اس لئے اس کے باشندوں کو سب سے زیادہ احترام اور تعظیم کرنی چاہئے، دین میں جس کا مرتبہ جتنا بڑا ہوتا ہے اس کو مشقت بھی اتنی ہی زیادہ اٹھانی پڑتی ہے۔

میقات پانچ ہیں: ① ذو الحلیفہ (بیر علی)۔ ② جحفہ۔ ③ قرن

المنازل۔④ یلملم۔⑤ ذات عرق۔

ذوالحلیفہ

مکہ مکرمہ سے سیدھا شمال کی طرف مدینہ منورہ ہے، مدینہ منورہ کی طرف سے مکہ مکرمہ کی طرف آنے والوں کے لئے میقات ''ذوالحلیفہ'' ہے، آج کل اس کو ''بئر علی'' یا ''ابار علی'' کہتے ہیں، اور یہ مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ کی طرف آتے ہوئے تقریبا چھ میل پر مکہ مکرمہ کے راستہ میں دائیں جانب ہے، اور یہاں ایک شاندار اور خوبصورت مسجد بنی ہوئی ہے اور وضو غسل ہر چیز کا بہترین انتظام ہے، یہاں سے مکہ مکرمہ تقریبا ڈھائی سو میل ہے۔(410 کلومیٹر)

جُحفہ

مکہ مکرمہ کی شمالی جانب ملک شام وغیرہ سے آنے والوں کیلئے مکہ مکرمہ سے شمال مغرب میں بحراحمر کے ساحل کے قریب مدینہ طیبہ کے راستہ میں ''جُحفہ'' میقات ہے، لیکن آج کل ''جُحفہ'' کا نام ونشان مٹ چکا ہے اس لئے اس سے تھوڑا پہلے مشہور جگہ ''رابغ'' سے احرام باندھتے ہیں، اور یہ مکہ مکرمہ سے تقریباً سو میل کے فاصلہ پر ہے۔(187 کلومیٹر)

قرن المنازل

یہ مکہ مکرمہ کے مشرق مثلاً ''نجد'' کی طرف سے آنے والوں کا میقات ہے، مکہ مکرمہ سے تقریبا تیس پینتیس میل (80 کلومیٹر) مشرق میں نجد جانے والے راستہ میں ایک پہاڑی ہے۔

ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش کے لوگ ہوائی جہاز سے جدہ جاتے ہوئے ''قرن المنازل'' والے میقات سے گزر کر جدہ پہنچتے ہیں، اس لئے ہوائی جہاز سے

جاتے ہوئے ”قرن المنازل“ سے پہلے احرام باندھنا ضروری ہے۔ نقشہ اس طرح ہے:

مشرق	←	مغرب
پاکستان	PIA	قرن المنازل مکۃ المکرّمۃ الحدیبیۃ جدہ
ہندوستان	INDIA	قرن المنازل مکۃ المکرّمۃ الحدیبیۃ جدہ
بنگلہ دیش	BIMAN	قرن المنازل مکۃ المکرّمۃ الحدیبیۃ جدہ

یلملم

مکہ مکرمہ کی جنوبی جانب مثلاً یمن وغیرہ کی طرف سے مکہ مکرمہ آنے والوں کے لئے مکہ کی جنوبی جانب ایک پہاڑی ہے اس کو ”یلملم“ کہتے ہیں، اور یہ مغربی جنوبی جانب کے سمندر (بحر احمر) کے ساحل سے پندرہ، بیس میل (100 کلومیٹر) کے فاصلہ پر ہے۔

یہ اصل میں یمن اور عدن والوں کی میقات ہے، لیکن پہلے زمانے میں ہندوستان، پاکستان اور مشرقی ممالک والے جب بحری جہاز سے سمندری سفر کر کے حج کے لئے آتے تو مکہ مکرمہ کی جنوبی جانب ”یلملم“ پہاڑی کی محاذات سے گزر کر جدہ آتے تھے، اس لئے پرانی کتابوں میں ہندوستان، پاکستان اور مشرقی ممالک والوں کے لئے ”یلملم“ کی میقات مشہور ہے لیکن آج کل ہوائی جہاز کے سفر میں یہ میقات نہیں پڑتی، بلکہ جہاز ”قرن المنازل“ والی میقات سے گزر کر آتا ہے۔

ذات عرق

مکہ مکرمہ کی مشرقی شمالی جانب مثلاً عراق وغیرہ کی طرف سے آنے والوں کے لئے ”ذات عرق“ میقات ہے، یہ مکہ مکرمہ کی مشرقی شمالی جانب تقریباً پچاس میل (90 کلومیٹر) کے فاصلے پر ہے۔

آفاق

میقات کی حدود سے دنیا کے چاروں طرف کے آخری کنارے تک کی زمین کو ''آفاق'' اور یہاں کے والوں کو آفاقی کہتے ہیں، آفاقی کے لئے مکہ مکرمہ یا حرم شریف میں داخل ہونے سے پہلے میقات سے حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر آنا ضروری ہے ورنہ دم بھی لازم ہوگا اور ایک عمرہ یا ایک حج کرنا بھی لازم ہوگا، ہاں اگر دوبارہ کسی میقات پر جا کر احرام باندھ کر آئے اور عمرہ یا حج کر لے تو پھر دم ساقط ہو جائے گا۔

مشرق میں رہنے والوں کی خوش قسمتی

کعبۃ اللہ سے مشرقی جانب رہنے والوں کی خوش قسمتی یہ ہے کہ کعبۃ اللہ کی مشرقی جانب ملتزم، کعبہ کا دروازہ، حجر اسود کا کچھ حصہ، زمزم کا کنواں، مقام ابراہیم، ایک اعتبار سے صفا مروہ (مسعیٰ)، جبل ابی قبیس، مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، پھر اس کے بعد مشرق کی جانب منٰی، پھر اس سے مشرق جنوب میں معمولی گولائی میں مزدلفہ، پھر منٰی سے سیدھا مشرق میں عرفات ہے، پھر منٰی میں مسجد الخیف اور مزدلفہ میں مشعر الحرام اور عرفات میں مسجد نمرہ جیسی عظیم مساجد بھی ہیں، اس لئے مشرق والے ان نعمتوں کا جتنا بھی شکریہ ادا کریں کم ہے، ان تمام اعزازات کو دیکھ کر صرف خوش ہی نہیں ہونا بلکہ ان عظیم احسانات کی وجہ سے دوسروں سے بڑھ چڑھ کر اللہ کی عبادت میں حصہ لینا چاہئیے۔

وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقه محمد وآله واصحابه اجمعین۔

آب زم زم کھڑے ہو کر پینا

آب زم زم کھڑے ہو کر پینا اور بیٹھ کر پینا دونوں طرح بلا کراہت جائز ہے لیکن قبلہ رو کھڑے ہو کر پینا مستحب ہے۔(۱)

آٹھواں چکّر کر لے

''آٹھواں شوط کر لے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/ ۷۳)

آٹھواں شوط کر لے

اگر کوئی شخص طواف کے دوران جان بوجھ کر آٹھواں شوط (چکر) کر لے، تو چھ شوط اور ملا کر سات شوط پورا کرنا واجب ہوگا، اور اگر کسی نے ساتواں شبہ میں کیا تو

(۱) وشرب ماء زم زم والتضلع منه استقبال البيت والنظر إليه قائمًا. (مراقی الفلاح: (ص: ۷۳۲) كتاب الحج، قبيل: فصل في كيفية ترتيب أفعال الحج، ط: قديمی)

واستحبّ علمائنا أن يشرب ماء زمزم قائمًا، ويشير إليه ما فی حديث ابن عبّاس رضی اللّٰه عنهما آية ما بيننا وبين المنافقين أنّهم لا يتضلعون من زمزم والتضلع لايتأتی الاّ قائمًا وأخرج البخاری عن الشعبی ان ابن عبّاس رضی اللّٰه تعالىٰ عنهما حدثه قال: سقيت رسول اللّٰه ﷺ من زمزم فشرب وهو قائم. (إعلاء السنن: (۱۰/ ۲۱۰) كتاب الحج، باب يستحب أن يشرب المودع من ماء زمزم ويلتزم الملتزم، ط: ادارة القرآن)

فإنّه مخصّص بماء زمزم وشرب فضل الوضوء، كما ذكره بعض علمائنا، وجعلوا القيام فيهما مستحبا وكرهوه فی غيرهما، الاً إذا كان ضرورةً، ولعل وجه تخصيصهما ان المطلوب فی ماء زمزم التضلع ووصول بركته إلى جميع الأعضاء، وكذا فضل الوضوء مع إفادة الجمع بين طهارة الظاهر والباطن وكلاهما حال القيام أعم وبالنفع أتمّ. (مرقاة المفاتيح: (۸/ ۲۱۸) باب الأشربة، الفصل الأوّل، ط: امداديه ملتان)

کچھ حرج نہیں، مزید چھ شوط ملانا لازم نہیں۔(۱)

آٹھویں ذی الحجہ کو جمعہ کا دن ہو

اگر آٹھویں ذی الحجہ کو جمعہ کا دن ہو، اور حاجی مقیم ہو، تو زوال سے پہلے پہلے منیٰ چلے جانا چاہئے، زوال کے بعد جمعہ کی نماز پڑھنے سے پہلے منیٰ جانا مکروہ ہے، بلکہ جمعہ کی نماز مکہ مکرمہ میں پڑھ کر منیٰ کو جائے۔(۲)

اور اگر حاجی مسافر ہے تو اس کے لئے بھی بہتر یہ ہے کہ زوال سے پہلے پہلے منیٰ چلا جائے اور زوال کے بعد جمعہ کی نماز پڑھنے سے پہلے منیٰ چلا جائے تو اس کی بھی گنجائش ہوگی کیونکہ مسافر پر جمعہ کی نماز پڑھنا واجب نہیں، اور منیٰ میں پانچ نمازیں پڑھنا سنت ہے اس لئے سنت کو نہ چھوڑے۔(۳)

---

(۱) تخریج کے لئے ''طواف کا آٹھواں چکر کرلیا'' کے تحت دیکھیں۔

(۲) وقد صرحوا بها إذا وافق يوم التروية يوم الجمعة له أن يخرج إلى منٰى قبل الزوال ؛ لكونه وقت سنة الخروج ، و عدم وجود الجمعة وبعده لايخرج مالم يصل الجمعة لوجوبها عليه. (المسلک المتقسط على لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۲۰۸) فصل فى الرواح، ط: حقانية ، و : (ص: ۲٦۷) باب الخطبة ، فصل فى الرواح ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

أن يكون يوم التروية يوم الجمعة اولا فله الخروج إليها يوم الجمعة قبل الزوال ، وأمّا بعده فلا يخرج مالم يصلها . (البحر الرائق : (۳۳۵/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد)

الهندية: (۲۲۷/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط:رشيديه .

(۳) وفى التجنيس : الرجل إذا أراد السفر يوم الجمعة لا بأس به إذا خرج من العمران قبل خروج وقت الظهر ؛ لأنّ الوجوب بآخر الوقت ، و آخر الوقت هو مسافر ، فلم تجب عليه صلوٰة الجمعة اهـ ، كذا فى الحباب . (إرشاد السارى على هامش المسلک المتقسط : (ص: ۲۰۸) فصل فى الرواح ، ط: حقانية ، و: (ص: ۲٦۷) باب الخطبة ، فصل فى الرواح من مكّة إلى منٰى، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

البحر الرائق : (۱۵۲/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، ط: سعيد .

وقيل لا (كما) لا تلزم (لو قدم مسافر يومها) على عزم أن لايخرج يومها (ولم ينو الإقامة) نصف شهر . (الدر مع الرد : (۱٦۲/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، ط: سعيد)

آٹھویں ذی الحجہ کو کس وقت منیٰ جانا چاہئے

آٹھویں ذی الحجہ کو کسی بھی وقت منیٰ جانا مسنون ہے، البتہ مستحب یہ ہے کہ سورج نکلنے کے بعد جائے اور ظہر کی نماز وہاں پڑھے، سورج نکلنے سے پہلے جانا خلاف اولیٰ ہے مگر جائز ہے۔(۱)

موجودہ دور میں ہجوم کی وجہ سے ''مکتب والے'' ساتویں ذی الحجہ کو حجاج کرام کو منیٰ لے جاتے ہیں تو اعتراض نہ کریں بلکہ حج کا احرام باندھ کر منیٰ چلے جائیں ورنہ مقررہ خیمہ تلاش کر کے نکالنا ممکن نہیں ہوگا کیونکہ تمام خیموں کی شکل ایک جیسی ہوتی ہے۔(۲)

اگر آٹھ ذی الحجہ کو جمعہ کا دن ہو تو بھی صبح منیٰ کی لئے نکل جائیں۔(۳)

---

(۱) و قال فی المحیط والمفید : یستحب أن یتوجه بعد الزوال ، وهو أحد قولی الشافعی ، وذکر المرغینانی : أنه یخرج إلی منی بعد ما طلعت الشمس ، وهو الصحیح . (تبیین الحقائق : (۲/ ۲۸۴) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید)

شامی: (۲/۵۰۳) کتاب الحج ، مطلب فی : الرواح إلی عرفات ، ط: سعید.

الهندیة: (۱/ ۲۲۷) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه .

(۲) ثمّ یروح مع النّاس إلی منی یوم الترویة بعد صلاة الفجر ، وطلوع الشمس کذا فی فتاوٰی قاضی خان ، وهو الصحیح ولو ذهب قبل طلوع الشمس جاز و الأوّل أولیٰ .، (الهندیة : (۱/ ۲۲۷) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه)

غنیة المناسک : (ص: ۱۴۷) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فی التوجیه من منی إلی عرفات ، قبیل باب مناسک عرفات ، ط: ادارة القرآن .

إرشاد الساری: (ص: ۲۶۸، ۲۶۹) باب الخطبة یوم السابع وخروج الحاج من مکة إلی منی و عرفة، فصل فی الرواح من منی إلی عرفات، قبیل: باب الوقوف بعرفة، ط: امدادیة، مکة المکرمة.

الضرورت تبیح المحضورات...... (الأشباه والنظائر مع شرحه للحموی: (۱/ ۲۵۱) الفن الأوّل: فی القواعد الکلیة، النوع الأوّل، القاعدة الخامسة، الضرر لایزال، ط: ادارة القرآن)

(۳) وقد صرّحوا بما إذا وافق یوم الترویة یوم الجمعة، له أنّ یخرج إلی منٰی قبل الزوال لکونہٖ وقت سنة الخروج و عدم وقت وجود الجمعة. (إرشاد الساری: (ص: ۲۶۷) باب الخطبة و خروج الحاج من مکّة إلی عرفة، فصل: فی الرواح من مکّة إلی منٰی، ط: الإمدادیة مکّه المکرّمة) =

آخری چار چکروں میں رمل کرنا

''رمل آخری چار چکروں میں کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۳۲۸)

آدم علیہ السلام کا طواف

آدم علیہ السلام کا طواف سات ہفتے تک تو رات میں ہوا کرتا تھا اور پانچ ہفتے تک دن میں ہوا کرتا تھا، پھر جب وہ طواف سے فارغ ہوتے، تو وہ کعبے کے دروازے کی طرف رُخ کر کے دو رکعت نماز پڑھا کرتے تھے، اس کے بعد ملتزم کے مقام پر آتے اور یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ إِنَّکَ تَعْلَمُ سَرِیْرَتِیْ وَ عَلانِیَتِیْ ، فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَ مَا عِنْدِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَ تَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَأَعْطِنِیْ سُؤْلِیْ

ترجمہ: اے اللہ! تو میری پوشیدہ باتوں اور کھلی ہوئی باتوں دونوں کو جانتا ہے، پس میری معذرت اور معافی قبول فرما، اور جو کچھ میرے نفس میں ہے اور جو کچھ میرے دل میں ہے تو اس کو بھی جاننے والا ہے، پس تو میرے گناہوں کو معاف فرما، اور تو میری ضرورتوں کو بھی جانتا ہے، پس تو میری حاجت پوری فرما اور میری درخواست قبول فرما۔(۱)

آدم علیہ السلام ہندوستان سے مکّہ مکرمہ ایک ہزار مرتبہ آئے

آدم علیہ السلام ہندوستان سے پیدل چل کر ایک ہزار مرتبہ آئے ہیں، ان

= غنیة الناسک: (ص: ۱۴۶) باب السعی بین الصفا والمروة، فصل: فی الرواح من مکّة إلی منٰی ...... ط: إدارة القرآن.

البحر العمیق: (۳/ ۱۴۱۰) الباب الحادی عشر: الخروج من مکّة إلی منٰی ثم عرفة، یوم التروية، ط: مؤسّسة الريّان المکتبة المکيّة.

(۱) ...... وکان طوافه سبعة اسابیع باللیل، وخمسة اسابیع بالنهار: أی ولما فرغ من الطواف صلی رکعتین تجاه باب الکعبة ثم أتی الملتزم أی محله، فقال: "اَللّٰهُمَّ إِنَّکَ تَعْلَمُ سَرِیْرَتِیْ وَ عَلانِیَتِیْ، فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَ مَا عِنْدِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَ تَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَأَعْطِنِیْ سُؤْلِیْ" الحدیث. =

میں سے تین سو مرتبہ حج کے لئے آئے اور سات سو مرتبہ عمرہ کے لئے آئے ہیں۔(۱)

آفاقی

آفاقی وہ شخص ہے جو میقات کی حدود سے باہر رہتا ہے، جیسے ہندوستانی، پاکستانی بنگلہ دیشی، مصری، شامی، عراقی، ایرانی، امریکی، افریقی اور برطانوی وغیرہ۔(۲)

آفاقی احرام کے بغیر مکہ مکرمہ میں چلا گیا

اگر آفاقی (میقات سے باہر رہنے والا) میقات سے احرام باندھے بغیر حرم شریف یا مکہ مکرمہ میں داخل ہوگیا تو اس پر ایک حج یا ایک عمرہ کرنا واجب ہوتا ہے اور اگر ایک سے زائد مرتبہ احرام کے بغیر داخل ہوا تو ہر دفعہ کے لئے احرام کے بغیر داخل ہونے کی وجہ سے ایک حج یا ایک عمرہ واجب ہوگا۔(۳)

آفاقی حل میں جانا چاہتا ہے

آفاقی یعنی میقات سے باہر رہنے والا آدمی حل یعنی حرم سے باہر اور میقات کے اندر کے حصے میں کسی جگہ جانا چاہتا ہے، مکہ مکرمہ جانے اور حج یا عمرہ کرنے کی

= (السيرة الحلبية: (١/ ٢٢٠) باب بنيان قريش الكعبة شرفها الله تعالىٰ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

(١) وجاء: أن آدم أتىٰ ذٰلك، أى تلك الخيمة: أى التي هى البيت المعمور على ماتقدم الف مرّة من الهند ماشيا من ذٰلك، ثلاثمائة حجة، وسبعمائة عمرة الخ. (السيرة الحلبية: (١/ ٢١٩) باب: بنيان قريش الكعبة شرفها الله تعالىٰ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

(٢) الآفاقي: أريد به الخارجي أى خارج الميقات .... (شامي: (٢/ ٤٦٨) كتاب الحج، مطلب فى فروض الحج و واجباته، ط: سعيد)

بدائع الصنائع: (٢/ ١٦٧) كتاب الحج، فصل: وأمّا بيان مكان الإحرام، ط: سعيد.

تقريرات الرافعي مع الشامي: (٢/ ١٥٨) كتاب الحج، ط: سعيد.

(٣) ومن دخل من أهل الآفاق مكة أو الحرم بغير إحرام فعليه أحد النسكين أى من الحج أو العمرة...... ولو دخلها مدار بغير إحرام فعليه لكل دخول نسك: حج أو عمرة...... (إرشاد السارى: (ص: ١٢٣، ١٢٤) باب المواقيت، فصل: فى محاوزة الميقات بغير إحرام، ط: الامدادية، مكة المكرمة)

بدائع الصنائع: (٢/ ١٦٥) كتاب الحج، فصل: فى بيان مكان الإحرام، ط: سعيد.

الهندية: (١/ ٢٢١) كتاب المناسك، الباب الثانى فى المواقيت، ط: رشيديه.

نیت نہیں ہے تو اس پر میقات سے احرام باندھ کر جانا واجب نہیں ہے وہ احرام کے بغیر جا سکتا ہے، وہاں جانے کے بعد اگر مکہ مکرمہ جانے کا ارادہ ہو تو مکہ مکرمہ بغیر احرام کے جا سکتا ہے، اس پر کوئی دم وغیرہ واجب نہیں ہوگا، اس مقام پر پہنچ کر یہ شخص بھی اس جگہ کے لوگوں کے حکم میں ہو گیا وہاں اگر حج یا عمرہ کا ارادہ کرے تو وہ حل سے احرام باندھ کر جائے گا یعنی اپنے گھر سے احرام باندھ کر جائے گا۔(۱)

آفاقی عمرہ کی نیت کہاں سے کرے

''عمرہ کی نیت آفاقی کہاں سے کرے'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۲۱۰)

آفاقی کا بار بار عمرہ کرنا

''عمرہ بار بار کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/ ۱۸۸)

آفاقی کہاں سے احرام باندھیں

☆ جو لوگ میقات سے باہر رہتے ہیں ان کو ''آفاقی'' کہتے ہیں۔(۲)

اور آفاقی کے لئے میقات یا میقات کی محاذات پر احرام باندھنا ضروری ہے احرام کے بغیر میقات یا میقات کی محاذات سے مکہ کی طرف بڑھنا جائز نہیں ہے، اگر ایسا کیا تو اس پر دم لازم ہوگا اس لئے میقات یا محاذات میقات سے پہلے احرام باندھنا

---

(۱) ومن جاوز وقته أی الّذی وصل إليه حال كونه يقصد مكانًا فی الحل ، كبستان بنی عامر أو جدة أو حدّة مثلاً بحيث لم يمرّ علی الحرم ، وليس له عند المجاوزة قصد أن يدخل الحرم بعد دخول ذٰلک المكان ، ثم بدا له أی ظهر رأی حادث أن يدخل مكة أی أو الحرم ولم يرد نسكا حينئذٍ فله أن يدخلها أی مكة وكذا الحرم بغير إحرام...... (إرشاد الساری: (ص: ۱۲۱) باب المواقيت ، فصل فی مجاوزة الميقات بغير إحرام ،ط : امداديه مكة المكرّمة)

🗀 بدائع الصنائع : (۲/ ۱۶۶) كتاب الحج ، فصل فی بيان مكان الإحرام ، ط: سعيد.

🗀 الدر مع الرد : (۲/ ۵۸۱ ، ۵۸۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد.

(۲) راجع الحاشية رقم: ۳، علی الصفحة السابقة: ۷۷. (ومن دخل من أهل الآفاق مكة)

افضل ہے۔(۱)

☆ جو حجاج کرام ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش سے مکہ مکرمہ جانے کے لئے ہوائی جہاز سے سفر کرتے ہیں ان کو ہوائی جہاز میں سوار ہونے سے پہلے یا جدہ پہنچنے سے ایک گھنٹہ پہلے احرام باندھ لینا چاہئے جدہ تک مؤخر کرنا جائز نہیں ہے اگر مؤخر کریں گے تو گناہ بھی ہوگا اور دم بھی لازم ہوگا۔(۲)

کیونکہ ہوائی جہاز میقات کی حدود قرن المنازل سے گذر کر جدہ پہنچتا ہے، اور ہوائی جہاز کے مسافروں کو یہ معلوم ہونا مشکل ہے کہ جہاز کس وقت میقات کی حدود کے اندر داخل ہوگا اور اگر میقات کی حدود کے اندر داخل ہونے کا علم بھی ہو جائے تو اس سے پہلے پہلے احرام باندھ کر فارغ ہونا مشکل ہے اس لئے کہ ہوائی جہاز بہت ہی تیز رفتاری کے ساتھ پرواز کرتا ہے اور نیز اس وقت احرام باندھنے میں احرام کے سنن و مستحبات کی رعایت بھی مشکل ہوگی۔(۳)

(۱،۲) وحكمها: وجوب الإحرام منها لأحد النسكين أى بالإجماع، (مع جواز تقديمه عليها أيضًا بلاخلاف) وتحريم تأخيره عنها...... لمن أراد دخول مكة أو الحرم وإن كان لقصد التجارة أوغيرها ولم يرد نسكا ، ولزوم الدم بالتأخير ، و وجوب أحد النسكين وأعيان هٰذه ليست بشرط، بل الواجب عينها، أو حذوها...... (لباب مع إرشاد السارى: (ص: ۱۱۳) باب المواقيت، فصل فى مواقيت الصنف الأوّل، (أهل الآفاق) ط: امدادية مكة المكرّمة)

☐ بدائع الصنائع : (۱۶۴/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان مكان الإحرام ، ط: سعيد .

☐ الدر مع الرد : (۴۷۴/۲) كتاب الحج ، مطلب فى المواقيت ، وأيضًا : (۵۸۰/۲ ، ۵۸۱) باب الجنايات ، ط: سعيد .

☐ ولايحرم التقديم للإحرام عليها بل هو الأفضل . (الدر مع الرد : (۴۷۷/۲) كتاب الحج، مطلب فى المواقيت ، ط: سعيد)

☐ الهندية : (۲۲۱/۱) كتاب المناسک ، الباب الثانى فى المواقيت ، ط: رشيديه .

☐ بدائع الصنائع : (۱۶۴/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان مكان الإحرام ، ط: سعيد .

(۳) راجع الحاشية رقم: ۳، على الصفحة السابقة: ۷۷. (ومن دخل من أهل الآفاق مكة)

آفاقی مکہ مکرمہ میں داخل ہونا چاہے

’’مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے لئے۔۔‘‘عنوان کو دیکھیں۔(۱۲۸/٤)

آفاقی مکہ میں مقیم ہوگا

’’میقات کے رہنے والے‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۳۸/٤)

آفاقی مکہ میں مقیم ہے

☆جو آفاقی اشہر حج (حج کے مہینوں) سے پہلے عمرہ سے حلال ہو کر مکہ مکرمہ میں مقیم ہے، پھر اس کے بعد اشہر حج شوال وغیرہ شروع ہو گئے اور اس آفاقی کا اس سال حج کرنے کا ارادہ ہے تو اشہر حج میں عمرہ کرنا مکروہ ہے اور اگر اس سال حج کا ارادہ نہیں ہے تو اشہر حج میں عمرہ کرنا مکروہ نہیں ہے۔(۱)

☆اسی سال حج کا ارادہ ہوتے ہوئے اگر عمرہ کیا تو حدود حرم میں دم جبر دینا لازم ہوگا۔(۲)

آفاقی میقات سے باہر نکلے تو

تمتع کرنے والے آفاقی حاجی کے اشہر حج میں میقات سے باہر نکلنے سے تمتع باطل نہیں ہوتا مگر نکلنا بہتر نہیں اور اگر نکل جائے تو حج افراد کا احرام باندھ کر آنا بہتر

(۱، ۲) مکی ومن بحکمه طاف لعمرته ولو شوطاً أی أقلّ أشواطها فأحرم بالحج رفضه وجوبًا...... وعليه دم لأجل الرفض...... فلو أتمّها صحّ وأساء وذبح وهو دم جبر ، (وفی الشامية :) لأنّ كل دم يجب بسبب الجمع أو الرفض ، فهو دم جبر وكفارة فلايقوم الصوم مقامه وإن كان معسرًا ، ولايجوز له أن يأكل منه ولا أن يطعمه غنيًا ...... (الدر مع الرد : (۲/۵۸۴ ، ۵۸۵) كتاب الحج، باب الجنايات ، ط: سعيد)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۳۸۵، ۳۸۶) باب التمتّع، فصل فی التمتّع المكّی، ط: امداديه مكة المكرّمة.

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۱۹) باب التمتّع، فصل: لاتمتّع ولاقران ولاجمع، ط: ادارة القرآن.

ہے۔(۱)

آگے سے گزرنے والے کو منع کرنا نماز کے دوران

''نمازی کے آگے سے گزرنے والے کو منع کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

آنت اترنا

☆ آنت اترنے کی وجہ سے احرام کی حالت میں پٹی باندھنا جائز ہے اور یہ اس سلے ہوئے کپڑے میں داخل نہیں ہے جس کی احرام میں ممانعت ہے احرام میں ایسا سلا ہوا کپڑا پہننا منع ہے جو بدن کی ہیئت کے مطابق سلا ہوا ہو۔(۲)

☆ احرام کی حالت میں آنت اترنے کے عذر کی وجہ سے لنگوٹ باندھنا جائز ہے اور عذر کے بغیر لنگوٹ باندھنا مکروہ ہے، مگر اس پر کوئی دم یا صدقہ لازم نہیں۔(۳)

---

(۱) كوفي أى آفاقي حل من عمرته فيها أى الأشهر وسكن بمكة أى داخل المواقيت أو بصرة أى غير بلده وحج من عامه ، متمتّع لبقاء سفره . (وفي الشامية :) وأمّا إذا أقام خارجها فذكر الطحاوي أن هٰذا قول الإمام و عندهما لايكون متمتّعاً ...... وله أن حكم السفر الأوّل قائم مالم يعد إلى وطنه...... (الدر مع الرد : (۲/۵۴۲) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد)

بدائع الصنائع : (۲/۱۷۱) كتاب الحج ، فصل : في بيان مايحرم به ، ط: سعيد .

غنية الناسک: (ص: ۲۱۳) باب التمتّع، فصل: في ماهية التمتّع و شرائطه، ط: ادارة القرآن.

فتاویٰ رحیمیہ: (۸/۹۷) متمتّع عمرہ کر کے مدینہ منوّرہ چلا گیا واپسی پر حج یا عمرہ کا احرام باندھا تو کیا حکم ہے، ط: دار الاشاعت کراچی۔

(۲) أن ضابطه : لبس كل شيئ معمول على قدر البدن أو بعضه بحيث يحيط به بخياطة أو تلزيق بعضه ببعض أو غيرهما ، ويستمسک عليه بنفس لبس إلاً المكعب ...... (شامي : (۲/۴۸۹) كتاب الحج ، فصل : في الإحرام ، ط: سعيد)

بدائع الصنائع: (۲/۱۸۴) كتاب الحج، فصل: فيما يحظره الإحرام ومالايحظره، ط: سعيد.

الهندية: (۱/۲۴۲) كتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الثاني في اللبس، ط: رشيديه.

(۳) ولو عصب موضعا آخر من جسده لا شيئ عليه وإن كثر لكنه يكره من غير عذر...... (الهندية: (۱/ ۲۴۲) كتاب المناسک، الباب الثامن في الجنايات، الفصل الثاني في اللبس، ط: رشيديه)

البحر الرائق: (۳/۸) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد.

المبسوط للسرخسي: (۴/۱۴۰) كتاب الحج، باب مايلبسه المحرم من الثياب، ط: غفاريه كوئٹه.

ابراہیم علیہ السلام کو تعلیم حج

حدیث میں آتا ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام حج کے اعلان سے فارغ ہوئے تو جبرئیل علیہ السلام انہیں لے کر گئے اور صفا و مروا کی پہاڑیاں ان کو دکھلائیں (جن کے درمیان حج میں سعی کی جاتی ہے) اور پھر ان کو حرم کی حدود بتلائیں (کہ یہاں تک حرم کی حد ہے جہاں سے احرام باندھنا چاہئے اور اس سے پہلے حل ہے کہ وہاں تک احرام کی ضرورت نہیں) پھر جبرئیل علیہ السلام نے ان کو ہدایت کی کہ یہاں پتھر نصب کردیں چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا، پھر انہوں نے ابراہیم علیہ السلام کو حج کے مناسک اور ارکان بتلائے، جب کہ اسماعیل علیہ السلام بھی ساتھ تھے، چنانچہ کتاب ''العرائس'' میں ہے کہ:

جبرئیل علیہ السلام ان دونوں یعنی ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام کو لے کر ترویہ کے دن (یعنی آٹھ ذی الحجہ کو) منیٰ کے میدان میں لے کر گئے اور وہاں ان کے ساتھ ظہر، عصر، مغرب اور آخری عشاء کی نمازیں پڑھیں، پھر ان دونوں نے وہیں رات گزاری یہاں تک کہ صبح کو جبرئیل علیہ السلام نے ان کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی، پھر دن میں وہ ان دونوں کو لے کر عرفات کے میدان میں گئے اور وہاں قیام کیا، پھر جب سورج زوال پذیر ہوگیا تو ان کے ساتھ ظہر اور عصر کی نمازیں ایک ساتھ پڑھیں، اس کے بعد وہ ان دونوں کو لے کر عرفات میں قیام کی جگہ لے کر آئے اور وہاں اس جگہ قیام کیا جہاں آج لوگ قیام اور وقوف کرتے ہیں، پھر جب سورج غروب ہوگیا تو انہوں نے ان دونوں کو مزدلفہ کے میدان میں پہنچادیا اور وہاں ان کے ساتھ مغرب اور عشاء کی دو نمازیں ایک ساتھ پڑھیں، اس کے بعد ان دونوں کے ساتھ انہوں نے وہاں رات گزاری، یہاں تک کہ جب فجر طلوع ہوگئی تو ان کے ساتھ فجر کی نماز منہ اندھیرے پڑھی، پھر یہاں کچھ دیر وقوف کیا، اور جب روشنی ہوگئی تو ان کو لے کر منی

کے میدان میں آئے اوران کو بتلایا کہ رمی جمار کیسے کی جاتی ہے، اس کے بعد جبرئیل علیہ السلام نے ان دونوں کو قربانی کرنے کا حکم دیا اور منیٰ کے میدان میں ان کو منحر یعنی وہ جگہ جہاں جانور ذبح کیا جاتا ہے دکھلایا، پھرانہوں نے ان دونوں کو سر منڈانے کی ہدایت کی اور اس کے بعد ان کو لے کر بیت اللہ کی طرف آئے۔(۱)

اجازت کے بغیر حج بدل کرنا

☆ اگر مرنے والے یا معذور آدمی پر حج فرض ہے، اور اس کی طرف سے کوئی اجنبی آدمی اس کی وصیت یا حکم کے بغیر ازخود اپنے خرچ پر حج بدل کرے گا تو میت یا معذور کا حج بدل ادا نہیں ہوگا۔(۲)

---

(۱) وجاء: أنّه لما فرغ من دعائه ذهب به جبرئيل، فأراه الصفا والمروة وحدود الحرم، وأمره أن ينصب عليها الحجارة، ففعل وعلمه المناسك: أى مع اسماعيل عليهما الصلاة والسلام. ففى "العرائس": خرج جبرئيل بهما يوم التروية إلى منىٰ، فصلى بهما الظهر والعصر والمغرب والعشاء الآخرة، ثمّ باتا بها حتى أصبحا، فصلى بهما صلاة الصبح، ثمّ غدا بهما إلى عرفة، فقام بهما هناک، حتى زالت الشمس جمع بين الصلاتين الظهر والعصر، ثم رجع بهما إلى الموقف من عرفة، فوقف بهما على الموقف الّذى يقف عليه النّاس الآن، فلما غربت الشمس دفع بهما إلى مزدلفة، فجمع بين الصلاتين المغرب والعشاء الآخرة، ثمّ بات بهما حتى طلع الفجر، ثمّ صلى بهما صلاة الغداة، ثمّ وقف بهما على قزح حتى إذا أسفر أفاض بهما إلى منىٰ، فأراهما كيف رمى الجمار، ثمّ أمر بهما الذبح وأراهما المنحر من منىٰ وأمرهما بالحلق، ثمّ أفاض بهما إلى البيت فليتأمل ذٰلک؛ فإنّ فيه التصريح بأن إبراهيم و إسماعيل صليا مع جبرئيل جماعة الصلوات الخمس، وجمعا تقديمًا بين الظر والعصر، وتأخيرًا بين المغرب والعشاء للنسک الخ. (السيرة الحلبية: (۱/ ۲۳۳، ۲۳۴) باب بنيان قريش الكعبة شرفها اللّٰه تعالىٰ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) وبشرط الأمر به أى بالحج عنه فلا يجوز حج الغير بغير إذنه، (وفى الشامية :)أى لايقع مجزئًا عن حجه الأصل بل يقع عن النائب ...... (الدر مع الرد : (۲/ ۵۹۹) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، ط: سعيد)

🗀 الهندية: (۱/ ۲۵۷) كتاب المناسک، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير، ط: رشيديه.

🗀 إرشاد السارى: (ص: ۳۱۲) باب الحج عن الغير، فصل : فى شرائط جواز الإحجاج والنيابة عن حجة الإسلام، الشرط الرابع: الأمر بالحج، ط: الامدادية مكة المكرّمة.

☆مرنے والے یا معذور کی طرف سے فرض حج ادا کرنے کے لئے اس کا حکم، اجازت یا وصیت ضروری ہے، حکم، اجازت یا وصیت کے بغیر کسی اجنبی نے حج کیا تو یہ حج حج کرنے والے کا ہوگا، وہ اس کا ثواب جس کو چاہے بخش دے، لیکن میت اور معذور کا فرض حج ادا نہیں ہوگا اور صرف ثواب پہنچانے کے لئے جو حج کیا جاتا ہے اس میں میقات وغیرہ کی قید نہیں وہ کہیں سے بھی احرام باندھ لے گا حج ہو جائے گا۔

☆اگر وارث نے مرنے والے کی وصیت کے بغیر اس کی طرف سے حج کیا تو اس سے مرنے والے کا فرض ادا ہونے کی اُمید ہے مگر اس میں بھی مرنے والے کی میقات سے احرام باندھنا ضروری نہیں جس میقات سے چاہے احرام باندھ سکتا ہے۔(۱)

اجازت لینا

☆فرض حج ادا کرنے کے لئے بیوی کے لئے شوہر سے اجازت لینا ضروری نہیں ہے، بشرطیکہ عورت کے ساتھ کوئی محرم ہو، البتہ نفلی حج کے لئے شوہر سے اجازت

---

(۱) الأمر بالحج ، فلايجوز حج الغير عنه بغير إذنه ، إلاً الوارث يحج عن مورثه فإنّه يجزئه إن شاء اللّٰه تعالیٰ لوجود الأمر دلالةً . (البحر الرائق : (۶۱/۳) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير، ط: سعيد)

▭ المبسوط للسرخسي : (۱۴۸/۴) كتاب الحج ، باب الحج عن الميت وغيره ، ط: غفاريه كوئٹه.

▭ الهندية: (۲۵۸/۱) كتاب المناسک، الباب الخامس عشرة فی الوصية بالحج، ط: رشيديه.

▭ وهٰذه الشرائط كلها فی الحج الفرض ، وأمّا فی الحج النفل ، فلايشترط شيئ منها غالبًا إلاّ الإسلام والعقل والتمييز والنية ، ولو بعد الأداء . (غنية المناسک : (ص: ۳۳۶) باب الحج عن الغير، فصل : فی شرائط النيابة فی الحج الفرض ، ط: ادارة القرآن)

▭ شامی: (۶۰۱/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب : شروط الحج عن الغير عشرون، ط: سعيد.

▭ إرشاد الساری : (باب الحج عن الغير ، فصل فی شرائط جواز الاحجاج ، والنيابة عن حجة الإسلام، ط: الامدادية ، مكّة المكرّمة.

لینا ضروری ہے شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی حج کے لئے جانا جائز نہیں ہے۔(۱)

☆فرض حج کے لئے بیٹے کو باپ سے اجازت لینا ضروری نہیں ہے اگر اجازت مل جائے تو بہتر ورنہ اجازت کے بغیر بھی جانا جائز ہے، کوئی گناہ یا نافرمانی نہیں ہوگی۔(۲)

اجازت نہ ملنے کی وجہ سے میقات سے احرام نہیں باندھ سکا

''میقات سے احرام نہیں باندھ سکا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٤/٢٢٩)

اجرت پر حج کرنا

☆......اگر کسی نے حج کی اجرت مقرر کی کہ میں تم کو حج بدل کرنے کے عوض اتنی رقم دوں گا تو وہ حج ہی سرے سے جائز نہیں ہوگا، نہ اس کا حج ہوگا اور نہ اجرت پر حج کرنے والے کا حج ہوگا اور اس قسم کا معاملہ کرنا فضول اور بے کار ہے۔

☆......حج بدل کرنے والا صرف حج کا خرچہ لے اور حج کی اجرت واپس کر

---

(۱) وعند وجود المحرم كان عليها أن تحج حجة الإسلام وإن لم يأذن لها زوجها ، وفى النافلة لاتخرج بغير إذن الزوج ، وإن لم يكن لها محرم لايجب عليها أن تتزوّج للحج ...... (الهندية : (۱/۲۱۹) كتاب المناسک ، الباب الأوّل فى تفسير الحجّ ، ط: رشيديه)

🗀 التاتارخانية: (۲/۴۳۵) كتاب المناسک ، الفصل الأوّل : فى بيان شرائط الوجوب ، ط:ادارة القرآن.

🗀 شامي: (۲/۴٦۵) كتاب الحج ، ط: سعيد.

🗀 غنية الناسک: (ص: ۲۸) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط وجوب الأداء، ط: ادارة القرآن.

(۲) وفيه لايحلّ سفر فيه خطر إلاّ بإذنهما ، ومالاخطر فيه يحل بلاإذن ، (و فى الشامية : قوله: ومالاخطر) كالسفر للتجارة والحج والعمرة يحل بلاإذن إلاّ إذا خيف عليهما الضيعة ، سرخسي. (الدر مع الرد : (۴/۱۲۵) كتاب الجهاد ، ط: سعيد)

🗀 البحر الرائق: (۵/۷۲) كتاب السير، ط: سعيد.

🗀 المغنى لابن قدامة (۸/۳۵۹) كتاب الجهاد، ط: مكتبه الرياض.

🗀 غنية الناسک : (ص: ۳۴) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره ، ط: ادارة القرآن.

دے تو حج بدل ادا ہو جائے گا۔(۱)

اجرت پر طواف کرنا

مریض اور معذور کو اجرت پر طواف کرانا جائز ہے کیونکہ یہ لوگ خود طواف کرنے سے عاجز ہیں۔(۲)

اجرت لے کر کسی کی طرف سے حج کرنا

حج بدل میں حج کے اخراجات کے علاوہ اجرت لینا جائز نہیں ہے۔(۳)

اچار

اُحد

''جبل اُحد'' وہ پہاڑ ہے جس کے متعلق رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے

(۱،۳) فلو استأجر رجلاً بأن قال : استأجرتک علی أن تحجّ عنی بکذا لم یجز حجه ...... (وفی الشامیة:) فی البحر عن الاسبیجابی : لایجوز الاستئجار علی الحج ، فلو دفع إلیه الأجر فحجّ یجوز عن المیت ، وله من الأجر مقدار نفقة الطریق ، ویرد الفضل علی الورثة. (الدر مع الرد: (۲/ ۶۰۱) کتاب الحج ، مطلب : فی الاستیجار علی الحج ، ط: سعید)

خزانة الفقه للسمرقندی : (ص: ۲۴۷) مالایجوز الاستیجار علیه ، ط: سعید.

إرشاد الساری : (ص: ۶۱۴) باب الحج عن الغیر ، فصل فی شرائط الإحجاج والنیابة عن حجة الإسلام ، الشرط الخامس : عدم اشتراط الأجرة ، ط: الامدادیة مکة المکرّمة.

(۲) قوله تعالیٰ: ﴿لیس علی الأعمٰی حرجٌ ولا علی الأعرج حرجٌ ولا علی المریض حرجٌ......الآیة﴾ (سورة النور، آیة رقم: ۶۱)

ولو قال لبعض من عنده استأجر لی من یحملنی فیطوف بی...... ثمّ استأجر قوماً فحملوه وهو نائم فطافوا به قال : استحسن إن کان فی فوره ذٰلک أنّه یجوز ، أمّا إذا أطال ذٰلک...... لایجزیه عن الطواف ولکن الأجر لازم ، کذا فی المحیط : استأجروا رجالاً فحملوا امرأةً فطافوا بها و نووا الطواف أجزأهم ولهم الأجرة ...... (الهندیة: (۱/ ۲۳۶) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، فصل فی المتفرقات، ط: رشیدیه)

فرمایا "نحبه یحبنا" ہم کو اس سے محبت ہے اور اس کو ہم سے محبت ہے۔(۱)

اسی پہاڑ کے دامن میں جنگ احد شوال ۳ھ میں ہوئی تھی جسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود شدید زخمی ہوئے تھے اور تقریباً ستر جانثار صحابہ کرام شہید ہوئے تھے، جن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، یہ سب شہداء کرام یہیں مدفون ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اہتمام سے یہاں تشریف لاتے اوران شہیدوں کو سلام و دعا سے نوازتے تھے، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما بھی یہاں تشریف لایا کرتے تھے، لہذا کم از کم ایک مرتبہ یہاں حاضری ضرور دیں اور شہدائے کرام کو مسنون طریقے سے سلام عرض کر کے ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت و رحمت کی دعا کریں اور اپنے لیئے اللہ و رسول کے ساتھ سچی وفاداری اور دین پر استقامت کی دعا مانگیں۔(۲)

احرام باندھ لیا حج یا عمرے کی نیت نہیں کی

اگر کسی شخص نے صرف احرام باندھ لیا، اور حج یا عمرہ کسی معین عبادت کی نیت

---

(۱) حدثني نصر بن علي قال: أخبرني أبي عن قرّة بن خالد عن قتادة قال: سمعت أنسًا أنّ النبيّ ﷺ قال: هٰذا جبلٌ يحبّبنا ونحبّه. (صحيح البخاري: (۲/۵۸۵) باب: أحد يحبّنا، ط: قديمي)

صحيح المسلم : (۱/۴۴۶) كتاب الحج ، باب : فضل أحد ، ط: قديمي .

موطأ الإمام مالک : (ص: ۶۹۸) كتاب الجامع ، باب ماجاء في أمر المدينة ، ط: قديمي .

(۲) ويستحبّ أن يخرج بعد زيارة عليه السلام إلى البقيع فيأتي المشاهد والمزارات خصوصًا قبر سيد الشهداء حمزة رضي اللّٰه عنه ، ويزور في البقيع قبة العباس الخ ...... ويستحبّ أن يزور شهداء أحد يوم الخميس و يقول سلام عليكم بماصبرتم فنعم عقبى الدار سلام عليكم دار قوم مؤمنين وإنّا إن شاء اللّٰه بكم لاحقون ويقرأ آية الكرسي و سورة الإخلاص. (الفتاوٰى العالمكيرية خاتمة في زيارة النبيّ ﷺ : (۱/۲۶۸) كتاب المناسک ، ط: رشيديه)

كتاب المجموع شرح المهذّب : (۸/۲۵۸) ط: دار إحياء التّراث العربي)

إرشاد الساري إلى مناسک الملا علي القاري: (ص: ۲۹۷) باب زيارة سيد المرسلين ﷺ، فصل في زيارة أهل البقيع، و (ص: ۷۳۷) فصل في زيارة جبل أحد وأهله، ط: مكتبه امداديه، مكة المكرّمة.

نہیں کی تو احرام صحیح ہوگیا، اوراس کو حج یا عمرہ کے افعال شروع کرنے سے پہلے پہلے اختیار ہے کہ اس احرام کو حج کے لئے کردے یا عمرے کے لئے کردے۔(۱)

احرام باندھنے سے پہلے حیض آگیا

☆ اگر عمرہ یا حج کا احرام باندھنے سے پہلے ایام شروع ہوجائیں تو عورت غسل یا وضو کرکے حج یا عمرہ کی نیت کرکے احرام باندھ لے، احرام باندھنے سے پہلے جو دو رکعت نماز پڑھی جاتی ہے وہ نہ پڑھے۔(۲)

☆ اگر عورت نے صرف حج کا احرام باندھا ہے تو مکہ مکرمہ پہنچنے کے بعد رہائش گاہ یا ہوٹل میں پاک ہونے تک انتظار کرے حرم میں نہ جائے اگر منی روانہ ہونے سے پہلے پاک ہوگئی تو غسل کرکے حرم میں جاکر بیت اللہ کا طواف قدوم کرلے پھر اس کے بعد منی کے لئے روانہ ہوجائے، آگے تمام افعال مکمل کرلے۔

---

(۱) (قوله: نسكاً) أى معيّنًا كحجّ أو عمرةٍ أو مبهمًا لما مرّ ويأتى أيضًا أنّ صحّة الإحرام لاتتوقّف على نية النسک أى على تعيينه ، وليس المراد أنّها لاتتوقّف على نية نسک أصلاً فافهم. (شامى: (۴۸۵/۲) كتاب الحج ، مطلب فيما يصير به محرما ، ط : سعيد)

▭ بدائع الصنائع : (۳۷۰/۲) كتاب الحج ، فصل فى بيان ما يصير به محرماً ، ط: رشيديه .

▭ ولو لبّى ينوى الإحرام ولانية له فى حجّ ولاعمرة مضٰى فى أيّهما شاء مالم يطف بالبيت شوطًا فإن طاف شوطاً كان إحرامه عن العمرة...... وإذا انعقد إحرامه جاز له أن يؤدّى به حجة أو عمرةً وله الخيار فى ذٰلک يصرفه إلى أيّهما شاء مالم يطف بالبيت شوطًا واحدًا.(الفتاوىٰ العالمگيرية: (۲۲۳/۱) كتاب المناسک ، الباب الثالث فى الإحرام ، ط: رشيديه)

(۲) فعن هٰذا قال القهستاني: فلو حاضت قبل الإحرام اغتسلت وأحرمت وشهدت جميع المناسک إلاّ الطواف والسعى. (فتاوىٰ الشامى: (۵۲۸/۲) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام، ط: سعيد)

▭ إذا أراد أن يحرم إغتسل أو توضّأ والغسل أفضل ..... وسواء كان رجلاً أو امرأةً ، والمرأة طاهرة عن الحيض والنفاس أو الحائض أو نفساء ؛ لأنّ المقصود من إقامة هٰذه السنة النظافة . (بدائع الصنائع: (۳۳۴/۲) كتاب الحج ، فصل فى بيان سنن الحج وبيان الترتيب فى أفعاله من الفرائض الخ ، ط: رشيديه ، و (۱۴۳/۲) ط: سعيد)

▭ فتح القدير : (۴۳۷/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: عثمانيه)

اور اگر ۸ ذی الحجہ تک منی روانہ ہونے سے پہلے پاک نہیں ہوئی تو یہ طواف قدوم چھوڑ دے اور منی روانہ ہوجائے اس کے بعد عرفات چلی جائے، اور دُعائیں کرے نماز نہ پڑھے کیونکہ اب تک ایام سے پاک نہیں ہوئی پھر مزدلفہ آجائے وہاں بھی دعائیں کرے، کنکریاں چن لے اور نماز نہ پڑھے، پھر منی آکر شیطان کی رمی کرے اگر اس دوران پاک ہوجائے تو غسل کر کے طواف زیارت کے لئے چلی جائے ورنہ پاک ہونے تک طواف زیارت کو مؤخر کرے اور پاک ہونے کے بعد طواف زیارت کرے، اس تاخیر کی وجہ سے دم واجب نہیں ہوگا۔(۱)

مکہ مکرمہ سے رخصت ہوتے وقت طواف وداع کرنا واجب ہے، اگر عورت رخصت کے وقت ایام سے ہے تو طواف وداع ساقط ہوجاتا ہے اس لئے یہ طواف نہ کرے اور یہ طواف نہ کرنے کی وجہ سے دم واجب نہیں ہوگا۔(۲)

☆اور اگر عورت نے ایام کے دوران عمرہ کا احرام باندھا تو پاک ہونے تک

(۱) (وحيضها لايمنع) نسكًا (إلاّ الطواف) ولاشيئ عليها بتأخيره إذا لم تطهر إلاّ بعد أيّام النحر. (الدر المختار: (۵۲۸/۲) كتاب الحج، فصل فى الإحرام، ط: سعيد)

▭ الفتاوٰى تنقيح الحامدية: (۱۴/۱) كتاب الحج، ط: حقانيه)

▭ موطأ الإمام محمد: (ص: ۲۲۳) باب المرأة تحيض فى حجها قبل أن تطوف طواف الزيارة، ط: قديمي.

(۲) أخرج الترمذى عنه عليه الصلاة والسلام: من حجّ البيت فليكن آخر عهده بالبيت إلاّ الحيض، فرخص لهنّ رسول الله ﷺ و قال حسن صحيح. (فتح القدير: (۵۱۶/۲) كتاب الحج، ط: عثمانيه كوئٹه)

▭ تبيين الحقائق: (۳۱۷/۲) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعيد.

▭ رد المحتار: (۵۲۳/۲) كتاب الحج، فصل فى الإحرام، ط: سعيد.

▭ ولايلزمها دم لترك الصدر أى طواف الوداع و تأخير طواف الزيارة عن وقته أى ولتأخير طواف الإفاضة عن أيام النحر لعذر الحيض والنفاس. (إرشاد السارى إلى مناسك الملا على قارى: (ص: ۱۶۲، ۱۶۳) باب الإحرام، فصل فى إحرام المرأة، ط: مكتبه امداديه مكة مكرمة)

▭ الهندية: (۲۳۴/۱) كتاب المناسك، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

▭ البحر الرائق: (۳۷۰/۲) كتاب الحج، باب التمتّع، ط: سعيد.

عمرہ کا طواف اور سعی نہ کرے، اور اگر حج کے لئے منی کی روانگی تک پاک نہ ہوئی اور عمرہ کے افعال کرنے کا موقع نہ ملا تو عمرہ کا احرام کھول کر حج کا احرام باندھ لے اور نماز نہ پڑھے صرف غسل یا وضو کر کے حج کے احرام کی نیت کرلے اور حج کے افعال مکمل کرلے اگر طواف زیارت سے پہلے پہلے پاک ہوگئی تو غسل کر کے طواف زیارت بھی کرلے ورنہ پاک ہونے تک طواف زیارت مؤخر کرے، پاک ہونے کے بعد غسل کر کے طواف زیارت کرلے، تاخیر کی وجہ سے دم لازم نہیں ہوگا۔ اور یہ جو عمرہ کا احرام توڑ دیا تھا اس کی جگہ حج کے بعد ایک عمرہ کرلے۔(۱)

احرام باندھنے سے پہلے مستحب ہے

احرام باندھنے کے لئے غسل سے پہلے مستحب ہے کہ حجامت بنوالی جائے، اپنے دونوں ہاتھوں، پیروں کے ناخن کتروالے، دونوں بغلوں کے بال اور زیر ناف بال صاف کرلے اس کے بعد احرام کی نیت سے صابن وغیرہ سے غسل کرلے تاکہ اچھی طرح صفائی حاصل ہوجائے، اگر غسل کا موقع یا انتظام نہیں ہے تو وضو کرلے، یہ غسل اور وضو احرام کے لئے شرط نہیں ہے، اور احرام کے واجبات میں سے بھی نہیں ہے، لیکن ان کو بلا عذر ترک کرنا مکروہ ہے۔(۲)

---

(۱) قال شیخنا رحمه الله تعالیٰ: والحائض إن كانت قارنة فترفض العمرة، وتقضی مناسک الحجّ كلها ثم تقضی العمرة ويكون حجّها حجّ إفراد مثل سيدتنا عائشة رضی الله عنها رفضت العمرة. (معارف السنن: (۶/ ۳۵۹) أبواب الحج، باب ماجاء ماتقضی الحائض من المناسک، ط: مجلس الدعوة والتحقيق)

🗁 موطأ الإمام محمد: (ص: ۲۲۲) كتاب الحج، باب المرأة تقدم مكة بحج أو بعمرة فتحيض قبل قدومها أو بعد ذٰلک، ط: قديمی.

(۲) ثمّ كما يستحبّ له استعمال الطيب عند الإحرام يستحبّ له تقليم أظفاره وقصّ شاربه وحلق عانته، و نتف إبطه وتسريح رأسه عقيب الغسل لقول إبراهيم كانوا يستحبّون ذٰلک إذا أرادوا أن يحرموا. (تبيين الحقائق: (۲/ ۲۵۱) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعيد) =

احرام باندھنے کا ارادہ ہو

☆جب حج یا عمرہ کا احرام باندھنے کا ارادہ کرے تو پہلے ہاتھ اور پاؤں کے ناخن کاٹ لے مونچھوں کے بال کٹوا کر پست کرے، بغل اور زیر ناف بالوں کو صاف کرے، پھر اس کے بعد غسل کرے، اگر غسل کرنا مشکل ہو رہا ہے، تو وضو کر لے، اگر سر پر بال ہوں تو کنگھے سے ان کو درست کرے۔(۱)

پھر اس کے بعد احرام کے لئے دونئی یا دُھلی ہوئی چادریں لے لے ایک

= فتح القدير: (۲/۴۳۷) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: عثمانيه)

الدر مع الرد: (۲/۴۸۱) كتاب الحج، فصل فى الإحرام، ط: سعيد.

والأمر بالاغتسال فى الحديثين على وجه الاستحباب دون الإيجاب. (بدائع الصنائع: (۱/۳۳۵) كتاب الحج، فصل فى سنن الحج و تربيته، ط: رشيديه)

حاشية الشلبى على تبيين الحقائق: (۲/۲۴۹) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعيد.

والجمهور على أنّ هٰذا الغسل مستحب للإحرام. (البناية: (۵/۳۵) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: امداديه)

إرشاد السارى إلى مناسك الملا على قارى: (ص: ۱۲۷، ۱۲۸) باب الإحرام، سنن الإحرام و مستحاب الإحرام، ط: مكتبه امداديه مكة المكرّمة.

(۱) ثمّ كما يستحبّ له استعمال الطيب عند الإحرام يستحبّ له تقليم أظفارہ وقصّ شاربہ وحلق عانتہ، و نتف إبطہ وتسريح رأسہ عقيب الغسل لقول إبراهيم كانوا يستحبّون ذٰلك إذا أرادوا أن يحرموا. (تبيين الحقائق: (۲/۲۵۱) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعيد)

فتح القدير: (۲/۴۳۷) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: عثمانيه)

الدر مع الرد: (۲/۴۸۱) كتاب الحج، فصل فى الإحرام، ط: سعيد.

والأمر بالاغتسال فى الحديثين على وجه الاستحباب دون الإيجاب. (بدائع الصنائع: (۱/۳۳۵) كتاب الحج، فصل فى سنن الحج و تربيته، ط: رشيديه)

حاشية الشلبى على تبيين الحقائق: (۲/۲۴۹) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعيد.

والجمهور على أنّ هٰذا الغسل مستحب للإحرام. (البناية: (۵/۳۵) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: امداديه)

إرشاد السارى إلى مناسك الملا على قارى: (ص: ۱۲۷، ۱۲۸) باب الإحرام، سنن الإحرام و مستحاب الإحرام، ط: مكتبه امداديه مكة المكرّمة.

چادر تہبند کے طور پر پہن لے اور دوسری چادر کو چادر کی طرح اوڑھ لے۔(۱)

احرام کے کپڑے پہننے کے بعد اگر مکروہ وقت نہیں یعنی طلوع یا غروب یا زوال کا وقت نہیں ہے تو دو رکعت نفل نماز پڑھنا سنت ہے۔(۲)

اور پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد ''قل یاایها الکافرون'' اور دوسری رکعت میں ''قل هو الله احد'' پڑھنا بہتر ہے اور اگر کوئی دوسری سورت پڑھ لے تو بھی جائز ہے۔(۳)

---

(۱) قوله : (ولبس ثوبين جديدين أو غسيلين إزار و رداء الخ) هٰذا هو السنة (فتح القدير : (۲/ ۴۳۷) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: عثمانيه كوئٹه)

تبيين الحقائق : (۲/۲۵۰) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع : (۲/۳۳۵) كتاب الحج ، فصل فى سنن الحج و ترتيبه ، ط: رشيديه .

إرشاد السارى إلى مناسک الملا على قارى : (ص: ۱۲۸ ، ۱۲۹) باب الإحرام ، مستحبات الإحرام ، ط: امداديه مكة المكرّمة.

(۲) وأخرج أبو داود عن ابن اسحاق عن ابن عباس رضى الله عنهما قال: خرج رسول الله ﷺ حاجًا، فلمّا صلى فى مسجدهٖ بذى الحليفة ركعتين أوجب فى مجلسهٖ، ورواه الحاكم وصحّحه ولايصليها فى الوقت المكروه. (فتح القدير: (۲/ ۴۳۹) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: عثمانيه)

تبيين الحقائق : (۲/۲۵۱) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع : (۲/۳۳۶) كتاب الحج ، فصل فى سنن الحج ، و ترتيبه ، ط: رشيديه .

إرشاد السارى إلى مناسک الملا على قارى : (ص: ۱۲۸) باب الإحرام ، سنن الإحرام ، ط: المكتبه الامداديه مكة المكرمة .

الدر مع الرد : (۲/۴۸۱ ، ۴۸۲) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، ط: سعيد .

(۳) ثمّ يصلى ركعتين و يقرأ فيهما بما شاء وإن قرأ فى الركعة الأولىٰ بفاتحة الكتاب و قل يأيّها الكافرون وفى الثانية بفاتحة الكتاب و قل هو الله أحد تبرّكاً بفعل رسول الله ﷺ فهو أفضل كذا فى المحيط. (الهندية: (۱/۲۲۳) الباب الثالث فى الإحرام، باب الإحرام، فصل فيما ينبغى لمريد الإحرام، ط: رشيديه)

غنية المناسک: (ص: ۷۳) ط: ادارة القرآن.

البحر العميق فى مناسک المعتمر والحاج إلى بيت الله العتيق : (۲/۶۴۴ ، ۶۴۵) الباب السابع فى الإحرام ، الفصل الأوّل : مقدّمات الإحرام ، ط: المكتبة المكية ، مؤسسة الرّيان.

إرشاد السارى إلى مناسک الملا على قارى : (ص: ۱۳۹) باب الإحرام ، فصل فى ركعتى الإحرام وأحكامها ، ط: المكتبة الإمدادية مكة المكرّمة.

اس نماز کے وقت احرام کی جو چادر اوڑھی ہوئی ہے اس سے سر بھی چھپالے کیونکہ ابھی تک احرام شروع نہیں ہوا۔(۱)

اور دو رکعت نفل کے بعد سر سے چادر ہٹادے پھر عمرہ یا حج کی تینوں قسموں میں جس قسم کے حج کا ارادہ ہے اس کے مطابق دل میں نیت کرلے اور زبان سے بھی وہ الفاظ عربی میں یا اپنی مادری زبان میں کہہ لے تو بہتر ہے۔(۲)

اس کے بعد مرد تین دفعہ بلند آواز سے تلبیہ کہے۔(۳)

---

(۱) وتكره الصلاة حاسرًا إذا كان يجد العمامة وقد فعل ذٰلک تكاسلاً أو تهاونًا بالصلاة ، ولابأس به إذا فعله تذلّلاً و خشوعًا بل هو حسن. (الهندية: (۱/۱۰۶) كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاة ومايكره فيها، الفصل الثانى فيما يكره فى الصلاة ومالايكره، ط: رشيديه)

الخانية على هامش الهندية: (۱/۱۳۵) كتاب الصلاة، فصل فيما يفسد الصلاة، ط: رشيديه.

وإذا لبّى فقد أحرم يعنى دخل فى الإحرام . (البناية شرح الهداية : (۴۸/۵) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: امدادية)

تبيين الحقائق : (۲/۲۵۵) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

فتح القدير : (۲/۳۴۳) كتاب الحج ، باب الإحرام ،ط : رشيديه .

(۲) وأن تكون بالقلب ، فينوى بقلبه مايحرم به من حج أو عمرة أو قران أو نسک من غير تعيين وأمّا التلفظ بالنية مع ذٰلک فحسن ليجتمع القلب واللسان كما قاله المشائخ رحمهم اللّٰه تعالىٰ. (غنية المناسک : (ص: ۷۸) باب الإحرام ، فصل فى نية الإحرام ، ط: ادارة القرآن)

تبيين الحقائق : (۲/۲۵۳) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

فتاوى شامى : (۲/۴۸۲) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ،ط : سعيد

إرشاد السارى : (ص: ۱۴۳) باب الإحرام ، فصل : و شرط النية أن تكون بالقلب ، ط: امداديه مكه مكرّمه.

(۳) ويستحب فى التلبية كلّها رفع الصّوت من غير أن يبلغ الجهد فى ذٰلک كذا فى فتح القدير. (الهندية : (۱/۲۲۳) الباب الثالث فى الإحرام ، ط: رشيديه)

الدر مع الرد : (۲/۴۸۴) كتاب الحجّ ، فصل فى الإحرام ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع : (۲/۳۳۷) كتاب الحج ، بيان سننه ، ط: رشيديه .

إرشاد السارى إلى مناسک الملا على قارى: (ص: ۱۴۱ ، ۱۴۲) باب الإحرام ، فصل فى ركعتى الإحرام و أحكامهما ، ط: مكتبه امداديه مكه مكرّمه.

اور عورت آہستہ۔(۱)

اور تلبیہ کے مسنون الفاظ یہ ہیں ان کو اچھی طرح یاد کرلے ان میں سے کوئی لفظ کم کرنا مکروہ ہے:

"لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْک لَاشَرِیْکَ لَکَ".(۲)

احرام باندھنے کا مسنون طریقہ

☆احرام باندھنے سے پہلے مستحب ہے کہ حجامت بنوالی جائے دونوں ہاتھوں پیروں کے ناخن کتروالے، دونوں بغلوں کے بال اور زیر ناف بال صاف کرلے، اس کے بعد احرام کی نیت سے صابن وغیرہ سے غسل کرلے، اگر غسل کا موقع اور انتظام نہیں ہے تو وضو کرلے۔(۳)

---

(۱) (ولا تلبّی جهرًا) بل تسمع نفسها دفعًا للفتنة، وفی الرّد: أی فتنة الرّجال لسماع صوتها.
(الدّر مع الرد: (۵۲۸/۲) کتاب الحج، فصل فی الإحرام، ط: سعید)
الفتاوٰی الهندیة: (۲۳۵/۱) کتاب المناسک، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه.
تبیین الحقائق: (۳۲۳/۲) کتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعید.

(۲) وصفة التلبیة أن یقول لبیک اللهم لبیک لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد والنعمة لک والملک لاشریک لک...... قال الکرخی یأتی بها ولاینقص منها کذا فی المحیط...... وأمّا النقص فمکروه اتّفاقًا کذا فی البحر الرائق. (الفتاوٰی الهندیة: (۲۲۳/۱) کتاب المناسک، الباب الثالث فی الإحرام، ط: رشیدیه)
تبیین الحقائق: (۲۵۵/۲) کتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعید.
الدر مع الرد: (۴۸۴/۲) فصل فی الإحرام، ط: سعید.

(۳) ثمّ کما یستحبّ له استعمال الطیب عند الإحرام یستحبّ له تقلیم أظفاره وقصّ شاربه وحلق عانته، و نتف إبطه وتسریح رأسه عقیب الغسل لقول إبراهیم کانوا یستحبّون ذٰلک إذا أرادوا أن یحرموا. (تبیین الحقائق: (۲۵۱/۲) کتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعید)
فتح القدیر: (۴۳۷/۲) کتاب الحج، باب الإحرام، ط: عثمانیه)
الدر مع الرد: (۴۸۱/۲) کتاب الحج، فصل فی الإحرام، ط: سعید. =

☆ غسل یا وضو کے بعد مرد حضرات سلا ہوا کپڑا اتار دیں اور ایک تہبند باندھ لیں اور اس پر ایک چادر اوڑھ لیں دونوں شانوں کو ڈھکا رکھیں۔(۱)

اور ایسی خوشبو لگائیں جس کا نشان اور داغ احرام کے کپڑے پر نہ لگے، یعنی ایسی خوشبو لگائیں جو کپڑے پر لگانے کے بعد اس کا رنگ نظر نہ آئے یہ دونوں چادریں سفید اور نئی ہوں تو بہتر ہے۔(۲)

☆ خواتین احرام کے لئے سلے ہوئے کپڑے نہیں اتاریں گی بلکہ ان کا احرام صرف یہ ہے کہ وہ اپنا سر ڈھانک لیں، اور چہرہ کو اس طرح کھولے رکھیں کہ نامحرم کے سامنے پردہ بھی ہو اور منہ پر کچھ لگے بھی نہیں، اور پردہ کے لئے بہتر یہ ہے کہ نقاب کے اوپر کوئی ''ہیٹ'' لگالیں تا کہ نقاب چہرے پر نہ لگ سکے آج کل حاجی کیمپ اور بازاروں میں عورتوں کے لئے خاص ہیٹ والا نقاب دستیاب ہے وہاں

= والأمر بالاغتسال في الحديثين على وجه الاستحباب دون الإيجاب . (بدائع الصنائع : (۱/ ۳۳۵) كتاب الحج ، فصل في سنن الحج و تربيته ، ط: رشيديه)

وفيه ان هٰذا الّذى حصلت له الظلمة اما هو " تبع " الأوّل ، فإنّه لما عمد إلى البيت يريد تخريبه ، ارسلت على ريح كتعت منه يديه و رجليه ، وأصابته و قومه ظلمة شديدة ، وفى رواية أصابه داء تمخض منه رأسه قيحًا و صديدًا : أى يثج ثجًا حتٰى لايستطيع أحد أن يدنو منه ، فدعا بالأطباء فسألهم عن دائه فهالهم مارأوا منه ،ولم يجد عندهم فرجًا ، فعند ذٰلک قال له الحبر : لعلک هممت بشيئ فى حق هٰذا البيت؟ فقال: نعم، أردت هدمه ، فقال له: تب إلى اللّٰه مما نويت ، فإنّه بيت اللّٰه وحرمه ، وأمره بتعظيم حرمتهٖ ففعل فبرئ من دائهٖ . (السيرة الحلبية : (۱/ ۲۳۱ ، ۲۳۲) باب بنيان قريش الكعبة شرفها اللّٰه تعالىٰ ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) وإن عين كميّة الحج أيضًا فإن قال : حجة واحدة أو قال : حجة ، ولم يقل واحدة يحج عنه حجة واحدة ، كما فى الهندية عن المحيط وما فضل يرد على الورثة . (غنية الناسک : (ص: ۳۴۰) باب الحج عن الغير ، فصل فى الوصية بالحج ، ط: إدارة القرآن)

▭ ومافضل من يد الحاج عن الميت بعد النفقة فى ذهابه ورجوعه فإنّه يردّ على الورثة لايسعه أن يأخذ شيئًا ممافضل. (الهندية: (۱/ ۲۵۹) كتاب المناسک، الباب الخامس عشر فى الوصيّة بالحج، ط: رشيديه)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۶۴۱) باب الحج عن الغير ، فروع فى الوصيّة بالحج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

تہبند کو باندھنا

احرام کا تہبند ربڑ یا تار کی پٹی (بیلٹ) وغیرہ سے باندھنا جائز ہے۔(۱)

تہبند کو سینا

تہبند کے دونوں کناروں کو آگے سے سینا مکروہ ہے، اگر کسی نے ناف سے لے کر گھٹنے تک ستر کے حصے کو چھپانے کے لئے سی لیا تو دم واجب نہ ہوگا، مگر افضل یہ ہے کہ احرام کے کپڑے میں بالکل سلائی نہ ہو۔(۲)

تھوڑی

احرام کی حالت میں تھوڑی کو رومال اور کپڑے سے چھپانا مکروہ ہے، ہاتھ سے چھپانا جائز ہے۔(۳)

(۱، ۲) والأفضل أن لايكون فيه خياطة أصلًا، وإن زد أحدهما، أو خلله بخلالٍ أو ميله أو عقده بأن ربط طرفه بطرفه الآخر، أو شدّه على نفسهٖ بحبل ونحوه أساء ولاشيئ عليه، وإنّما أساء لشبهة حينئذٍ بالمخيط من جهة أنّه لايحتاج إلى حفظهٖ بخلاف شد الهميان في وسطهٖ فإنّه لابأس به؛ لأنّه يشد تحت الإزار عادة فلم يكن القصد منه حفظ الإزار، وإن شدّه فوقه فلم يكن في معنى لبس المخيط.
(غنية الناسک: (ص: ۷۱، ۷۲) باب الإحرام، فصل فيما ينبغي لمريد الإحرام، ط: إدارة القرآن)
إرشاد الساري: (ص: ۱۶۹، ۱۷۰) باب الإحرام، فصل في مكروهاته، و: (ص: ۱۷۲) باب الإحرام، فصل في مباحاته، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.
التاتارخانية: (۲/۳۷۰) كتاب الحج، الفصل الخامس: فيما يحرم على المحرم بسبب إحرامه ومالايحرم، نوع منه في لبس المخيط، ط: قديمي.
(۳) ويتقي ستر الرأس والوجه ولايغطي فاه ولا ذقنه ولاعارضه ولابأس بأن يضع يده على أنفه، كذا في البحر الرائق. (الهندية: (۱/۲۲۴) كتاب المناسک، الباب الرابع فيما يفعله المحرم بعد الإحرام، ط: رشيديه)
التاتارخانية: (۲/۳۷۲) كتاب الحج، الفصل الخامس: فيما يحرم على المحرم بسبب إحرمه ومالايحرم، نوع منه في لبس المخيط، ط: قديمي.
إرشاد الساري: (ص: ۱۷۱) باب الإحرام، فصل في مكروهات الإحرام، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة. =

تیرہویں تاریخ کی رات میں منی کا قیام

☆ تیرہویں تاریخ میں منی کا قیام، اور تیرہویں تاریخ کی رمی اصلاً واجب نہیں مگر افضل ہے، البتہ تیرہویں کی صبح منی میں ہوجائے تو اس دن کی رمی بھی واجب ہوجاتی ہے، اور یہ رمی سورج طلوع ہونے کے بعد کرنا جائز ہے۔(۱)

= ▭ ولايمسک علی أنفه ثوبًا ولا بأس بأن يضع يده علی أنفه ولايغطی فاه ولا ذقنه ولا عارضه. (التاتارخانية: (۳۷۲/۲) کتاب الحج، الفصل الخامس فيما يحرم علی المحرم بسبب إحرامه ومالايحرم ، نوع منه فی لبس المخيط ، ط: قديمی)

▭ الهندية: (۲۲۴/۱) کتاب المناسک، الباب الرابع فيما يفعله المحرم بعد الإحرام، ط: رشيديه.

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۷۱) باب الإحرام ، فصل فی مکروهات الإحرام . ط الإمدادية مکّة المکرّمة .

(۱) ويسنّ أن يبيت بمنی ليالی أيّام الرمی ، فلو بات بغيرها ، معتمدًا کره ، لا شيئ عليه عندنا . (غنية الناسک : (ص : ۱۷۹) باب طواف الزيارة ، فصل فی العود إلی منی وما ينبغی الاعتناء به أيّام قيامه بها ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۳۳۲) باب طواف الزيارة ، فصل : فی الرجوع إلی منٰی بعد طواف الزيارة ، ط: الإمدادية مکّة المکرّمة .

▭ شامی : (۵۲۰/۲) کتاب الحج ، مطلب فی رمی الجمرات الثلاث ، ط: سعيد .

▭ والأفضل أن يقيم ويرمی فی اليوم الرابع وان لم يقم نفر قبل غروب الشمس فإن لم ينفر حتی غربت الشمس يکره أن ينفر حتٰی يرمی فی الرابع ، ويسقط بنفره قبل طلوع فجر الرابع ، فلو نفر قبل طلوعه لا شيئ عليه فی الظاهر عن الإمام ، وقد أساء ...... ولو نفر بعد طلوع الفجر قبل الرمی يلزمه الدم اتفاقًا ، فإن لم ينفر حتی طلع الفجر من اليوم الرابع وجب عليه الرمی فی يومه ذٰلک، فيرمی الجمار الثلاث بعد الزوال کما مرّ ، فإن رمی قبل الزوال فی هٰذا اليوم صحّ عند أبی حنيفة رحمه اللّٰه تعالیٰ ، مع الکراهة التنزيهية ، ...... وإن لم يرم حتی غربت الشمس فإن وقت الرمی أداء و قضاء وتعيّن الدم . (غنية الناسک : (ص: ۱۸۴ ، ۱۸۵) باب رمی الجمار ، فصل فی صفة رمی الجمار فی اليوم الثالث والرابع ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۳۴۴) باب رمی الجمار وأحکامه ، فصل : فی رمی اليوم الرابع ، ط: الإمدادية مکّة المکرّمة .

▭ شامی : (۵۲۱/۲ ، ۵۲۲) کتاب الحج ، مطلب : فی رمی الجمار الثلاث ، ط: سعيد.

تیرہویں تاریخ کی رمی کب واجب ہوتی ہے؟

تیرہویں تاریخ کی رمی اس وقت واجب ہوتی ہے کہ جب منی میں تیرہویں تاریخ کی صبح ہو جائے، اس صورت میں اگر کسی نے صرف تیرہویں تاریخ کی رمی چھوڑ دی تب دم واجب ہوگا۔(۱)

تیرہویں ذی الحجہ کو زوال سے پہلے رمی کرنا

''بارہ ذی الحجہ کو زوال سے پہلے رمی کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱٦۲)

تیل

احرام باندھنے سے پہلے تیل لگانا جائز ہے۔(۲)

☆ اگر تیل خوشبودار نہیں ہے تو احرام کی حالت میں زخم یا ہاتھ پاؤں کی پھٹن میں لگانا اور ناک میں ٹپکانا جائز ہے، اور اگر خوشبودار ہے تو لگانا جائز نہیں ہے۔

☆ اگر تیل خوشبودار نہیں ہے تو کھانا بھی جائز ہے۔

☆ احرام کی حالت میں خوشبودار تیل کو ایک کامل عضو پر لگانے سے دم واجب ہوگا اس سے کم پر صدقہ واجب ہوگا۔(۳)

---

(۱) انظر الحاشية ، رقم: ۱ ، على الصفحة السابقة ، رقم : ۳۰۱.

(۲) ويستحب أن يتطّيب ويدّهن وبما لا يبقى أثره أفضل .(إرشاد السارى : (ص: ۱۳۸) باب الإحرام ، فصل فى صفة الإحرام ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۷۰) باب الإحرام ، فصل فيما ينبغي لمريد الإحرام من كمال التنظيف والغسل والإدهان والتطييب ، وغير ذٰلک ، ط: إدارة القرآن .

🗁 حاشية الطحطاوى على المراقى : (ص: ۷۳۰) كتاب الحج ، ط: قديمى .

(۳) ولو ادّهن بدهن مطيب وهو ما ألقى فيه الأنوار ، كدهن البنفسج ، والورد والياسمين والبان والخيريّ عضوًا كاملًا فعليه دم ، وفى الأقل من عضو صدقة ، وإن ادهن بدهن غير مطيّب كالزيت الخالص والحل وهو دهن السّمسم وأكثر منه فعليه دم وإن استقلّ منه فعليه صدقة . =

تین تحریریں

”کعبہ کی بنیاد سے نکلنے والی تین تحریریں“ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳٫)

= وهٰذا إذا استعمله على وجه التطيّب وأمّا إذ استعمله على وجه التداوى أو الأكل فلاشيئ عليه، فلو أكل الزيت الخالص عن الطيب أو الحلّ أو داوى بهما شقوق رجليه أو جراحة أو أقطر فى أذنيه أو استَعَط فلاشيئ عليه ...... (المسلک المتقسط فى المنسک المتوسط، المعروف بمناسک الملا على القارى مع إرشاد السارى: (ص: ۴۵۸، ۴۵۹) باب الجنايات وأنواعها، النوع الثانى، فى الطيب، فصل: فى الدهن، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۴۸، ۲۴۹) باب الجنايات، الفصل الأوّل: فى الطيب، مطلب فى الادهان، ط: إدارة القرآن.

🗁 التاتارخانية: (۳۸۰/۲) كتاب الحج، الفصل الخامس فيما يحرم على المحرم بسبب إحرامه ومالايحرم، نوع منه فى الدهن والتطييب والخضاب، ط: قديمى.

ٹڈی

حرم کی حدود میں محرم اور غیر محرم دونوں کے لئے ٹڈی مارنا منع ہے۔(۱)

ٹریفک جام ہونے کی وجہ سے وقوف مزدلفہ رہ گیا

اگر ٹریفک جام ہونے کی وجہ سے وقوف مزدلفہ رہ جائے تو دم واجب ہوگا کیونکہ یہ شرعی عذر نہیں ہے، پیدل جانا ممکن ہے۔(۲)

---

(۱) ولایجوز أن یفعل فی الحرم سبعة أشیاء ان کان محرما أو غیر محرم ، أحدها قتل الصید، فإن قتل فی الحرم فإن علیه قیمته یتصدّق بها، وإن بلغت هدیًا فذبحه وتصدق به أجزأه، وإن نقصه الذبح تصدق بتمام القیمة. (النتف فی الفتاوٰی: (ص: ۱۴۳) کتاب المناسک، مالایفعل فی الحرم، ط: سعید)

وأمّا وجوبها بقتل الجرادة فلأن الجراد من صید البر فإن الصید مالایمکن أخذه الا بحیلة ویقصده الآخذ ، وقال عمر رضی اللّٰه عنه ، تمرة خیر من جرادة فأوجبها علی من قتل جرادة ، کما رواه مالک فی الموطأ و تبعه أصحاب المذاهب . (البحر الرائق : (۳/۳۵) کتاب الحج ، باب الجنایات ، فصل : ان قتل محرم صیدًا ، ط: سعید)

شامی : (۲/۵۷۰) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

(۲) ولو ترک الوقوف بالمزدلفة أی فی فجر یوم النحر بلاعذر، لزمه دم ، وإن ترکه بعذر بأن کانت به علة...... أو ضعف...... أو کانت امرأة أی ونحوها من نفوس الرجال ، تخاف الزحام أی فی طریق منی، أی فی ضیق أماکنها فلاشیئ أی من الدم والصدقة علیه أی علی تارکه. (إرشاد الساری: (ص: ۵۰۵) باب الجنایات وأنواعها، النوع الخامس: فصل فی الجنایة فی الوقوف بمزدلفة، و: (ص: ۳۱۰) باب أحکام المزدلفة، فصل فی الوقوف بها، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

الهندیة: (۱/۲۳۱) کتاب المناسک، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه، وکذا فی الخانیة علی هامش الهندیة : (۱/۲۹۵) کتاب الحج ، فصل فی کیفیة الحج ، ط:رشیدیه .

بدائع الصنائع : (۲/۱۳۶) کتاب الحج ، فصل : وأمّا حکم فواته (أی فوات الوقوف بمزدلفة) ط: سعید .

غنیة الناسک : (ص: ۱۶۶) باب أحکام المزدلفة ، فصل فی شرائط الوقوف بها ، وبیان وقته و قدرہ ورکنہ ومکانہ ، ط: إدارة القرآن .

ٹکٹ کنفرم نہیں

’’فلائٹ یقینی نہیں‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۲۶۱)

ٹوپی

☆...... احرام کی نیت اور تلبیہ پڑھنے سے پہلے ٹوپی اتار لینی چاہیئے، اگر احرام کی نفلوں سے فارغ ہونے کے بعد ٹوپی اتارنا یاد نہ رہا، اور احرام کی حالت میں ٹوپی سر پر رہی تو اگر ٹوپی ایک گھنٹہ سے کم پہنی تو ایک مٹھی اور اس سے زائد پر ایک صدقہ فطر کی مقدار گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا ہوگا، بارہ گھنٹے یا زیادہ پہننے پر دم دینا واجب ہوگا۔(۱)

☆...... اگر حاجی واقعۃً بیمار یا معذور ہے، ٹوپی یا سوئٹر پہننا ضروری ہے، ورنہ شدید نزلہ یا بیمار ہو جاتا ہے تو ٹوپی اوڑھ سکتا ہے، اور سوئٹر پہن سکتا ہے، البتہ اگر ایک دن یا رات یا اس سے زیادہ پہنا ہے تو فدیہ دینا لازم ہوگا، اور فدیہ میں اس کو اختیار ہے یا تو ایک بکری حرم کی حدود میں ذبح کرے، یا تین صاع (ساڑھے تین

---

(۱) فإذا لبس مخيطًا يومًا كاملاً أو ليلةً كاملةً فعليه دم وفي أقل من يوم أو ليلة صدقة وكذا لو لبس ساعة فصدقة وفي أقل من ساعة قبضة من برّ. (مناسك الملا علي قاري: (ص: ۴۲۴، ۴۲۵، ۴۲۶، ۴۲۷) باب الجنايات وأنواعها، النوع الأوّل: في اللبس، مقدار اللبس الموجب للجزاء، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

☐ إذا غطى رأسه أو وجهه ولو امرأة كلا أو بعضًا بمعتاد وهو مايقصد به التغطية عادة كالقلنسوة والعمامة مخيطًا كان أوغيره و دام عليه زمانًا ولو ناسيًا أو عامدًا عالمًا أو جاهلًا، مختارًا أو مكرهًا، أو نائمًا غطاه غيره أو هو بنفسه بعذر أو بغير عذر، فعليه الجزاء. (غنية الناسك: (ص: ۲۵۴) باب الجنايات، الفصل الثالث: في تغطية الرأس والوجه، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساري: (ص: ۴۳۵) باب الجنايات وأنواعها، النوع الأوّل: في حكم اللبس، فصل: في تغطية الرأس والوجه، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

☐ شامي: (۴۸۸/۲) كتاب الحج، فصل في الإحرام، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم، ط: سعيد.

کلو) گندم لے کر چھ مسکینوں پر صدقہ کرے جہاں چاہے، یا تین روزے رکھے۔(۱)

ٹوتھ پیسٹ

''منجن'' عنوان کو دیکھیں۔(۱۵۲/٤)

ٹیکس دے کر حج کرنا

''حج دس سال تک موقوف رہا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱٤۸/۲)

ٹیکہ

احرام کی حالت میں ٹیکہ لگوانا جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔(۲)

---

(۱) وإن طيب أو حلق أو لبس بعذر خير إن شاء ذبح في الحرم أو تصدق بثلاثة أصوع طعام على ستة مساكين أين شاء أو صام ثلاثة أيّام ولو متفرقة . وفى الشامية : قوله : بعذر ...... فإن جميع محظورات الإحرام إذا كان بعذر ففيه الخيارات الثلاثة كما في المحيط قهستاني ...... ومن الأعذار : الحمى ، والبرد ، والجرح ، والقرح ، والصداع ، والشقيقة ، والقمل ...... (الدر مع الرد : (۵۵۷/۲ ، ۵۵۸) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

فأمّا إذا لبسه بعذر أو ضرورة فعليه أى الكفارات شاء ، الصيام ، أو الصدقة ، أو الدم ، والأصل فيه : قوله تعالىٰ في كفارة الحلق من مرض أو أذى في الرأس : ﴿ فمن كان منكم مريضًا أو به أذًى من رأسه ففدية من صيام أو صدقة أو نسك ﴾ وروينا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنّه قال لكعب بن عجرة : أيؤذيك هوام رأسك ؟ قال : نعم ، فقال : احلق واذبح شاة ، أو صم ثلاثة أيّام ، أوأطعم ستة مساكين ، لكل مسكين نصف صاع من بر ...... (بدائع الصنائع : (۱۸۷/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان مايحظره الإحرام ، ط: سعيد)

خانية على هامش الهندية : (۲۸۸/۱) كتاب الحج ، فصل فيما يجب بلبس المخيط وإزالة التفث ، ط: رشيديه .

البحر الرائق : (۱۲/۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۲) والفصد ، والحجامة بلا إزلة شعر ، وقلع الشعر النابت في العين . (غنية الناسك : (ص: ۹۲) باب الإحرام ، فصل في مباحات الإحرام ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساري : (ص: ۱۷۳) باب الإحرام ، فصل في مباحاته ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة. =

ٹی وی پر حج کا پروگرام دیکھنا

ٹی وی کی اسکرین پر حج کا پروگرام دکھاتے وقت انسانوں کی تصویر آتی ہے، اور جاندار کی تصویر ٹی وی کی اسکرین پر بھی دیکھنا جائز نہیں ہے، اس لئے ٹی وی پر حج کا پروگرام دیکھنا جائز نہیں ہے، ہاں اگر صرف حج کے میقات کی تصویر ہو تو دیکھنا جائز ہے۔(۱)

= ☐ الدر مع الرد : (۲/ ۴۹۱) کتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب فیما یحرم بالإحرام ومالایحرم ،ط : سعید .

☐ الهندية :(۱/ ۲۲۴) کتاب المناسک ، الباب الرابع : فیمایفعله المحرم بعد الإحرام ، ط: رشیدیه .

(۱) لاتدخل الملائكة بيتا فيه كلب أو صورة ، وفي المغرب : الصورة على في كل مايصور مشبهًا بخلق الله تعالىٰ من ذوات الروح وغيرها ، وقولهم ويكره التصاوير ، والمراد بها التماثيل اهـ ، فالحاصل أن الصورة عام والتماثيل خاص ، والمراد هنا الخاص ، فإن غير ذى الروح لايكره كالشجر ...... (البحر الرائق : (۲/ ۲۷) کتاب الصلاة ، باب مایفسد الصلاة ومایکره فيها ، ط: سعید)

☐ بدائع الصنائع : (۱/ ۱۱۶) کتاب الصلاة ، فصل : فی شرائط الأرکان ، ط: سعید .

☐ عن النبیّ ﷺ قال : أشدّ النّاس عذاباً يوم القيامة ، الّذين يضاهون بخلق الله . (مشكاة المصابيح : (ص: ۳۸۵) باب التصاوير ، الفصل الأوّ ل ، ط: قديمى)

☐ وأيضًا فيه : عن سعيد بن أبى الحسن قال : كنت عند ابن عباس رضى الله عنه إذا جاء ه رجل فقال : يا ابن عباس : إنّى رجل إنّما معيشتى من صنعة يدى وإنّى أصنع هٰذه التصاوير ...... فقال : ويحك ان ابيت الّا أن تصنع فعليك بهٰذا الشجر و كل شيئ ليس فيه روح . رواه البخارى . (مشكاة المصابيح : (ص: ۳۸۶) باب التصاوير ، الفصل الثانى ، ط: قديمى)

جالیاں

نبی کریم ﷺ کے مزار مبارک کے سامنے تین جالیاں ہیں اور تینوں میں سوراخ ہیں، پہلی جالی خالی ہے، درمیان والی جالی میں نبی کریم ﷺ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آرام فرمارہے ہیں درمیان والی جالی میں ایک گول سوراخ رکھا گیا ہے، یہ آپ ﷺ کے چہرہ مبارک کے سامنے ہے اسی سوراخ سے تھوڑا ہٹ کر حضور ﷺ کا سینہ مبارک ہے جہاں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا سر مبارک ہے یہاں پر ایک گول سوراخ ہے جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے چہرہ مبارک کے سامنے ہے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سینے کے پاس حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا سر ہے ان کے چہرۂ مبارک کے سامنے بھی ایک گول سوراخ بنا ہوا ہے، گویا درمیان کی جالی میں تینوں آرام فرمارہے ہیں۔

اور ہر سوراخ کے اوپر نام لکھا ہوا ہے، "**هنا رسول الله صلى الله عليه وسلم**" وغیرہ۔(۱)

---

(۱) ومن عجز عن حفظ هٰذا أو ضاق الوقت عنه اقتصر على بعضه كما قاله النووىؒ ، قال : وأقلّه السلام عليك يا رسول الله ﷺ ...... ثم إن كان قد أوصاه أحدٌ بالسلام على رسول الله ﷺ فليقل : السلام عليك يا رسول الله من فلان بن فلان ، أو فلان بن فلان يسلم عليك يا رسول الله ، ونحوه من العبارات ، ثم يتأخر إلى صوب يمينه قدر ذراع فيصير تجاه أبى بكر رضى الله عنه فيقول : السلام عليك يا أبا بكر صفىّ رسول الله وثانيه فى الغار ، ورفيقه فى الأسفار ، جزاك الله عن أمة رسول الله ﷺ خير الجزاء .ثم يتأخر إلى صوب يمينه قد رذراع فيقول : السلام عليك يا عمر الفاروق ، الّذى أعزّ الله به الإسلام ، جزاك الله عن أمّة محمد ﷺ خير الجزاء . (وفاء الوفاء بأخبار المصطفٰى : الفصل الرابع فى آداب الزيارة والمجاورة : (۱۳۹۷/۴، ۱۳۹۸) ط: مطبعة السعادة بمصر)

جانور

''مویشی'' عنوان کو دیکھیں۔(۴/۲۱۵)

جائیداد

اگر جائیداد اس قدر ہے کہ اس کی آمدنی اور پیداوار اس کے اور اس کے اہل وعیال کے سالانہ خرچہ سے زیادہ نہیں ہے تو اس پر حج فرض نہیں اور جائیداد فروخت کرنا فرض نہیں۔(۱)

جبل احد

''اُحد'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۸۶)

جبل رحمت

اکثر لوگ وقوف کیلئے جبل رحمت کے اوپر چلے جاتے ہیں، یہ صاف اور صریح غلطی ہے سنت کی مخالفت اور بدعت ہے، رسول اللہ ﷺ حجۃ الوداع میں جبل رحمت پر نہیں چڑھے تھے، بلکہ آپ ﷺ نے اس کے دامن میں وقوف فرمایا تھا۔(۲)

---

(۱) فالحاصل أن الحوائج الأصلية إذا كانت موجودة له لايجب الحج فلاتباع للحج ، بل لابد من مال فاضلٍ عنها ، وإن تكن موجودة عنده ، وهو محتاج إليها يقدم الحج عليها إن حضر وقت خروج أهل بلده، فلايصرف إليها بل يحج به، كذا أفاده فى الكبير. (غنية الناسک: (ص:۲۰) باب شرائط الحج، فصل وأمّا شرائط الوجوب، السادس: الاستطاعة، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى: (ص: ۶۰، ۶۱) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل ، شرائط الوجوب ، الشرط السادس: الاستطاعة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

الهندية : (۱/۲۱۷) كتاب المناسک ، الباب الأوّل فى تفسير الحج وفرضيته ووقته وشرائطه ، ط: رشيديه .

(۲) وليجتهد فى أن يصادف موقف النبىّ ﷺ قيل هو الفجوة المستعلية الّتى عند الصخرات السود الكبار عند جبل الرحمة بحيث يكون الجبل بيمينک، إذا استقبلت القبلة والبناء المربّع =

جُحفہ

مکہ مکرمہ کی شمالی جانب ملک شام وغیرہ سے آنے والوں کیلئے مکہ مکرمہ سے شمال مغرب میں بحر احمر کے ساحل کے قریب مدینہ طیبہ کے راستہ میں ''جُحفہ'' میقات ہے، لیکن آج کل ''جُحفہ'' کا نام ونشان مٹ چکا ہے اس لئے اس سے تھوڑا پہلے مشہور جگہ ''رابغ'' سے احرام باندھتے ہیں، اور یہ مکہ مکرمہ سے تقریباً سومیل کے فاصلہ پر ہے۔(۱)

نقشہ یہ ہے:.............................

= عن يسارك بقليل وراء ه، فإن ظفرت بموقفه الشريف فهو الغاية فى الفضل، وإلا فقف ما بين الجبل والبناء المذكور على جميع الصخرات والأماكن الّتى بينهما، فعلىٰ سهلها تارة وعلى جبلها أخرىٰ رجاء أن تصادفه فيفاض عليك من بركاته...... (وأمّا صعود النّاس الجيل فليس له أصلٌ أصلاً، وحرص الناس على الوقوف فيه ومكثهم عليه قبل وقته وبعده وإيقاد النيران عليه ليلة عرفة، واختلاط الرجال والنسوان يومها من البدع المستنكرة. (مناسك الملا على القارى مع إرشاد السارى: (ص: ۲۸۷، ۲۸۸) باب الوقوف بعرفة وأحكامه، فصل فى صفة الوقوف بعرفة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۵۳ ، ۱۵۴) باب مناسک عرفات ، فصل فى صفة الوقوف بعرفة، ط: إدارة القرآن .

البحر العميق : (۳/۱۵۲۷ ، ۱۵۲۸) الباب الحادى عشر فى الخروج من مكّة إلىٰ منىٰ ، مطلب : أفضل المواقف ، ط: مؤسّسة الريّان ، المكتبة المكيّة .

(۱) وجحفة على ثلاث مراحل بقرب رابغ ...... قوله : وجحفة بضم الجيم وسكون الحاء المهملة ، سميت بذٰلک ؛لأنّ السيل نزل بها وجحف أهلها أى استأصلهم و اسمها فى الأصل مهيعة لكن قيل انّها قد ذهبت اعلامها ولم يبق بها إلاّ رسوم خفية لايكاد يعرفها إلّا سكان بعض البوادى فلذا . والله أعلم . اختار النّاس الإحرام احتياطا من المكان المسمّٰى برابض و بعضهم يجعله بالغين لأنّه قبل الجحفة بنصف مرحلة ، أو قريب من ذٰلک .... (شامى : (۲/۴۷۵) كتاب الحج ، مطلب فى المواقيت ، ط: سعيد)

غنية الناسک : (ص: ۵۰ ، ۵۱) باب المواقيت ، فصل : أمّا مواقيت أهل الآفاق ، ط: إدارة القرآن .

البحر العميق : (۱/۵۹۹ ، ۶۰۰) الباب السادس : فى المواقيت ، الميقات المكانى ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة .

شمال
جنوب
مدينة المنوره
ذو الحليفه (بيرعلى)
بدر
مستورة
رابغ
جحفه
امج
عسفان
ذات عرق
مكة المكرمة
جدة
حديبيه
عرفات
منى
قرن المنازل
طائف
يلملم
ميقات

جدہ ائیر پورٹ پر

☆ پاکستان سے جدہ کی مسافت ہوائی جہاز عموماً ساڑھے تین چار گھنٹے اور ہندوستان سے پانچ ساڑھے پانچ گھنٹے اور بنگلہ دیش سے ساڑھے چھ گھنٹے اور سات گھنٹے میں طے کرتے ہیں۔

سعودی عرب کا معیاری وقت پاکستان سے دو گھنٹے اور ہندوستان سے ڈھائی گھنٹے اور بنگلہ دیش سے تین گھنٹے پیچھے ہے، اس لئے ائیر پورٹ پر اترنے سے پہلے جب جہاز میں معیاری وقت کا اعلان ہوتا ہے، اس وقت یا اترتے ہی اپنی گھڑیاں وہاں کے معیاری وقت سے ملا لینی چاہئیں تاکہ نمازوں کی ادائیگی میں پریشانی نہ ہو۔

☆ جہاز سے ائیر پورٹ پر اوپر والی منزل میں اتارنے کے بعد حاجیوں کو نیچے ایک بڑے ہال میں پہنچا دیا جاتا ہے، اس ہال میں مردوں اور عورتوں کیلئے استنجا اور وضو وغیرہ کا الگ الگ انتظام ہے، اگر استنجا کی حاجت ہے تو وہاں فراغت حاصل کر سکتے ہیں البتہ باتھ روم کا دروازہ بند کرنے سے پہلے اس کو بند اور کھولنے کا طریقہ دیکھ لیں اور پکڑنے کے لئے کنڈی وغیرہ ہے یا نہیں دیکھ لیں تاکہ بند کرنے کے بعد کھولنے میں پریشانی نہ ہو اگر کنڈی نہیں ہے تو دروازہ کو بند کرنے کے بعد کھولنا بہت مشکل ہوگا اس لئے دروازہ بند کرنے سے پہلے کھولنے کا انتظام اور طریقہ دیکھ لیں اور مطمئن ہو کر دروازہ بند کریں ورنہ پریشانی ہوگی۔

اور اگر نماز کا وقت ہے تو وہاں سے وضو کر کے نماز پڑھ سکتے ہیں، اگر آپ کو وضو کی ضرورت ہے تو نماز کا وقت آنے سے پہلے وضو کر لیں ورنہ نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد رش بہت بڑھ جاتا ہے اور لمبی قطار میں انتظار کرنا پڑتا ہے اس سے اور زیادہ پریشانی ہوتی ہے۔

☆ ہال میں بیٹھ کر انتظار کرنے کے لئے کرسیاں رکھی ہوئی ہیں وہاں ترتیب

سے بیٹھ جائیں اس کے بعد پاسپورٹ کی تفتیش اور ایمگریشن کی کاروائی شروع ہوگی، اس کاروائی میں تقریباً کئی گھنٹے لگ جاتے ہیں، اس لئے صبر وسکون سے کام لیں، دل برداشتہ ہوکر جذباتی نہ بنیں، (وہاں کے پولیس والے بھی آخر کمزور ہیں مسلسل کام کی وجہ سے تھک جاتے ہیں اس کا خیال رکھیں)۔ ہوسکتا ہے آئندہ زمانے میں یہ طریقہ بدل بھی جائے۔

☆ ایمگریشن کے بعد سامان کا مسئلہ ہے لہذا اب سامانوں میں اپنا سامان نکال کر الگ کرلیں اس کے بعد اپنا سامان ٹرالی والے قلیوں کے حوالہ کردیں وہ لوگ آپ کا سامان بلا اجرت اپنے ملک کی حج کمیٹی کے دفتر تک پہنچادیں گے ہر ملک کی حج کمیٹی کے دفتر کے سامنے قومی جھنڈا نظر آئے گا۔

اور سامان کے ٹرالی کے اوپر ''**مکتب الوکلاء الموحد**'' کی عبارت لکھی ہوئی ہوگی اور اس کے ساتھ اس کا نمبر بھی لکھا ہوا ہوگا اگر ممکن ہو تو اس نمبر کو بھی یاد کرلیں تاکہ آپ کو سامان ڈھونڈنے میں آسانی ہو، اور سامان کی ٹرالی کو انجن سے کھینچ کر آپ سے پہلے لے جائیں گے اور آپ بعد میں پہنچیں گے اپنے ملک کے قومی جھنڈا کو دیکھ کر وہاں پہنچ جائیں اور اپنا سامان اپنی تحویل میں لے لیں، اور خود اپنے سامان کی حفاظت بھی کریں ورنہ گم ہونے کا خطرہ ہوگا۔

☆ اسی کو حج ٹرمینل کہتے ہیں یہاں پر جگہ جگہ نماز کی جگہیں، وضو خانے اور استنجا خانے موجود ہیں اور انتظار کرنے کے لئے کرسیاں لگی ہوئی ہیں، یہاں بھی استنجا خانہ میں داخل ہونے سے پہلے اس کے دروازے کو دیکھ لیں کہ کھولنے اور بند کرنے کا طریقہ کیا ہے تاکہ بعد میں نکلتے وقت پریشانی نہ ہو۔

☆ زرمبادلہ کے ٹریلور چیک یا ڈالر وغیرہ بھی کھلے کرسکتے ہیں لیکن مکہ مکرمہ میں جاکر کرنے میں مناسب ریٹ ملیں گے۔

☆اگر آپ حج گروپ والوں کیساتھ ہیں تو گروپ کے ذمہ دار معلم لوگوں سے بات چیت کر کے گاڑی میں بیٹھا کر مکہ مکرمہ لے جائیں گے۔

اور اگر کسی گروپ کیساتھ نہیں تو حج آفس کے ملازمین اور ذمہ داران سے ملیں اور آگے روانگی کی تفصیل معلوم کر لیں اور اس کے مطابق تیاری کر کے روانہ ہو جائیں۔

جزاء شکار کی

شکار کی جزاء یہ ہے کہ دو عادل آدمی، اور اگر ایک عادل ہو تو بھی کافی ہے، اس شکار کی قیمت قتل کی جگہ کے اعتبار سے مقرر کریں، اور اگر قتل کی جگہ میں اس کی کوئی قیمت نہیں تو اس جگہ کے قریب کی جگہ کے اعتبار سے قیمت مقرر کریں، اور قیمت مقرر کرتے وقت پیدائشی حسن وخوبی کا اعتبار کریں، تعلیم وغیرہ کا اعتبار نہ کریں۔

پھر اس کے بعد قاتل کو اختیار ہے چاہے اس قیمت سے ہدی کا جانور خرید کر حرم میں ذبح کرے، یا کھانا خرید کر ہر مسکین کو ایک صدقۂ فطر کی مقدار دے دے۔(۱)

---

(۱) الحنفية قالوا: من اصطاد حيوانًا بريًا فإنّه يجب عليه قيمته بالقيود المقدّمة في صيد الحرم...... فإذا اصطاد المحرم مالايجوز له اصطياده قوم عليه ماصاده في مكانه أو في مكان قريب منه بمعرفة عدلين ، فإن بلغت ثمن هدى خير بين أمور ثلاثة: أحدها: أن يشترى بهٰذه القيمة هديًا يذبحه في الحرم ، ثانيتها: أن يشترى به طعام يتصدق به على الفقراء في أىّ مكان لكل واحد نصف صاع، ثالثها: أن يصوم بدل كل نصف صاع يومًا، ولايلزم في هٰذا الصوم التّتابع، فإن لم تبلغ قيمته ثمن هدى خير بين الأمرين الأخيرين فقط. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/ ۳۸۱، ۳۸۲) كتاب الحج، جزاء من اصطاد حيوانًا قبل أن يتحلل من إحرامه، قبيل: مبحث العمرة، ط: دار الغد الجديد)

🗀 والجزاء (هو ما قومه عدلان)...... (في مقتله أو في أقرب مكان منه) إن لم يكن في مقتله قيمة...... وكذا لو قتل معلمًا ضمنه لحقّ اللّٰه غير معلم ولمالكه معلمًا، (ثمّ له) أى للقاتل (أن يشترى به هديًا و يذبحه بمكّة أو طعامًا ويتصدق) أين شاء (على كل مسكين) ولو ذميًا (نصف صاع من بر أو صاعًا من تمر أو شعير) كالفطرة...... أو صام عن طعام كل مسكين يومًا وإن فضل عن طعام مسكين. (الدر مع الرد: (۲/ ۵۶۳، ۵۶۴) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۲۸۴ ، ۲۸۵) باب الجنايات ، الفصل الثامن في صيد البرّ وما يتعلق به، مطلب في جزاء الصيد ، ط: ادارة القرآن. =

جماع کیا وقوف عرفہ سے پہلے

’’وقوف عرفہ سے پہلے جماع کیا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۵۳)

جمرہ عقبہ میں خون کی ندی بہے گی

’’امام مہدی کے ظہور کی آخری علامت‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/)

جمعہ قائم کرنا منیٰ میں

’’منیٰ میں جمعہ قائم کرنا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴/۲۰۸)

جمعہ کے دن آٹھ ذی الحجہ ہو

’’آٹھویں ذی الحجہ کو جمعہ کا دن ہو‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۷۴)

جنابت کی حالت میں سعی کی

’’حیض کی حالت میں سعی کی‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/)

جنابت کی حالت میں طواف زیارت کیا

اگر طواف زیارت جنابت، حیض، یا نفاس کی حالت میں کیا تو ایک اونٹ یا ایک گائے حرم کی حدود میں ذبح کرنا لازم ہوگا، اور اگر بارہ ذی الحجہ سے پہلے پہلے دوبارہ طواف کرلیا تو اونٹ یا گائے ذبح کرنا لازم نہیں ہوگا۔

اور اگر جنابت کی حالت میں طواف زیارت کرنے کے بعد طواف وداع بھی کیا ہے تو اس میں تفصیل ہے، اس کے بارے میں معلومات کے لئے **’’طواف زیارت جنابت میں کیا اور طواف وداع طہارت سے کیا‘‘** عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱)

= إرشاد الساری : (ص: ۵۴۷) باب فی جزاء الجنایات و کفاراتها ، فصل فی جزاء الصید مطلقًا فی الإحرام والحرم ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

(۱) ولو طاف للزیارة جنبًا، أو حائضًا، أو نفساء کله، أو أکثر وهو أربعة أشواط، فعلیه بدنة...... ویعیده =

جنابت کی حالت میں طواف کیا

''طواف جنابت کی حالت میں کیا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۵۵/۳)

جنابت کی حالت میں عمرہ کیا

''حیض کی حالت میں عمرہ کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۴۷/۲)

جنابت میں طواف زیارت کرنے کے بعد وطی کا حکم

''طواف زیارت جنابت میں کرنے کے بعد وطی کا حکم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

جنازے کی نماز میں عورتوں کا شامل ہونا

''عورتوں کا جنازہ کی نماز میں شریک ہونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۲۹/۳)

جنایات ادا کرنا فوراً واجب ہیں یا نہیں؟

''جنایات'' کی جزاء (بدلہ) لازم ہونے کے بعد ادا کرنا فوراً واجب نہیں ہے، مگر جب آخر عمر ہونے کا گمان غالب ہو اور فوت ہونے کا خوف ہو تو فوراً ادا کرنا لازم ہوگا، اور اس حالت میں تاخیر کرنے سے گناہ ہوگا، اگر زندگی میں ادا نہیں کرسکا تو جنایت کی جزاء ادا کرنے کے لئے وصیت کرنا واجب ہوگا، اور اگر آدمی نے

= طاهرًا حتمًا ، فإن أعاده سقطت عنه البدنة ...... ومن فروع الإعادة مالو طاف للزيارة جنبًا، وللصدر طاهرًا ، فإن طاف للصدر فی أيّام النّحر ، فعليه دم لترک الصدر ؛ لأنّه انتقل إلى الزيارة، وإن طاف للصدر ثانيًا ، فلاشيئ عليه ، وإن طاف للصدر بعد أيّام النحر فعليه دمان: دم لترک الصدر ، ودم لتأخير الزيارة ، وإن طاف للصدر ثانيًا سقط عنه دمه . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۲-۲۷۴) باب الجنايات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الأوّل : فی ترک الواجب فی طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۲/ ۵۵۰، ۵۵۱) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

إرشاد السارى : (ص: ۴۹۳) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فی أفعال الحج ، فصل : لو طاف للزيارة جنبًا و طاف للصدر طاهرًا ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

وصیت نہیں کی اور اس کا انتقال ہوگیا تو اگر وارث اپنی خوشی سے جنایت کا بدلہ ادا کریں گے تو روزہ کے علاوہ باقی تمام جنایات ادا ہو جائیں گی۔(۱)

جنایات زندگی میں ادا نہیں کر سکا

''جنایات ادا کرنا فوراً واجب ہے یا نہیں؟'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۶/۱)

جنایت

جنایت جان کر کرنا، یا بھول کر یا خطا سے، مسئلہ معلوم ہو یا معلوم نہ ہو، کسی کی زبردستی سے کرے یا خوشی سے، سوتے یا جاگتے، نشہ میں یا بیہوشی میں، تنگ دستی میں یا فراخی میں، خود کرے یا کسی کو کہہ کر کرائے، سب برابر ہے، بہر حال جزاء واجب ہوگی۔(۲)

---

(۱) اعلم أنّ الكفارات كلّها واجبة على التراخي...... فلايأثم بالتأخير عن أوّل وقت الإمكان...... ويكون مؤديًا لاقاضيًا فى أىّ وقت أدّى...... وإنّما يتضيق عليه الوجوب فى آخر عمره...... يغلب على ظنّه أنّه لو لم يؤده لفات...... فإن لم يؤده فيه...... فمات...... أثِم...... ويجب عليه الوصية بالأداء...... ولو لم يوص لم يجب فى التركة ولا على الورثة ولو تبرّع عنه الورثة جاز...... ولا يصومون عنه بل يتبرّعون عنه بغير الصيام من ذبح الهدى أو إعطاء الطعام، والأفضل تعجيل أداء الكفارات أى مسارعة للخيرات. (إرشاد السارى: (ص: ۵۴۲) باب فى جزاء الجنايات وكفارتها، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسک : (ص: ۲۴۲) باب الجنايات ، مقدّمة ، قبيل : الفصل الأوّل فى الطيب ، ط: إدارة القرآن.

☐ شامى : (۵۴۳/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۲) ثمّ لافرق فى وجوب الجزاء بين ما إذا جنٰى عامدًا أو خاطئًا، مبتدئًا أو عائدًا، ذاكرًا أو ناسيًا، عالمًا أو جاهلاً، طائعًا أو مكرهًا، نائمًا أو منتبهًا، سكران أو صاحيًا، مغمى عليه أو مفيقًا، موسرًا أو معسرًا، بمباشرته أو مباشرة غيره بأمره. (شامى: (۵۴۳/۲) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد)

☐ غنية الناسک: (ص: ۲۴۲) باب الجنايات، مقدّمة، قبيل: الفصل الأوّل: فى الطيب، ط: سعيد.

☐ إرشاد السارى : (ص: ۵۴۳ ، ۵۴۴) باب فى جزاء الجنايات و كفارتها ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

جنایت سے پہلے ہی دم دے دیا

''پیشگی دم دینا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/)

جنّت کی دو چیزیں زمین پر ہیں

حدیث میں ہے کہ جنت کی چیزوں میں سے زمین پر حجر اسود اور مقام ابراہیم کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں، یہ دونوں جنت کے جواہرات میں سے دو جواہر ہیں، جو بیمار اور روگی بھی اس کو چھوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو شفاء عطا فرماتا ہے۔(۱)

جوتا

عورت کے لئے احرام کی حالت میں جوتا پہننا جائز ہے اور مردوں کے لئے جائز نہیں ہے۔(۲)

---

(۱) لیس فی الأرض من الجنّه إلاً الحجر الأسود والمقام ، فإنّهما جوهرتان من جواهر الجنّة، ما مسهما ذو عاهة إلاً شفاه اللّٰه تعالیٰ . (السیرة الحلبیة : (۱/ ۲۱۹) باب بنیان قریش الکعبة شرفها اللّٰه تعالیٰ ، ط: دار الکتب العلمیة بیروت)

(۲) وتلبس من المخیط مابدالها کالدروع والقمیص والسراویل والخفین والقفازین ...... (غنیة الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط : إدارة القرآن)

إرشاد الساری: (ص: ۱۶۲) باب الإحرام، فصل: فی إحرام المرأة، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

قوله : و خفین : أی للرّجال فإنّ المرأة تلبس المخیط والخفین . (شامی : (۲/ ۴۹۰) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب مایحرم بالإحرام ومالایحرم ، ط: سعید)

البحر الرائق : (۲/ ۳۲۳، ۳۲۴) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید .

چادر

مرد حضرات کے لئے احرام کی حالت میں سر اور چہرے پر چادر ڈالنا منع ہے کیونکہ سر اور چہرے کو کھلا رکھنا ضروری ہے، اگر چادر سر پر رکھی اور فوراً ہٹالی تو اس سے دم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔(۱)

چشمہ

احرام کے دوران چشمہ استعمال کرنا جائز ہے۔(۲)

چکر چھوڑ دیا نفل طواف کا

''نفل طواف کا چکر چھوڑ دیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۱/۴)

چکروں کی گنتی میں شبہ ہو

''طواف کے چکروں کی گنتی میں شبہ ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۰/۳)

---

(۳) أنّه لو غطی رأسه بغیر معتاد کالعدل ونحوه لایلزمه شیئ . (شامی : (۴۸۸/۲) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فیما یحرم ومالا یحرم ، ط: سعید)

غنیة الناسک: (ص: ۲۵۱) باب الجنایات، الفصل الثانی فی لبس المخیط، ط: إدارة القرآن.

إرشاد الساری : (ص: ۴۳۶) باب الجنایات ، النوع الأوّل : فی حکم اللبس ، فصل : فی تغطیة الرأس والوجه ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

(۱) وإن کان ممالایقصد به التغطیة کإجانة أو عدل بز وضعه علی رأسه فلابأس بذٰلک ؛ لأنّه لایعدّ ذٰلک لبسًا ولاتغطیه . (بدائع الصنائع : (۱۸۵/۲) کتاب الحج ، فصل :وأمّا بیان مایحظره ومالایحظره ، ط: سعید)

غنیة الناسک : (ص: ۸۸) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ومحظوراته اللّتی فی غالبها الجزاء ، ط: إدارة القرآن .

إرشاد الساری : (ص: ۱۲۶) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

چند بال کاٹنے سے حلال ہونے کا حکم

عمرہ کرنے کے بعد چند بال کاٹنے سے احرام سے حلال نہیں ہوتا، سابقہ احرام بدستور باقی رہیگا، اگر اس کے بعد ایک دن یا اس سے زیادہ سلے ہوئے کپڑے پہنے ہیں تو ایک دم اور ایک صدقہ لازم ہوگا، احرام کی حالت میں چند بال کاٹنے کی وجہ سے صدقہ لازم ہوگا، اور سلے ہوئے کپڑے وغیرہ پہننے کی وجہ سے دم لازم ہوگا، ممکن ہے کہ دوسری جنایات کا بھی ارتکاب کیا ہو لیکن تداخل کی وجہ سے صرف ایک دم لازم ہوگا، اور حلق یا قصر بھی کرلیں۔(۱)

---

(۱) يبتدئ من الميقات فى أشهر الحج فيحرم بالعمرة، ويدخل مكة فيطوف لها ويسعى لها و يحلق أو يقصر و قد حل من عمرته. قال المحقق ابن الهمام: تحت قوله: فيطوف لها ويسعى الخ، وذكر من الصفة الحلق أو التقصير، فظاهره لزوم الحلق فى التمتّع وليس كذٰلک بل لو لم يحلق حتٰى أحرم بالحج وحلق بمنٰى كان متمتّعًا. (الهداية مع فتح القدير: (۴۲۲/۲) كتاب الحج، باب التمتّع، ط: رشيديه)

▭ قوله: "يحلق" إنّما ذكر الحلق لبيان تمام العمرة لا لأنّه شرط فى التمتّع لأنّه مخير بينه و بين بقائه محرما بها إلى أن يدخل إحرام الحج. (حاشية الطحطاوى على الدر المختار: (۵۱۶/۱) كتاب الحج، باب التمتّع، ط: رشيديه)

▭ وإذا اختلف جنس الجناية تعذر التداخل الاّ إذا فعلها على قصد رفض الإحرام، فإنّ المحرم إذا نوى رفض الإحرام، فجعل يصنع مايصنعه الحلال من لبس الثياب والتطيب والحلق والجماع و قتل الصيد، فعليه دم بجميع ماارتكب. (غنية الناسک: (ص: ۱۲۹) باب الجنايات، مقدّمة، ط: ادارة القرآن)

حج وعمرہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

جلد دوم

(چ - س)

مؤلف

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

0333-3136872

حج وعمرہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق

(ح-س)

جلدِ دوم

مؤلف

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دارالافتا جامعة العلوم الاسلامية
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

نام کتاب: حج وعمرہ کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف: مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

طباعت: طبع ثانی: ۱۴۳۸-۲۰۱۷

ناشر: بیت العمار کراچی

نورانی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔74400

فون: 0302-2205466 ,0333-3136872

0333-3845224

ای میل: baitulammar2004@gmail.com

qaasmiesencyclopedia2004@gmail.com

کراچی:

الحجاز پبلشرز، بنوری ٹاؤن۔	0314-2139797
اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن۔	021-34727159
دارالبشائر، بنوری ٹاؤن۔	0334-2659744
ادارۃ النور، بنوری ٹاؤن۔	0324-2855000
مکتبہ القرآن، بنوری ٹاؤن۔	021-34856701
زم زم پبلشرز، اردو بازار۔	021-32729089
مکتبہ ندوہ، اردو بازار۔	0321-8936511
مکتبہ المعارف، دارالعلوم کراچی۔	021-35032020

کوئٹہ:

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ۔	081-26622631
مکتبہ ماجدیہ۔	0333-7434142

پنجاب:

مکتبہ رحمانیہ۔	042-37224228
الفلاح پبلشرز۔	0333-4101085
مکتبہ عائشہ۔	0321-9233714
دارالناشر۔	0333-8335011

خیبر پختونخواہ (KPK):

مکتبہ عمر فاروق، قصہ خوانی بازار، پشاور۔	0311-8845717
مکتبہ بنوری ٹاؤن، لکی مروت۔	0336-9731158
مکتبہ فاروقیہ، بنو۔	0334-8825488
مکتبہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک۔	0337-7445290
مکتبہ محمودیہ، صوابی۔	0312-9430416
مکتبہ الحرمین، اکوڑہ خٹک۔	0313-8680501
مولوی ظہور، مردان۔	0334-8414660

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر
ڈ	
☆ ڈاڑھ نکالنا	۳۰۲
☆ ڈاڑھی	۳۰۲
☆ ڈاڑھی حلق یا قصر سے پہلے کاٹ لی	۳۰۴
☆ داڑھی کے بال	۳۰۵
☆ ڈرافٹ پر زیادہ رقم لینا	۳۰۵
☆ ڈرائیور وغیرہ کے لئے احرام کے بغیر میقات تجاوز کرنا	۳۰۷
☆ ڈر یا وحشت ہو تو کیا پڑھے	۳۰۸
☆ ڈیپ ہیٹ (Deep Heat)	۳۰۸
ذ	
☆ ذات عرق	۳۰۹
☆ ذبح رمی سے پہلے کر لیا	۳۱۰
☆ ذوالحلیفہ	۳۱۰
ر	
☆ رات منی سے باہر گزارنا	۳۱۱
☆ راستہ پر میقات نہیں	۳۱۱
☆ راستہ میں مرنے پر دوسرے نے حج ادا کیا	۳۱۱
☆ رخسار	۳۱۴

عنوان	صفحہ نمبر

حاجت اصلیہ سے زائد چیزیں ہوں

زرعی زمین، مکانات اور دیگر جائیداد وغیرہ اگر حوائج اصلیہ سے زائد ہوں تو اس پر حج فرض ہے۔(۱)

حاجی

☆ جس شخص نے بھی حج کیا ہو اسکو ''حاجی'' کہتے ہیں۔
☆ جو شخص حج بدل کر کے واپس آیا وہ بھی ''حاجی'' ہے۔
اپنا حج کئے بغیر بھی اس کو ''حاجی'' کہنا صحیح ہے۔(۲)

حاجی حج کے دوران احرام کی حالت میں مر گیا

اگر حاجی حج کے دوران احرام کی حالت میں مر گیا، تو اس کو غسل اور پورا کفن دے کر دفن کرنا چاہیئے یعنی غیر محرم عام میت کی طرح اس کا سر ڈھانک دیا جائے گا،

---

(۱) فالحاصل أنّ الحوائج الأصلية إذا كانت موجودة له لايجب الحج فلاتباع للحج وإن لم تكن موجودة عنده وهو محتاج إليها ، يقدم الحج عليها إن حضر وقت خروج أهل بلده ، فلايصرف المال إليها بل يحج به ، كذا أفاده في '' الكبير '' . وإن كان له من الضياع مالوباع مقدار مايكفي الزاد والراحلة ، يبقى بعد رجوعه من ضيعته قدرما يعيش بغلته الباقي يفترض عليه الحج ، وإلّا فلا ، كذا في الخانية . (غنية الناسک : (ص: ۲۰ ، ۲۱) باب شرائط الحج ، فصل: أمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الهندية: (۱/۲۱۷) كتاب المناسک ، الباب الأوّل في تفسير الحج ، وفرضيته ، ووقته ، وشرائطه ، ط: رشيديه.

🗁 إرشاد الساري : (ص: ۶۰ ، ۶۱) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الشرط السادس : الاستطاعة ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

(۲) الحاج: حاجی کے ارکان ادا کرنے والا، ج : حجاج ، و حجيج ، القاموس الوحيد: (ص: ۳۱۳) باب الحاء ، إدارہ اسلامیات، لاهور کراچی.

کافور خوشبو وغیرہ بھی لگائی جائے گی، کیونکہ مرنے کے بعد احرام کی پابندیاں اس سے ختم ہوگئی ہیں۔(۱)

حاجی غور کرے

حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد غور کرنا چاہیئے اور اپنے اندرونی حالات کا جائزہ لینا چاہیئے کہ حج کے بعد والی نئی زندگی میں حاجی صاحب نے کیا کمایا اور کیا کھویا، جذبات، اچھائی، اصلاح، خلوص اور محبت میں اضافہ ہوا یا کمی ہوئی؟ نفع نقصان اور اچھے برے کا حاجی خود حساب کرے، کیونکہ حاجی حج کے بعد ایک ترازو بن گیا ہے، اب ترازو سے خود ہی فیصلہ کرے۔(۲)

---

(۱) مسئلة:إذا مات المحرم يصنع به أی فی التجهيز و التكفين مايصنع بالحلال من تغطية الرأس والوجه أی ومن استعمال السدر والكافور ونحو ذٰلک ، خلافًا للشافعی . (إرشاد الساری : (ص: ۶۹۱) باب المتفرقات ، مسئلة : إذا مات المحرم ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)
ولو مات المحرم يغطی رأسه ، ووجهه لبطلان إحرامه بموته لقوله ﷺ : " إذا مات ابن آدم انقطع عمله الّا الثلاث " ، والإحرام عمل فهو منقطع ، ولذا لايبنی المأمور بالحج علی إحرام الميت اتفاقًا . (غنية الناسک : (ص: ۸۸ ، ۸۹) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ومحظوراته الّتی فی غالبها الجزاء ، ط: إدارة القرآن)

(۲) وينبغی أن يجتهد فی محاسنه فی باقی عمرهٖ ، وأن يزداد خيره بعد العود ، فعلامة الحج المبرور وقبول زيارة خير مزور ، أن يعود خيرا مماكان فی جميع الأمور ، فإن رأى فی نفسهٖ نزوعًا عن الأباطيل وتجافيًا عن دار الغرور و إنابة إلى دار الخلود فليحترز أن يدنس ذٰلک بطلب الفضول ويستبشر بحصول خلعة القبول وهو غاية المطلوب والمسؤول ونهاية المقصود والمأمول وبه يتم لباب المرام . (إرشاد الساری : (ص: ۷۵۴) باب زيارة سيد المرسلين ﷺ، فصل فی آداب الرجوع من سفر الحج ، ط: الإمكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)
غنية الناسک : (ص: ۳۸۹) خاتمة فی زيارة قبر الرسول ﷺ ، فصل فی آداب الرجوع ، ط: إدارة القرآن .
الفقه الإسلامی وأدلّته : (۳/۳۵۵) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الثالث: آداب السفر للحج وغيره و آداب الحاج العائد ، المبحث الثانی : آداب رجوع الحاج من سفره ، ط: دار الفكر ، بيروت .

حاجی کا انتقال ہوگیا

’’حاجی حج کے دوران احرام کی حالت میں مر گیا‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۲/۳۶)

حاجی کا قدم

آفاقی حاجی کو ہر قدم پر ستّر ہزار نیکیاں ملتی ہیں۔(۱)

حاجی کس قربانی کا گوشت کھا سکتا ہے

☆ حج تمتع یا حج قران کرنے والا ایک ہی سفر میں حج وعمرہ ادا کرنے کی بنا پر جو قربانی کرتا ہے اسے ’’دم شکر‘‘ کہا جاتا ہے، اس کا حکم بھی عام قربانی جیسا ہے، اس سے خود قربانی کرنے والا، امیر غریب، سید اور غیر سید سب کھا سکتے ہیں، البتہ جن لوگوں پر حج وعمرہ میں کوئی غلطی کرنے کی وجہ سے دم واجب ہوتا ہے وہ ’’دم جبر‘‘ کہلاتا ہے اس سے مالدار اور دم دینے والا خود نہیں کھا سکتا، اس کا گوشت فقراء اور مساکین میں صدقہ کرنا ضروری ہے۔

قربانی کا گوشت قربانی کرنے والے کے لئے کھانا مستحب ہے، لیکن نذر منت اور دم کی قربانی کا گوشت نہیں کھا سکتا، اگر کھالیا تو اس قدر گوشت کی قیمت فقیروں کو صدقہ کر دینا لازم ہوگا۔(۲)

---

(۱) وفی روایة الطبرانی : ان للحاج الراکب بکل خطوة یخطوها ناقته سبعین حسنة ، وللماشی بکل خطوة یخطوها سبعین ألف حسنة رواه برجال ثقاة . (المعجم الکبیر للطبرانی) هٰذا فی حق الآفاقی . (غنیة الناسک : (ص: ۱۷) فصل : وأمّا شرائط الوجوب فسبعة علی الأصح ، السادس : الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 المعجم الکبیر للطبرانی : (۱۲/۶۷) رقم الحدیث : ۱۲۵۲۲ ، سعید بن جبیر عن ابن عباس ، ط: مکتبه ابن تیمیه .

(۲) ولایجوز للمفکّر أی مفکّر الجنایة فی ذبح الهدی أی یأکل شیئًا من الدماء أی الواجبة علیه للجزاء الا دم القران والتمتّع والتطوّع استثناء منقطع ؛ لأنّ دم القران والتمتّع وإن کان مما یجب علیه إلّا أنّه دم شکر . ودم التمتّع ممالایجب علیه ، فالمعنی : لکنّ دم القران والتمتّع والتطوع له =

''حاجی'' لکھنا

حج کرنے کے بعد اپنے نام کے ساتھ ''حاجی'' کا لقب لگانا بھی ریا کاری ہے، حج تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کیا جاتا ہے، لوگوں سے ''حاجی'' کہلوانے کے لئے نہیں دوسرے لوگ ''حاجی صاحب'' کہیں تو مضائقہ نہیں، لیکن خود اپنے نام کے ساتھ ''حاجی'' کا لفظ لکھنا غلط ہے۔(۱)

= أن يأكل شيئًا منه ، بل يستحب له أن يأكل بعضه كما في الأضحية. (إرشاد الساري: (ص: ۵۷۰) باب في جزاء الجنايات وكفاراتها ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

والمستحب في هدى الشكر والتطوّع أن يتصدّق بالثلث ويطعم الأغنياء الثلث ويأكل و يدخر الثلث، أو يهدى الثلث بدل أن يطعمه كما مرّ في القران...... وأمّا ما عدا هٰذه الثلاث كدماء الكفارات كلها والنذور وهدى الإحصار وهدى التطوّع إذا لم يبلغ الحرم، فلايجوز له الأكل منه، ولو فقيرًا، ولا لمن بينهما ولادًا وزوجية ولالغنى بل لكل من لايحل له الزكاة إلا الذمى عندهما، فلو أكل منها ضمن ما أكل وكذا لو أطعم، أو اعطى لمن لايجوز له أكله. (غنية الناسك: (ص: ۳۵۶) باب الهدايا، فصل في أحكام الهدايا بعد الذبح وأحكام ذبحها، ط: إدارة القرآن)

الهندية: (۱/ ۲۶۲) كتاب المناسك، الباب السادس عشر في الهدى، ط: رشيديه.

(۱) يجب أوّلاً على من أراد الحج إخلاصه لله تعالىٰ سبحانه فإنّه لايقبل إلّا الخالص لوجهه الكريم، فيصحّح قصده ويخلّص نيّته ويجرّدها عن الرياء والسمعة، وليحذر عن دقائق غرور النفس من حبّها مدح النّاس إيّاه وتسميتهم له بالعابد وغير ذٰلک، والإخلاص شرط في جميع العبادات. (إرشاد الساري: (ص: ۷) مقدّمة: في آداب مريد الحج، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

قال رسول الله ﷺ : قال الله تعالى : أنا أغنى الشركاء عن الشرک من عمل عملاً أشرک فيه معى غيرى تركته و شركه وفي رواية : فأنا منه برئ هو للّذى عمله رواه مسلم . (مشكاة المصابيح : (ص: ۴۵۴) باب الرياء والسمعة ، الفصل الأوّل ، ط: قديمى)

غنية الناسک : (ص: ۳۶) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن .

الرابع: من تبطن نفسه الرياء وتخفيه عنه حتى لايكاد يحس به، وذٰلک حبه لقول النّاس: قد حجّ فلان، ولتقلّبه وتسميته بالحج فهى تتوق إلى ذٰلک وتبهرج عليه بحب الحج، وهٰذا من دقائق الغرور، فيجب الحذر منه. (البحر العميق: (۱/ ۲۹۰) الباب الثاني: في الرقائق المتعلّقة بالحج وأسراره، الفصل الأوّل: في العزم على الحج ومايتعلق بالسفر، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة)

العجب: عبارة عن تصور استحقاق الشخص رتبة لايكون مستحقا لها. (قواعد الفقه: (ص: ۳۷۳).

(لطیفہ) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کسی دیہات میں نماز کے وقت مسجد پہنچے، مولانا مرحوم نے مسجد میں نمازیوں سے معلوم کیا تمہارا کیا نام ہے؟ جواب دیا: حاجی ابراہیم، مولانا نے دوسرے شخص سے معلوم کیا تو بتایا حاجی یعقوب، کئی افراد سے معلوم کیا تو ہر ایک نے اپنے اپنے نام کے ساتھ لفظ ''حاجی'' لگا کر ہی نام بتایا۔

بعد میں ان لوگوں نے مولانا سے معلوم کیا اجی! تھارا (تمہارا) کیا نام ہے؟ (مولانا حکیم الامت'' ہی کہلاتے تھے، اور واقعی اللہ تعالی نے آپ کو امت کا نباض بنایا تھا) فرمایا میرا نام ''اشرف علی نمازی'' ہے۔

گاؤں والے یہ سن کر چونکے اور بولے اجی! نماجی (نمازی) کیا ہوتا ہے؟ مولانا نے فرمایا کہ بتاؤ کہ تم نے کتنے حج کیے اکثر نے ایک ہی حج بتایا، اس پر مولانا نے فرمایا کہ جب تم ایک حج کرنے کے بعد اپنے نام کے ساتھ ''حاجی'' کا لفظ لگاتے ہو، میں تو دن میں پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہوں میں کیوں اپنے نام کے ساتھ ''نمازی'' نہ لگاؤں۔

اس بات پر گاؤں والے شرمندہ ہوئے اور مولانا تھانویؒ نے اس طریقہ سے ان کی اصلاح فرمائی۔

خلاصہ یہ کہ حج کرنے کے بعد اپنے نام کے ساتھ از خود ہی لفظ ''حاجی'' لگانا صحیح نہیں ہے، اگر کوئی دوسرا شخص احترام اور عزت کی بنا پر ''حاجی صاحب'' کہہ دے تو کوئی مضائقہ بھی نہیں۔

حاجیوں کا استقبال کرنا

☆ حاجیوں کا استقبال کرنا، ان سے ملاقات، مصافحہ اور معانقہ کرنا نہ صرف

جائز بلکہ کارِثواب ہے اوران سے دعا کرانے کا بھی حکم ہے لیکن گلے میں پھول کا ہار ڈالنا اورنعرے لگانا قرآن وحدیث سے ثابت نہ ہونے کی وجہ سے حدود سے تجاوز ہے، اگر خدانخواستہ حاجی کے دل میں عجب اورخود پسندی پیدا ہوجائے تو حج ضائع ہوجانے کا خطرہ ہوگا اس لئے ان چیزوں سے احتراز کرنا چاہیئے۔

☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب تم کسی حاجی سے ملو، تو سلام کرو، اس سے مصافحہ کرو، اوراپنے لئے مغفرت کی دعا کراؤ، اس سے پہلے کہ گھر پہنچ جائے بیشک وہ بخشے ہوئے ہیں۔(۱)

اورحضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حاجی حج کے لئے روانہ ہوں تو ان کو چھوڑنے کے لئے جاؤ، اور دعائے خیر کیلئے ان سے درخواست کرو، اور جب حج سے آئیں تو ان سے ملواور مصافحہ کرو، اس سے پہلے کہ وہ دنیاوی کاروبار میں لگ کر گناہ میں مبتلا ہوجائیں، بے شک ان کے ہاتھ میں برکت ہے۔(۲)

آنحضرت ﷺ نے دعا فرمائی ہے:

اللهم اغفر للحاج ولمن استغفر له الحاج

(اے اللہ حاجی کی مغفرت فرما اوراس کی بھی جس کے حق میں حاجی مغفرت

---

(۱) عن ابن عمر رضی اللّٰه عنه قال :قال رسول اللّٰه ﷺ : إذا لقيتَ الحاج فسلم عليه وصافحه ومره أن يستغفرلک قبل أن يدخل بيته فإنّه مغفور له . رواه أحمد : (مشکوٰة المصابيح: (ص: ۲۲۳) کتاب المناسک ، الفصل الثالث ، ط: قديمی)

البحر العميق : (۱/ ۶۹) الباب الأوّل : فی الفضائل : فضل فی الحج والعمرة وذم تارک الحج ، ط: مؤسّسة الريّان المکتبة المکيّة .

مسند أحمد بن حنبل : (۲/ ۶۹) رقم الحديث : ۵۳۷۱ ، مسند المکثرين من الصحابة ، مسند عبد اللّٰه بن عمر الخطاب رضی اللّٰه عنهما ، ط: مؤسّسة الريّان ، قرطبة ، قاهرة .

(۲) وعن الحسن أنّه قال : إذا خرج الحاج فشيّعوهم ، وزوّدوهم الدعاء ، وإذا أقبلوا فالتقوهم وصافحوهم قبل أن يخالطوا الذنوب . (البحر العميق : (۱/ ۷۲) الباب الأوّل : فی الفضائل ، فضل الحج والعمرة ، ذم تارک الحج ، ط: مؤسّسة الريّان ، المکتبة المکيّة)

کی دعا کرے)۔(۱)

لیکن عورتوں کا گاؤں اور آبادی سے باہر نکلنا یا ایئرپورٹ یا اسٹیشن پر جانا اختلاط اور بے پردگی کی وجہ سے درست نہیں ہے۔(۲)

حاجیوں کو تحفے تحائف دینا

اکثر لوگ جب عمرہ یا حج کے لئے جاتے ہیں تو ان کے عزیز رشتہ دار، دوست احباب انھیں تحفہ میں مٹھائی، نقد روپے وغیرہ دیتے ہیں، اور جب یہ لوگ حج کر کے واپس آتے ہیں تو تبرک کے طور پر کھجوریں، زمزم، تسبیح اور ٹافی وغیرہ تقسیم کرتے ہیں، اگر یہ محض اخلاص، للّٰہیت اور دل کی خوشی سے کرتے ہیں تو بالکل درست ہے، ہاں اگر رسم ورواج کے طور پر کرتے ہیں، یا نام اور شرم کی وجہ سے یہ کام مجبوراً کرتے ہیں تو درست نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) أنّ النبیّ ﷺ لما وقف بعرفات قال: اللّٰهم اغفر للحاج ولمن استغفر له الحاج. (البحر العمیق: (۱/۷۰) الباب الأوّل: فی الفضائل، فضل الحج والعمرة وذم تارک الحج، ط: مؤسّسة الریّان، المکتبة المکیّة)

☜ المعجم الصغیر للطبرانی: (۲/۲۳۶) رقم الحدیث: ۱۰۸۹، حرف المیم، من اسمه منتصر، ط: المکتب الإسلامی دار عمار بیروت.

☜ المعجم الأوسط للطبرانی: (۸/۲۶۶) رقم الحدیث: ۸۵۹۴، من اسمه منتصر، دار الحرمین، قاهره.

(۲) ﴿وقرن فی بیوتکنّ ولا تبرّجن تبرّج الجاهلیة الأولیٰ﴾ سورة الأحزاب، رقم الآیة: ۳۳.

☜ فتاوی رحیمیہ: (۸/۱۳۶) متفرقات حج، حجاج کو رخصت کرنے کے لئے عورتوں کا اسٹیشن جانا، ط: دارالاشاعت کراچی۔

☜ ومن منکراتهم أیضًا خروج النّساء عند ذهابهم وعند مجیئهم، فإن الواجب علی المرأة قعودها فی بیتها وعدم خروجها من منزلها وعلی الزوج منعها عن الخروج ولو اذن لها وخرجت کانا عاصیین. (مجالس الأبرار ومسالک الأخیار، للشیخ أحمد بن محمّد الرومی الحنفی [المتوفّی: ۱۰۴۳ھ] المجلس العشرون فی بیان فضائل الحج المبرور و بیان البدعة فیه، (ص: ۱۷۶) ط: سهیل اکیڈمی لاهور)

(۳) "من یسمّع یسمع اللّٰه به، ومن یرائی یرائی اللّٰه به". (سنن ابن ماجه: (ص: ۳۱۰) کتاب الزهد، باب الریاء والسمعة، ط: قدیمی) =

حاجیوں کی دعوت کرنا

اگر رشتہ دار صلہ رحمی کی نیت سے یا کوئی قریبی تعلق والا اس مبارک سفر کی نسبت سے حاجی کے اعزاز میں اخلاص کیساتھ اس کی دعوت کرے یا ہدیہ پیش کرے، بشرط یہ کہ دونوں اس کو ضروری نہ سمجھتے ہوں، دینے والا صرف اللہ کی رضا کے لئے پیش کرے، دکھاوا، شہرت اور بڑائی ہرگز مقصود نہ ہو، اور لینے والے کو بھی پورا اطمینان ہو کہ یہ دل سے اخلاص کے ساتھ ہدیہ پیش کر رہا ہے یا دعوت کر رہا ہے بدلہ چکانے یا آئندہ وصول کرنے کا بالکل شائبہ نہ ہو تو یہ جائز ہے اور اجر کا باعث ہے۔

اور اگر حج میں جانے والا دعوت نہ کرے، یا لوگ اس کی دعوت نہ کریں تو دونوں جانب سے برا مانتے ہیں، اور دعوتوں کو اس قدر ضروری سمجھتے ہیں کہ نہ کرنے پر شکایتیں ہوتی ہیں، طعنے سنائے جاتے ہیں، فضول خرچی کرتے ہیں خوب دھوم دھام ہوتی ہے تو اس صورت میں اس قسم کی دعوتوں سے احتراز کرنا ضروری ہے تا کہ یہ رسم ورواج بند ہو جائے۔(۱)

حالت حیض میں طواف زیارت کیا

''جنابت کی حالت میں طواف زیارت کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۳۱۵)

حاملہ عورت حج کرسکتی ہے

حاملہ عورت محرم کیساتھ حج کرسکتی ہے، حج کرنے سے حج ہوجائے گا البتہ پیٹ کے بچے کا حج نہیں ہوگا، اگر بچہ پیدا ہونے کے بعد بڑا ہوکر مالدار صاحب

= قال النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم ''من أحدث فی أمرنا هٰذا ما لیس منه فهو ردٌّ'' (صحیح البخاری: (۱/۳۷۱) کتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا علی صلح جور فهو مردود، ط: قدیمی)

مشکاة المصابیح: (ص: ۴۵۴، ۴۵۵) باب الریاء والسمعة، الفصل الأوّل، والثانی، ط: قدیمی.

(۱) راجع الحاشیة السابقة رقم: ۳، فی الصفحة رقم: ۴۲. (''من یسمّع یسمع اللّٰه به'')

استطاعت ہوگا تو اس کو اپنا حج خود کرنا ہوگا۔(۱)

حائضہ حج کیسے کرے

حائضہ حج کرنا چاہے تو حیض کی حالت میں ہی وضو یا غسل کرنے کے بعد نماز کے بغیر نیت اور تلبیہ پڑھ کر احرام باندھے گی، اور احرام ہی کی حالت میں رہے گی، اگر حیض سے پاک ہونے سے پہلے حج کے ایام شروع ہوگئے تو اب بال کاٹ کر عمرے کا احرام کھول دے اور حج کا احرام باندھ کر منیٰ کو چلی جائے اور حج کے افعال ادا کرے، حج سے فارغ ہونے کے بعد عمرہ کر سکتی ہے، احرام خواہ تنعیم سے باندھے یا عمرہ کی دوسری میقات سے دونوں صحیح ہیں البتہ پہلے عمرے کا احرام توڑنے کیوجہ سے اس پر دم لازم ہوگا، اور اگر پاک ہونے کے بعد کسی میقات پر آ کر دوبارہ احرام باندھ کر تلبیہ پڑھ کر عمرہ کر لے تو دم ساقط ہو جائے گا بشرطیکہ مکہ مکرمہ میں اس سے پہلے عمرہ یا حج نہ کیا ہو۔(۲)

---

(۱) (فرض)...... (مرة)...... (على مسلم)...... (حر مكلف)...... (صحيح)...... (بصير)...... (ذى زاد)...... (وراحلة)...... مع أمن الطريق)...... ومع (زوج أو محرم)، ولو عبدًا أو ذميًا أو برضاعٍ (بالغ)...... (الدر مع الرد: (۲/۴۵۵ إلى ۴۶۴) كتاب الحج، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق: (۲/۳۱۱، ۳۱۴) كتاب الحج، ط: سعيد.

▭ فتح القدير: (۲/۳۲۶، ۳۳۰) كتاب الحج، ط: رشيديه.

▭ ومنها البلوغ، فلا يجب الحج على الصبى المسلم، حتى لو حج ثم بلغ فعليه حجة الإسلام. (البحر العميق: (۱/۳۶۲) الباب الثالث: فى مناسک الحج، شرائط الحج، ومنها البلوغ، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة)

▭ غنية الناسک: (ص: ۱۳) باب شرائط الحج، فصل: أمّا شرائط الوجوب، الثالث والرابع: البلوغ والعقل، ط: إدارة القرآن.

▭ شامى: (۲/۴۶۶) كتاب الحج، ط: سعيد.

(۲) فلو حاضت قبل الإحرام اغتسلت وأحرمت وشهدت جميع المناسک إلّا الطواف والسعى؛ لأنّ سعيها بدون طواف غير صحيح. (شامى: (۲/۵۲۸) كتاب الحج، قبيل باب القران، ط: سعيد)

▭ غنية الناسک: (ص: ۹۴، ۹۵) باب الإحرام، فصل فى إحرام المرأة، ط:إدارة القرآن.=

حائضہ عورت قرآن کی تلاوت نہیں کرسکتی

☆عورت حیض یا نفاس کی حالت میں قرآن مجید کی کوئی بھی آیت تلاوت کی نیت سے نہیں پڑھ سکتی، البتہ قرآن مجید کی وہ آیت یا سورت جس میں دعا یا اللہ کی حمد وثنا ہو، دعا اور ذکر کی نیت سے پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتی ہے، اس لئے عرفات وغیرہ میں دعا اور حمد وثنا والی آیات کو دعا اور ذکر کی نیت سے پڑھتی رہا کرے۔

☆ حائضہ عورت سورۂ فاتحہ کو دعا کی نیت سے پڑھ سکتی ہے تلاوت کی نیت سے نہیں، اسی طرح اور دعائیں جو قرآن شریف میں آئی ہیں، ان کو دعا کی نیت سے پڑھ سکتی ہے تلاوت کے ارادہ سے نہیں، جیسے یہ دعا:

”ربنا آتنا فی الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنة وقنا عذاب النار“

اور یہ دعا **”ربنا لا تؤاخذنا ان نسینا او اخطانا“** آخر تک جو سورہ بقرہ کے آخر میں ہے، یا اور کوئی دعا جو قرآن شریف میں آئی ہو، دعا کی نیت سے سب کا پڑھنا

= ☜ خانية على الهندية: (۱/ ۳۰۰، ۳۰۱) كتاب الحج، فصل فی كيفية أداء الحج، قبيل: فصل فی العمرة، ط: رشيديه.

☜ فلما كان بسرف حاضت عائشة، وكانت قد أهلت بعمرة وروى بحج فدخل عليها النبیّ ﷺ وهی تبكی، فقال: ”مايبكيک، لعلک نفست؟“ قالت: نعم، قال: ”هٰذا شیئ كتبه اللّٰه على بنات آدم افعلی ما يفعل الحاج غير أن لا تطوفی حتى تطهری“ وفی رواية من روى إحرامها بالعمرة أنّه قال لها: ”اغتسلی ثم أهلّی بالحج“. (البحر العميق: (۴/ ۱۹۵۳) الباب الثانی عشر فی الأعمال المشروعة يوم النحر، فصل: صفة حجّ النبیّ ﷺ، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة)

☜ كل من لزمه رفض الحجة فی البابين (أی فی باب الجمع بين النسكين و باب إضافة أحدهما إلى الآخر بجميع أقسامها) فعليه لرفضها دم و قضاء حجة وعمرة ...... وكل من لزمه رفض العمرة فعليه دم و قضاء عمرة أی لا غير. (إرشاد السارى: (ص: ۴۱۹) باب إضافة أحد النسكين، فصل: فی القضايا الكلية من هٰذا الباب، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۲۳۸) باب الجمع بين النسكين أو أكثر، فصل: فی الجمع بين إحرامی عمرتين فأكثر، تتمة فی ضوابط هٰذا الباب، ط: إدارة القرآن.

درست ہے۔(۱)

☆عورت حیض ونفاس کی حالت میں میدان عرفات میں ذکراوردعا کی نیت سے سورۂ اخلاص پڑھ سکتی ہے تلاوت کی نیت سے نہیں۔(۲)

☆عورت حیض ونفاس کی حالت میں آیت کریمہ **لا الـــه الاانـــت سبحـانک انـی کنت من الظلمین** کوبھی ذکر کی نیت سے پڑھ سکتی ہے البتہ قرآنی دعاؤں کے حروف کو نہ چھوے ذکر کے طور پر صرف زبانی پڑھے۔(۳)

حائضہ عورت کے لئے حج کرنے کا طریقہ

اگر حج کے دوران کسی عورت کوحیض شروع ہوجائے تو وہ بیت اللہ کے طواف

(۱،۲) ویحرم القراء ة القرآن إلّا بقصد الذکر إذا اشتملت علیه لا علی حکم أو خبر ، قوله : إلّا بقصد الذکر أی : أو الثناء أو الدعاء إن اشتملت علیه فلا بأس به فی أصح الروایات . قال فی العیون : ولو أنّه قرأ الفاتحة علی سبیل الدعاء ، أو شیئًا من الآیات الّتی فیها معنی الدعاء ، ولم یرد به القرآن ، فلا بأس به ، واختاره الحلوانی ...... (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح : (ص: ۱۴۲ ، ۱۴۳) کتاب الطهارة ، باب الحیض والنفاس ، والاستحاضة ، ط: قدیمی)

وقراءة القرآن بقصده ، أی ولو دون آیة من المرکبات لا المفردات ، لأنّه یجوز للحائض المعلّمة تعلیمه کلمة کلمة ...... قوله : بقصده ، فلو قرأت الفاتحة علی وجه الدعاء ولم ترد القراءة لا بأس به ......ولا بأس للحائض وجنب بقراء ة أدعیة ومسها وحملها وذکر اللّٰه تعالیٰ وتسبیح ...... (الدر مع الرد : (۲۹۳/۱) کتاب الطهارة ، باب الحیض ، ط: سعید)

الهندیة : (۳۸/۱) کتاب الطهارة ، الباب السادس : فی الدماء المختصة بالنّساء ، الفصل الرابع فی أحکام الحیض والنّفاس والاستحاضة ، ط: رشیدیه .

(۳) ولو أنّه قرأ الفاتحة علی سبیل الدعاء أو شیئًا من الآیات الّتی فیها معنی الدعاء ولم یرد به القراء ة فلا بأس به...... (قوله: ومسه إلا بغلافه) أی تمنع الحائض مس القرآن...... وتعبیر المصنف بمس القرآن أولیٰ من تعبیر غیرہٖ بمس المصحف لشمول کلامه ما إذا مس لوحا مکتوبا علیه آیة وکذا الدرهم والحائط، وتقییده بالسورة فی الهدایة اتفاقی بل المراد الآیة. (البحر الرائق: (۱۹۹/۲، ۲۰۱) کتاب الطهارة، باب الحیض، ط: سعید)

حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح : (ص: ۱۴۲ ، ۱۴۳) کتاب الطهارة ، باب الحیض والنفاس والاستحاضة ، ط: قدیمی .

شامی: (۲۹۳/۱) کتاب الطهارة ، باب الحیض ، ط: سعید .

▭ البحر الرائق : (۳/۶۸) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، قبيل : (قوله : ومن أهل بحج عن أبويه فعين صح) ، ط: سعيد .

(۳) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۲، فى الصفحة رقم: ۹۹ . (والأصل أنّ الإنسان له)

حج بدل کی اجرت مقرر نہ کرے

حج بدل کے لئے اجرت مقرر کرنا جائز نہیں ہے، اگر اجرت مقرر کی جائیگی تو ظاہر الروایۃ کے مطابق حج بدل صحیح اور اجرت مثل لازم ہوگی، ہاں حکومت یا گروپ کے ساتھ جانے کی صورت میں یہ لوگ جتنی رقم کا اعلان کریں گے اتنی ہی رقم دینا لازم ہوگا۔(۱)

حج بدل کی رقم کسی اور مصرف میں دینا

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے، اور وہ کسی عذر کی وجہ سے خود حج نہیں کرسکتا تو وہ اپنی طرف سے دوسرے شخص سے حج بدل کرادے، اور اس روپیہ کو حج کے علاوہ دوسرے کسی مصرف میں مثلاً مسجد، مدرسہ، ہسپتال اور رفاہی ادارے میں دینا جائز نہیں ہوگا۔(۲)

---

(۱) رجل استأجر رجلا ليحج عنه ، قال لاتجوز الإجاره وله نفقة مثله . وتجوز حجة الإسلام عن المسجون إذا مات فيه قبل أن يخرج...... وله من الأجر مقدار نفقة الطريق. (إرشاد السارى: (ص: ۶۱۴) باب الحج عن الغير، فصل فى شرائط الإحجاج، الخامس: عدم اشتراط الأجرة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

الدر مع الرد : (۶۰۱/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب فى الاعتئجار على الحج ، ط: سعيد .

جامع الصغير مع شرحه النافع الكبير : (۱۶۶/۱) كتاب الحج ، باب فيا لرجل يحج عن الآخر ، ط: عالم الكتب بيروت .

(۲) اعلم أنّ كل من وجب عليه الحج أى حجة الإسلام ...... وعجز عن الأداء بنفسهٖ أى بعده يجب عليه الإحجاج أى بأن يحج عنه فى حال حياتهٖ أو بعد مماتهٖ أن فرّط أى قصّر فى التأخير . (إرشاد السارى : (ص: ۶۱۱) باب الحج عن الغير ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسك : (ص: ۳۳) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء ، ط: إدارة القرآن .

شامى : (۴۵۹/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

حج بدل کی رقم لے کر حج بدل کروانا

☆ ایک شخص پاکستان، ہندوستان، اور بنگلہ دیش وغیرہ سے حج بدل کرانے کے لئے مختلف لوگوں سے رقم لے کر کچھ لوگوں کے ذریعہ مکہ مکرمہ یا اس کے آس پاس کے لوگوں سے حج بدل کرواتا ہے یہ طریقہ اور کاروبار درست نہیں، اس طرح حج کرانے سے حج بدل ادا نہیں ہوگا، اور جن لوگوں سے رقمیں لی ہیں ان کو پوری پوری رقم واپس کرنا واجب ہے۔(۱)

☆ حج بدل کرانے والوں کو بہت ہی احتیاط کی ضرورت ہے، ان کو چاہیے کہ خوب دیکھ بھال کر کے ایسے شخص کو تجویز کریں کہ جو عالم ہو اور اس ایک شخص کی طرف سے خود ہی حج بدل کرے، اور ایسے آدمی کو حج بدل کیلئے بھیجنا بہتر ہے کہ جو اپنا فرض حج ادا کر چکا ہو، اور اعتماد کے لائق ہو، اور حج کے اعمال ادا کرنے پر اچھی طرح قادر ہو، حج بدل کروانے کے عنوان سے لوگوں سے رقمیں جمع نہ کرتا ہو۔(۲)

---

(۱) العاشر أن يحج المأمور بنفسه، فلو مرض المأمور فی الطريق، أو عرض له مانع آخر، كالحبس ونحوه، فدفع المال إلى غيره، فحج، لايجوز عن الميت ولا عن وصيه، والحاج الأوّل والثانی ضامنان الا إذا أذن له بذٰلک الخ. (غنية الناسک: (ص: ۳۲۹) باب الحج عن الغير، فصل فی شرائط النيابة فی الحج الفرض، ط: إدارة القرآن)

🗀 (الحادی عشر: أن يحج المأمور بنفسه فلو مرض المأمور) وكذا إذا عرض له مانع آخر من حبس و نحوه) فدفع المال إلى غيره) أی بغير إذن الآمر (فحج) أی غيره (عن الميت لايقع) أی حج غيره (عن الميت) ولا عن وصيه، والحاج الأوّل والثانی ضامنان الخ. (مناسک الملا علی القاری: (ص: ۲۲۵) باب الحج عن الغير، فصل فی شرائط جواز الإحجاج، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗀 الدر المختار مع رد المحتار: (۲/ ۶۰۰، ۶۰۴) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، قبيل: مطلب شروط الحج عن الغير عشرون، و: مطلب فی حج الصرورة، ط: سعيد.

(۲) (ولايشترط لجواز الإحجاج أن يكون الحاج المأمور قد حج عن نفسه) أی عندنا وعند مالک (فيجوز حج الصرورة) بفتح الصاد المهملة وضم الراء الأولیٰ: وهو الّذی لم يحج عن نفسه (الا أن الأفضل) كما قال فی البدائع (أن يكون قد حج عن نفسه) أی للخروج عن الخلاف الّذی هو مستحب بالإجماع، ولأنّه بالحج عن غيره يصير تاركا لإسقاط الفرض =

حج بدل کی شرائط

حج بدل کے لئے بیس شرائط ہیں:

❶ جس کی طرف سے حج کیا جارہا ہے اس پر مالداری اور صحت کی وجہ سے حج کا واجب ہونا۔ ❷ ہمیشہ کے لئے معذور ہونا۔ ❸ آمر کی طرف سے نیت کرنا۔ ❹ حج بدل کے لئے حکم کرنا۔ ❺ حج بدل کے اخراجات کا آمر کی طرف سے ہونا۔ ❻ جس کو حج بدل کرنے کا حکم دیا گیا ہے اسی کا بذات خود حج بدل کرنا۔ ❼ آمر کی طرف سے حکم کئے ہوئے حج کا تعین ہونا۔ ❽ اجرت کی شرط نہ ہونا۔ ❾ آمر نے اگر کسی خاص شخص کو متعین کیا ہو تو اسی متعین مأمور کا حج کرنا۔ ❿ آمر کا حج بدل کرانے سے پہلے خود حج کرنے سے معذور وقاصر ہونا۔ ⓫ سوار ہو کر حج کے لئے جانا۔ ⓬ آمر کے وطن سے حج کو جانا، اگر ایک تہائی ترکہ سے گنجائش ہو ورنہ جہاں سے ہوسکے وہاں سے حج کے لئے روانہ ہونا۔ ⓭ میقات سے یا اس سے پہلے احرام باندھنا۔ ⓮ حج کو فاسد نہ کرنا۔ ⓯ آمر کے حکم کی مخالفت نہ کرنا اور دی گئی ہدایات کے مطابق حج کرنا۔ ⓰ ایک حج کا احرام باندھنا، متعدد آدمیوں کی طرف سے متعدد حج کا احرام نہ باندھنا۔ ⓱، ⓲ آمر اور مامور دونوں کا مسلمان اور عاقل ہونا۔ ⓳ مامور کا ہوشیار اور باتمیز ہونا۔ ⓴ مامور کا اپنی مصروفیات میں مشغول ہو کر قطعاً حج

= عن نفسہٖ ، فیتمکن فی ھٰذا الإحجاج ضرب کراھة ، ولأنّه أعرف بالمناسک فکان أفضل ، ومثله فی " فتاوٰی الظھیریة " (والأفضل إحجاج الحر العالم بالمناسک) أی والعامل بعلمه فی تلک المسالک . (مناسک الملا علی القاری : (ص: ٦٣٧ ـ ٦٤٠) باب الحج عن الغیر ، فصل فی شرائط جواز الإحجاج ، ط: المکتبة الإمدادیة مکّة المکرّمة)

▭ شامی: (٢/٦٠٣) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، مطلب فی حج الصرورة، ط: سعید.

▭ البحر العمیق : (٤/٢٢٦٧ ـ ٢٢٦٩) الباب الثامن عشر : فی الحج عن الغیر ، الفصل الأوّل فی الحج عن الحی العاجز ، قبیل قوله : وأمّا الاستئجار علی الحج الخ ، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة .

کو فوت نہ کرنا۔(۱)

حج بدل کی نیت

حج بدل میں احرام کے وقت حج کی نیت میت کی طرف سے کرے، یا جس زندہ معذور آدمی نے حج بدل کے لئے بھیجا ہے حج کی نیت اس کی طرف سے کرے، اور نیت کرتے وقت زبان سے یہ کہے کہ ’’میں فلاں شخص کی طرف سے حج کی نیت کرتا ہوں اور اس کی طرف سے احرام باندھتا ہوں‘‘ اور اگر نام بھول جائے تو یہ کہے ’’کہ جس کی طرف سے مجھے حج بدل کیلئے بھیجا گیا ہے میں اس کی طرف سے

---

(۱) ولإجزاء النيابة فى حجة الإسلام ونحوها، كالقضاء والنذر عشرون شرطًا: (الأوّل) وجوب الحج على المحجوج عنه باليسار، والصحة...... (الثانى) عجزه عن الأداء بنفسه بزوال أحدهما...... (الثالث) دوام العجز إلى الموت...... (الرابع) الأمر بالحج صريحًا من المحجوج عنه أو من وصيه لو كان ميتًا...... (الخامس) أن يحج بمال المحجوج عنه إن أمره صريحًا، والشرط كون أكثر النفقة من مال الميت...... (السادس) نية الحج عن المحجوج عنه عند الإحرام أو تعيينه قبل الشروع فى الأعمال...... (السابع) أن يفرد الإهلال لواحد معين...... (الثامن) أن يحرم بحجة واحدة...... (التاسع) تعيين المأمور المعين إن عيّنه الآمر...... (العاشر) أن يحج المأمور بنفسه...... (الحادى عشر) أن يحج من بلده من ثلث ماله إن أوصٰى بالحج عنه...... (الثانى عشر) أن يحجّ راكبًا من بلده إن كان الثلث يتحمل الركوب، هٰذا لو أمره بالحج وأطلق عن ذكر الركوب...... (الثالث عشر) أن يجعل سفره للمأمور به حجًا كان أو عمرةً...... (الرابع عشر) أن يحرم من ميقات الآمر لو أمره بالحج و أطلق عن ذكر الميقات...... (الخامس عشر) عدم المخالفة...... (السادس عشر) أن لايفسد حجه...... (السابع عشر) عدم الفوات بتقصير منه، بأن تشاغل بحوائج نفسه...... (الثامن عشر) إسلام الآمر و المأمور دون الوصى...... (التاسع عشر) عقلهما و عقل الوصى أيضًا...... (العشرون) تمييز المأمور لأعمال الحج...... (غنية الناسک: (ص: ۳۲۰ إلى ۳۳۶) باب الحج عن الغير، فصل: فى شرائط النيابة فى الحج الفرض، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۶۱۲ إلى ۶۳۶) باب الحج عن الغير ، فصل : فى شرائط جواز الإحجاج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗀 الدر مع الرد : (۶۰۰/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب : شروط الحج عن الغير عشرون ، ط: سعيد.

حج کی نیت کرتا ہوں اور اس کی طرف سے احرام باندھتا ہوں‘‘۔(۱)

حج بدل کی وصیت کرنے میں اولاد پر اطمینان نہیں

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے اور وہ کسی وجہ سے حج نہ کرسکا، اور اس کو حج بدل کی وصیت کرنے میں اپنی اولاد پر اطمینان نہیں کہ وہ وصیت کو پورا کریں گے تو اس کی یہ صورت ہوسکتی ہے کہ کسی دوسرے معتمد آدمی کو حج بدل کے لئے وصیت کردے اور خود حج بدل کیلئے رقم دیدے۔(۲)

---

(۱) ومنها: نية المحجوج عنه عند الإحرام ؛ لأنّ النائب يحج عنه لا عن نفسه، فلا بد من نيته ، والحاج عن غيره إن شاء اللّٰه تعالىٰ قال : نويت الحج عن فلان وأحرمت به للّٰه تعالىٰ عنه لبيك عن فلان ، وهٰذا هو الأفضل كما إذا حج عن نفسه ، وإن شاء اكتفىٰ بالنية ؛ لأنّ اللّٰه تعالىٰ عالم بالسرائر والضمائر . ولو أمره رجل أن يحج عنه وأعلمه باسمه ، فنسى المأمور اسم الآمر عند الإحرام فنوى بقلبه أن يكون الحج عن الآمر ولم يعينه يصح . (البحر العميق : (۲۲۶۳/۴) الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير ، الفصل الأوّل فى الحج عن الحى العاجز ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۳۲۵) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط النيابة فى الحج الفرض ، السادس ، ط: إدارة القرآن .

☜ الهندية : (۲۵۷/۱) كتاب المناسک ، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير ، ط: رشيديه.

☜ شامى : (۵۹۸/۲ ، ۵۹۹) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب فى الفرق بين العبادة والقربة والطاعة ، قوله : وبشرط نية الحج عنه ، ط: سعيد .

(۲) العشرون : أن يحج الّذى عينه أى بخصوصه دون غيره ...... بأن قال : يحج عنى فلان ولا يحج غيره . (إرشاد السارى : (ص: ۶۳۲) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط جواز الإحجاج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۳۲۸) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط النيابة فى الحج الفرض ، ط: إدارة القرآن .

☜ الدر مع الرد : (۶۰۰/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، قبيل : مطلب : شروط الحج عن الغير عشرون ، ط: سعيد .

حج بدل کی وصیت کی

اگر مرحوم نے حج بدل کرانے کی وصیت کی، تو اس کے تہائی مال میں سے حج بدل کرانا ضروری ہے، ورنہ ورثاء گنہگار رہوں گے، اگر تہائی مال حج بدل کے لئے کافی نہیں ہے تو تہائی مال سے جہاں سے حج ہوسکتا ہے حج کرادیں، مثلا جدہ سے حج کراسکیں اتنا ہی مال ہے تو وہاں سے حج بدل کرادیں، اور اگر ایک تہائی سے مکہ مکرمہ سے حج کرسکتے ہیں تو مکہ شریف سے حج کرادیں، اگر بالغ ورثاء اپنے مال میں سے باقی رقم ملاکر مرحوم کے وطن سے حج کرادیں تو بہتر ہے، لیکن نابالغ ورثاء کی رضامندی معتبر نہیں، اور نابالغ کے مال سے حج بدل کرانا جائز نہیں۔(۱)

حج بدل کے ایک حج میں دو کی طرف سے نیت کرنا

اگر دو آدمیوں نے ایک آدمی کو حج بدل کرنے کے لئے نائب بنایا اور پیسے دیئے اور حج بدل کرنے والے نے دونوں کی طرف سے احرام باندھ کر حج بدل کیا تو وہ حج بدل صحیح نہیں ہوگا، اور یہ حج حج کرنے والے کی طرف سے نفلی حج ہوگا، اور یہ

---

(۱) (أوصیٰ بالحج عنه) إنّما تجب الوصیة به إذا أخّره بعد وجوبه ...... (فإن فسر المال) أو المکان (فالأمر علیه) أی ما فسره (وإلّا فیحج) عنه (من بلده) قیاسًا لا استحسانًا ...... (وإن وفی به) أی بالحج من بلدہٖ (ثلثه) وإن لم یف فمن حیث یبلغ استحسانًا. (الدر مع الرد: (۲/ ۶۰۴، ۶۰۵) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، ط: سعید)

▭ إرشاد الساری: (ص: ۶۴۳) باب الحج عن الغیر، فصل: لو أوصٰی أن یحج عنه، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

▭ غنیة الناسک: (ص: ۳۴۰) باب الحج عن الغیر، فصل: فی الوصیة بالحج، ط: إدارة القرآن.

▭ (وتجوز بالثلث للأجنبی) عند عدم المانع، (وإن لم یجز الوارث ذٰلک) لا الزیادة علیه، إلّا أن تجیز ورثته بعد موتہٖ...... وهم کبار. (الدر مع الرد: (۶/ ۶۵۰، ۶۵۱) کتاب الوصایا، ط: سعید)

▭ وأیضًا فیه: (إلا بإجازة ورثته) ...... (وهم کبار) عقلاء فلم تجز إجازة صغیر، ومجنون، وإجازة المریض ...... (الدر مع الرد: (۶/ ۶۵۶) کتاب الوصایا، ط: سعید)

آدمی دونوں سے لئے ہوئے پیسے واپس کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔(۱)

حج بدل کے بعد حج بدل کرانے والے کے گھر آنا

حج بدل کرنے والے کے لئے حج بدل کر کے واپس آنے کے بعد حج بدل

---

(۱) السابع: أن يفرد الإهلال لواحد معين، فلو أهل بحجة عن آمريه، ولو كانا أبويه أو الأجنبيين، كما في " الفتح " بطلت نيته عنهما، ووقعت الحجة عنه، وضمن نفقتهما إن أنفق من مالهما؛ لأنّه خالفهما بترك التعيين ولايقدر على جعله لأحدهما لعدم الأولوية. (غنية الناسک: (ص: ۳۲۵) باب الحج عن الغير، فصل في شرائط النيابة في الحج الفرض، ط: إدارة القرآن)

▭ (ومن حج عن) كل من (آمريه وقع عنه وضمن مالهما) لأنّه خالفهما (ولايقدر على جعله من أحدهما) لعدم الأولوية. قال المحقق في الرد: (قوله: وقع عنه) أي عن المأمور نفلا، ولايجزئه عن حجة الإسلام، بحر ونهر. وفيه نظر يأتي قريبا ...... والظاهر أنّها تجزيه عن حجة الإسلام لأنّها تصح بالتعيين وبالإطلاق، بخلاف ما لو نوى بها النفل، والمأمور وإن كان صرفها عن نفسه بجعلها للآمرين أو لأحدهما، لكن لما تحققت المخالفة بطل ذلک الصرف وإلا لم تقع عن نفسه أصلا فيكون حينئذٍ كما لو أحرم عن نفسه ابتداءً ولم ينو النفل فتقع عن حجة الإسلام، ولذا قال في الفتح أيضًا فيما لو أمره بالحج فقرن معه عمرة لنفسه لايجوز ويضمن اتّفاقًا، ثم قال: ولاتقع عن حجة الإسلام عن نفسه؛ لأنّ أقل ما تقع بإطلاق النية وهو قد صرفها عنه في النية و فيه نظر اهـ كلامه. والظاهر أنّ وجه النظر ما قررناه من أنّه حيث تحققت المخالفة و وقعت عن نفسه بطل صرف النيّة فتجزيه عن حجة الإسلام، فقوله في البحر فيما مر تقع عن المأمور نفلا ولا تجزيه عن حجة الإسلام فيه نظر، وقد صرح الباقاني في شرح الملتقى، وتبعه الشارح في شرحه عليه أيضًا بأنّه يخرج بها عن حجة الإسلام، فهٰذا ما تحر رلى فافهم والسلام. (رد المحتار على الدر المختار: (۲/۶۰۷، ۶۰۸) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب العمل على القياس دون الاستحسان، ط: سعيد)

▭ مناسک الملا على القارى: (ص: ۶۲۸) باب الحج عن الغير، فصل في شرائط جواز الإحجاج، الخامس عشر، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

▭ ولو أمره رجلان كل منهما بالحج عنه، فأحرم لهما معًا لم يصحّ، وضمن النفقة لكل منهما. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/۷۰۸) كتاب الحج، مبحث الحج عن الغير، الحنفية قالوا: الخ، ط: دار إحياء التراث العربى، بيروت)

کرانے والے کے گھر آنا ضروری نہیں ہے۔(۱)

حج بدل کے صحیح ہونے کی شرائط

☆ حج بدل کے صحیح ہونے کے لئے شرط یہ ہے کہ:

۱۔ حج بدل کرانے والا اور حج بدل کرنے والا دونوں مسلمان اور عاقل ہوں دیوانے اور پاگل نہ ہوں۔(۲)

حج بدل کے لئے کس کو بھیجنا چاہیے

''حج بدل کون کرسکتا ہے؟'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۲/ ۹٤)

حج بدل مجبوری کی وجہ سے کرنا

اگر کوئی شخص دل کا مریض ہے اور تکلیف برداشت سے باہر ہوگئی ہے اور حج کے لئے خود جانے کے قبل نہیں رہا، اور آئندہ بھی قابل ہونے کی امید نہیں ہے تو یہ شخص معذور ہے، کسی کو حج بدل کے لئے بھیج سکتا ہے، حج ہوجائے گا۔(۳)

---

(۱) ولو أحج رجلاً يؤدى الحج ويقيم بمكّة جاز ، والأفضل أن يحج ويرجع . (الهندية : (۱/ ۲۵۸) كتاب المناسك ، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير ، ط: رشيدية)

(۲) الثامن عشر: إسلام الآمر والمأمور دون الوصى كما فى الزكاة. التاسع عشر: عقلهما و عقل الوصى أيضًا...... العشرون: تمييز المأمور لأعمال الحج ، فلايصح إحجاج صبى غير مميز، ويصح إحجاج المراهق؛ لأنّه أهل لصحة الأفعال وإن لم يكن أهلا للوجوب، كما فى الدر وحواشيه. (غنية الناسك: (ص: ۳۳٦) باب الحج عن الغير، فصل فى شرائط النيابة فى الحج الفرض، ط: إدارة القرآن)

🗀 مناسک الملا علی القاری : (٦۳۴ ، ٦۳۵) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط جواز الإحجاج ، السادس عشر ، السابع عشر ، الثامن عشر ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗀 شامی : (۲/ ٦۰۱ ، ٦۰۳) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، شروط الحج عن الغير عشرون ، و قبيل : مطلب فى الحج الصرورة ، ط: سعيد .

(۳) وعن عبد اللّٰه بن زبير قال: جاء رجل من خثعم إلى رسول اللّٰه ﷺ فقال: إنّ أبى أدركه الإسلام وهو شيخ كبير لايستطيع ركوب الرحل ، والحج مكتوب عليه، أفأحج عنه؟ قال: ''أنت أكبر ولده؟'' قال: نعم، قال: ''أرأيت لو كان على أبيک دين فقضيته عنه، أكان يجزئ عنه؟'' =

حج بدل مرحوم کی طرف سے کرنا

اگر مرحوم پر حج فرض تھا، اور وہ زندگی میں اپنا حج نہ کر سکا، اور کوئی شخص اس کی طرف سے حج بدل کرانا چاہتا ہے، تو حج بدل کرتے ہوئے مرحوم کی طرف سے احرام باندھنا لازم ہوگا، ورنہ مرحوم کا فرض حج ادا نہیں ہوگا، اور اگر مرحوم پر حج فرض نہیں تھا تو مرحوم کی طرف سے حج کا احرام باندھنا لازم نہیں ہوگا بلکہ حج کرنے کے بعد حج کا ثواب بخشنے سے مرحوم کو حج کا ثواب مل جائے گا۔(۱)

= قال: نعم، قال: "فاحجج عنه"، رواه أحمد والنسائی بإسناد جید، وأخرج ابن حبان معناه من حدیث ابن عباس ...... ففی هٰذه الأحادیث دلالة علی أن من کان له فی حال عضبه و زمانته یبلغ أجرة من یحج عنه لزمه فرض الحج ، وجه الدلالة : قول الخثعمیة : أن فریضة اللّٰه أدرکت أبی شیخًا کبیرًا ، فذکرت إدراک الفریضة لأبیها فی حال عجزه . (البحر العمیق : (۱/۳۷۳) الباب الثالث فی مناسک الحج ، شرائط وجوب الأداء ، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة)

وفیه أیضًا: وأمّا من یجب علیه أن یحج عنه فی حیاته: وهو المسلم البالغ العاقل الحر العاجز عن الحج بنفسه، إمّا بکسر أو زمانة لایرجی زوالها أو مرض لایرجی برؤه، أو هرم لایستطیع علی الراحلة الا بمشقة شدیدة، وتسمیة الفقهاء المعضوب۔ بالضاد المعجمة أو بالصاد المهملة۔ وتقدم تفسیره فی أوائل الباب الثلاث، فهٰذا یجب علیه الإحجاج عن نفسه بشرطه. (البحر العمیق:(۴/۲۲۳۹) الباب الثامن عشر فی الحج عن الغیر، الفصل الأوّل فی الحج عن الحی العاجز، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة)

شامی: (۲/۵۹۴) کتاب الحج، مچلط فیمن حجبمال حرام، (قوله: صحیح البدن)، ط: سعید.

(۱) السادس : نیة الحج عن المحجوج عنه عند الإحرام أو تعیینه قبل الشروع فی الأعمال ، فلو قال بلسانه : أحرمت عن فلان ، أولبیک بحجة عن فلان فهو أفضل ، وإلا تکفی نیة القلب ...... تتمة : وهٰذه الشرائط کلها فی الحج الفرض ، وأمّا فی الحج النفل : فلایشترط شیئ منها غالبا إلا الإسلام ، والعقل والتمییز ،و النیة ، ولو بعد الأداء . (غنیة الناسک : (ص: ۳۲۵ ، ۳۳۶) باب الحج عن الغیر ، فصل فی شرائط النیابة فی الحج الفرض ، ط: إدارة القرآن)

(التاسع: النیة) أی نیة المحجوج عنه عند الإحرام أو بعده عند الإمام قبل أن یشرع فی أفعال الحج، (وهٰذه الشرائط کلها فی الحج الفرض، وأمّا فی الحج النفل فلایشترط فیه شیئ من هٰذه الشرائط غالبا) أی فی أکثر المسائل (الا الإسلام والعقل والتمییز) وفیه بحث سبق (والنیة) أی تشترط النیة فی النفل أیضًا، وتعتبر فی حقه (ولو بعد الأداء) أی أداء الأعمال وفراغها، ثم ینویها له ویجعل له ثواب حجه، وهٰذا ظاهر إذا أبهم النیة، بخلاف ما إذا عین غیره فی نیته، =

حج بدل مکہ سے کرنا

اگر کسی کو حج بدل کرنے کے لئے کہا اور وہ رمضان المبارک میں مکہ مکرمہ جا کر عمرہ کرنے کے بعد وہیں ٹھہر گیا، پھر اس کے بعد وہاں سے حج بدل کیا تو حج بدل ادا نہیں ہوگا۔(۱)

حج بدل میں بقیہ رقم

حج بدل میں حج سے واپس آنے کے بعد جو رقم باقی رہے وہ واپس کر دے۔(۲)

= لکن إذا نوی لنفسہٖ هل یجوز أن یجعل لغیره ثواب فعله نفلا ؟ الظاهر جوازه ، واللّٰه أعلم .
(مناسک الملا علی القاری : (ص: ۶۲۲ ، ۶۳۷) باب الحج عن الغیر ، فصل فی شرائب جواز الإحجاج ، ط: المکتبة الإمدادیة مکّة المکرّمة)

شامی : (۲/ ۶۰۱) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، مطلب شروط الحج عن الغیر عشرون ، ط: سعید .

(۱) ولو أمره بالحج فاعتمر ثمّ حجّ من مکّة فهو مخالف فی قولهم جمیعًا کذا فی المحیط ، فی الخانیة : ولایجوز ذٰلک عن حجة الإسلام . (الهندیة : (۱/ ۲۵۸) کتاب المناسک ، الباب الرابع عشر فی الحج عن الغیر ، ط: رشیدیه)

الدر مع الرد : (۲/ ۶۰۰) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، مطلب : شروط الحج عن الغیر عشرون ، الثانی عشر : أن یحرم من المیقات ، ط: سعید .

إرشاد الساری : (ص: ۶۲۷) باب الحج عن الغیر ، فصل : فی شرائط جواز الإحجاج ، العاشر : أن یحرم من المیقات ، وکذا باب الحج عن الغیر ، فصل : فی شرائط جواز الإحجاج ، الثالث : عدم المخالفة ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

(۲) وما فضل من النفقة من الزاد والأمتعة بعد رجوعه یردّه علی الورثة أو الوصی إلاّ أن یتبرّع الورثة ، أو أوصی له به المیتُ فیکون له . (إرشاد الساری : (ص: ۶۴۷) باب الحج عن الغیر ، فصل فی النفقة ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

شامی : (۲/ ۶۱۲) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، فروع : ، ط: سعید .

البحر الرائق : (۳/ ۶۴) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، ط: سعید .

غنیة الناسک : (ص: ۳۴۴) باب الحج عن الغیر ، فصل : فی النفقة ، ط: ادارة القرآن .

حج بدل میں پورا خرچہ دینا ضروری ہے

حج بدل میں پورا خرچہ یا خرچہ کا اکثر حصہ دینا ضروری ہے ورنہ حج بدل فرض ادا نہیں ہوگا بلکہ نفل ہو جائے گا، اور جس کی طرف سے حج کرایا گیا ہے اس کا فرض حج ساقط نہیں ہوگا۔

موجودہ دور میں حکومت کی اسکیم سے جانے کی صورت میں حکومت کے اعلان کے مطابق اور پرائیویٹ گروپ سے جانے کی صورت میں ان کے اعلان کے مطابق خرچہ دینا ہوگا۔

کم از کم وطن سے مکہ مکرمہ اور مکہ مکرمہ سے وطن واپسی کا خرچہ حج بدل کرانے والے کی طرف سے ہونا ضروری ہے، ورنہ حج بدل فرض ادا نہیں ہوگا۔(۱)

---

(۱) الخامس: أنّ يحج بمال المحجوج عنه بأن أمره صريحًا، والشرط كون أكثر النفقة من مال الميت، فإن أنفق الكل، أو الأكثر من مال نفسه، و فی المال المدفوع إليه وفاء بحجة، رجع به فيه، ويجزئه؛ لأنّ اشتراطه للإحتراز عن التبرّع لا مطلقا، وإن لم يكن فيه وفاء، أو لم يدفع إليه مالا، وقد أمره بالحج رجع به فی مال الميت، ويجزئه؛ لأنّه لما أمره بالحج فقد أمره بأن ينفق عنه، فإن لم يرجع و تبرع به لايجزئه لفقد شرطه، وإن أنفق أكثر النفقة من مال الميت والأقل من ماله جاز، وله أن يرجع أو يتبرّع بماله. (غنية الناسک: (ص: ۳۲۳) باب الحج عن الغير، فصل فی شرائط النيابة فی الحج الفرض، ط: إدارة القرآن)

وفيه أيضًا: فصل فی النفقة: هی ما يكفی الحاج المأمور لذهابه وإيابه إلى بلد الميت منفقا على نفسه بالمعروف من غير تبذير ولاتقتير من طعام و إدام ومنه اللحم وشراب وثياب فی الطريق الخ. (غنية الناسک: (ص: ۳۴۲) باب الحج عن الغير، فصل فی النفقة، ط: إدارة القرآن)

مناسک الملا علی القاری: (ص: ٦١٦) باب الحج عن الغير، فصل فی شرائط جواز الإحجاج، السادس، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

شامی: (۲/۶۰۲) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب فی الاستئجار على الحج، قوله: ولو أنفق من مال نفسه الخ، ط: سعيد.

البحر العميق: (۴/۲۲٦۳) الباب الثامن عشر فی الحج عن الغير، الفصل الأوّل فی الحج عن الحی العاجز، قوله: منها أن يكون حج المأمور بمال المحجوج عنه الخ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة. =

حج بدل میں پیسے کی کمی ہو جائے

حج بدل میں بھیجنے والے کے وطن سے حج کا سفر شروع کرنا ضروری ہے، لیکن اگر پیسے کم ہیں تو جہاں سے حج بدل کرانا ممکن ہو وہاں سے حج بدل کرادے۔(۱)

حج بدل میں سفر کا خرچہ کتنا دیا جائے

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے لیکن وہ معذور ہے حج کا سفر کرنے کے قابل نہیں ہے تو وہ شخص دوسرے آدمی کو مکمل خرچہ دے کر حج بدل کے لئے بھیج سکتا ہے، یعنی مکان سے مکہ مکرمہ پھر مکہ مکرمہ سے وطن آنے تک کا مکمل خرچہ دینا ضروری ہے، اگر وطن سے مکہ مکرمہ جانے کا اور مکہ مکرمہ سے وطن آنے کا خرچہ حج بدل کرانے والے کے پیسے سے نہیں ہوگا تو حج بدل فرض ادا نہیں ہوگا بلکہ نفل حج کا ثواب ملے گا۔(۲)

= وفيه أيضًا: ومنها: أن يكون الحج بمال الموصى أو أكثره لاتطوعا حتى لو أوصى الميت بأن يحج عنه بمال، فتبرع الوارث أو الأجنبى لايجوز، ولو قضى دينه عنه متطوعا جاز. (البحر العميق: (۲۳۵۲/۴) الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير الفصل الثامن عشر: فى الحج عن الغير، الفصل الثانى: الحج عن الميت الّذى فاته الحج فى عمره، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

(۱) ومنها : أن يحج من بلده الّذى يسكنه ؛ لأنّ الحج مفروض عليه من بلده ، فمطلق الوصية تنصرف إليه ...... هٰذا إذا كان ثلث ماله لايكفى لذٰلک ، أمّا إذا كان لايكفى فمن حيث يبلغ . البحر العميق : (۲۳۶۶/۴) الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير ، الفصل الثانى : الحج عن الميت الّذى فاته الحج فى عمره، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

(الثامن : أن يحج عنه من وطنه ان اتّسع الثلث) أى ثلث مال الميت (وإن لم يتّسع) أى الثلث يحج عنه من حيث يبلغ) أى استحسانا (وإن لم يمكن) أى أن يحج عنه بثلث ماله (من مكان بطلت الوصية) . (مناسک الملا على القارى : (ص: ۲۲۰) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط جواز الإحجاج ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)

شامى: (۶۰۰/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب شروط الحج عن الغير عشرون، ط: سعيد.

الهندية: (۲۵۹/۱) كتاب المناسک، الباب الخامس عشر فى الوصية بالحج، ط: رشيديه.

(۲) انظر الهامش السابق ، رقم : ۱. على الصفحة رقم: ۱۱۲ .

موجودہ دور میں حکومت کی اسکیم سے جارہا ہے تو حکومت کے اعلان کے مطابق پورا خرچہ دینا پڑے گا، اور اگر پرائیویٹ گروپ کے ساتھ جارہا ہے تو جس گروپ کے ساتھ جارہا ہے اس گروپ کے اعلان کے مطابق خرچہ دینا پڑے گا۔

حج بدل میں عام اجازت دیدیں

اگر حج بدل کرانے والا یہ اجازت دیدے کہ آپ تمتّع کریں، یا عمرہ اپنی طرف سے کریں اور حج میری طرف سے، یا وہ کہے کہ جیسا چاہو کرو تو پھر حج بدل کرنے والا جو بھی حج کرنا چاہے کرسکتا ہے۔(۱)

حج بدل میں قربانی کا حکم

☆حج بدل کرنے والے کو حج افراد یعنی صرف حج کا احرام باندھنا چاہیئے۔(۲)

---

(۱) وينبغي للآمر أن يفوض الأمر إلى المأمور فيقول : حجّ عنّي : أي بهٰذا كيف شئت مفردًا أو قارنًا أو متمتّعًا فيه : أنّ هٰذا القيد سهوٌ ظاهرٌ ، وفي حاشيته : قوله : (أنّ هٰذا القيد سهوٌ ظاهرٌ): قال القاضي : عيد في " شرحه " لهٰذا الكتاب : ولايخفٰى أن هٰذا سهو منه ؛ لأنّ الميت لو أمره بالتمتّع فتمتّع المأمور صحّ ، ولايكون مخالفًا بلا خلاف بين الأئمة الاسلاف ، فتدبّر ، هٰكذا في الحباب . (المسلك المتقسط في المنسك المتوسط مع إرشاد الساري : (ص: ٦٤٧) باب الحج عن الغير ، فصل : في النفقة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسك: (ص: ٣٤٣، ٣٤٤، ٣٤٥) باب الحج عن الغير، فصل في النفقة، ط: إدارة القرآن.

☐ کفایت المفتی: (۳۴۵/۴، ۳۴۶) کتاب الحج، الباب الثالث: الحج عن الغیر (حج بدل) حج کے بارے میں ایک تفصیلی فتوی، ط: دارالاشاعت، کراچی۔

(٢) وأمّا بيان مايصير به المأمور بالحج مخالفا و بيان حكمه إذا خالف فنقول: إذا أمر بحجة مفردة أو بعمرة مفردة فقرن فهو مخالف ضامن في قول أبي حنيفة...... ولأبي حنيفة أنّه لم يأت بالمأمور به لأنّه أمر بسفر يصرفه إلى الحج لا غير، ولم يأت به فقد خالف أمر الآمر فضمن. (بدائع الصنائع: (٢/٢١٣، ٢١٤) كتاب الحج، فصل وأمّا الّذي يرجع إلى النبات، ط: سعيد)

☐ مناسك الملا على القاري : (ص: ٦٢٦) باب الحج عن الغير ، فصل في شرائط جواز الإحجاج، الثالث عشر ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

☐ البحر العميق: (٤/٢٣٢٩) الباب الثامن عشر في الحج عن الغير، الفصل الأوّل في الحج عن الحي العاجز، قوله: وأمّا بيان مايصير به المأمور بالحج مخالفا الخ، ط: مؤسسة الريّان المكتبة المكيّة.

اور حج افراد میں حج کی وجہ سے قربانی واجب نہیں ہوتی، اس لئے جس نے حج بدل کرایا اس کی طرف سے قربانی کی ضرورت نہیں۔(۱)

جو حج بدل کر رہا ہے اگر وہ مقیم اور صاحب استطاعت ہے تو اپنی طرف سے قربانی کرے اور یہ قربانی چاہے وطن میں کرے، چاہے مکہ مکرمہ میں دونوں صحیح ہیں، اور اگر حج بدل کرنے والا مسافر ہے یا مقیم ہے لیکن اس کے پاس حج کے اخراجات کے علاوہ نصاب کے برابر ذاتی رقم نہیں ہے تو اس پر قربانی واجب نہیں ہوگی۔(۲)

☆اگر حج بدل کرنے والا حج بدل کرانے والے کی اجازت کے بغیر حج تمتع کرے گا تو تمتع کی قربانی کی رقم حج بدل کرنے والے کو اپنے مال سے دینا لازم ہوگا، حج بدل کرانے والے کے پیسے سے دینا لازم نہیں ہوگا۔

ہاں اگر حج بدل کرانے والے نے حج تمتع کرنے کی اجازت دی تو اس صورت

---

(۱) (ثم إن كان مفردًا) أى بالحج (يستحب له الذبح) أى مرتبا (فيذبح و يحلق) فلو حلق فذبح لاشيئ عليه (وإن كان قارنًا أو متمتّعًا يجب عليه الذبح). مناسک الملا علی القاری: (ص: ۳۱۸) باب مناسک متی، فصل فی الذبح، ط: المکتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۱۷۲) باب مناسک منی يوم النحر، فصل فی الذبح وأحكامه، ط: إدارة القرآن.

☜ البحر العميق: (۱۷۰۰/۳) الباب الثانی عشر فی الأعمال المشروعة يوم النحر، الثانی من الأعمال المشروعة يوم النحر: الذبح، قبيل: الكلام فی الأضحية، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.

(۲) (وشرائطها: الإسلام والإقامة واليسار الّذی يتعلق به) وجوب (صدقة الفطر). قال المحقق تحته فی الرد: (قوله: والإقامة) فالمسافر لاتجب عليه وإن تطوّع بها أجزأته عنها...... (قوله: واليسار الخ) بأن ملک مائتی درهم أو عرضًا يساويها غير مسكنه وثياب اللبس (ومتاع يحتاج إلى أن يذبح الأضحية). (شامی: (۳۱۲/۲) كتاب الأضحية، ط: سعيد)

☜ (فتجب) التضحية ...... (على حر مسلم مقيم) بمصر أو قرية أو بادية، عينى، فلاتجب على حاج مسافر. (الدر المختار مع رد المحتار: (۳۱۵/۲) كتاب الأضحية، ط: سعيد)

☜ إن الرجل إذا كان فی مصر وأهله فی مصر فكتب إليهم ليضحوا عنه فإنّه يعتبر مكان التضحية فينبغی أن يضحوا عنه بعد فراغ الإمام من صلاته فی المصر الّذی يضحی عنه فيه. (الهندية: (۲۹۶/۵) كتاب الأضحية، الباب الرابع فيما يتعلق بالمكان والزمان، ط: رشيديه)

☜ بدائع الصنائع: (۷۴/۵) كتاب التضحية، فصل: وأمّا شرائط جواز إقامة الواجب، ط: سعيد.

میں قربانی کا پیسہ حج بدل کرانے والے کی اجازت سے اس سے لینا درست ہوگا۔(۱)

حج بدل میں کس کی طرف سے نیت کرنا ضروری ہے

حج بدل میں جس کے پیسے سے حج کا سفر کررہا ہے، اور پیسہ خرچ کررہا ہے اس کی طرف سے حج کرنا ضروری ہے۔(۲)

---

(۱) جميع الدماء المتعلقة بالحج أى بنفسهٖ كدم شكر والإحرام أى بارتكاب محظور فيه ...... على المأمور ...... إلا دم الإحصار خاصة فإنّه فى مال الآمر ...... حتى لو أمره بالقران أو التمتّع فالدم على المأمور أى فى مال نفسهٖ . (إرشاد السارى : (ص: ٦٥٠) باب الحج عن الغير ، فصل : جميع الدماء على المأمور ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

(ودم القران) والتمتّع (والجناية على الحاج) إن أذن له الآمر بالقران والتمتّع وإلا فيصير مخالفًا فيضمن (قوله : على الحاج) أى المأمور أمّا الأوّل فلأنّه وجب شكرًا على الجمع بين النسكين وحقيقة الفعل منه وإن كان الحج يقع عن الآمر ؛ لأنّه وقوع شرعى لاحقيقى . (الدر مع الرد : (٢/ ٦١١) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، ط: سعيد)

غنية الناسک : (ص: ٣٤٥) باب الحج عن الغير ، فصل : فى النفقة ، ط: إدارة القرآن .

ودم القران والتمتّع والجناية على الحاج إن أذن له الآمر بالقران والتمتّع وإلا فيصير مخالفا فيضمن. (الدر مع الرد: (٢/ ٦١١) باب الحج عن الغير، مطلب العمل على القياس دون الاستحسان، ط: سعيد)

فإن أمره غير أن يقرن عنه فالدم على من أحرم ؛ لأنّه وجب شكرًا بما وفّقه اللّٰه تعالىٰ من الجمع بين النسكين ، والمأمور هو المختصّ ، لهٰذه النعمة ؛ لأنّ حقيقة الفعل منه . (الهداية : (١/ ٢٩٨) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ......

و دم المتعة والقران والجنايات على المأمور ، فأما دم المتعة والقران ، فلأنّه وجب شكرًا وفق لأداء النسكين وهو الّذى حصلت هٰذه النعمة ، وأمّا دم الجنايات فلأنّه هو الجانى (الفقه الحنفى : (ص: ٤٦٩) الحج عن الغير ، ط: بيروت)

(٢) السادس: نية الحج عن المحجوج عن الإحرام أو تعيينه قبل الشروع فى الأعمال. (غنية الناسک: (ص: ٣٢٥) باب الحج عن الغير، فصل فى شرائط النيابة فى الحج الفرض، ط: إدارة القرآن)

الدر المختار مع رد المحتار: (٢/٥٩٨، ٥٩٩) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب فى الفرق بين العبادة والقربة والطاعة، ط: سعيد.

البحر العميق: (٤/٢٢٦٣) الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير، الفصل الأوّل فى الحج عن الحى العاجز، قوله:ومنها: نية المحجوج عنه الخ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.

حج بدل میں کیا نام لینا ضروری ہے

حج بدل میں جس کی طرف سے حج بدل کیا جارہا ہے اس کا نام لینا ضروری نہیں بہتر ہے، دل میں یہ نیت کرلینا کہ ''فلاں کی طرف سے احرام باندھتا ہوں'' کافی ہے، اگر احرام باندھتے وقت حج بدل کرانے والے کی طرف سے نیت نہیں کرے گا تو حج بدل ادا نہیں ہوگا۔(۱)

---

(۱) ومنها: نية المحجوج عنه عند الإحرام؛ لأنّ النائب يحج عنه لا عن نفسه، فلا بدّ من نيّته، والحاج عن غيره إن شاء الله، قال: نويت الحج عن فلان وأحرمت به لله تعالىٰ عنه، لبيك عن فلان، وهٰذا هو الأفضل، كما إذا حج عن نفسه، وإن شاء اكتفىٰ بالنية؛ لأنّ الله تعالىٰ عالم بالسرائر و الضمائر ولو أمره رجل أن يحج عنه وأعلمه باسمه، فنسى المأمور اسم الآمر عند الإحرام فنوى بقلبه أن يكون الحج عن الآمر ولم يعينه يصحّ . (البحر العميق: (۲۲۶۳/۴)الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير، الفصل الأوّل فى الحج عن الحى العاجز، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

السادس: نية الحج عن المحجوج عنه عند الإحرام أو تعيينه قبل الشروع فى الأعمال، فلو قال بلسانه: أحرمت عن فلان، أو لبيک بحجة عن فلان فهو أفضل، والا تكفى نية القلب، ولو نسى اسمه فنوى عن الآمر صح، ولو أطلق النية عن ذكر المحجوج عنه، فله أن يعينه قبل الشروع فى الأعمال ،وإن لم يعينه حتى شرع فى الأعمال، تعذرالتعيين، وتحققت المخالفة، فيقع الحج عنه، وعليه الضمان . (غنية الناسک: (ص: ۳۲۵) باب الحج عن الغير، فصل فى شرائط النيابة فى الحج الفرض، ط: إدارة القرآن)

مناسک الملا على القارى: (ص: ۴۲۲) باب الحج عن الغير، فصل فى شرائط جواز الإحجاج الخ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة .

شامى: (۵۹۸/۲، ۵۹۹) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب فى الفرق بين العباده والقربة والطاعة، ط: سعيد .

الهندية: (۲۵۷/۱) كتاب المناسک، البا ب الرابع عشر فى الحج عن الغير، ط: رشيديه.

الهندية: (۶۱/۳) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، (قوله: والشرط العجز الدائم إلى وقت الموت)، ط: سعيد .

بدائع الصنائع: (۲۱۳/۲) كتاب الحج، فصل: وأمّا الّذى يرجع إلى النبات، تحت قوله: ومنها إذا أمن عليه بنفسه حال قدرته الخ، ط: سعيد .

حج بدل میں نیت کس کی کرے

☆حج بدل میں حج کرانے والے کی طرف سے نیت کرنا لازم ہے، اس لئے احرام باندھتے وقت یوں کہے ”کہ میں فلاں مرد یا فلانی عورت کی طرف سے حج کا احرام باندھتا ہوں اور تلبیہ کہتا ہوں“ اور یہ نیت دل میں کرلینا کافی ہے۔(۱)

☆اگر حج بدل کرنے والے نے احرام باندھتے وقت حج بدل کرانے والے کی طرف سے نیت نہیں کی بلکہ نیت اپنی طرف سے کرلی تو حج بدل ادا نہیں ہوگا۔(۲)

حج بدل میں جس کی طرف سے حج بدل کیا جاتا ہے اس کا نام زبانی لینا ضروری نہیں بہتر ہے، دل میں صرف یہ نیت کرلینا بھی کافی ہے کہ فلاں شخص کی طرف سے احرام باندھتا ہوں، اگر احرام باندھتے وقت حج کرانے والے کی طرف سے احرام کی نیت نہیں کی، اور حج کے اعمال شروع کردیئے تو حج بدل صحیح نہیں ہوگا۔(۳)

حج بلا نذر بھی واجب ہے

کبھی حج نذر کے بغیر بھی واجب ہوجاتا ہے، مثلاً اگر کوئی شخص میقات سے احرام کے بغیر گزر جائے تو اس پر حج یا عمرہ واجب ہوجاتا ہے، تو اگر ایسا شخص حج کریگا تو یہ حج واجب ہوگا۔(۴)

(۱،۲،۳) انظر االحاشية السابقة، رقم: ۱. على الصفحة رقم: ۱۱۷، (ومنها: نية المحجوج عنه عند الإحرام؛)

(۴) وقد يجب الحج كما إذا جاوز الميقات بغير إحرام، فيجب عليه أحد النسكين، فإن اختار الحج اتصف بالوجوب، فيكون من قبيل الواجب المخير. (غنية الناسک: (ص:۱۰) مقدمة: فی تعریف الحج و مايتعلق بفرضيته، ط: إدارة القرآن)

الدر المختار مع رد المحتار: (۲/۴۵۵، ۴۵۶) کتاب الحج، ط: سعيد.

البحر الرائق: (۲/۳۱۰، ۳۱۱) کتاب الحج، قبيل (قوله: بشرط حرية و بلوغ الخ)، ط: سعيد.

حج بیچنا

''حج خریدنا'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۲/۱۲۶)

حج پانچواں رکن ہے

حاجی حج کے ذریعہ اسلام کا پانچواں اور آخری اہم رکن ادا کر کے اپنے دین کی تکمیل کرتا ہے، اس لئے کہا گیا ہے کہ ''حج مبرور اور حج مقبول کے بعد ایک نئی زندگی حاصل ہوتی ہے، گزرے ہوئے زمانہ کی کمزوریوں کا جائزہ لیکر نئی زندگی کے لئے کوئی ایسی نئی راہ اختیار کرلے جس سے واضح طور پر معلوم ہو کہ حاجی صاحب میں نمایاں طور پر تبدیلی پیدا ہوئی اور دینی، اخلاقی، معاشرتی، اعتبار سے حاجی صاحب کے خیالات، رجحانات اور ارادوں کی دنیا بدل گئی ہے۔(۱)

حج پر پابندی لگادی

اگر حکومت کی طرف سے مستقل طور پر مسلمانوں کو حج کرنے کی اجازت نہ ہو تو ان پر امام اعظم ابوحنیفہ کے نزدیک حج ادا کرنا فرض نہیں ہوگا، اوران کے لئے حج

---

(۱) وينبغي أن يجتهد في محاسنه في باقي عمره، وأن يزداد خيره بعد العود، فعلامة الحج المبرور، وقبول زيارة خير مزور، أن يعود خيرًا مما كان في جميع الأمور، فإن رأى في نفسه نزوعًا عن الأباطيل وتجافيًا عن دار الغرور، وإنابة إلى دار الخلود، فليحترز أن يدنس ذٰلک بطلب الفضول، ويستبشر بحصول خلعة القبول وهو غاية المطلوب، والمسؤول ونهاية المقصود والمأمول وبه يتمّ لباب المرام. (إرشاد الساری: (ص: ۷۵۴) باب زيارة سيد المرسلين ﷺ، فصل: فی آداب الرجوع من سفر الحج، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗀 الفقه الإسلامی وأدلّته: (۳/۳۵۵) الباب الخامس: الحج والعمرة، الفصل الثالث: آداب السفر للحج وغيره، وآداب الحاج العائد، المبحث الثانی: آداب رجوع الحاج من سفره، ط: دار الفكر بيروت.

🗀 غنية الناسک: (ص: ۳۸۹) خاتمة فی زيارة قبر الرسول ﷺ، فصل فی آداب الرجوع، ط: إدارة القرآن.

بدل کی وصیت کرنا بھی لازم نہیں ہوگا۔ مستقل طور پر پابندی کی صورت میں اس قول پرفتویٰ دینا چاہیے۔(۱)

مزید ''حکومت حج کرنے نہ دے'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۲۳۷)

حج پر روانگی سے پہلے

☆ حج پر روانگی سے پہلے یہ سمجھے کہ آقا کی طلبی پر غلام اس کے آستانے پر حاضری کا قصد کرتا ہے، اور قبولیت کا امیدوار ہو کر وطن چھوڑ رہا ہے، اور اس طرح نکلے کہ دنیا چھوڑ رہا ہے، کسی پر ظلم وزیادتی کی ہو تو اس سے معافی مانگ لے، اگر کسی کا حق ہو تو اس کا حق ادا کردے، کسی کا دل دکھایا ہو یا ناحق ستایا ہو تو اس سے معافی مانگ لے۔

☆ دو رکعت نماز توبہ کی نیت سے پڑھے، اس کے بعد درود شریف پڑھے، سچے دل کے ساتھ اپنے گزشتہ چھوٹے بڑے تمام گناہوں سے توبہ کرے، زبان سے استغفار پڑھے دل میں گزشتہ گناہوں پر نادم ہو، آئندہ کے لئے پختہ ارادہ کرے کہ

---

(۱) هٰذا ظاهر المذهب عن أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ، وهو رواية عنهما، و ظاهر الرواية عنهما أنه يجب عليهم، فإن أحجّوا أجزأهم مادام العجز مستمرًا بهم، فإن زال فعليهم الإعادة بأنفسهم، و ظاهر ما في التحفة اختياره فإن اقتصر عليه، وكذا الاسبيجابي، و قواه المحقق في فتح القدير، كذا في البحر الرائق، وألحق بهم المحبوس والخائف من السلطان الّذي يمنع النّاس عن الخروج إلى الحج، وكذا لايجب الإحجاج عنهم . (الهندية : (۲۱۸/۱) كتاب المناسك، الباب الأوّل، ومنها سلامة البدن، ط: رشيديه)

☐ غنية الناسك: (ص: ۲۴) باب شرائط الحج، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء، ط: إدارة القرآن .

☐ الدر مع الرد : (۴۵۹/۲) كتاب الحج، مطلب : فيمن حج بمال حرام، ط: سعيد .

☐ إرشاد الساري : (ص: ۷۵، ۷۶) باب شرائط الحج، النوع الثاني، شرائط الأداء، الشرط الثالث : عدم الحبس والمنع والخوف، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة .

پھر کبھی ایسا نہیں کرے گا۔(۱)

حج پہلے خود کرے یا والدین کو کرائے

☆اگر لڑکے کے پاس اتنی استطاعت ہے کہ والدین کو اپنے ساتھ حج کے لئے لے جاسکتا ہے تو والدین کو بھی حج میں ساتھ لے جانا چاہیے، اور اگر اس وقت والدین کو ساتھ لے جانے کی حیثیت نہیں ہے، صرف خود جانے کی استطاعت ہے، تو خود جا کر حج ادا کرے پہلے والدین کو حج کرانا اس کے بعد پھر خود جانا یہ شرعی حکم نہیں ہے، استطاعت ہوجانے پر والدین کو بھی حج کرانے کی نیت رکھے اور کوشش کرتا رہے۔(۲)

---

(۱) فإذا عزم على الحج ينبغي له البداية بالتوبة بشروطها من رد المظالم إلى أهلها عند الإمكان، وقضاء ما قصر في فعله من العبادات، والندم على تفريطه في ذٰلک، والعزم على عدم العود إلى مثل ذٰلک والاستحلال من ذوي الخصومات والمعاملات، فإن ماتوا فالإستغفار لهم...... وإذا أراد الخروج يصلي ركعتي السفر في بيته ويخرج خروج الخارج من الدنيا، ويودع المسجد بركعتين أيضًا. (غنية الناسک: (ص: ۳۴ـ ۳۸) باب ماينبغي لمريد الحج من آداب سفره، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساري: (ص: ۷، ۸) مقدمة في آداب مريد الحج، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

▭ البحر العميق: (۱/ ۴۲۴، ۴۲۵، ۴۲۶) الباب الرابع: في مقدمات السفر وآدابه، الأمر الثالث: ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.

(۲) (فرض)...... (مرة)...... (على الفور) في العام الأوّل عند الثاني وأصحّ الرواتين عن لإمام، و مالک و أحمد فيفسق وترد شهادته بتأخيره أي سنينًا؛ لأنّ تأخيره صغيرة، وبارتكابه مرة لايفسق إلّا بالإصرار...... و قالوا لو لم يحج حتى أتلف ماله و سعه أن يستقرض ويحج ولو غير قادر على وفائه ويرجى أن لايؤاخذه اللّٰه بذٰلک. (الدر مع الرد: (۲/ ۴۵۶، ۴۵۷) كتاب الحج، ط: سعيد)

▭ وإذا وجدت الشروط فالوجوب على الفور فيقدّمه خائف العذوبة على التزوّج ويأثم المؤخر عن سنة الإمكان. (مناسک الملا على القاري: (ص: ۸۹) باب شرائط الحج، النوع الرابع: شرائط وقوع الحج عن الفرض، فصل: وجوب الحج على الفور، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک: (ص: ۲۰، ۳۲) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، وفصل: فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء أو الوجوب فقط ، ط: إدارة القرآن .

▭ البحر العميق: (۱/ ۴۱۱، ۴۱۲) الباب الثالث في مناسک الحج ، فصل : فرضية الحج على الفور ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة .

☆جب بیٹے پر خود حج فرض ہے تو والدین کو حج کرانے سے اس کا اپنا فرض حج ادا نہیں ہوگا، اس کو خود اپنا فرض حج کرنا لازم ہے۔(۱)

حج پہلے کرے دوسرے کام بعد میں

☆جس پر حج فرض ہو اس کو پہلے حج کرنا چاہیے اس کے بعد گنجائش ہو تو دوسرے نیک کام کرے مثلاً مسجد یا مدرسہ تعمیر کرائے، اس میں تعاون کرے وغیرہ۔

☆حج فرض ہونے کے بعد پہلے اس کی ادائیگی ضروری ہے، بقیہ کاموں کا درجہ اس کے بعد ہے۔(۲)

حج تمتع

''تمتع'' کے لغوی معنی ہیں: کچھ وقت تک فائدہ اٹھانا، (۳) اور شریعت کی اصطلاح میں تمتع کا معنی حج تمتع کرنا۔

حج تمتع یہ ہے کہ آدمی عمرہ اور حج ساتھ ساتھ کرے، لیکن اس طرح کہ دونوں کے احرام الگ الگ باندھے اور عمرہ کر لینے کے بعد احرام کھول کر ان ساری چیزوں سے فائدہ اٹھائے جو احرام کی حالت میں ممنوع ہو گئی تھیں۔

پھر حج کا احرام باندھ کر حج ادا کرے، اس طرح حج میں چونکہ عمرہ اور حج کی درمیانی مدت میں احرام کھول کر حلال چیزوں سے فائدہ اٹھانے کا کچھ وقت مل جاتا ہے اس لئے اس کو حج تمتع کہتے ہیں۔(۴)

(۱، ۲) انظر الی الحاشیة السابقة رقم: ۲، فی الصفحة رقم: ۱۲۱. ((فرض)...... (مرة)......)

(۳) تمتّع بکذا: لطف اندوز ہونا، فائدہ اٹھاتے رہنا، مستفید ہونا، حاصل کرنا، تمتّع بالعمرة إلی الحج: عمرہ کر کے حرم میں رہنا اور حج کرنا، یعنی عمرہ کو حج کے ساتھ ملا دینا۔ (القاموس الوحید: (ص: ۱۵۲۱) باب المیم، م۔ت، ط: إدارہ اسلامیات، لاہور کراچی)

(۴) ھو فی اللغة بمعنی: التلذذ، والإنتفاع بالشيئ. وفی الشریعة کما قال: وھو الترفق أی لغیر المکی بأداء النسکین أی العمرة والحج فی أشھر الحج فی سنةٍ واحدةٍ من غیر إلمام أی بأھله =

البتہ قارن عمرہ سے فارغ ہونے کے بعد احرام کی حالت میں باقی رہے گا، اوران چیزوں سے فائدہ نہیں اٹھا سکے گا۔(۱)

☆ حج تمتع کرنے والا بیت اللہ میں حاضری کے بعد عمرہ کا طواف اور صفا مروہ کی سعی کرنے کے بعد حلق یا قصر کر کے احرام سے نکل جائے گا، پھر آٹھ ذی الحجہ کو منی جانے سے پہلے حرم میں حج کا احرام باندھے گا، اوراس احرام کو ذی الحجہ کی دس تاریخ کو بڑے شیطان کو سات کنکریاں مارنے کے بعد دم شکر (قربانی کے جانور) کو ذبح کرنے کے بعد حلق یا قصر تک باقی رکھے گا۔(۲)

= بينهما إلماماً صحيحًا أى بأن يكون حال تحلّله من عمرته و قبل شروعه فى حجته. وزاد بعضهم: فى سفر واحدٍ كما ذكره صاحب "الهداية" وزاد آخرون: بإحرام مكى للحج. وإنّما سمّى متمتّعا لانتفاعه بالتقرّب إلى اللّٰه تعالىٰ بالعبادتين كما اختاره المصنّف، أو لتمتّعه بمحظورات الإحرام بعد تحلّله من العمرة، أو لانتفاعه بسقوط العود إلى الميقات، ولايبعد أن يقال: لتمتّعه بالحياة حتى أدرک إحرام الحجّة. (إرشاد السارى: (ص: ٣٧٩، ٣٨٠) باب التمتّع، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ٢١٢) باب التمتّع، فصل فى ماهية التمتّع وشرائطه، ط: إدارة القرآن.

التاتارخانية: (٢/٣٩٥، ٣٩٦) كتاب الحج، الفصل العاشر: فى المتمتّع، ط: قديمى.

الهندية: (١/٢٣٨) كتاب المناسک، الباب السابع: فى القران والمتمتّع، ط: رشيديه.

(١) إذا دخل أى القارن مكّة بدأ بأفعال العمرة وإن أخرها فى الإحرام ...... ثم يقيم حرامًا أى محرمًا؛ لأنّ أوان التحلّل يوم النحر، فإن حلق تكون جنايته على إحرامين ...... (إرشاد السارى: (ص: ٣٦٧، ٣٦٨) باب القران، فصل: فى بيان أداء القران، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ٢٠٥) باب القران، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد: (٢/٥٣٢) كتاب الحج، باب القران، ط: سعيد.

(٢) هو أن يحرم الآفاقى بعمرة من الميقات أو قبله فإذا دخل مكّة طاف لعمرته فى أشهر الحج، ويقطع التلبية إذا ابتدأ بالطواف، وسعى بين الصفا والمروة، ثم حلق أو قصر، ثم أقام بمكّة حلالا! يطوف بالبيت ما بداله ويعتنى بسائر ماسبق له فى فصل ما ينبغى الاعتناء به بعد السعى، ويعتمر قبل الحج ماشاء ...... فإذا جاء الحج أحرم به كأهل ذٰلک الموضع، فلو أقام بمكّة فإذا كان يوم التروية أحرم به، وقبله أفضل، وأفضل أماكنه الحطيم، ثم المسجد، ثم مكّة، ثم الحرم، ويصحّ من خارج الحرم، ولكنه يجب كونه فيه إلّا إذا خرج للحل لحاجة، =

☆حج تمتع کرنے والے پر طواف قدوم نہیں ہے۔(۱)

☆تمتع کرنے والا عمرہ کے طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل اور ساتوں چکروں میں اضطباع کرے گا۔(۲)

☆عورتوں کیلئے رمل اور اضطباع کا حکم بالکل نہیں، اس لئے عورتیں طواف میں رمل اور اضطباع بالکل نہ کریں۔(۳)

= فأحرم منه لاشيئ عليه، بخلاف مالو خرج لقصد الإحرام منه، فإذا أراد المتمتّع وكذا المكى أن يحرم بالحج يأتى بماسبق له فى الإحرام من إزالة التفث، والاغتسال والتطيب وغير ذٰلک...... وحج كالمفرد إلّا أنّه لايطوف للقدوم...... وإذ رمى يوم النحر ذبح للتمتّع كالقران. (غنية الناسک: (ص: ۲۱۵، ۲۱۶) باب التمتّع، فصل: فى كيفية أداء التمتّع المسنون، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۴۰۵ ، ۴۰۶ ، ۴۰۷ ، ۴۰۸ ، ۴۰۹) باب التمتّع ، فصل : المتمتّع على نوعين ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

▭ الهندية: (۱/۲۳۸، ۲۳۹) كتاب المناسک، الباب السابع فى القران والتمتّع، ط: رشديه.

(۱) وحج كالمفرد إلّا أنّه لا يطوف للقدوم . (غنية الناسک : (ص: ۲۱۶) باب التمتّع ، فصل: فى كيفية أداء التمتّع المسنون ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۴۰۷) باب التمتّع ، فصل : المتمتّع على نوعين ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

▭ الهندية : (۱/ ۲۳۹) كتاب المناسک ، الباب السابع : فى القران والتمتّع ، ط: رشيديه.

(۲) ويرمل فى طواف العمرة فى الثلاث الأول ، ويمشى فى الباقى على هيئته باتفاق الأربعة؛ لأنّ هٰذا طواف بعده سعى ...... ويضطبع عند الأئمة الثلاثة خلافًا للمالكية ...... (البحر العميق : (۴/ ۲۰۵۸ ، ۲۰۵۹) الباب الرابع : فى العمرة ، سنة العمرة ومستحباتها ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

▭ إرشاد السارى: (ص: ۶۵۵) باب العمرة، صفة العمرة إجمالاً، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

▭ والأصل أن كل طواف بعده سعى ، فمن سننهٖ الاضطباع والرمل وإلّا فلا . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۹) باب ماهية الطواف وأنواعهٖ وأركانهٖ وشرائطهٖ وسائر أحكامهٖ ، فصل : وأمّا سنن الطواف ، ط : إدارة القرآن)

▭ شامى : (۲/۴۹۵ ، ۴۹۸) كتاب الحج ، مطلب : فى دخول مكّة ، ومطلب فى طواف القدوم ، ط؛ سعيد .

(۳) انظر الى الحاشية الاتية رقم: ۱، فى الصفحة رقم: ۱۲۶ . (ولاترمل ولاتضطبع)

حج تمتع کے افعال	
احرام عمرہ	شرط
طوافِ عمرہ معہ رمل	رکن
سعی عمرہ	واجب
سَر منڈانا	واجب
آٹھویں ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھنا	شرط
وقوفِ عرفہ	رکن
وقوفِ مزدلفہ	واجب
رمی جمرہ عقبہ	واجب
قربانی	واجب
سَر منڈانا	واجب
طوافِ زیارت	رکن
سعی حج	واجب
رمی جمار	واجب
طوافِ وداع	واجب

حج ثانی کے لئے پانچ سال کی قید

حکومت کی جانب سے ایک مرتبہ حج کرنے کے بعد دوسری مرتبہ حج کرنے کے لئے پانچ سال کی قید لگانا شرعا درست نہیں، اور پانچ سال کے اندر دوسری مرتبہ حج کرنے کے لئے جھوٹے حلف نامے پر دستخط کرنا بھی جائز نہیں۔(۲)

حج خریدنا

حج خریدنا اور بیچنا جائز نہیں ہے، نہ اس سے ثواب ملے گا اور نہ ہی اس سے فرض ادا ہوگا، اس لئے اگر کوئی حاجی حج فروخت کرنا چاہے تو کوئی بھی شخص اس کو نہ

---

(۱) ولاترمل ولاتضطبع ولا تسعى بين الميلين ...... لأنّ أصل مشروعيته لإظهار الجلد وهو للرجال، ولأنّه يخل بالستر، وكذا السعي: أى الهرولة بين الميلين فى السعى، والاضطباع سنة الرمل. (الدر مع الرد: (۵۲۸/۲) كتاب الحج، قبيل باب القران، ط: سعيد)

☜ إرشاد السارى: (ص: ۱۶۲) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

☜ غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل فى إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن.

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن يذكر فيها اسمه وسعى فى خرابها أولٰئک ما كان لهم أن يدخلوها إلّا خائفين﴾ (سورة البقرة: ۱۱۴)

☜ وظاهر الآية: العموم فى كل مانع، وفى كل مسجد وخصوص السبب لايمنعه، وسعى فى خرابها: أى هدمها و تعطيلها ...... "أولٰئک" الظالمون المانعون الساعون فى خرابها "ماكان لهم أن يدخلوها إلّا خائفين". (روح المعانى للعلامة الآلوسى: (۳۶۳/۱، ۳۶۴) سورة البقرة، الآية: ۱۱۴، ط: دار إحياء التراث العربى، بيروت)

☜ ومما يدل على أنّه عام فى سائر المساجد وأنّه غير مقصود على بيت المقدس خاصة أو المسجد الحرام خاصة، إطلاقه ذٰلک فى المساجد فلايخص شيئ منه إلّا بدلا له. (أحكام القرآن للجصاص: (۸۷/۱) سورة البقرة، باب فى نسخ القرآن بالسنة وذكر وجوه النسخ، ط: قديمى)

خریدے ورنہ سارے پیسے ضائع ہو جائیں گے اور فائدہ کچھ نہیں ہوگا۔(۱)

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے اور وہ معذور نہیں ہے تو خود جا کر حج ادا کرے اور اگر معذور ہے تو شرائط کے مطابق حج بدل کرادے۔(۲)

---

(۱) وکون المعقود علیه ...... کونه موجودًا متقوّمًا مملوکًا فی نفسهٖ . (الدر المختار : (۴/ ۵۰۵) کتاب البیوع ، مطلب : شرائط البیع وأنواع أربعة ، ط: سعید)

☜ ولم أر حکم من أخذ شیئًا من الدنیا لیجعل شیئًا من عبادته للمعطی ، وینبغی أن لایصحّ ذٰلک اهـ : أی لأنّه إن کان أخذه علی عبادة سابقة یکون ذٰلک بیعًا لها ، وذٰلک باطل قطعًا ، وإن کان أخذه لعمل لیعمل یکون إجارة علی الطاعة وهی باطلة أیضًا ، کما نص علیه فی المتون والشروح والفتاوٰی . (شامی : (۵۹۵/۲) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، مطلب : فیمن أخذ فی عبادته شیئًا من الدنیا ، ط: سعید)

☜ الهدایة: (۵۳/۳) کتاب البیوع ، باب البیع الفاسد ، ط: شرکة علمیة ملتان.

☜ الأصل : أنّ کل طاعة یختص بها المسلم ، لایجوز الاستئجار علیها عندنا لقوله علیه السلام: " اقرأوا القرآن ولاتأکلوا به " فالاستئجار علی الطاعات مطلقًا لایصحّ عند أئمتنا الثلاثة...... (فتاوٰی تنقیح الحامدیة : (۱۳۷/۲) کتاب الإجارة ، مطلب : فی حکم الاستئجار علی التلاوة ، ط : ......

☜ رسائل ابن عابدین : (۱۶۷/۱) شفاء العلیل وبل الغلیل فی حکم الوصیة بالختمات والتهالیل ، ط: سهیل اکیڈمی لاهور .

☜ الخانیة علی هامش الهندیه: (۳۲۵/۲) کتاب الإجارات، باب الإجارة الفاسدة، ط: رشیدیه.

(۲) (العبادات ثلاثة أنواع) : مالیة محضة کالزکوٰة وصدقة الفطر ، وبدنیة محضة کالصلوٰة والصوم ، ومرکبة منهما کالحج ،و الإنابة تجری فی النوع الأوّل فی حالتی الاختیار والاضطرار، ولا تجری فی النوع الثانی ، وتجری فی النوع الثالث عند العجز کذا فی الکافی . (الهندیة : (۲۵۷/۱) کتاب المناسک ، الباب الرابع عشر فی الحج عن الغیر ، ط: رشیدیه)

☜ وکان مقتضی القیاس أن لاتجری النیابة فی الحج لتضمنه للمشقتین البدنیة والمالیة والأولیٰ لایکتفی فیها بالنائب لکنه تعالیٰ رخّص فی اسقاطهٖ بتحمل المشقة الأخرٰی ، أعنی إخراج المال عند العجز المستمر إلی الموت رحمة و فضلا بأن تدفع نفقة الحج إلی من یحج عنه . (البحر الرائق : (۶۰/۳) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ،ط : سعید)

☜ شامی : (۵۹۸/۲) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، مطلب فی الفرق بینا لعبادة والقربة والطاعة ، ط: سعید .

☆ کسی کا پہلا کیا ہوا حج خریدنا یا خرید کر اس کا ثواب میت کو پہنچانا جائز نہیں ہے کیونکہ حج کی خرید وفروخت نہیں ہو سکتی۔(۱)

☆ کسی آدمی کو حج کا خرچہ دے کر اس سے نفلی حج ادا کرا کر اس کا ثواب میت کو پہنچانا جائز ہے مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ نفلی حج کرنے والا احرام باندھتے وقت اسی میت کی طرف سے حج کرنے کی نیت کرے، اور اس کی طرف سے احرام باندھے۔(۲)

حج دوسرے کی طرف سے کرنا

دوسرے آدمی کی طرف سے نفلی حج کرنا یا ثواب پہنچانے کیلئے نفلی حج کرنا جائز ہے حج کرنے والے اور جس کی طرف سے یا جس کو ثواب پہنچانے کیلئے کیا ہے سب

---

(۱) [تنبیه] قال فی البحر: ولم أر حکم من أخذ شیئًا من الدنیا لیجعل شیئًا من عبادتہٖ للمعطی، وینبغی أن لایصح ذٰلک اھـ أی لأنّه إن کان أخذه علی عبادة سابقة یکون ذٰلک بیعا لها، وذٰلک باطل قطعًا، وإن کان أخذه لیعمل یکون إجارة علی الطاعة وهی باطلة أیضًا کما نص علیه فی المتون والشروح والفاوٰی. (شامی: (۵۹۵/۲) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، مطلب فیمن أخذ فی عبادتہٖ شیئًا من الدنیا، ط: سعید)

▭ البحر: (۵۹/۳) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، ط: سعید.

(۲) والأصل فیه أنّ الإنسان له أن یجعل ثواب عمله لغیره صلاة أو صوما أو صدقة أو قراءة أو ذکرا أو طوافا أو حجا أو عمرة أو غیر ذٰلک عند أصحابنا للکتاب والسنة...... فإن من صام أوصلی أو تصدق وجعل ثوابه لغیره من الأموات والأحیاء جاز ویصل ثوابها إلیهم عند أهل السنة والجماعة، کذا فی البدائع. (البحر الرائق: (۹۵/۳) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، ط: سعید)

▭ الدر المختار مع رد المحتار: (۵۹۵/۲، ۵۹۶) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر

▭ وإنّما یجوز الحج عن المیت إذا أوصٰی عن اجتماع شرائط الجواز، ومنها: نیة الحج بأن یقول: نویتُ الحج عن فلان، وإن شاء اکتفٰی بالنیة. (البحر العمیق فی مانسک المعتمر والحاج إلی بیت اللّٰه العتیق: (۲۳۵۲/۴) الباب الثامن عشر فی الحج عن الغیر، الفصل الثانی: فی الحج عن المیت الّذی فاته الحج فی عمره، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة)

▭ فتح القدیر: (۶۵/۳، ۶۷) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، ط: رشیدیه.

کو ثواب ملے گا، اور اگر کسی پر حج واجب ہے، اور وہ اتنا زیادہ بیمار یا کمزور ہے کہ خود حج نہیں کرسکتا ہے اور سفر کرنے پر قادر نہیں ہے تو اس صورت میں دوسرا آدمی اس کی طرف سے حج کرسکتا ہے۔(۱)

حضرت ابورزین العقیلی سے روایت ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے پاس آئے کہ میرا باپ عمر رسیدہ ہے نہ تو حج کرسکتا ہے نہ عمرہ کرسکتا ہے اور نہ سفر کرنے کے قابل ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا، باپ کی طرف سے تم حج وعمرہ کرلو‘‘۔(۲)

---

(۱) وأمّا العبادة المركّبة من البدن والمال ، وهى الحج فلاتجوز فيها النيابة عند القدرة لعدم إتعاب النفس ، ويجوز عند العجز بحصول المشقة بتنقيص المال لسد خلة المحتاج عملا بالشبهين بالقدر الممكن ...... فالأصل فى جواز الحج عن الغير : حديث الخثعمية ...... الخ . (البحر العميق : (۴/ ۲۲۵۰) الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير ، الفصل الأوّل فى الحج عن الحى العاجز ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة السعودية)

☜ الأصل فى هذا الباب أن الإنسان له أن يجعل ثواب عمله لغيره صلاة كان أو صوما أو صدقة أو غيرها كالحج و قراءة القرآن الخ . (الهندية (۱/ ۲۵۷) كتاب المناسك ، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير ، ط: رشيديه)

☜ البحر الرائق : (۳/ ۵۹) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، ط: سعيد .

☜ وانظر الحواشى السابقة أيضًا.

(۲) وعن أبى رزين العقيلى أنه أتى النبىّ ﷺ فقال : إن أبى شيخ كبير لايستطيع الحج ولا العمرة ولا الظعن ، قال : " حج عن أبيك واعتمر " . رواه أحمد والأربعة وابن حبان فى صحيحه ، والحاكم وصحيحه على شرط الشيخين وحسنه الترمذى ، وفى بعض نسخه تصحيحه . (البحر العميق : (۱/ ۳۷۲) الباب الثالث فى مناسك الحج ، شرائط الحج ، شرائط وجوب الأداء ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة السعودية)

☜ مسند الإمام أحمد بن حنبل : (۴/ ۵۸۰) رقم الحديث : ۱۵۷۵۱ ، مسند أبى رزين العقيلى بن عامر بن المنتفق ، ط: دار إحياء التراث العربى ، بيروت ، الطبعه الثالثة ، ۱۴۱۴ هـ ، ۱۹۹۴ م .

☜ سنن النسائى: (۲/ ۳) كتاب المناسك، العمرة عن الرّجل الّذى لايستطيع، ط: قديمى.

☜ جامع الترمذى : (۱/ ۱۱۲) أبواب الحج عن رسول الله ﷺ ، باب ماجاء فى الحج عن الشيخ الكبير والميت ، ط: مير محمد .

حجر اسود

''حجر اسود'' اور'' مقام ابراہیم'' جنت کے پتھر ہیں، جب ان کو زمین پر اتارا گیا تو حکمت الٰہی نے چاہا کہ ان پر دنیاوی زندگی کے احکام مرتب ہوں، کیونکہ جگہ کی تبدیلی سے احکام میں تبدیلی آتی ہے، ایک اقلیم کا آدمی دوسرے اقلیم میں جا بستا ہے تو رنگ، مزاج اور قد وغیرہ میں تبدیلی آجاتی ہے، چنانچہ زمین میں اتارنے کے بعد ان کی روشنی مٹادی گئی اور وہ زمین کے پتھروں جیسے نظر آنے لگے، اس صورت میں ان کی فضیلت کی وجہ ان کا جنتی پتھر ہونا ہے۔(۱)

''حجر اسود'' شروع میں ایک ہی پتھر تھا، اب اس کے چھوٹے چھوٹے آٹھ ٹکڑے ہیں ان ٹکڑوں کو بیت اللہ کے شرقی جنوبی کونے پر پتھر کے بڑے ٹکڑے میں جوڑا گیا ہے اور پھر اس پر چاندی کا فریم لگا دیا گیا ہے، یہی وہ ٹکڑے ہیں جن کو بوسہ دینا مسنون ہے، نہ کہ وہ بڑا پتھر اور نہ ہی چاندی کا وہ خول جو اس بڑے پتھر پر چڑھا ہوا ہے۔(۲)

حجر اسود جنت سے سفید آیا تھا

''حجر اسود'' جنت سے سفید آیا تھا لوگوں کے گناہوں کی وجہ سے کالا ہو گیا

---

(۱) وقال: أنّ الركن والمقام ياقوتتان، أقول: يحتمل أن يكونا من الجنّة فى الأصل فلما جعلا فى الأرض اقتضت الحكمة أن يراعى فيهما حكم نشأة الأرض فطمس نورهما. (حجة اللّٰه البالغة: (۲/ ۶۵) من أبواب الحج، أمور تتعلق بالحج، الكلام على الحجر الأسود، ط: كتب خانه رشيديه دهلى) ▭ رحمة اللّٰه الواسعة : (۴/ ۲۴۲) حج کا بیان، باب (۴) حج سے تعلق رکھنے والی باتیں، حجر اسود کی فضیلت کا بیان، ط: زمزم پبلیشرز۔

(۲) وليجتنب عند استلام الحج عن استعمال ماهناک من طوق فضة ركبوها حول الحجر الأسود . (غنية الناسک : (ص: ۱۰۳) باب دخول مكّة و حرمها ، فصل فى صفة الاستلام ، تنبيه : ، ط: إدارة القرآن)

ورنہ اس کا نام نازل ہوتے وقت ''حجر اسود'' نہیں تھا۔(۱)

حجر اسود کا استلام

حجر اسود کا استلام یعنی بوسہ دینا طواف کے شروع میں پہلی مرتبہ اور طواف ختم ہونے کے بعد آٹھویں مرتبہ بالاتفاق سنت مؤکدہ ہے، بیچ والے چکروں میں زیادہ تاکید نہیں ہے۔(۲)

حجر اسود کا بوسہ لینا

طواف کے درمیان حجر اسود کا بوسہ لینے کیلئے انتظار نہ کریں بلکہ موقع مل

---

(۱) قال النبیّ ﷺ : " نزل الحجر الأسود من الجنّة وهو أشدّ بیاضا من اللبن فسودته خطایا بنی آدم". (حجة اللّٰه البالغ: (۶۵/۲) من أبواب الحج ، أمور تتعلق بالحج ، الکلام علی الحجر الأسود ، ط: کتب خانه رشیدیه دهلی)

ڈرافٹ پر زیادہ رقم لینا

پاکستان میں پہلے حج کے لئے ڈرافٹ جمع کرانے کی صورت میں قرعہ اندازی کے بغیر حج کے لئے بھیج دیا جاتا تھا، اور ڈرافٹ کے بغیر فارم جمع کرنے کی صورت میں جانا یقینی نہیں ہوتا تھا، اگر قرعہ اندازی میں نام نکل آیا تو جا سکتا تھا ورنہ نہیں اس لئے لوگ حج کے لئے ڈرافٹ خریدتے تھے، ڈرافٹ میں مثلا ایک لاکھ کی رقم لکھی ہوئی ہے منگوا کر دینے والے یا ڈرافٹ فروخت کرنے والے ایک لاکھ کی جگہ پر مثلا ایک لاکھ پانچ ہزار لیتے تھے حالانکہ ڈرافٹ میں بھی پاکستانی رقم لکھی ہے اور جو اس کے عوض میں وصول کر رہا ہے وہ بھی پاکستانی رقم ہے تو یہ کمی زیادتی سود ہونے کی وجہ سے ناجائز اور حرام ہے۔

البتہ جائز ہونے کی صورت یہ ہے کہ ایسے ڈرافٹ کو دوسری کرنسی کے عوض میں

---

(۱) فالواجب دم لو حلق ربع رأسه أو ربع لحيته فصاعدًا، أو قصر ربع رأسه أو أكثر. (غنية الناسک: (ص: ۲۵۶) باب الجنايات، الفصل الرابع: فی الحلق وإزالة الشعر، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری: (ص: ۴۶۱) باب الجنايات وأنواعها، النوع الثالث: فی الحلق وإزالة الشعر، و قلم الأظفار، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

▭ الهندية: (۱/ ۲۴۳) كتاب المناسک، الباب الثامن فی الجنايات، الفصل الثالث، فی حلق الشعر و قلم الأظفار، ط: رشيديه.

لیا جائے مثلاً ڈالر، پونڈ، یورو یا ریال کے عوض میں لیا جائے تو اس صورت میں کرنسی کی جنس مختلف ہونے کی وجہ سے کمی زیادتی کی صورت میں کوئی گناہ نہیں ہوگا۔(۱)

اور اگر دوسری کرنسی کے عوض میں خریدنے کی کوئی صورت نہیں ہے تو پھر منگوانے کی صورت میں اس طرح معاہدہ کریں کہ ایک لاکھ کے ڈرافٹ کے عوض میں ایک لاکھ ہے البتہ منگوانے کی اجرت یا حق محنت کے طور پر مثلاً مزید پانچ ہزار دینے ہیں تو اس صورت میں گنجائش ہوجائے گی۔(واضح رہے کہ آج کل پاکستان میں ڈرافٹ کی صورت نہ ہونے کے برابر ہے)(۲)

---

(۱) عن عبادة بن الصامت قال: قال رسول اللّٰه ﷺ الذهب بالذهب، والفضة بالفضة، والبر بالبر، والشعير بالشعير، والتمر بالتمر، والملح بالملح، مثلاً بمثلٍ سواء بسواءٍ، يدًا بيدٍ، فإذا اختلف هٰذه الأصناف فبيعوا كيف شئتم إذا كان يدًا بيدٍ، رواه مسلم. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲۴۴) باب الربوا، الفصل الأوّل، ط: قديمى)

▭ أحدهما أن يكون الجنس بالجنس من غير أن يكون مع أحد الجنسين عرض مثل الذهب بالذهب والفضة بالفضة مفردين فإنّه لايجوز فيه خمسة أشياء: [۱] التفاضل، [۲] والنسية، [۳] والخيار، [۴] والجهالة، [۵] والافتراق قبل القبض ...... فإذا كان الجنسان مختلفين كالذهب بالفضة، والفضة بالذهب، فلاتجوز فيه ثلاثة أشياءٍ: [۱] النسية، [۲] والخيار، [۳]والافتراق قبل القبض، وأمّا إذا كان أحدهما أكثر من الآخر، جاز ذٰلک، وسواء كان مع أحدهما عرض أو لم يكن. (النتف فى الفتاوٰى: (ص: ۲۹۸، ۲۹۹) كتاب الصرف، ط: سعيد)

▭ الهداية: (۸۱/۳) كتاب البيوع، باب الربٰو، ط: مكتبة شركت علمية، ملتان.

(۲) تصح الوكالة بأجر و بغير أجر؛ لأنّ النبىّ ﷺ كان يبعث عماله لقبض الصدقات ويجعل لهم عمولة، ولهٰذا قال أبناء عمه: لو بعثتنا على هٰذه الصدقات، فنؤدى النّاس ونُصيب مايصيب النّاس، أى العمولة، ولأنّ الوكالة عقد جائز، لايجب على الوكيل القيام، فيجوز أخذ الأجرة فيها بخلاف الشهادة. (الفقه الإسلامى وأدلّته: (۴۰۵۸/۵) القسم الثالث: العقود أو التصرّفات المدنية المالية، الفصل التاسع :الوكالة، المبحث الأوّل: تعريف الوكالة ...... الوكالة بأجر، ط: رشيديه)

ڈرائیور وغیرہ کے لئے احرام کے بغیر میقات سے تجاوز کرنا

☆ موجودہ دور میں ڈرائیور، تاجر، دفاتر میں کام کرنے والے، ٹیکسی چلانے والے، اور دیگر پیشہ ورانہ کام کرنے والے کبھی ہر روز، کبھی دوسرے تیسرے دن، اور بعض لوگوں کو ایک سے زائد مرتبہ حرم میں داخل ہونا پڑتا ہے، ایسی حالت میں اس طرح کے لوگوں کو ہر بار احرام عمرہ اور احرام کی پابندی بے حد مشکل اور دشوار ہے، اس لئے ان حضرات کے لئے احرام کے بغیر بھی حرم کے حدود میں داخل ہونے کی گنجائش ہوگی، دم دینا یا عمرہ کرنا لازم نہیں ہوگا، اگر چہ احرام باندھ کر آنا بہتر ہوگا۔ (۱)

☆ اور جو لوگ روزانہ نہیں آتے کبھی کبھار آتے ہیں تو ان کے لئے احرام باندھ کر آنا لازم ہے۔ (۲)

☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ میقات کے باہر سے لکڑیاں لانے والے اور عمال اور تجار اور کمانے والے جو بار بار جاتے آتے ہیں ان کے لئے احرام کے بغیر میقات سے گزرتے رہنے کی اجازت ہے، اس لئے کہ اگر ہر بار ان پر احرام کی پابندی لگائی جائے گی تو مشقت کا خطرہ ہے۔ (۳)

---

(۱) قال أبو عمر: لا اعلم خلافا بين فقهاء الامصار فى الحطابين ومن يد من الاختلاف إلى مكة، ويكثره فى اليوم والليلة أنّهم لايأمرون بذٰلک لما عليهم فيه من المشقة. (عمدة القارى: (۵۳۵/۷) كتاب المناسک، أبوب العمرة، باب دخول الحرم و مكّة بغير إحرام، ط: دار الحديث ملتان)

من كان داخل الميقات له أن يدخل مكّة بغير إحرام لحاجته لأنّه يكثر دخوله مكّة، وفى إيجاب الإحرام فى كل مرّة حرج بين. (الهداية: (۲۳۴/۱) كتاب الحج، فصل فى المواقيت، ط: مكتبة البشرىٰ)

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱.

(۳) وأخرج ابن أبى شيبة فى مصنفه: ثنا على بن هاشم، ووكيع عن طلحة، عن عطاء، عن ابن عباس رضى اللّٰه عنهما قال: لايدخل أحد مكّة الا بإحرام الا الحطابين، والعمالين، وأصحاب منافعها. (نخب الأفكار فى تنقيح مبانى الأخبار فى شرح شرح معانى الآثار للإمام بدر الدين محمود بن أحمد العينى الحنفى: (۵۴۴/۱۳، ۵۴۵، ۵۴۷، ۵۴۸)، كتاب مناسک الحج، [۱۶۸] من باب: دخول الحرم هل يصلح بغير إحرام؟، ط: دار اليسر، دار المنهاج، المدينة المنوّرة، حققه و خرج أحاديثه السيد أرشد المدنى) =

ڈر یا وحشت ہو تو کیا پڑھے

''خوف یا وحشت ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲٦٤)

ڈیپ ہیٹ(Deep Heat)

''وکس'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٤/۳۱۳)

= مصنف ابن أبی شیبة : (۸/۲۲۷) ، رقم الحدیث : ۱۳٦۹۱ ، کتاب الحج ، باب من کره أن یدخل مکّة بغیر إحرام ، ط: مؤسّسة علوم قرآن ، شرکة دار القبلة ، و: (۴/۲۱۱) .

طحطاوی شریف من عطاء (۱/۵۰۸) کتاب مناسک الحج ، باب دخول الحرم هل یصلح بغیر إحرام ، ط: سعید .تلخیص الحبیر فی تخریج الرافعی الکبیر : (۲/۴٦۴) رقم الحدیث : ۱۰۱۰ ، کتاب الحج ، باب دخول مکّة و بقیة أعمال الحج ، ط: مؤسّسة قرطبة ،

للحطابین أی الّذین یحملون الحطب إلی مکّة للبیع ، قال أبو عمر ولا علم خلافه بین فقهاء الأمصار فی الحطا بین ومن بد من الاختلاف إلی مکّة ویکثره فی الیوم واللیلة أنّهم لایومرون بذٰلک لما علیهم فیه من المشقة ، هٰذا ما اختصر من کلام العینی . (حاشیة الطحطاوی : (۱/۵۰۸) ط: سعید)

(۱) وذات عرق : بکسر العین وسکون الراء ، لجمیع أهل المشرق و هی بین المشرق والمغرب من مکة ، قیل : وبینها و بین مکّة مرحلتان . (البحر الرائق : (۲/۳۱۷) کتاب الحج، مواقیت الإحرام ، ط: سعید)

إرشاد الساری : (ص: ۱۱۲) باب المواقیت ، فصل : فی مواقیت الصنف الأوّل ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

شامی : (۲/۴۷۵) کتاب الحج ، مطلب : فی المواقیت ، ط: سعید .

ذات عرق

مکہ مکرمہ کے مشرقی شمالی جانب مثلاً عراق وغیرہ کی طرف سے آنے والوں کے لئے ''ذات عرق'' میقات ہے، یہ مکہ مکرمہ کے مشرقی شمالی جانب تقریباً پچاس میل کے فاصلے پر ہے۔(۱)

نقشہ یہ ہے:

ذبح رمی سے پہلے کرلیا

''رمی سے پہلے ذبح کرلیا'' عنوان کو دیکھیں۔(ر)

ذوالحلیفہ

مکہ مکرمہ سے سیدھا شمال کی طرف مدینہ منورہ ہے، مدینہ منورہ کی طرف سے مکہ مکرمہ کی طرف آنے والوں کے لئے میقات ''ذوالحلیفہ'' ہے، آج کل اس کو ''بئر علی'' یا ''ابار علی'' کہتے ہیں، اور یہ مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ کی طرف آتے ہوئے تقریبا چھ میل پر مکہ مکرمہ کے راستہ میں دائیں جانب ہے، اور یہاں ایک شاندار اور خوبصورت مسجد بنی ہوئی ہے اور وضو غسل ہر چیز کا بہترین انتظام ہے، یہاں سے مکہ مکرمہ تقریبا ڈھائی سو میل ہے۔(۱)

---

(۱) و " ذو الحليفة " بضم الحاء المهملة و بالفاء ، بينه و بين مكّة نحو عشر مراحل ، أو تسع ، وبينه وبين المدينة ستة أميالٍ ، كما ذكره النووی و قيل سبعة كما ذكره القاضی عياض ، ميقات أهل المدينة ، وهو أبعد المواقيت وبهٰذا المكان آبار تسميه العوام آبار علی .... (البحر الرائق: (۳۱۷/۲) كتاب الحج ، مواقيت الإحرام ،ط : سعيد)

▭ شامی : (۴۷۴/۲) كتاب الحج ، مطلب فی المواقيت ، ط: سعيد .

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۱۰ ، ۱۱۱) باب المواقيت ، فصل : فی مواقيت الصنف الأوّل ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

رات منی سے باہر گزارنا

منی میں رات گزارنا سنت ہے، اس لئے بلا عذر منی سے باہر رات گزارنا مثلا مکہ مکرمہ میں یا رہائش کی بلڈنگ میں، یہ سنت کے خلاف ہونے کی وجہ سے درست نہیں، البتہ حج ہو جائے گا اور دم وغیرہ لازم نہیں ہوگا۔(۱)

راستہ پر میقات نہیں

''میقات پر راستہ نہیں'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۲۲۴/٤)

راستہ میں مرنے پر دوسرے نے حج ادا کیا

ایک شخص فرض حج کے لئے روانہ ہوا، میقات پہنچنے سے پہلے ہی انتقال ہوگیا، اس میت کے باقی ماندہ روپیہ سے دوسرے آدمی نے اس کی طرف سے حج ادا کیا، تو امید ہے کہ میت کی طرف سے حج ادا ہو جائے گا۔(۲)

---

(۱) ویکره أن لایبیت بمنی لیال الرمی ، ولو بات فی غیره متعمدًا لایلزمه شیئ عندنا . (التاتارخانیة: (۴۶۶/۲) کتاب المناسک ، الفصل الثالث فی تعلیم أعمال الحج ، ط: إدارة القرآن)

🗀إرشاد الساری : (ص: ۱۰۷) باب فرائض الحج ، وواجباته ...... فصل فی مکروهاته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗀غنیة الناسک : (ص: ۴۸) باب فرائض الحج وواجباته ...... فصل : وأمّا مکروهاته ، ط: إدارة القرآن.

(۲) ولو مات رجل بعد وجوب الحج ولم یوص به ، فحج رجل عنه أو حج عن أبیه أو أمّه عن حجة الإسلام من غیر وصیة ، قال أبوحنیفة : یجزیه إن شاء اللّٰه ...... ؛ لأنّه إیصال للثواب وهو لایختص بأحد من قریب أو بعید . (شامی : (۶۰۰/۲) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، قبیل : مطلب : شروط الحج عن الغیر وشرون ، ط: سعید)

🗀 البحر الرائق : (۶۹/۲) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، ط: سعید .

🗀 غنیة الناسک : (ص: ۳۲۲) باب الحج عن الغیر ، فصل : شرائط النیابة فی الحج الفرض، ط: إدارة القرآن .

البتہ اس آدمی پر ضروری ہے کہ میت کا بقیہ روپیہ میت کے وارثوں کو دیدے، کیونکہ مرنے والے نے حج بدل کرنے کے لئے وصیت نہیں کی، اس لئے بقیہ روپیہ میراث میں شامل ہوکر وارثوں کا حق ہوگیا۔(۱)

"ربنا اتنا فی الدنیا حسنة الخ"

ترجمہ: اس میں لفظ "حسنۃ" میں تمام ظاہری اور باطنی خوبیاں اور ہر قسم کی بھلائیاں داخل ہیں مثلاً دنیا کی حسنہ میں بدن کی صحت، اہل وعیال کی صحت، رزق حلال میں وسعت وبرکت، دنیاوی سب ضروریات کا پورا ہونا، اچھے اعمال، نیک اخلاق، علم نافع، عزت وجاہت، عقائد کی درستگی، سیدھے اور صحیح راستے کی ہدایت، عبادات میں اخلاص کامل وغیرہ سب داخل ہیں۔

اور آخرت کی "حسنہ" میں جنت اور اس کی بے شمار اور لازوال نعمتیں اور حق تعالیٰ کی رضاء اور اس کا دیدار یہ سب چیزیں شامل ہیں۔(۲)

---

(۱) ولایجوز لأحد أن یتصرف فی ملک غیرہ بلاإذنہ أو وکالة منه ...... وإن فعل کان ضامناً. (شرح المجلّة لرستم باز: (۱/۶۱) رقم المادة: ۹۶، المقالة الثانیة: فی بیان القواعد الفقهیة، ط: حنفیه کوئٹه)

الدر المختار: (۶/۲۰۰) کتاب الغصب، ط: سعید.

(۲) وأظهر الأقوال فی تفسیر الحسنة فی الدنیا أنها العبادة والعافیة وفی الآخرة: الجنة والمغفرة، وقیل الحسنة تعم الدنیا، والآخرة. (شرح الصحیح لمسلم للنووی علی هامش الصحیح لمسلم: (۲/۳۴۳) کتاب الذکر والدعاء والتوبةو الاستغفار، باب کراهة الدعاء بتعجیل العقوبة فی الدنیا، ط: قدیمی)

عن أنس قال: کان أکثر دعوة یدعو بها، یقول: اللّٰهم آتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة حسنة، وقنا عذاب النّار، قال: وکان أنس إذا أراد أن یدعو بدعوة دعا بها، فإذا أراد أن یدعو بدعاء دعا بها فیه. (الصحیح المسلم: (۲/۳۴۴) کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب فضل الدعاء باللّٰهم اٰتنا فی الدنیا حسنة ...... ط: قدیمی)

عن أنس قال: کان أکثر دعاء النّبیّ ﷺ: اللّٰهم آتنا فی الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنة و قنا عذاب النّار، متفق علیه. (مشکوٰة المصابیح: (ص: ۲۱۸) کتاب الدعوات، باب جامع الدعاء، الفصل الأوّل، ط: قدیمی) =

خلاصہ یہ کہ یہ دعا ایک ایسی جامع دعا ہے کہ اس میں انسان کی تمام دنیاوی اور دینی میں مقاصد آ جاتے ہیں، دنیا و آخرت دونوں جہاں میں راحت و سکون میسر آتا ہے، آخر میں خاص طور پر اس میں جہنم کی آگ سے پناہ کا بھی ذکر ہے، اس وجہ سے نبی کریم ﷺ اس دعا کو کثرت سے مانگا کرتے تھے۔(۱)

= ومنهم من يقول ربّنا آتنا فيا لدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار ، فيه ثلاث مسائل ...... واختلف فى تأويل الحسنتين على أقوال عديدة ، فروى عن على بن أبى طالب رضى اللّٰه عنه أنّ الحسنة فى الدنيا المرأة الحسناء ، وفى الآخرة الحور العين ...... و قال قتادة : حسنة الدنيا العافية فى الصفحة ، وكفاف المال ، وقال الحسن : حسنة الدنياالعلم والعبادة ، وقيل غير هٰذا . والّذى عليه أكثر أهل العلم أنّ المراد بالحسنتين نعم الدنيا والآخرة وهٰذا هو الصحيح ، فإنّ اللفظ يقتضى هٰذا كله ، فإن " حسنة " نكرة فى سياق الدّعاء فهو محتمل لكل حسنة من الحسنات على البدل . (الجامع لأحكام القرآن للقرطبى : (۲/ ۴۳۲ ، ۴۳۳) رقم الآية : ۲۰۱ ، سورة البقرة ، ط: دار عالم الكتب رياض)

فقال : " ومنهم من يقول ربّنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار " فجمعت هٰذه الدعوة كل خير فى الدنيا وصرفت كل شر ، فإنّ الحسنة فى الدنياتشمل كل مطلوب دنيوى من عافية ، و دار رحبة ، و زوجة حسنة ، ورزق واسع و علم نافع ، وعمل صالح ، ومركب هنيئ وثناء جميل إلى غير ذٰلک مما اشتملت عليه عبارات المفسرين ، ولامنافاة بينها ، فإنّها كلها مندرجة فى الحسنة فى الدنيا ، وأمّا الحسنة فى الآخرة فأعلى ذٰلک دخول الجنة ، وتوابعه من الأمن من الفزع الأكبر من العرصات ، وتيسير الحساب وغير ذٰلک من أمور الآخرة الصالحة ...... ولهٰذا وردت السنّة بالترغيب فى هٰذا الدعاء ...... عن أنس قال : كان أكثر دعوة يدعو بها رسول الله ﷺ : اللّٰهم ربّنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار . (تفسير ابن كثير : (۱/ ۵۵۸) سورة البقرة ، رقم الآية : ۲۰۱ ، ط: دار طيبة بيروت)

(۱) وأظهر الأقوال فى تفسير الحسنة فى الدنيا أنّها العبادة والعافية وفى الآخرة : الجنة والمغفرة ، وقيل الحسنة تعم الدنيا ، والآخرة . (شرح الصحيح لمسلم للنووى على هامش الصحيح لمسلم : (۲/ ۳۴۳) كتاب الذكر والدعاء والتوبةو الاستغفار ، باب كراهة الدعاء بتعجيل العقوبة فى الدنيا ، ط: قديمى)

عن أنس قال : كان أكثر دعوة يدعو بها ، يقول : اللّٰهم آتنا فى الدنيا حسنة و فى الآخرة حسنة ، وقنا عذاب النّار ، قال : وكان أنس إذا أراد أن يدعو بدعوة دعا بها ، فإذا أراد أن يدعو بدعاء دعا بها فيه . (الصحيح المسلم : (۲/ ۳۴۴) كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار ، باب فضل الدعاء باللّٰهم آتنا فى الدنيا حسنة ...... ط: قديمى) =

رخسار

احرام کی حالت میں رخسار کو کپڑے سے چھپانا مکروہ ہے، ہاتھ سے چھپانا جائز ہے۔(۱)

= عن أنس قال : كان أكثر دعاء النّبىّ ﷺ: اللّٰهم آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة و قنا عذاب النّار ، متفق عليه . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ٢١٨) كتاب الدعوات ، باب جامع الدعاء ، الفصل الأوّ ل ، ط: قديمى)

ومنهم من يقول ربّنا آتنا فيا لدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار ، فيه ثلاث مسائل ...... واختلف فى تأويل الحسنتين على أقوال عديدة ، فروى عن على بن أبى طالب رضى اللّٰه عنه أنّ الحسنة فى الدنيا المرأة الحسناء ، وفى الآخرة الحور العين ...... و قال قتادة : حسنة الدنيا العافية فى الصفحة ، وكفاف المال ، وقال الحسن : حسنة الدنياالعلم والعبادة ، وقيل غير هٰذا . والّذى عليه أكثر أهل العلم أنّ المراد بالحسنتين نعم الدنيا والآخرة وهٰذا هو الصحيح ، فإنّ اللفظ يقتضى هٰذا كله ، فإن " حسنة " نكرة فى سياق الدّعاء فهو محتمل لكل حسنة من الحسنات على البدل . (الجامع لأحكام القرآن للقرطبى : (٢/٤٣٢ ، ٤٣٣) رقم الآية : ٢٠١ ، سورة البقرة ، ط: دار عالم الكتب رياض)

فقال : " ومنهم من يقول ربّنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار " فجمعت هٰذه الدعوة كل خير فى الدنيا وصرفت كل شر ، فإنّ الحسنة فى الدنياتشمل كل مطلوب دنيوى من عافية ، و دار رحبة ، و زوجة حسنة ، ورزق واسع و علم نافع ، وعمل صالح ، ومركب هنيئ وثناء جميل إلى غير ذٰلک مما اشتملت عليه عبارات المفسرين ، ولامنافاة بينها ، فإنّها كلها مندرجة فى الحسنة فى الدنيا ، وأمّا الحسنة فى الآخرة فأعلى ذٰلک دخول الجنة ، وتوابعه من الأمن من الفزع الأكبر من العرصات ، وتيسير الحساب وغير ذٰلک من أمور الآخرة الصالحة ...... ولهٰذا وردت السنّة بالترغيب فى هٰذا الدعاء ...... عن أنس قال : كان أكثر دعوة يدعو بها رسول اللّٰه ﷺ : اللّٰهم ربّنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار . (تفسير ابن كثير : (١/٥٥٨) سورة البقرة ، رقم الآية : ٢٠١ ، ط: دار طيبة بيروت)

(١) ولابأس أن يضع يده على أنفه بلاثوب ، والظاهر أنّه لوكان الوضع بالثوب ففيه الكراهة التحريمية فقط وعلى هٰذا يفرع ما لو دخل تحت ستر الكعبة ، فإن كان يصيب وجهه أو رأسه فمكروه ، لاشيئ عليه ، وإلاّ فلا بأس به . (غنية الناسک : (ص: ٢٥٥) باب الجنايات ، الفصل الثالث : فى تغطية الرأس والوجه ، ط: إدارة القرآن)

شامى : (٢/٥٤٩) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

البحر الرائق : (٣/٨) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

رخصتی سے پہلے حج کرنا

اگرلڑکی کا نکاح ہوگیا ہے،اور رخصتی نہیں ہوئی،اورلڑکا لڑکی کواس دوران اپنے ساتھ حج کرانا چاہتا ہے،تو رخصتی سے پہلے بھی شوہر کے ساتھ حج کے لئے بھیجنا جائز ہوگا،اس سے رخصتی اور حج دونوں کام ہوجائیں گے،جب نکاح ہوگیا تو دونوں میاں بیوی ہیں ایک دوسرے کے لئے حلال ہیں،رخصتی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہواس سے کوئی فرق نہیں آئے گا،حج سے واپس آنے کے بعد اگرلوگوں کے سامنے باقاعدہ رخصتی کرانا چاہیں تو کر سکتے ہیں،شرعاً اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔(۱)

رزائی

احرام کی حالت میں سردی کی وجہ سے رزائی استعمال کرسکتا ہے،مگرسراور چہرہ نہیں ڈھانک سکتا،البتہ عورتوں کے لئے سرڈھانکنے کی اجازت ہے۔(۲)

---

(۱) (وينعقد) متلبسا (بإيجاب) من أحدهما (وقبول) من الآخر ...... (و) شرط (حضور) شاهدين (حرين) •و حر و حرتين (مكلفين سامعين قولهما معا) ...... (الدر المختار مع رد المحتار: (۳/۹، ۲۱، ۲۲) كتاب النكاح، ط: سعيد)

▭ النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول وضعا للمضى أ ووضع أحدهما للمضى والآخر لغيره مستقبلا كان كالأمر أو حالاً كالمضارع، كذا في النهر الفائق، فإذا قال لها: أتزوجک بكذا، فقالت قد قبلت يتم النّكاح ...... (الهندية: (۱/۲۷۰) كتاب النكاح، الباب الثاني فيما ينعقد به النّكاح ومالاينعقد به، ط: رشيديه)

▭ الهداية: (۲/۳۰۵، ۳۰۶) كتاب النكاح، ط: مكتبة شركة علمية ملتان.

(۲) وستر الوجه كله أو بعضه كفمه و ذقنه ...... والرأس أى رأس الرجل أمّا المرأة فتستره ...... بخلاف الميت وبقية البدن، أى و بخلاف ستر بقية البدن سوى الرأس والوجه فإنّه لاشيئ عليه. (الدر مع الرد: (۲/۴۸۷، ۴۸۸) كتاب الحج، فصل فى الإحرام، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم، ط: سعيد)

▭ غنية الناسک: (ص: ۸۸) باب الإحرام، فصل فى محرمات الإحرام، ط: ومحظوراته الّتى فى غالبها الجزاء، و: (ص: ۹۴) فصل: فى إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن.

▭ بدائع الصنائع: (۲/۱۸۴، ۱۸۵) كتاب الحج، فصل: وأما بيان ما يحظره الإحرام ومالايحظره وبيان م ايجب بفعل المحظور، ط: سعيد.

رسی

احرام کی چادر اور تہبند کو رسی سے باندھنا مکروہ ہے۔(۱)

رشوت دے کر حج پر جانا

اگر کسی پر حج فرض ہے، اور حکومت رشوت کے بغیر حج کے لئے جانے کی اجازت نہیں دیتی تو رشوت دے کر حج کے لئے جانا جائز ہوگا، اور رشوت دینے والا حاجی گنہگار نہیں ہوگا، البتہ رشوت لینے والے گنہگار رہوں گے۔

اور نفل حج یا عمرہ کے لئے رشوت دینا کراہت کے ساتھ جائز ہوگا۔(۲)

رشوت دے کر ملازمت لی

☆ رشوت دے کر ملازمت حاصل کرنا ناجائز ہے، مگر ملازمت ہوجانے کے بعد صلاحیت، قابلیت اور مہارت کی وجہ سے اپنی محنت سے اس نے جو پیسہ کمایا ہے اور تنخواہ لی ہے وہ حلال ہے اس رقم سے حج کرنا یا اپنے والدین یا ان کے علاوہ کسی اور کو حج کرانا جائز ہے، البتہ رشوت دے کر جو ملازمت لی ہے اس سے توبہ استغفار

---

(۱) وعقد الإزار والرداء بأن يربط طرف أحدهما بطرفه الآخر، وأن يخلله بخلال أو يشده بحبل و نحوه. (غنية الناسک: (ص: ۹۱) باب الإحرام، فصل: فى مكروهات الإحرام، ط: إدارة القرآن)

البحر الرائق: (۳/۷) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد.

الهندية: (۱/۲۴۲) كتاب الحج، الباب الثامن: فى الجنايات، الفصل الثانى: فى اللبس، ط: رشيديه.

(۲) (من أمن الطريق) بغلبة السلامة ولو بالرشوة على ماحققه الكمال. الدر المختار. وفى الشامية: (قوله: على ماحققه الكمال) ...... و بتقديره فالإثم فى مثلهٖ على الآخذ على ما عرف من تقسيم الرشوة فى كتاب القضاء ...... قلت ويؤيّده مايأتى عن القنية والمجتبٰى فان المكس والخفارة رشوة، ونقل "ح" عن البحر ان الرشوة فى مثل هٰذا جائزة ولم اره فيه فليراجع. (شامى: (۲/۴۶۳) كتاب الحج، مطلب فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع، ط: سعيد)

البحر: (۲/۳۱۴) كتاب الحج، (قوله: وأمن الطريق) ط: سعيد.

کرنا ضروری ہے۔(۱)

☆ظلم کو دفع کرنے اور اپنا جائز حق حاصل کرنے کے لئے رشوت دینی پڑے تو گنجائش ہے مگر دوسرے کی حق تلفی نہ ہو، البتہ رشوت لینے والا گنہگار ہوگا، اس کے لئے کسی حال میں بھی رشوت لینے کی اجازت نہیں کیونکہ اس کا حق کبھی بھی ضائع نہیں ہوتا۔(۲)

رشوت لینے والے کا حلال کمائی سے حج کرنا

☆اگر کوئی ملازم یا افسر تنخواہ بھی لیتا ہے، اوپر سے رشوت بھی لیتا ہے، رشوت کی رقم سے کھاتا پیتا ہے اور تنخواہ کی حلال رقم جمع کرتا رہتا ہے، اور تنخواہ کی حلال رقم سے حج کرتا ہے تو حج ہو جائے گا، لیکن حرام کمائی سے کھانا اور حلال کمائی کو جمع کرنے کا جو طرز ہے وہ صحیح نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) عن عبد اللّٰہ بن عمرو قال : لعن رسول اللّٰہ ﷺ الراشی والمرتشی . (مشکوٰۃ المصابیح : (ص: ۳۲۶) باب رزق الولاۃ ، وھدایاھم ، الفصل الثانی ، ط: قدیمی)

▭ جامع الترمذی : (۱/۲۸) أبواب الأحکام ، باب ماجاء فی الراشی والمرتشی فی الحکم ، ط: سعید .

▭ ثم الرشوۃ أربعة أقسام : منها ما ھو حرام علی الآخذ والمعطی ، وھو الرشوۃ علی تقلید القضاء والإمارۃ ، الثانی : ارتشاء القاضی لیحکم وھو کذٰلک ولو القضاء بحق ؛ لأنّه واجب علیه ...... (شامی : (۵/۳۶۲) کتاب القضاء ، مطلب : فی الکلام علی الرشوۃ والھدیة ، ط: سعید)

(۲) الثالث : أخذ المال لیسوی أمرہ عندالسلطان دفعًا للضرر ، أو جلبًا لنفع ، وھو حرام علی الآخذ ، فقط ، الرابع : ما یدفع لدفع الخوف من المدفوع إلیه علی نفسهٖ أو مالهٖ حلال للدافع ، حرام علی الآخذ ؛ لأنّ دفع الضرر عن المسلم واجب . (شامی : (۵/۳۶۲) کتاب القضاء ، مطلب : فی الکلام علی الرشوۃ والھدیة ، ط: سعید)

▭ مرقاۃ المفاتیح : (۷/۲۴۸) باب رزق الولاۃ وھدایاھم ، الفصل الثانی ، ط: الإمدادیة ملتان .

▭ البحر الرائق : (۶/۴۴۱) کتاب القضاء ، ط: سعید .

(۳) عن أبی ھریرۃ قال : قال رسول اللّٰہ ﷺ : إنّ اللّٰہ طیب لایقبل إلاّ طیبًا ، وإنّ اللّٰہ أمر المؤمنین بما أمر به المرسلین فقال : یأیّھا الرسل کلوا من الطیبات واعملوا صالحًا ، وقال تعالیٰ : ﴿ یٰأیّھا الّذین اٰمنوا کلوا من طیّبات ما رزقنکم ﴾ ثم ذکر الرجل یطیل السفر ، أشعث ، أغبر ، یمد یدیه إلی السماء ، یا رب ! یا رب ! ومطعمه حرام ، ومشربه حرام ، وملبسه حرام ، وغذی =

حدیث شریف میں ہے کہ ”جس جسم کی غذا حرام کی ہو دوزخ کی آگ اس کی زیادہ مستحق ہے۔“(۱)

ایسے آدمی پر ضروری ہے کہ حرام کمائی سے توبہ کرے، اور جس جس آدمی سے رشوت کی رقم لی ہے وہ اس کو واپس کرے، اگر وہ مرگیا ہے تو اس کے وارثوں کو واپس کرے، اور اگر وارث بھی نہیں ہیں تو اسکی طرف سے کسی غریب کو صدقہ کردے، اور ثواب کی نیت بھی نہ کرے۔(۲)

= بالحرام ، فأنّیٰ یستجاب لذٰلک ، رواہ مسلم . (مشکوٰۃ المصابیح : (ص: ۲۴۱) کتاب البیوع، باب الکسب وطلب الحلال ، الفصل الأوّل ، ط: قدیمی)

(۱) عن جابر رضی اللّٰہ عنہ قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ : لایدخل الجنّۃ لحم نبت من السحت ، وکل لحم نبت من السحت کانت النّار أولیٰ بہ . رواہ أحمد ، والدارمی ، والبیھقی فی شعب الإیمان . (مشکوٰۃ المصابیح : (ص: ۲۴۲) کتاب البیوع ، باب الکسب وطلب الحلال ، الفصل الثانی ، ط: قدیمی)

☜ کنز العمال : (۶/ ۱۱۹) رقم الحدیث : ۱۵۱۰۶ ، کتاب الإمارۃ والقضاء ، من قسم الأقوال ، الباب الثانی ، فی القضاء ، الفصل الثالث : فی الھدیۃ والرشوۃ ، الرشوۃ من الإکمال ، ط: مؤسّسۃ الرسالۃ ، بیروت .

☜ مسند أحمد بن حنبل : (۳/ ۳۹۹) رقم الحدیث : ۱۵۳۱۹) مسند المکثرین من الصحابۃ ، مسند جابر بن عبد اللّٰہ رضی اللّٰہ عنہ ، ط: مؤسّسۃ قرطبۃ ، قاھرۃ .

(۲) أنّ ما وجب التصدق بکلہ لایفید التصدق ببعضہ ؛ لأنّ المغصوب إن علمت أصحابہ ، أو ورثتھم وجب الرد علیھم ، وإلاّ وجب التّصدّق بہ . (شامی : (۲/ ۲۹۱) کتاب الزکاۃ ، باب زکاۃ الغنم ، قبیل مطلب : فی التصدق بمال حرام ، ط: سعید ، وکذا فی : (۶/ ۳۸۵) کتاب الحظر والإباحۃ ، فصل : فی البیع ، ط: سعید)

☜ البحر الرائق : (۸/ ۳۵۹) کتاب الکراھیۃ ، ط: سعید .

☜ تبیین الحقائق : (۶/ ۳۲۱ ، ۳۲۲) کتاب الغصب ، ط: دار الکتب العلمیۃ بیروت .

☜ إنّما یکفر إذ اتصدّق بالحرام القطعیّ ...... رجل دفع إلی فقیر من المال الحرام شیئًا یرجو بہ الثواب ، یکفر ...... قولہ : إذا تصدّق بالمال الحرام القطعی) : أی مع رجاء الثواب الناشی عن استحلالہ ، کما مرّ فافھم . (الدر مع الرد : (۲/ ۲۹۲) کتاب الزکاۃ ، با بزکاۃ الغنم ، مطلب فی التصدق من المال الحرام ، ط: سعید)

☜ الھندیۃ : (۲/ ۲۷۲) کتاب السیر ، الباب التاسع : فی أحکام المرتدین ، ط: رشیدیہ .

☆ آج کل بعض ممالک میں یہ رواج ہے کہ ملازمین رشوت کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے، اس لئے ضرورت مند لوگ ملازمین کو کچھ نہ کچھ رقم ضرور دیتے ہیں، اور دفتر کے تمام ملازمین کا حصہ مقرر ہوتا ہے، جو بھی رقم ملتی ہے جس افسر یا ملازم کو ملتی ہے وہ مقررہ عہدہ کے مطابق تمام ملازمین اور افسران میں تقسیم کی جاتی ہے، اس اعتبار سے تمام ملازمین بلاواسطہ یا بالواسطہ رشوت لینے میں شریک ہیں، ایسی رقم حرام رقم ہے اور حرام رقم سے حج کرنا جائز نہیں ہے بلکہ جن لوگوں سے یہ رقم لی گئی ہے ان کو واپس کر دینا ضروری ہے ورنہ آخرت میں سخت عذاب ہوگا اور وہ برداشت کرنا ممکن نہیں ہوگا۔(۱)

رضاعی باپ

رضاعی باپ محرم ہے، اگر فتنہ فساد کا اندیشہ نہیں تو اس کے ساتھ حج کا سفر کرنا جائز ہے۔(۲)

---

(۱) وقد يتّصف بالحرمة كالحج بمال حرام ...... فإنّ الحج في نفسهٖ مأمور به ، وإنّما يحرم من حيث الإنفاق ، وكأنّه أطلق عليه الحرمة ؛ لأنّ للمال دخلاً فيه ، فإنّ الحج مركبة من عمل البدن والمال كما قدمناه ، ولذا قال في البحر : ويجتهد في تحصيل نفقة حلال ، فإنّه لايقبل بالنفقة الحرام ، كما ورد في الحديث : مع أنّه يسقط الفرض عنه معها ...... (الدر مع الرد : (۴۵۶/۲) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق : (۳۰۹/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

▭ غنية الناسک : (ص: ۲۱) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، ط:إدارة القرآن .

(۲) والمحرم : الزوج ومن لايجوز مناكحتها على التأبيد بقرابةٍ أو رضاعٍ أو مصاهرةٍ ، كذا في الخلاصة ، ويشترط أن يكون مأمومًا عاقلاً بالغًا حرًا كان أو عبدًا ...... (الهندية : (۲۱۹/۱) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : في تفسير الحج وفرضيته و وقته وشرائطه ...... ط: رشيديه)

▭ التتارخانيه : (۴۳۴/۲) كتاب المناسک ، الفصل الأوّل : في بيان شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن .

▭ غنية الناسک : (ص: ۲۷) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن .

رضاعی بھائی

رضاعی بھائی محرم ہے، اگر فتنہ وشہوت کا اندیشہ نہیں تو اس کے ساتھ حج کا سفر کرنا جائز ہے، البتہ ایسے رشتہ داروں کے ساتھ سفر کرنے سے احتیاط کرنا بہتر ہے۔(۱)

رفائنڈ تیل

احرام کی حالت میں رفائنڈ تیل کھانا یا لگانا جائز ہے، اس سے دم یا صدقہ لازم نہیں آتا۔(۲)

رکن شامی

بیت اللہ شریف کے شمال مغربی گوشہ کو ''رکن شامی'' کہتے ہیں، چونکہ یہ گوشہ ملک شام کی جانب ہے اس لئے اس کو ''رکن شامی کہتے ہیں۔(۳)

رکن عراقی

بیت اللہ شریف کے شمال مشرقی گوشہ کو ''رکن عراقی'' کہتے ہیں چونکہ یہ گوشہ ''عراق'' کی طرف ہے اس لئے اس کو ''رکن عراقی'' کہتے ہیں۔(۴)

---

(۱) راجع الحاشية ، رقم : ۵ ، على الصفحة السابقة ، رقم : ۲۰۸ .

(۲) وأمّا إذا استعمله على وجه التداوی أو الأكل فلا شيئ عليه ، فلو أكل الزيت الخالص عن الطيب أو الحل أو داوىٰ بهما شقوق رجليه أو جراحة أو أقطر فی أذنيه أو أسعط فلا شيئ عليه ولو ادّهن بسمن أو شحم أو ألية أو أكله فلا شيئ عليه . ولا فرق بين الشعر والجسد فی الدّهن ...... (لباب مع إرشاد الساری : (ص: ۴۵۹ ، ۴۶۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثانی فی الطيب ، فصل فی الدّهن ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۲۴۸) باب الجنايات ، الفصل الأوّل فی الطيب ، مطلب : فی الادّهان ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۵۴۶/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۳) الركن الشامی : يسمّٰى بذٰلک ؛ لأنّه إلى جهة الشام والمغرب . (التاريخ القويم : (۱۱۹/۴ ، ۱۲۰) أركان الكعبة المعظمة ، ط: مكتبة النهضة الحديثية ، مكّة المكرّمة)

(۴) الركن العراقی : يسمّٰى بذٰلک ؛ لأنّه إلى جهة العراق ...... والعراقی : يطلق عليه الركن =

رکن یمانی

بیت اللہ شریف کی جنوبی مغربی گوشہ کو ''رکن یمانی'' کہتے ہیں ''رکن'' کا معنی کونا اور گوشہ ہے، چونکہ یہ گوشہ یمن کی جانب ہے، اور اس طرف ملک یمن ہے، اس لئے اس گوشہ کو ''رکن یمانی'' کہتے ہیں۔(۱)

رکن یمانی پر دعا کرنا

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رکن یمانی پر ہاتھ رکھ کر دعا کی جائے تو وہ قبول ہوتی ہے۔(۲)

رکن یمانی کو بوسہ دینا

☆رکن یمانی کو بوسہ نہیں دیا جاتا، نہ اس کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے بلکہ طواف کے دوران اگر چلتے چلتے اس کو صرف داہنا ہاتھ لگانے کی گنجائش ہو تو ہاتھ لگا دے، اور ہاتھ کو نہ چومے، اور اگر ہاتھ نہ لگا سکے تو کسی قسم کے اشارے کے بغیر گزر جائے۔(۳)

= الشـمـالي لوقوعه جهة الشمال . (التاريخ القويم : (۱۹/۴ ا ، ۱۲۰) أركان الكعبة المعظمة ، ط: مكتبة النهضة الحديثية ، مكّة المكرّمة)

(۱) الـركـن اليماني : يسمّى باليماني ؛ لاتجاهه إلى اليمن . (التاريخ القويم : (۱۱۹/۴) أركان الكعبة المعظمة ، ط: مكتبة النهضة الحديثية ، مكّة المكرّمة)

(۲) عـن مـجـاهـد قـال : كـان يـقـال : لقل ما يضع أحد يده على الركن اليماني فيدعو إلاّ كاد أن يستـجـاب لـه . (أخبـار مـكّة للفاكهي : (۱۳۹/۱) رقم الحديث : ۱۵۳ ، ذكر استلام الركن اليماني و فضله وماجاز فيه ، ط: دار خضر ، بيروت)

🗁 وعن مجاهد : من وضع يده على الركن اليماني ثم دعا استجيب له . (فتح القدير مع الكفاية : (۴۶۶/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: رشيديه)

🗁 تبيين الحقائق : (۱۸/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: دار الكتب الإسلامى .

(۱) قـولـه : واستـلـم الـركـن الـيـماني : أى فى كل شوط ، والمراد بالاستلام هنا لمسه بكفيه أو بيـمـيـنـه دون يسـاره ، بـدون تـقـبيـل و سـجـود عـليه ولا نيابة عنه بالإشارة عند العجز عن لمسه للزحمة . (شامى : (۴۹۸/۲) كتاب الحج ، مطلب فى طواف القدوم ، ط: سعيد) =

☆ حجر اسود والے کونے سے طواف شروع ہوتا ہے اور واپس یہیں پر آ کر ایک چکر پورا ہوتا ہے، اور طواف ختم بھی یہیں پر ہوتا ہے۔(۱)

کعبۃ اللہ کے تین کونوں کے چکر لگانے کے بعد جب چوتھے کونے پر پہنچیں گے اس کا نام ''رکن یمانی'' ہے رکن یمانی کو دونوں ہاتھوں سے یا صرف دائیں ہاتھ سے چھونا سنت ہے جب کہ دوسروں کو تکلیف پہنچائے بغیر وہاں تک پہنچنا ممکن ہو ورنہ ہاتھ لگائے بغیر ہی وہاں سے گزر جائے اور اس کی طرف ہاتھ کا اشارہ بھی نہ کرے، جب کہ بعض حضرات اس کا استلام کرتے ہیں اور ہاتھوں کو چومتے ہیں، یہ غلط طریقہ اور خلاف سنت ہے اگر ہاتھ لگانا ممکن نہیں ہے تو وہاں سے گزرتے ہوئے آنحضرت ﷺ کی سنت اور صحابہ کرامؓ کے طریقہ پر عمل کرتے ہوئے صرف ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار پڑھتے ہوئے گزر جائے، اس میں سب کچھ مانگ لیا گیا ہے، اور اس کے الفاظ نہایت مختصر ہیں، پس اس مختصر وقفہ کے لئے یہی دعا مناسب ہے، یعنی رکن یمانی سے چل کر حجر اسود تک پہنچنے میں کچھ زیادہ دیر نہیں لگتی، اس لئے اس موقع پر یہی مختصر دعا مناسب ہے۔(۲)

= الهندية : (۲۲۶/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

إرشاد الساری : (ص: ۲۲۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی مستحبات الطواف، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۱) وإذا دخل مكة بدأ بالمسجد وحين شاهد البيت كبّر وهلل ثم (ابتدأ بالطواف ...... فاستقبل) الحجر مكبّرًا مهللاً رافعًا يديه ...... (ولما كان الابتداء من الحجر واجبًا كان الابتداء فی الطواف من الجهة الّتی فيها الركن اليمانی قريبًا من الحجر الأسود متعينًا) ...... وختم الطواف باستلام الحجر استنانًا ثم صلی شفعًا ...... (تنوير الأبصار مع الرد علی الدر : (۴۹۲/۲، ۴۹۳ ، ۴۹۵ ، ۴۹۸) كتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد)

ثم الشوط من الحجر الأسود إلی الحجر الأسود . (الهندية : (۲۲۵/۱) كتاب المناسک، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

بدائع الصنائع : (۱۴۷/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا سنن الحج و بيان ترتيبه ، ط: سعيد.

(۳) وعند الركن اليمانی : اللّٰهم إنّی أسألک العفو والعافية فی الدين والدنيا والآخرة ، وفيما بين =

رمضان میں عمرہ کر کے مکہ میں رہ گیا

''اشہر حج سے پہلے عمرہ کر کے مکہ میں رہ گیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

رمضان میں عمرہ کرنا

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا رمضان میں عمرہ کا ثواب ایک حج کے برابر ہے، اور ایک روایت میں ہے کہ اس حج کے برابر ہے جو میرے ساتھ کیا ہو۔(۱)

= الركنين (أى الركن الّذى فيه الحجر الأسود والركن اليمانى ، ويقال : لهما اليمانيان للتغليب......) '' ربّنا آتنا فى الدنيا حسنةً الآية '' ، واعلم أنّه لايقف للدعاء فى أثناء الطواف ، لا فى الأركان ولا فى غيرها من المطاف ، فإن الموالاة بين الأشواط والأجزاء مستحبة ...... ويستحب استلام الركن اليمانى ...... فى كل شوط أى حين وصوله . والمراد بالاستلام أو بيمينه ، دون يساره ، كما فعله بعض الجهلة والمتكبّرة ، من دون تقبيله والسجود عليه ، ثم عند العجز عن اللمس للزحمة ليس فيه النيابة عنه بالإشارة وهٰذا الّذى ذكرناه حسن فى ظاهر الرواية ، كما فى رواية الكافى والهداية وغيرهما من كتب الدراية ، قال الكرمانى هو الصحيح ...... (إرشاد السارى : (ص: ١٩١ ، ١٩٢ ، ١٩٣) باب دخول مكّة ، فصل : فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

شامى : (٢/ ٤٩٨) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف القدوم ،ط: سعيد .

بدائع الصنائع : (٢/ ١٤٧ ، ١٤٨) كتاب الحج ، فصل : وأمّا سنن الحج ، وبيان الترتيب فى أفعال الحج ، ط: سعيد .

عن عبد الله بن السائب قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول ما بين الركنين : '' ربّنا آتنا فى الدنيا حسنةً و فى الآخرة حسنةً و قنا عذاب النّار '' . رواه أبوداود . (مشكوٰة : (ص: ٢٢٧) كتاب المناسك ، باب دخول مكّة والطواف ، الفصل الثانى ، ط: قديمى)

(١) عن ابن عباس أنّ النّبىّ ﷺ قال : لامرأة من الأنصار يقال لها : أم سنان : ما منعك أن تكونى حججت معنا ؟ قالت : ناضحان كانا لأبى فلان زوجها حج هو وابنه على أحدهما ، وكان الآخر يسقى عليه غلامنا ، قال : فعمرة فى رمضان تقضى حجة أو حجة معى . (وفى رواية) قال : فإذا جاء رمضان فاعتمرى فإن عمرة فيه تعدل حجة . (الصحيح لمسلم : (١/ ٤٧٥) كتاب الحج ، باب فضل العمرة فى رمضان ، ط: رحمانيه لاهور)

صحيح البخارى : (١/ ٢٣٩) أبواب العمرة ، باب عمرة فى رمضان ، ط: قديمى .

إرشاد السارى : (ص: ٦٥٢) باب العمرة ، فصل : فى وقتها ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

رمل

''رمل'' سے مراد طواف کے شروع کے تین چکروں میں اگر جگہ اور موقع ہو تو پہلوانوں کی طرح کندھے ہلا کر قدرے تیز تیز چلنا۔(۱)

☆ جس طواف کے بعد سعی ہوتی ہے اس میں شروع کے تین چکروں میں ''رمل'' بھی ہوتا ہے اور جس طواف کے بعد سعی نہیں ہوتی اس میں رمل نہیں ہوتا۔(۲)

☆ اگر طواف رمل کے ساتھ شروع کیا اور ایک دو چکر کے بعد اتنا ہجوم ہو گیا کہ رمل نہیں کر سکتا تو رمل چھوڑ دے اور طواف پورا کر لے۔(۳)

---

(۱) ترمل فی الثلاثة الأُول فقط ، بیان للسنة أی فی الأشواط الثلاثة الأُول دون غیرها ...... الرمل : بفتح المیم فی المصدر من باب دخل ، وهو الحمز والإسراع ، قاله القتبی ، وفی دیوان الأدب : هو ضرب من العدو مشیًا علی هینتک بکسر الهاء أی علی رسلک و وقارک ...... (طلبة الطلبة : (ص: ۱۱۱) کتاب المناسک ، ط: قدیمی)

☐ والرمل : أن یهز فی مشیته الکتفین کالمبارز یتبختر بین الصفین ، وقیل : هو إسراع مع تقارب الخطا دون الثوب والعدو ، ...... (البحر الرائق : (۲/ ۳۲۹ ، ۳۳۰) کتاب الحج ، باب الإحرام ،ط : سعید)

☐ شامی : (۲/ ۴۹۸) کتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید .

☐ الهندیة : (۱/ ۲۲۶) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه.

(۲) والرمل سنة فی کل طواف بعده سعی حتی فی طواف الصدر لو لم یسع إلاّ بعده ...... والأصل أنّ کل طواف بعده سعی ، فمن سننه الاضطباع والرمل ، وإلاّ فلا ...... (غنیة الناسک : (ص: ۱۱۹) باب فی ماهیة الطواف وأنواعه وأرکانهٖ ...... ، فصل : وأمّا سنن الطواف ...... ، ط: إدارة القرآن)

☐ البحر الرائق : (۲/ ۳۳۰) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید .

☐ الهندیة : (۱/ ۲۲۶) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه.

(۳) ولو زحمه النّاس وقف : وفی شرح الطحاوی : یمشی حتٰی یجد الرمل وهو الأظهر ؛ لأنّ وقوفه مخالف للسنة ، قاری علی النّقایة ، وفی شرحهٖ علی اللباب ؛ لأنّ الموالاة بین الأشواط وأجزاء الطواف سنة متفق علیه ، بل قیل واجبة فلایترکها لسنة مختلف فیها ، ...... وإن حصلت فی الأثناء فلایقف لئلا تفوت الموالاة ...... (الدر مع الرد : ۲/ ۴۹۸) کتاب الحج ، ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعید) =

☆ کسی بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے اگر رمل نہیں کرسکتا تو نہ کرے طواف صحیح ہوجائے گا۔(۱)

☆ طواف کے شروع کے تین چکروں کے علاوہ باقی چار چکروں میں رمل کرنا مکروہ ہے لیکن کرنے سے کوئی جزاء اور دم واجب نہیں ہوگا۔(۲)

☆ طواف کے شروع میں تین چکروں میں رمل کا حکم صرف مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں۔(۳)

اگر مرد حضرات پہلے چکر میں رمل کرنا بھول جائیں تو صرف دو چکروں میں رمل کریں، اور اگر دوسرے چکر میں بھی رمل کرنا بھول جائیں تو صرف تیسرے چکر

= ▭ غنية الناسک : (ص: ۱۱۸ ، ۱۱۹) باب فی ماهية الطواف وأنواعه ...... فصل : وأمّا سنن الطواف ، ط: إدارة القرآن .

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۸۹ ، ۱۹۰) باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

(۱) ولايطوف بلا رمل إلّا إذا تعذر لمرض و كذا إذا تعسّر لكبر و غيره . (إرشاد الساری : (ص: ۱۸۹) باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۰۴) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف ...... ط: إدارة القرآن .

(۲) لايرمل فی الباقی ؛ لأنّ ترک الرمل فی الأربعة سنة فلو رمل فيها لكان تاركا لسنتين ...... ولو رمل فی الكل لم يلزمه شيئ ، وينبغی أن يكره تنزيهًا لمخالفة السنة ...... (البحر الرائق : (۳۳۰/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد)

▭ شامی : (۴۹۸/۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

▭ الهندية : (۲۲۶/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

(۳) ولاترمل ولا تضطبع ولا تسعى بين الميلين ...... ؛ لأنّ أصل مشروعيته لإظهار الجلد وهو للرجال ، ولأنّه يخل بالستر ، ...... (الدر مع الرد : (۵۲۸/۲) كتاب الحج ، قبيل باب القران ، ط: سعيد)

▭ غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن .

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲) باب الإحرام ، فصل فی إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

میں رمل کریں، اور اگر تیسرے چکر میں بھی بھول جائیں تو اب باقی چکروں میں رمل نہ کریں۔(۱)

☆ جس طرح طواف کے شروع کے تین چکروں میں رمل کرنا مسنون ہے، اسی طریقے سے آخر کے چار چکروں میں رمل نہ کرنا مسنون ہے، اس لئے اگر شروع کے تین چکروں میں رمل نہیں کیا تو ایک سنت چھوٹ گئی، اگر آخری چار چکروں میں رمل کریگا تو دوسری سنت بھی چھوٹ جائے گی۔(۲)

☆ طواف کے پہلے تین چکروں میں اکڑ کر شانہ ہلاتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر ذرا تیزی سے چلنے کو "رمل" کہتے ہیں۔(۳)

(۱) فلو ترک الرمل فی الشوط الأوّل ، أو نسیه لایرمل إلاّ فی الشوطین ، ولو فی الثلاثة لایرمل فیما بعدها . (غنیة الناسک : (ص: ۱۰۳ ، ۱۰۴) باب دخول مكّة ، فصل : فی الأخذ فی الطواف و كیفیة أدائه ، ط: إدارة القرآن)

☜ شامی : (۴۹۸/۲) كتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید .

☜ البحر الرائق : (۳۳۰/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید .

(۲) وإن لم یذكر فی الثلاثة لایرمل بعد ذٰلک ؛ لأنّ ترک الرمل فی الأربعة سنة ، فلو رمل فیها كان تاركًا للسنتین ، وترک أحدهما أسهل . (شامی : (۴۹۸/۲) كتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعید)

☜ البحر الرائق : (۳۳۰/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ،ط : سعید .

☜ إرشاد الساری : (ص: ۱۱۸) باب دخول مكّة ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ،ط : الإمدادیة ، مكّة المكرّمة .

(۳) ترمل فی الثلاثة الأُول فقط ، بیان للسنة أی فی الأشواط الثلاثة الأُول دون غیرها ...... الرمل : بفتح المیم فی المصدر من باب دخل ، وهو الحمز والإسراع ، قاله القتبی ، وفی دیوان الأدب : هو ضرب من العدو مشیًا علی هینتک بكسر الهاء أی علی رسلک و وقارک ...... (طلبة الطلبة : (ص: ۱۱۱) كتاب المناسک ، ط: قدیمی)

☜ والرمل : أن یهز فی مشیته الكتفین كالمبارز یتبختر بین الصفین ، وقیل : هو إسراع مع تقارب الخطا دون الثوب والعدو ، ...... (البحر الرائق : (۳۲۹/۲ ، ۳۳۰) كتاب الحج ، باب الإحرام ،ط : سعید) =

☆ طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل کرنا، اور باقی چار چکروں میں رمل نہ کرنا سنت ہے۔(۱)

☆ طواف کے سات چکروں میں رمل کرنا مکروہ ہے، لیکن اس کی وجہ سے کوئی دم اور جزاء واجب نہیں ہوگی۔(۲)

☆ رمل صرف اس طواف کے پہلے تین چکروں میں سنت ہے جس کے بعد سعی کی جائے گی، اور جس طواف کے بعد سعی نہیں کرنی ہے تو اس کے کسی چکر میں بھی رمل نہیں کیا جاتا۔(۳)

☆ اگر ہجوم زیادہ ہونے کی وجہ سے رمل کرنا مشکل ہو، تو ہجوم کم ہونے تک طواف کو موخر کرنا چاہیئے، جب ہجوم کم ہو جائے تو اس کے بعد رمل کے ساتھ طواف کرنا چاہیئے، لیکن موجودہ دور میں حج کے زمانے میں بہت ہی زیادہ ہجوم ہو جاتا ہے بلکہ انسانوں کا ایک سمندر ہوتا ہے دیکھے بغیر سمجھنا اور سمجھانا مشکل ہے، ایسے ہجوم میں اگر جگہ ہے اور دوسروں کو بھی تکلیف نہ ہو تو رمل کرے ورنہ مجبوراً رمل کے بغیر طواف کر لے۔(۴)

= شامی : (۴۹۸/۲) کتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید .

الهندية : (۲۲٦/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

(۱) ترمل فی الثلاثة الأُول فقط ، بيان للسنة أی فی الأشواط الثلاثة الأُول دون غيرها …… لايرمل فی الباقی ؛ لأنّ ترک الرمل فی الأربعة سنة …… (البحر الرائق : ۳۲۹/۲ ، ۳۳۰) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد)

شامی : (۴۹۸/۲) کتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید .

الهندية : (۲۲٦/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

(۲) راجع الحاشية رقم: ۲، علی الصفحة السابقة، رقم: ۳۲۵. (لايرمل فی الباقی)

(۳) راجع الحاشية، رقم: ۲، علی الصفحة السابقة، ۳۲۴. (والرمل سنة)

(۴) فإن زاحمه النّاس فی الرمل وقف فإذا وجد مسلكا رمل ؛ لأنّه لابدل له ، فيقف حتیٰ يقيمه علی الوجه المسنون . (البحر الرائق : ۳۳۰/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد)

شامی : (۴۹۸/۲) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید.=

☆اگر طواف رمل کے ساتھ شروع کیا اور ایک یا دو چکروں کے بعد اتنا زیادہ ہجوم ہوگیا کہ رمل کا موقع نہیں، تو رمل کرنا چھوڑ دے اور طواف پورا کرے۔(۱)

رمل آخری چار چکروں میں کرنا

طواف کے شروع کے تین چکروں میں رمل کرنا سنت ہے، اور آخری چار چکروں میں رمل نہ کرنا سنت ہے، اگر کوئی شخص ساتوں چکروں میں رمل کرے گا تو سنت ترک کرنے کی وجہ سے مکروہ ہوگا۔(۲)

رمل ترک کرنا مکروہ ہے

جس طواف میں رمل سنت ہے، اس میں عذر کے بغیر رمل کو چھوڑنا مکروہ ہے اگرچہ اس کی وجہ سے دم لازم نہیں ہوگا۔(۳)

= غنية الناسک : (ص: ۱۰۴) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل فى الأخذ فى الطواف، ط: إدارة القرآن.

(۱) راجع الحاشية رقم: ۳، على الصفحة السابقة : ۳۲۴. (ولو زحمه الناس)

(۲) والرمل فى الثلاثة الأول والمشى على هيئته فى الأربعة الباقية ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۱۸) باب فى ماهية الطواف ، فصل : وأمّا سنن الطواف ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۲۲۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى سنن الطواف ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (۴۹۸/۲) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۳) وحكم السنن أى المؤكدة الإساءة بتركها أى لو تركها عامدًا وعدم لزوم شيئ أى من دم أو صدقة على فاعلها . (تاركها)...... (إرشاد السارى : (ص: ۱۰۵) باب فرائض الحج و واجباته ، ...... فصل : فى سننه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۴۷) باب فرائض الحج و واجباته ، ...... فصل : وأمّا سننه ، ط: إدارة القرآن .

وأيضًا راجع الحاشية ، رقم : ۲، على الصفحة السابقة ، رقم : ۳۲۵.

رمل چھوٹ جائے

رمل نہ کرنا سنت کے خلاف ہے البتہ رمل چھوٹ جانے سے دم وغیرہ لازم نہیں ہوگا۔ (۱)

رمل طواف زیارت میں

''طواف زیارت میں رمل'' عنوان کو دیکھیں۔ (۳/۷۷)

رمل کرنا بھول گیا

اگر طواف کے شروع سے رمل کرنا بھول گیا یا ایک چکر کے بعد یاد آیا، تو صرف دو میں رمل کرے، اور اگر شروع کے تین چکروں کے بعد یاد آیا تو پھر رمل نہ کرے کیونکہ جس طرح طواف کے شروع کے تین چکروں میں رمل کرنا سنت ہے اسی طرح آخر کے چار چکروں میں رمل نہ کرنا سنت ہے۔ (۲)

رمی

رمی کا لغوی معنی ہے: کنکریاں پھینکنا، مارنا۔ (۳)

(۱) وحكم السنن أى المؤكدة الإساءة بتركها أى لو تركها عامدًا وعدم لزوم شيئ أى من دم أو صدقة على فاعلها . (تاركها)...... (إرشاد السارى : (ص: ۱۰۵) باب فرائض الحج و واجباته، ...... فصل : فى سننه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۴۷) باب فرائض الحج و واجباته ، ...... فصل : وأمّا سننه ، ط: إدارة القرآن .

وأيضًا راجع الحاشية ، رقم : ۲، على الصفحة السابقة ، رقم : ۳۲۵.

(۲) لو ترک الرمل فى الشوط الأوّل لايرمل إلا فى الشوطين بعده ، وبنسيانه فى الثلاثة الأُول لايرمل فى الباقى ؛ لأنّ ترک الرمل فى الأربعة سنة ، فلو رمل فيها لكان تاركًا للسنتين ، وكان ترک أحدهما أسهل . (البحر الرائق : (۲/۳۳۰) كتاب الحج ، باب الإحرام ،ط :سعيد)

شامى : (۲/۴۹۸) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، مطلب فى طواف القدوم ، ط: سعيد .

الهندية : (۱/۲۲۶) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

(۳) (رمى) الشيئ وبه : ألقاه . (القاموس المحيط : (۴/۳۳۶) باب الواو والياء ، فصل الراء ، ط: المطبعة الحسينية المصرية ، مصر ، ۱۳۴۴ھ) =

رمی

☆ حدث اصغر یا حدث اکبر کی حالت میں رمی کرنا جائز ہے لیکن خلاف اولیٰ ہے۔
☆ اگر رمی کے دوران ہجوم کی وجہ سے انزال ہو جائے تو اسی حالت میں بھی رمی کرنا جائز ہے، البتہ بہتر نہیں ہے۔(۱)

رمی بارہ ذی الحجہ کو زوال سے پہلے کرنا

''بارہ ذی الحجہ کو زوال سے پہلے رمی کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱٦۲)

رمی بارہ ذی الحجہ کی رات کو کرنا

''بارہ ذی الحجہ کی رات میں رمی کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱٦۲)

رمی بارہویں ذی الحجہ کی

''رمی گیارہ ذی الحجہ کی'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۳٥۲)

رمی بے ہوش کی طرف سے کرنا

''بے ہوش کی طرف سے رمی کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۲۳۳)

= (فصل) وأمّا تفسير رمی الجمار فرمی الجمار فی اللغة : هو القذف بالأحجار الصغار وهی الحصی إذ الجمار جمع جمرة ، والجمرة هی الحجر الصغير ، وهی الحصاة . (بدائع الصنائع : (۱۳٦/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا تفسير رمی الجمار ، ط: سعيد)
رمی الشیئ وبه من يده : رميا ورماية : هاتھ سے ڈالنا ، پھینکنا . (القاموس الوحيد : (ص: ٦٧٢) باب الراء ، ط: إداره اسلاميات)
(۱) ولايشترط أن يكون الرامی علی حالة مخصوصة من قيام واستقبال وطهارة وهی الأكمل . (إرشاد الساری : (ص: ۳٥۱) باب رمی الجمار وأحكامه ، فصل : فی أحكام الرمی وشرائطه وواجباته ، ط: الإمداديه مكّه المكرّمة)
غنية الناسک : (ص: ۱۸٦) باب رمی الجمار ، فصل : فی الترتيب بين الجمار الثلاث ، تتمة : ، قبيل : فصل : فی شرائط الرمی ، ط: إدارة القرآن .

رمی ترک کردی

☆ اگر کسی نے تینوں دنوں کی رمی بالکل نہیں کی یا ایک دن کی رمی ساری ترک کردی، یا پہلے دن کی چار کنکریاں، یا باقی دو دنوں کی گیارہ کنکریاں ترک کردیں، تو ان سب صورتوں میں ایک ہی دم واجب ہوگا۔(۱)

ایسی بات ایک دن کی ہو یا تینوں کی، ایک ہی دم واجب ہوگا۔(۲)

☆ اگر دسویں ذی الحجہ کی رمی سے تین یا اس سے کم کنکریاں اور باقی گیارہ اور بارہ ذی الحجہ کے دنوں کی رمی سے دس یا اس سے کم کنکریاں نہیں ماریں تو ہر کنکری کے بدلے پورا صدقہ یعنی پونے دو کلو گیہوں یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہوگا۔(۳)

---

(۱) الواجب دم ...... أو ترک ...... أو الرمی کله ، أو فی یومٍ واحد ، أو الرمی الأوّل ، وأکثره ، أی أکثر رمی یومٍ قال فی الرد : (قوله : وأکثره) کأربع حصیات فما فوقها فی یوم النحر أو إحدٰی عشرة فیما بعده . (شامی : (۲/۵۵۴) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید)

البحر الرائق : (۳/۲۳) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

فتح القدیر : (۲/۴۶۸) کتاب الحج ، باب الجنایات ، فصل ومن طاف طواف القدوم ...... الخ ، ط: رشیدیه .

(۲) وإنّما وجب دم واحد بترک الجمار فی الأیّام کلها ؛ لأنّ الجنس متحد ، کما فی الحلق . (البحر الرائق : (۳/۲۳) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید)

شامی : (۲/۵۵۴) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

فتح القدیر : (۲/۴۶۸) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: رشیدیه .

(۳) ترک ...... (أو إحدٰی الجمار الثلاث) ویجب لکل حصاة صدقة إلاّ أن یبلغ دمًا فکما مرّ ...... (تصدق بنصف صاعٍ من برٍ) کالفطرة . وقال الشامی تحته : (قوله : أو إحدی الجمار أی الّتی بعد یوم النحر ، والمراد أن یترک أقلّ جمار یوم کثلاث من یوم النحر و عشرة مما بعده رحمتی ، . (شامی : (۲/۵۵۷) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید)

وإن ترک أقلّ أو أخّره کحصاة أو حصاتین أو ثلاث فی الیوم الأوّل وعشر حصیات فما دونها فیما بعده) أی بعد الیوم الأوّل (فعلیه لکل حصاة صدقة إلاّ أن یبلغ ذٰلک دمًا فینقص منه) . (مناسک الملا علی القاری : (ص: ۱۸۴) باب الجنایات ، فصل فی الجنایات فی رمی الجمرات ، ط: مطبعة الترقی الماجدیة بمکّة المحمیة ، و : (ص: ۵۰۸) ط: المکتبة الإمدادیة مکّة المکرّمة)

البحر الرائق : (۳/۲۳) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

رمی جمار

☆ ''رمی جمار'' کا معنی لغت میں چھوٹی کنکریوں کا پھینکنا ہے، اور شریعت کی زبان میں چھوٹی کنکریوں کا مخصوص زمانہ میں مخصوص جگہ پر مخصوص تعداد میں پھینکنا ہے۔(۱)

☆ رمی جمار واجب ہے، ترک کرنے سے دم لازم ہوگا۔(۲)

☆ ایک بڑا پتھر توڑ کر رمی کے لئے چھوٹے ٹکڑے بنانا مکروہ ہے۔(۳)

☆ جمرہ کے قریب سے کنکریاں لینا، مسجد سے لینا یا ناپاک جگہ سے لینا بھی مکروہ ہے۔(۴)

---

(۱) رمی الجمار فی اللغة : هو القذف بالأحجار الصغار وهی الحصی ، إذ الجمار جمع جمرة ، والجمرة : هی الحجر الصغیر ، وهی الحصاة ، وفی الشرع : هو القذف بالحصی فی زمان مخصوص ومکان مخصوص و عدد مخصوص . (الفقه الإسلامی وأدلّته : (۱۹۲/۳) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الأوّل ، المبحث السادس ، المطلب الثانی ، ط: دار الفکر)

☐ بدائع الصنائع : (۱۳۷/۲) کتاب الحج ، فصل : وأمّا تفسیر رمی الجمار ، ط: سعید .

(۲) اعلم أنّ رمی الجمار واجب ، وإن ترکه فعلیه دم . (مناسک الملا علی القاری : (ص: ۳۳۳) باب رمی الجمار وأحکامه ، ط: المکتبة الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☐ الدر المختار مع رد المحتار : (۴۶۷/۲ ، ۴۶۸) کتاب الحج ، مطلب : فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعید .

☐ غنیة الناسک : (ص: ۴۵) باب فرائض الحج و واجباته ، ...... فصل : وأمّا واجباته فستة ، ط: إدارة القرآن .

(۳) ویکره أن یأخذ حجرًا کبیرًا فیکسره صغارًا . (غنیة الناسک : (ص: ۱۶۸) باب أحکام المزدلفة ، فصل : فی إفاضة من مشعر الحرام ، ورفع الحصی من المزدلفة وقدر الحصی ، ط: إدارة القرآن)

☐ الدر المختار : (۵۱۵/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید .

☐ لباب مع إرشاد الساری : (ص: ۳۱۴) باب أحکام المزدلفة ، فصل : فی رفع الحصی ، قبیل : باب مناسک منٰی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

(۴) ویجوز أخذها من کل موضع إلاّ من عند الجمرة والمسجد ومکان نجس ، فإن فعل جاز وکره ...... (لباب مع إرشاد الساری : (ص: ۳۱۴) باب أحکام المزدلفة ، فصل : فی رفع الحصی ، قبیل : باب مناسک منی ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة) =

☆ کنکریوں کو مارنے سے پہلے دھو لینا مستحب ہے۔(۱)

☆ دس ذی الحجہ کو بڑے شیطان کو الگ الگ سات کنکریاں اور گیارہ اور بارہ ذی الحجہ کو ترتیب سے تینوں شیطانوں کو الگ الگ سات سات کنکریاں مارنا ضروری ہے۔(۲)

☆ اگر ایک سے زیادہ یا ساتوں ایک ہی دفعہ مار دے تو ایک ہی شمار ہوں گی، اگرچہ علیحدہ علیحدہ گری ہوں اور باقی کنکریاں الگ الگ مارنا ضروری ہوگا۔(۳)

= غنية الناسک : (ص: ۱۶۸) باب أحكام المزدلفة ، فصل في إفاضة من المشعر الحرام و رفع الحصى من المزدلفة وقدر الحصى ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۵۱۵/۲) كتاب الحج ، مطلب في رمي جمرة العقبة ، ط: سعيد .

(۱) وندب غسلها أي يستحب أن يغسل الحصاة مطلقًا ، والله اعلم . (إرشاد الساري : (ص: ۳۱۴) باب أحكام المزدلفة ، فصل : في رفع الحصى ، قبيل : باب مناسک منٰى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

غنية الناسک : (ص: ۱۶۹) باب أحكام المزدلفة ، فصل : في إفاضة من مشعر الحرام ، ورفع الحصى من المزدلفة وقدر الحصى ، قبيل : باب مناسک منٰى يوم النحر ، ط: إدارة القرآن)

شامی : (۵۱۵/۲) كتاب الحج ، مطلب : في رمي جمرة العقبة ، ط: سعيد .

(۲) الخامس : تفريق الحصيات ، فلو رمى بسبع حصيات ، أو أكثر جملة واحدة لاتجزيه إلا عن واحدة ، ولو وقعت متفرقة عند الأربعة ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۸۷) باب رمي الجمار ، فصل في شرائط الرمي ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساري : (ص: ۳۴۶ ، ۳۴۷) باب رمي الجمار وأحكامه ، فصل : في أحكام الرمي ، وشرائطه وواجباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامی : (۵۱۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : في رمي جمرة العقبة ، ط: سعيد .

ورمي الجمار في الأيام الثلاثة . (إرشاد الساري : (ص: ۹۷) باب فرائض الحج ، و واجباته ...... فصل : في واجباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

انظر الحاشية ، رقم : ۲ ، على الصفحة التالية ، رقم : ۳۳۴ ، أيضًا .

(۳) الخامس : تفريق الحصيات ، فلو رمى بسبع حصيات ، أو أكثر جملة واحدة لاتجزيه إلا عن واحدة ، ولو وقعت متفرقة عند الأربعة ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۸۷) باب رمي الجمار ، فصل في شرائط الرمي ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساري : (ص: ۳۴۶ ، ۳۴۷) باب رمي الجمار وأحكامه ، فصل : في أحكام الرمي ، وشرائطه وواجباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة . =

☆ سات کنکریوں سے زائد مارنا مکروہ ہے، شک ہوجانے کی وجہ سے زیادہ مارے تو حرج نہیں ہے۔(۱)

رمی دس ذی الحجہ کی

☆ دس ذی الحجہ کو مزدلفہ سے منی واپس آنے کے بعد پہلے اور دوسرے شیطان کو چھوڑ کر سیدھا تیسرے شیطان کے پاس آجائے، (اس کو جمرہ عقبہ کہتے ہیں) اس پر سات کنکریاں مارے۔(۲)

☆ اگر آسانی سے ممکن ہے تو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے کنکری پکڑ کر ہاتھ کو اونچا کرے اور "**بسم اللہ اللہ اکبر رغما للشیطن ورضی للرحمن**" پڑھتے ہوئے ایک ایک کنکری مارے، اور اگر انگوٹھے اور شہادت کی

= شامی : (۲/ ۵۱۳) کتاب الحج ، مطلب : فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید .

ورمی الجمار فی الأیام الثلاثة . (إرشاد الساری : (ص: ۹۷) باب فرائض الحج ، و واجباته ...... فصل : فی واجباته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

انظر الحاشیة الآتیة ایضا، رقم: ۲ .

(۱) رمی بأکثر منها أی السبع جاز أی ویکره . (الدر مع الرد : (۲/ ۵۱۳) کتاب الحج ، مطلب: فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید)

ولو رمی أکثر من سبع یکره ، أی إذا رماه عن قصد ، وأمّا إذا شکّ فی السابع ورماه و تبیّن أنّه الثامن فإنّه لایضره ذٰلک ، هذا . (إرشاد الساری : (ص: ۳۵۳) باب رمی الجمار وأحکامه ، فصل فی أحکام الرمی وشرائطه ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

الهندیة : (۱/ ۲۳۴) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ،ط : رشیدیه .

(۲) فإذا أتٰی منٰی ...... تجاوز من الجمرة الأوّلٰی والثانیة إلی جمرة العقبة الّتی علی حد منٰی نسبت إلی العقبة لالتصاقها بها من غیر أن یشتغل بشیئ آخر قبل رمیها بعد دخول وقتها ؛ لما روی أنّ رسول اللّٰه ﷺ لما أتٰی لم یعرج علی شیئ حتی رمی جمرة العقبة سبع حصیات . (غنیة الناسک : (ص: ۱۶۹) باب مناسک منی یوم النحر ، فصل : فی رمی جمرة العقبة یوم النحر ، ط: إدارة القرآن)

بدائع الصنائع : (۲/ ۱۵۶) کتاب الحج ، فصل : وأمّا بیان سنن الحج ، وبیان ترتیبه ، ط: سعید .

الهندیة : (۱/ ۲۳۱) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه.

انگلی سے پکڑنا مشکل ہے تو جس طرح پکڑنا ممکن ہے اسی طرح پکڑ کر رمی کرے۔(۱)

☆بڑے یعنی تیسرے شیطان کو پہلی کنکری مارتے ہی تلبیہ پڑھنا بند کردے۔(۲)

☆بڑے اور تیسرے شیطان کی رمی کا مسنون وقت سورج طلوع ہونے سے شروع ہوکر زوال تک ہے، زوال سے مغرب تک بلاکراہت مباح وقت ہے اور مغرب سے صبح صادق سے پہلے تک مکروہ وقت ہے۔(۳)

---

(۱) يأخذ الحصى بطرفي إبهامه وسبابته كأنّه عاقد ثلاثين ويرميها ...... أنّه يكبر عند كل حصاة ، فيقول : بسم الله والله أكبر ، رغمًا للشيبان وحزبه ويقول : اللّٰهم اجعل حجي مبرورًا وسعيي مشكورًا وذنبي مغفورًا . (الهندية : (۲۳۳/۱ ، ۲۳۴) كتاب المناسك ، الباب الخامس في كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

▭ يكبر مع كل حصاة ويدعو : فيقول : بسم الله الله أكبر ، رغما للشيطان ورضا للرحمٰن ، ...... وكيفية الرمي أي المستحبة وإلاّ فاختيار مشائخ بخارىٰ أنّه كيفما رمى جاز ، ...... قيل ...... أن يضع الحصاة على ظهر إبهامه اليمنىٰ ويستعين عليها أي على رميها بالمسبحة أي بإمساكها ، وقيل : يأخذ بطرفي إبهامه وسبابته ...... وهو الأصحّ ...... وهٰذا أي كله بيان الأولوية ، وأمّا الجواز فلايتقيد بهيئة أي كيفية دون أخرىٰ بل يجوز كيفما كان ...... (إرشاد الساري : (ص: ۳۱۶) باب مناسك منٰى ، الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسك : (ص: ۱۷۰ ، ۱۷۱) باب مناسك منٰى يوم النحر ، فصل : في رمي جمرة العقبة ، مطلب في كيفية وقوف الرمي ...... ومطلب في كيفية الرمي ، ط: إدارة القرآن .

(۲) ويقطع التلبية مع أوّل حصاة يرمي بها جمرة العقبة ...... (بدائع الصنائع : (۱۵۶/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان سننه و بيان ترتيبه ، ط: سعيد)

▭ غنية الناسك : (ص: ۱۷۰) باب مناسى منٰى يوم النحر ، فصل : في رمي جمرة العقبة ، مطلب : في كيفية وقوف الرمي و موقفه من جمرة العقبة وقطع التلبية ، ط: إدارة القرآن .

▭ الهندية : (۲۳۱/۱) كتاب المناسك ، الباب الخامس في كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

(۱) الرابع : تقديم الإحرام عليه ، وأمّا بقاء الإحرام حالة السعى ، فإن كان سعيه للحج قبل الوقوف فيشترط ، أو بعد الوقوف فلايشترط ، بل عدمه ، فإنّه يسنّ الترتيب بين الرمى والحلق و بين الطواف والسعى ، وإن كان سعيه للعمرة فلايشترط بقائه ، بل يجب حتى لو طاف كله أو أكثره ، ثم حلق ، ثم سعى صح سعيه ، وعليه دم لتحلله قبل أوانه . (غنية الناسک : (ص: ۱۳۲) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى ركعتى السعى و شرائطه ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۲۴۷ ، ۲۴۸) باب السعى بين الصفا والمروة ، ط: فصل : فى شرائط السعى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) المشى فيه ، فإن سعى راكبا أ ومحمولاً أو زحفًا أى بجميع أنواعه ممالايطلق عليه أنه مشى بغير عذر فعليه دم ، ولو بعذر فلا شيئ عليه . (إرشاد السارى : (ص: ۲۵۳) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى واجباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

بدائع الصنائع : (۱۳۴/۲) كتاب الحج ، واجبات الحج ، فصل : وأمّا ركنه ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۱۳۳) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى واجبات السعى ، ط: إدارة القرآن .

سعی کی غلطی

اگر پوری سعی یا سعی کے اکثر چکر بلا عذر ترک کر دیئے، یا بلا عذر سوار ہوکر سعی کی تو حج ہو جائے گا لیکن دم دینا واجب ہوگا، اور پیدل سعی کا اعادہ کرنے سے دم ساقط ہو جائے گا، اور اگر عذر کی وجہ سے سوار ہوکر سعی کی تو کچھ واجب نہیں ہوگا۔ اور اگر سعی کے ایک یا دو یا تین چکر چھوڑ دیئے یا بلا عذر ایک، دو یا تین چکر سوار ہوکر کئے تو ہر چکر کے بدلے میں صدقہ دینا لازم ہوگا، اور ایک صدقہ ایک صدقہ فطر کے برابر ہے۔ (۱)

سعی کے چکروں کا حکم

طواف کے بعد سعی کے سات چکر ہیں اور ان میں سے ہر پھیرا واجب ہے۔ (۲)

---

(۱) ولو ترک السعی کله أو أكثره فعليه دم، وحجّه تام وإن تركه لعذر فلا شيئ عليه ولو ترک منه ثلاثة أشواط أو أقلّ، فعليه لكل شوط صدقة إلاّ أن يبلغ ذٰلک دمًا فله الخيار بين الدم و تنقيص الصدقة، ولو سعى كله أو أكثره راكبًا أومحمولاً بلا عذر، فعليه دم، وإن كان بعذر فلا شيئ عليه، وإن سعى أقلّه راكبا بلا عذر فعليه صدقة، ولو سعى قبل الطواف لم يعتد به، فإن لم يعده فعليه دم،...... وإذا أعاده سقط الدم ...... (لباب المناسک مع إرشاد الساری: (ص: ۵۰۳، ۵۰۴) باب الجنايات وأنواعها، النوع الخامس: الجنايات فی أفعال الحج، فصل: فی الجناية، فی السعی، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۲۷۷، ۲۷۸) باب الجنايات، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج، المطلب الخامس فی ترک الواجب فی السعی، ط: إدارة القرآن.

☜ الدر مع الرد: (۵۵۳/۲) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد.

(۲) واجبات السعی، منها أو أوّلها إكمال عدد سبع مرّات، وهو إتيان ثلاثة أشواط من آخره، فإن تركه أقلّه صحّ سعيه؛ لأنّه أتٰى بركنه كما فی الطواف، وعليه صدقة لترک ما بقی ...... (إرشاد الساری: (ص: ۲۵۲) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل: فی واجباته، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۱۳۴) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل: فی واجباته، ط: إدارة القرآن.

☜ البحر العميق: (۱۲۹۳/۳) الباب العاشر: فی سخول مكّة وفی الطواف والسعی، فصل: الكلام فی السعی، وأمّا واجباته، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكية. =

سعی کے چکروں میں فاصلہ کرنا

☆اگر کسی نے متفرق طور پر سعی کی مثلاً ایک دن میں سعی کا ایک چکر اور سات دن میں سات چکر کئے تو ایسا کرنا بھی جائز ہے، لیکن ایسا کرنا عذر کی وجہ سے بلا کراہت جائز ہے اور بلا عذر خلاف سنت ہونے کی وجہ سے مکروہ ہے۔(۱)

سعی کے دوران وضوٹوٹ گیا

اگر سعی کے دوران وضوٹوٹ جائے تو سعی جاری رکھے، بے وضو سعی ہو جاتی ہے اور اس سے کوئی دم یا صدقہ واجب نہیں ہوتا۔(۲)

سعی کے سات چکر

سعی کے سات چکر ہیں: صفا سے مروہ تک ایک چکر ہوتا ہے، اور مروہ سے

= ☜ بدائع الصنائع : (۲/۱۳۴، ۱۳۵) کتاب الحج ، واجبات الحج ، وأمّا شرائط جوازه (أی السعی) ط: سعید .

(۱) والموالاة بین أشواطه و أجزاء الأشواط وهو أوسع من الموالاة بین أشواط الطواف وأجزاء أشواطه لتجویزهم ، نحو الأكل فیه لا فی الطواف ...... (غنیة الناسک : (ص: ۱۳۵) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فی السعی ، ط: إدارة القرآن)

☜ وتفریقه تفریقًا كثیرًا أی فإنّه ینافی الموالاة المعدودة من السنة . (إرشاد الساری : (ص: ۲۵۶) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فی مکروهاته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☜ ومنها : الموالاة بین أشواط السعی ، فلو فرّق السعی تفریقًا كثیرًا لم یبطل سعیه ...... (البحر العمیق : (۳/۱۳۹۴) الباب العاشر فی دخول مکة و فی الطواف و السعی ، فصل : الكلام فی السعی ، ط: مؤسّسة الریّان ، المکتبة المکیّة)

(۲) وأمّا عن الحدث الأصغر وعن النجاسة فی الثوب والبدن فمستحب . (غنیة الناسک : (ص: ۱۳۵) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فی سنن السعی ، ط: إدارة القرآن)

☜ إرشاد الساری : (ص:۲۵۵) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل فی مستحباته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

☜ البحر العمیق : (۳/۱۲۹۵) الباب العاشر : فی دخول مکّة وفی الطواف والسعی ، فصل : الكلام فی السعی ، ط: مؤسّسة الریّان ، المکتبة المکیّة .

صفا تک دوسرا چکر ہوتا ہے، اسی طرح سات چکر ہونے چاہئیں۔(۱)

سعی کے لئے گھر سے واپس آنے کا طریقہ

اگر کسی آفاقی حاجی نے طواف زیارت کے بعد سعی نہیں کی اور گھر واپس آ گیا تو سعی نہ کرنے کی وجہ سے حرم کی حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا، اور اگر گھر سے واپس آ کر سعی کرے گا تو دم ساقط ہو جائے گا۔

اور گھر سے واپس آنے کا طریقہ یہ ہے کہ حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ مکرمہ آئے اور پہلے حج یا عمرہ کر کے احرام سے نکلے، پھر اس کے بعد سابقہ سعی جو ذمہ میں رہ گئی تھی وہ کرے تو دم دینا لازم نہیں ہوگا۔

واضح رہے کہ ایسی صورت میں واپس آ کر سعی کرنے سے دم دینا بہتر ہے تاکہ فقیروں کا فائدہ ہو۔(۲)

سعی مقدم کرنا

اگر ہجوم کی وجہ سے ساتویں، آٹھویں ذی الحجہ کو منیٰ روانہ ہونے سے پہلے سعی سے فراغت حاصل کرنا چاہتا ہے تو سعی سے فارغ ہو جانا بلا کراہت جائز ہے لیکن

---

(۱) ثم يمشي على هينته حتى يأتي المروة فيصعد عليها إن كان ثم مصعد إلى أن يبدو له البيت إن أمكن ويفعل على المروة جميع ما فعله على الصفا من الاستقبال والتكبير، والذكر والدعا ثم ينزل منها داعيًا ذاكرًا ويمشي على هينته، فإذا بلغ الميلين سعى كما مرّ. هٰكذا يفعل ذٰلک سبعة أشواط، يبدأ بالصفا ويختم بالمروة، من الصفا إلى المروة شوط، والعود منها إلى الصفا شوط آخر. (لباب المناسک مع إرشاد الساری: (ص: ۲۴۴، ۲۴۵) باب السعي بين الصفا والمروة، كيفية السعي، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص ۱۳۰) باب السعي بين الصفا والمروة، فسل في كيفية أداء السعي، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد: (۲/۵۰۱) كتاب الحج، مطلب: في السعي بين الصفا والمروة، ط: سعيد.

(۲) تخریج ''طواف زیارت کے بعد سعی نہیں کی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

اس کے لئے شرط یہ ہے کہ سعی کرنے سے پہلے حج کا احرام باندھ کر ایک نفلی طواف کرے، کیونکہ ہر سعی سے پہلے ایک طواف کا ہونا بھی شرط ہے۔(۱)

اوراس طواف میں مردوں کیلئے احرام کی چادر کا اضطباع کرنا اور طواف کے دوران ''رمل'' کرنا بھی مسنون ہے۔(۲)

اس صورت میں طواف زیارت کے بعد دوبارہ سعی کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، اور اگر اس طرح پہلے سعی نہیں کی تو طواف زیارت کے بعد سعی کرنا لازم ہوگا۔(۳)

(۱، ۲) ولو أراد تقديم السعي تنفل بطواف واضطبع ورمل فيه ...... ثم سعى بعده ثم راح إلى عرفات. (إرشاد الساری: (ص: ۴۰۹) باب التمتّع، فصل المتمتّع على نوعين، قبيل: باب الجمع بين النسكين، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۲۱۲) باب التمتّع، فصل: كيفية أداء التمتّع المسنون، ط: إدارة القرآن.

☜ الثانی: أن يكون أی السعی بعد طواف أی كامل ولو نفلاً أو بعد أكثره أی أكثر أشواطه ......

(إرشاد الساری: (ص: ۲۴۷) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل: فی شرائط صحة السعی، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۱۳۲) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل فی ركن السعی و شرائطه، ط: إدارة القرآن.

☜ البحر العميق: ۱۲۸۷/۳، ۱۲۸۸) الباب العاشر: فی دخول مكّة، و فی الطواف والسعی، فصل الكلام فی السعی، وأمّا شرائط جوازه، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.

☜ والاضطباع، والرمل فی الثلاثة والمشيئ على هينته فی الباقی فی طواف الحج والعمرة، (قيد للاضطباع والرمل، لكونهما من سنن طواف بعده سعیٌ). (لباب المناسک مع إرشاد الساری: (ص: ۲۲۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، فصل: فی سنن الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ والأصل أنّ كل طواف بعده سعی، فمن سنته الاضطباع والرمل فی الثلاثة الأشواط الأوّل ...... (البحر العميق: (۱۱۶۵/۲) الباب العاشر: فصل: فی بيان أنواع الأطوفة، وأمّا سنن الطواف، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۱۱۸، ۱۱۹) باب فی ماهية الطواف وأنواعه وأركانه وشرائطه وأحكامه، فصل: وأمّا سنن الطواف، ط: إدارة القرآن.

(۱) فإذا دخل المسجد أی المسجد الحرام ...... بدأ بالطواف ...... فيطوف سبعة أشواط بلارمل فيه وسعی أی، وبلا سعی بعده أی بعد الطواف، إن قدّمهما أی الرمل والسعی؛ لأنّهما لم يشرعا =

سعی میں ایک چکر نہیں کیا احرام سے نکل گیا

''سعی کا''چکر''چھوڑ دیا''عنوان کو دیکھیں۔(۲/ ٤٤٠)

سعی میں بات چیت کرنا

سعی کے دوران جائز اور ضروری بات چیت کرنے کی گنجائش ہے بشرطیکہ باتوں میں مشغول ہونا خشوع اور خضوع کے منافی نہ ہو ورنہ مکروہ ہے۔(۱)

سعی میں باوضو ہونا

☆سعی میں باوضو ہونا اور کپڑوں کا پاک ہونا مستحب ہے، اس کے بغیر بھی سعی ہو جاتی ہے۔

☆سعی کے دوران وضو شرط نہیں ہے، اگر وضو کے بغیر سعی کر لی تو سعی ادا ہوا جائیگی۔(۲)

= إلاّ مرّةً ، وإلاّ أى وإن لم يقدمهما رمل فيه وسعى بعده ، وإن قدم السعى لا ارمل ، سقط الرمل ، وأمّا الاضطباع فساقط مطلقا فى هٰذا الطواف . (إرشاد السارى : (ص: ٣٢٧) باب طواف الزيارة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الدر مع الرد : (٢/ ٥١٨) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف الزيارة ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ١٧٦) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

(١) الكلام أى المباح الّذى لايشغله لما سيأتى ، والأفضل ترک الفضول ومالايعنيه فى جميع أوقاته ، فكيف فى سعيه الّذى من جملة عباداته . (إرشاد السارى : (ص: ٢٥٥) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

والبيع والشراء والحديث إذا كان يشغله ، قيد للثلاثة ، والمعنى : يشغله عن الحضور ، ويدفعه عن الذكر والدعاء ، أو يمنعه عن الموالاة . (أيضًا : (ص: ٢٥٦) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى مكروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ١٣٥ ، ١٣٦) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى مباحاته ، ط: إدارة القرآن .

(٢) ومستحباته : السعى على طهارة ، حتى لو سعى محدثًا ، أو جنبًا ، أوكانت المرأة حائضًا أو=

سعی میں تاخیر

☆سعی واجب ہے، طواف کے فوراً بعد کرنا سنت ہے واجب نہیں، اگر کسی عذر یا تھکان کی وجہ سے فورا طواف کے بعد سعی نہ کر سکے تو مضائقہ نہیں، بلا عذر تاخیر کرنا مکروہ ہے۔(۱)

☆طواف زیارت۔(۲)

= نفساء ، صحّ ولاشيئ عليه ، كالوقوف ؛ لأنّ السعى ليس فى معنى الصلاة ...... وفى المرغيناني: الأصل أن كل عبادة تؤدى لا فى المسجد من أحكام المناسک ، فالطهارة ليست من شرطها ، كالسعى والوقوف بعرفة ، ومزدلفة ورمى الجمار ...... (البحر العميق : (۳/ ۱۲۹۵) الباب العاشر : فى دخول مكّة ، وفى الطواف والسعى ، فصل : الكلام فى السعى ، ومن مستحابته ، ط: مؤسّسة الريّان ، المكتبة المكيّة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۱۳۵) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل فى سنن السعى ، ط: إدارة القرآن .

☜ إرشاد السارى : (ص: ۲۵۵) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى مستحباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۱) ومنها : الموالاة بينه و بين الطواف ، كما قال ابن العجمى ، وعز بن جماعة : حتى لو تخلل بين الطواف والسعى فصل كثير لايضره ، ويكره ، لما فيه من ترک السنة . (البحر العميق : (۳/۱۲۹۴) الباب العاشر ، فصل : الكلام فى السعى ، وأمّا سننه ، ط: مؤسّسة الريّان ، المكتبة المكيّة)

☜ وتأخيره عن الطواف من غير عذر . (غنية الناسک : (ص: ۱۳۶) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى مكروهاته ، ط: إدارة القرآن)

☜ إرشاد السارى : (ص: ۲۵۶) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : مفى مكروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) أوّل وقت طواف الزيارة : طلوع الفجر الثانى من يوم النحر ، فلايصحّ قبله ولاآخر له فى حق الصحة ، فلو أتٰى به بعد سنين صحّ ، ولكن يجب فعله فى أيّام النحر ، ...... (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۳۲۸) باب طواف الزيارة ، فصل : فى وقت طواف الزيارة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۱۷۷ ، ۱۷۸) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

☜ الدر مع الرد : (۲/۵۱۷) كتاب الحج ، مطلب فى طواف الزيارة ،ط : سعيد .

حلق۔(۱)

رمی۔(۲)

قربانی۔(۳)

حج کے یہ سارے اعمال ایام نحر کے اندر اندر کرنا واجب ہے لیکن صفا مروہ کی سعی ایام نحر کے اندر کرنا لازم نہیں بلکہ بعد میں کرنا بھی جائز ہے، لہٰذا اگر کسی عذر یا تھکاوٹ دور کرنے کے لئے آرام کرنا چاہیئے تو آرام کرسکتا ہے، آج نہیں تو کل یا دس پندرہ دن بعد سعی کرنا جائز ہے، اسی طرح سعی کے ساتوں چکروں کو پے در پے (مسلسل) کرنا سنت ہے واجب نہیں، لہٰذا اگر چند چکر کے بعد تھکاوٹ کی وجہ سے بقیہ کو موقوف کرے اور بعد میں کسی موقع پر ان چکروں کی تکمیل کرے تو سعی مکمل اور

(۱) يختصّ حلق الحاج بالزمان والمكان ...... فالزمان أى فى حلق الحاج أيّام النحر الثلاثة أى ولياليها ...... فلو حلق أو قصر فى غير ما توقت به لزمه الدم ...... (إرشاد السارى : (ص: ۳۲۵) باب مانسک منىٰ ، فسل فى زمان الحلق ومكانه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۷۵) باب مناسک منٰى يوم النحر ، فصل فى الحلق ، مطلب : فى زمان الحلق ومكانه ،ط : إدارة القرآن .

البحر العميق : (۱۷۹۸/۳) الباب الثانى عشر : فى الأعمال المشروعة يوم النحر ، الحلق، وأمّا بيان زمانه ومكانه ، ط: مؤسّسة الريّان ، المكتبة المكيّة .

(۲) ....

(۳) وأمّا وقت الوجوب فأيّام النحر ، فلا تجب قبل دخول الوقت ؛ لأنّ الواجبات المؤقتة لاتجب قبل أوقاتها ، كالصلاة والصوم و نحوهما ...... (البحر العميق : (۱۷۰۹/۳ ، ۱۷۱۰) الباب الثانى عشر : فى الأعمال المشروعة يوم النحر ، الكلام فى الأضحية ، مطلب : شرائط الوجوب ، ط: مؤسّسة الريّان ، المكتبة المكيّة)

غنية الناسک : (ص: ۴۶) باب فرائض الحج و واجباته ، فصل : وأما واجباته ، ط: إدارة القرآن .

إرشاد السارى : (ص: ۱۰۰) باب فرائض الحج ...... فصل : فى واجباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

صحیح ہوجائے گی اوراس پر کوئی دم وغیرہ بھی واجب نہیں ہوگا۔(۱)

سعی میں تلاوت

سعی میں قرآن مجید کی تلاوت کرنا جائز ہے۔(۲)

سعی میں تلبیہ

حج کی سعی اگر طواف قدوم کے بعد، طواف زیارت سے پہلے کرے تو سعی میں تلبیہ پڑھے اور عمرہ کی سعی میں تلبیہ نہ پڑھے، تمتع کرنے والا بھی تلبیہ نہ پڑھے، کیونکہ عمرہ کرنے والے اور تمتع کرنے والے کا تلبیہ طواف شروع کرنے سے پہلے ختم ہوجاتا ہے، اور حج کرنیوالے کا رمی شروع کرنے کے وقت ختم ہوجاتا ہے۔(۳)

---

(۱) فإذا دخل المسجد أی المسجد الحرام ...... بدأ بالطواف ...... فيطوف سبعة أشواط بلارمل فيه وسعی أی، وبلا سعی بعده أی بعد الطواف، إن قدّمهما أی الرمل والسعی؛ لأنّهما لم يشرعا إلاّ مرّةً، وإلاّ أی وإن لم يقدمهما رمل فيه وسعی بعده، وإن قدم السعی لا ارمل، سقط الرمل، وأمّا الاضطباع فساقط مطلقا فی هٰذا الطواف. (إرشاد الساری: (ص: ۳۲۷) باب طواف الزيارة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ الدر مع الرد: (۵۱۸/۲) كتاب الحج، مطلب: فی طواف الزيارة، ط: سعيد.

☜ غنية الناسک: (ص: ۱۷۶) باب طواف الزيارة، ط: إدارة القرآن.

(۲) وجاز فيهما أكل و بيع وإفتاء و قراءة، لكن الذكر أفضل منها، وفی منسک النووی الذكر المأثور أفضل، وأمّا غير المأثور فالقراءة أفضل. (الدر مع الرد: (۴۹۷/۲) كتاب الحج، مطلب: فی طواف القدوم، ط: سعيد)

☜ إرشاد الساری: (ص: ۲۵۵) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل: فی مستحباته، و فصل: فی مباحاته، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

☜ غنية الناسک: (ص: ۱۳۵) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل: فی مستحباته، و فصل: فی مباحاته، ط: إدارة القرآن.

(۳) (ويلبی فی السعی الحاج) أی: ان وقع سعيه بعد طواف القدوم (لا المعتمر) ولو كان متمتّعًا؛ لأنّ تلبيته تنقطع بالشروع فی طوافه، ولا الحاج إذا سعی بعد طواف الإفاضة لانقطاع تلبيته بأوّل رمی الجمرة. (إرشاد الساری: (ص: ۲۴۶) باب السعی بين الصفا والمروة، قبل: فصل فی شرائط صحة السعی، ط: المكتبة الإمدادية، مكّة المكرّمة) =

سعی میں دوڑنا

☆سعی میں پیدل یا سواری کا دوڑنا اس حد تک سنت ہے کہ اس سے دوسروں کو تکلیف دینے کا سبب نہ بنے۔(۱)

☆میلین اخضرین (سبز ٹیوب کی پٹی) کے درمیان زیادہ تیز دوڑنا مسنون نہیں بلکہ متوسط طریقے سے اتنا تیز چلنا چاہئیے کہ رمل سے زیادہ اور بہت تیز دوڑنے

= ▭ ویلبی فی السعی الحاج ان سعی بعد طواف القدوم لا المعتمر . (غنیة الناسک : (ص: ۱۳۰) فصل فی کیفیة أداء السعی ، ط: إدارة القرآن .

▭ ویلبّی أی حال إحرامه فی مسجد مکّة …… ومنی …… لا فی الطواف …… وسعی العمرة أی ولا فی سعی العمرة ، فإنّ التلبیة تقطع بأوّل شروعه فی طوافها ، وأمّا ما أطلق بعضهم من أنّه لایلبّی حالة السعی ، فمتعین حمله علی سعی العمرة أو سعی الحج إذا أخّره ، صرّح به فی الأصل من أنّه لایلبّی فی السعی ، فیحمل علی سعی الحج إذا قدّمه . (إرشاد الساری : (ص: ۱۴۷) باب الإحرام ، فصل : و شرط التلبیة أن تکون باللسان ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

▭ ویلبّی فی سعی الحج إذا قدمه ، ولا یلبی حالة الطواف فی طواف القدوم وطواف الإفاضة علی فرض تقدیمه علی الرمی …… (غنیة الناسک : (ص: ۷۵ ، ۷۶) باب الإحرام ، فی کیفیة الإحرام وصفة التلبیة ، ط: إدارة القرآن)

▭ شامی : (۵۰۰/۱) کتاب الحج ، مطلب فی السعی بین الصفا والمروة ، ط: سعید .

(۱) وإن عجز عن السعی بین المیلین أی بسبب الازدحام صبر أی من أوّل الوهلة حتی یجد فرجة أی فرصة من الأزمة الخالیّة ، وإلا تشبه بالساعی فی حرکته ، أی فی الجملة ؛ لأنّ ما لایدرک کله لایترک کله ، وإن کان علی دابة ، أی لعذر ، فإن المشی فی السعی واجب عندنا ، حرّکها من غیر أن یؤذی أحدًا ، أی من الرکبان والمشاة ولیتحرز أی کل الاحتراز عن أذی غیره أی بکل وجه من وجوهه ، فإنّه حرام مجمع علیه .وداخل تحت الفسوق المنهیّ عنه . وتعریض نفسه للأذٰی أی للتأذی من غیره مع عدم تحمّله وحصوله جَزَعه و وصول نزاعه . (إرشاد الساری : (ص: ۲۴۶) باب السعی بین الصفا والمروة ، کیفیة السعی ، قبیل : فصل فی شرائط صحّة السعی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ۱۳۰) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل فی کیفیة أداء السعی ،ط : إدارة القرآن .

▭ البحر العمیق: (۱۲۹۳/۳) الباب العاشر : فی دخول مکة و فی الطواف والسعی ، فصل :

سے کم رفتار ہو۔(۱)

☆میلین کے درمیان ہر چکر میں جھپٹ کر تیز چلنا مسنون ہے۔(۲)

☆میلین کے درمیان جھپٹ کر نہ چلنا یا تمام سعی میں جھپٹ کر چلنا برا ہے، لیکن اس سے دم یا صدقہ واجب نہیں ہوتا۔(۳)

☆اگر ہجوم کی وجہ سے میلین کے درمیان دوڑنے میں دوسروں کو یا اپنے نفس کو تکلیف ہو تو دوڑنا سنت نہیں ہے، جہاں موقع پائے دوڑے یا تیز چلنے والوں کی طرح حرکت کرے۔(۴)

سعی میں ستر

ستر عورت یعنی مردوں کے لئے ہر حال میں ناف سے گھٹنے تک چھپانا فرض

(۱، ۲، ۳) ویستحب أن یکون السعی بین المیلین فوق الرمل دون العدو ، وھو جری شدید کجری الفرس ، وھو سنة فی کل شوط ، فلو ترکه أو ھرول فی جمیع السعی ، فقد أساء ولا شیئ علیه . (غنیة الناسک : (ص: ۱۳۰) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فی کیفیة أداء السعی ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساری : (ص: ۲۴۵ ، ۲۴۶) باب السعی بین الصفا والمروة ، کیفیة السعی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

☐ شامی : (۲/۱ ۵۰) کتاب الحج ، مطلب فی السعی بین الصفا والمروة ، ط: سعید .

(۴) وإن عجز عن السعی بین المیلین أی بسبب الازدحام صبر أی من أوّل الوھلة حتی یجد فرجة أی فرصة من الأزمة الخالیّة ، وإلا تشبه بالساعی فی حرکته ، أی فی الجملة ؛ لأنّ ما لایدرک کله لایترک کله ، وإن کان علی دابة ، أی لعذر ، فإن المشی فی السعی واجب عندنا ، حرّکھا من غیر أن یؤذی أحدًا ، أی من الرکبان والمشاة ولیتحرز أی کل الاحتراز عن أذی غیره أی بکل وجه من وجوھه ، فإنّه حرام مجمع علیه .وداخل تحت الفسوق المنھیّ عنه . وتعریض نفسهٖ للأذیٰ أی للتأذی من غیرہٖ مع عدم تحمّله وحصوله جزعه و وصول نزاعه . (إرشاد الساری : (ص: ۲۴۶) باب السعی بین الصفا والمروة ، کیفیة السعی ، قبیل : فصل فی شرائط صحّة السعی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☐ غنیة الناسک : (ص: ۱۳۰) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل فی کیفیة أداء السعی ،ط : إدارة القرآن .

☐ البحر العمیق: (۳/۱۲۹۳) الباب العاشر : فی دخول مکة و فی الطواف والسعی ، فصل : الکلام فی السعی ، وأمّا سننه ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

ہے، احرام میں اور زیادہ اہتمام کے ساتھ چھپانے کی ضرورت ہے کیونکہ بعض مرتبہ طواف اور سعی کے دوران یا عام حالت میں بھی کبھی احرام ہوا سے اڑنے لگتا ہے یا سوتے وقت بے پردگی ہوجاتی ہے۔(۱)

سعی میں کپڑوں کا پاک ہونا

سعی میں کپڑوں کا پاک ہونا مستحب ہے، اور اس کے بغیر بھی سعی ہوجاتی ہے۔(۲)

سعی میں کھانا پینا

☆......سعی کے دوران ایسا کھانا پینا جو سعی کے چکروں میں فصل کا موجب نہ ہو جائز ہے، اور اگر چکروں کے درمیان فصل کا باعث بنے گا تو مکروہ ہے۔(۳)

---

(۱) وستر العورة فيه مع أنّه فرض في كل حال ، فلو تركه فيه يأثم إثم تارك لاسنة ، لأجل السعي مع ثبوت ثم ترك الفرض . (غنية الناسك : (ص: ۱۳۵) باب السعي بين الصفا والمروة ، فصل في سنن السعي ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساري : (ص: ۲۵۴) باب السعي بين الصفا والمروة ، فصل في سننه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ البحر العميق : (۱۲۹۶/۳) الباب العاشر : في دخول مكّة وفي الطواف والسعي ، فصل : الكلام في السعي ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكية .

(۱)

☐ والطهارة فيه عن الجنابة والحيض ، أمّا عن الحدث الأصغر ، وعن النّجاسة في الثوب والبدن فمستحب . (غنية الناسك : (ص: ۱۳۵) باب السعي بين الصفا والمروة ، فصل في سنن السعي ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساري : (ص: ۲۵۵) باب السعي بين الصفا والمروة ، فصل : في مستحباته ، ط:الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ البحر العميق : (۱۲۹۵/۳) الباب العاشر : فصل الكلام في السعي ، مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۳) والشرب والأكل بحيث لايقطع الموالاة مع أنّه مكروه في الطواف ، نعم سومح الشرب في=

☆......سعی کے دوران کھانا پینا مباح ہے، اور خرید وفروخت مکروہ ہے۔(۱)

سعی میں مسائل کا تذکرہ

سعی میں اللہ کا ذکر کرنا چاہئے، البتہ مسائل کا تذکرہ اور قرآن مجید کی تلاوت کرنا جائز ہے۔(۲)

سعی میں نیابت

☆''سعی'' میں نیابت جائز نہیں ہے، مگر یہ کہ احرام سے پہلے کوئی شخص بے ہوش ہوگیا تو اس کی طرف سے دوسرا شخص سعی کرسکتا ہے بشرطیکہ سعی کے وقت تک ہوش نہ آیا ہو۔

☆صفا اور مروہ کے دمیان سعی میں نیابت جائز نہیں ہے، اگر عذر ہو تو سعی سواری پر کی جاسکتی ہے۔(۳)

= الطواف لقلة زمانه . (غنية الناسک : (ص: ۱۳۵) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل فی مباحاته ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۲۵۵) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل فی مباحاته ،ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 شامی : (۲/۴۹۷) کتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ،ط : سعید .

(۱، ۲) ''سعی میں تلاوت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

(۳) الأوّل : أی الشرط الأوّل ...... كينونته بين الصفا والمروة أی بأن لاينحرف عنهما إلى أطرافهما سواء كان بفعل نفسه أی ماشيًا أو راكبًا ، أو بفعل غيره بأن كان مّغمًى عليه ولو بغير أمره ، وكذا إذا كان مجنونًا أو صغيرًا غير مميز ، أو مريضًا أو صحيحًا بأمره ، أی بأمر كل منهما ، فسعى به أی بكل منهم محمولاً أو راكبًا يصحّ سعيه لحصوله أی لحصول سعيه كائنًا بينهما أی بين المكانين ، ولاتجوز فيه النيابة إلا للمغمى عليه قبل الإحرام ، إذا دام إغماؤه إلى حال سعيه ، أو أفاق حينئذٍ ، وفيه أنّه إذا حدث له الإغماء بعد إحرامه مفيقًا ينبغي أن يكون كذٰلک ، لكن لا ضرورة فی نيابته للسعی إذيمكنه سعيه محمولاً ، بخلاف نية الإحرام ، فإنّ النيابة فيه جوزت للضرورة . (إرشاد الساری : (ص: ۲۴۶ ، ۲۴۷) باب السعی بين الصفا والمروة ، فصل :فی شرائط صحة السعی ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

سعی میں وضوٹوٹ جائے

☆ اگر سعی کے درمیان میں وضوٹوٹ جائے تو سعی جاری رکھے، بے وضو سعی ہو جاتی ہے اور اس سے کوئی دم یا صدقہ واجب نہیں ہوتا۔(۱)

☆ اگر سعی کے درمیان وضوٹوٹ جانے کی صورت میں دوبارہ وضو کر کے آیا تو شروع سے دوبارہ سعی کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی بلکہ صرف بقیہ چکر پورے کر لے خواہ سعی کے شروع میں وضوٹوٹا ہو یا بعد میں اس سے حکم میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔(۲)

سعی نہیں کی

اگر کسی نے حج ادا کیا لیکن اس نے حج کی سعی نہیں کی، اور وہ طواف کرنے کے بعد سعی کے بغیر حلال ہو کر گھر واپس آ گیا تو اس پر سعی کی قضا لازم نہیں ہوگی بلکہ حرم کی حدود میں ایک دم دینا واجب ہوگا البتہ اگر کسی عذر شدید کی وجہ سے سعی نہ کر سکا تو اس پر دم وغیرہ واجب نہیں ہوگا۔(۳)

= غنية الناسک : (ص: ۱۳۱) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل فی رکن السعی و شرائطہ، ط:إدارة القرآن .

البحر العميق : (۱۲۸۷/۳) الباب العاشر : فصل الكلام فی السعی، وأمّا ركنه، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۱) انظر الحاشية السابقة رقم: ۲، على الصفحة السابقة رقم: ۴۵۵.

(۲) ولو خرج منه أو من السعی إلى جنازة أو مكتوبة أو تجديد وضوء ثم عاد، بنى . (الدر مع الرد : (۴۹۷/۲) كتاب الحج، مطلب فی طواف القدوم ،ط : سعيد)

فتح القدير : (۳۸۹/۲) كتاب الحج، باب الإحرام، وهذه فروع تتعلق بالطواف ،ط : رشيديه .

غنية الناسک : (ص: ۱۲۷) باب فی ماهيّة الطواف وأنواعہ و أركانہ، فصل :وأمّا مكروهاته، قبيل باب السعی، ط: إدارة القرآن .

(۳) ولو ترک السعی كله أو أكثره فعليه دم، وحجه تام عندنا ولو تركه لعذر كالزمن إذا لم يجد من يحمله لا شيئ عليه . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۷) باب الجنايات، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج، ...... المطلب الخامس : فی ترک الواجب فی السعی، ط: إدارة القرآن) =

سعی نہیں کی طواف زیارت کے بعد

''طواف زیارت کے بعد سعی نہیں کی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/ ٦٩)

سعی وقوف عرفات سے پہلے کرلی

اگر کسی نے حج کا احرام باندھنے کے بعد منی روانہ ہونے سے پہلے نفلی طواف کے بغیر صرف سعی کرلی تو اس سعی کا اعتبار نہیں ہوگا، اس سعی کو وقوف عرفات کے بعد دوبارہ کرنا لازم ہوگا ورنہ دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

سفارش بیت اللہ کی

''بیت اللہ کی سفارش'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/ ٢١٤)

سفرِ حج میں انتقال ہونے والے کے لئے خوشخبری

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''جو حج کے لئے نکلا اور راستہ میں انتقال کر گیا اس کو قیامت تک حج کا ثواب ملتا رہے گا، اور جو عمرہ کے نکلا اور راستہ میں انتقال کر گیا، اس کو قیامت تک عمرہ کرنے کا ثواب ملتا رہے گا۔''(۲)

= إرشاد الساري: (ص: ۵۰۳) باب الجنايات وأنواعها، النوع الخامس: الجنايات في أفعال الحج، فصل: في الجناية في السعي، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

الدر مع الرد: (۲/ ۵۵۳) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد.

(۱) ولو سعى قبل الطواف لم يعتد به، فإن لم يعده فعليه دم. (غنية الناسك: (ص: ۲۷۷) باب الجنايات، الفصل السابع: في ترك الواجب في أفعال الحج، المطلب الخامس في ترك الواجب في السعي، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساري: (ص: ۵۰۳، ۵۰۴) باب الجنايات وأنواعها، النوع الخامس: الجنايات في أفعال الحج، فصل: الجنايات في السعي، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

البحر العميق: (۳/ ۱۲۸۸) الباب العاشر: فصل الكلام في السعي، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.

(۳) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: من خرج مجاهدًا فمات كتب الله أجره إلى يوم القيامة، ومن خرج حاجًا فمات كتب الله أجره إلى يوم القيامة، ومن خرج معتمرًا=

ایک اور حدیث میں ہے کہ ’’جس شخص کو جس چیز اور جس عمل پہ موت آئے گی قیامت کے دن وہی کرتا ہوا اٹھے گا۔‘‘(۱)

اس لئے خوش نصیب اور قسمت کے دھنی ہیں وہ لوگ جو کوئی نیک عمل کرتے ہوئے دنیا سے چلے جائیں (اور قیامت میں اسی حالت پر اٹھیں)

سفر سے عاجز ہے

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے، مگر اس کوئی ایسی تکلیف ہے کہ اس کی وجہ سے حج کے سفر سے بالکل عاجز ہے، تو حج بدل کے لئے کسی کو اپنی زندگی میں بھیج دینا جائز ہے پھر اگر یہ شخص اسی عجز کی حالت میں ہی انتقال کر گیا تو یہ حج بدل کافی ہو جائے گا، اور اگر زندگی میں وہ عجز زائل ہو گیا تو دوبارہ اس آدمی کو حج ادا کرنے کے لئے جانا لازم ہوگا، اور پہلے جو حج بدل کرایا تھا وہ نفلی حج ہو جائے گا۔(۲)

= فمات كتب الله أجره إلى يوم القيامة ، أخرجه أبو ذر . (البحر العميق : (۱/۹۸ ، ۹۹) الباب الأوّل : فى الفضائل ، فصل : من مات فى طريق الحج و العمرة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة)

معجم الأسط للطبرنى : (۵/۲۸۲) رقم الحديث : ۵۳۲۱ ، من اسمه محمد ، ط: دار الحرمين .

كنز العمال : (۵/۱۵) رقم الحديث : ۱۱۸۴۷ ، كتاب الحج ، الباب الأوّل : فى فضال الحج ، الفصل الأوّل ...... ط: مؤسّسة الرسالة .

(۱) عن جابر قال سمعت النبىّ ﷺ يقول : يبعث كل عبد على ما مات عليه . (صحيح المسلم : (۲/۳۸۷) كتاب صفة المنافقين وأحكامهم ، باب الأمر بحسن الظن بالله تعالىٰ عند الموت ، ط: قديمى)

مسند أحمد : (۳/۳۳۱) رقم الحديث : ۱۴۵۸۳ ، مسند المكثرين من الصحابة ، مسند جابر بن عبد الله رضى الله عنه ، ط: مؤسّسة قرطبه .

التعليق الممجد على مؤطا محمد : (ص: ۲۳۷) كتاب الحج ، باب تكفين المحرم ، ط: قديمى .

(۲) واعلم أنّ كل من وجب عليه الحج وعجز عن الأداء بنفسهٖ يجب عليه الإحجاج أى بأن يحج عنه فى حال حياتهٖ أو بعد مماتهٖ إن فرط أى قصّر فى التأخير ...... ويتحقق العجز بالموت والحبس والمنع ، والمرض الّذى لايرجٰى زواله أى كالزمن والفالج ...... كل ذٰلک إذا استمرّ إلى الموت ...... الثانى : العجز المستدام من وقت الإحجاج إلى وقت الموت ، فلو أحجّ المعذور ، كان أمره موقوفًا ، إن استمرّ عذره إلى الموت جاز ، وإن زال عذره وجب عليه الأداء بنفسهٖ ،=

سفر کی تکلیف کے ڈر سے حج بدل کرانا

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے، اور وہ معذور نہیں ہے، تو حج کے لئے خود جانا ضروری ہے، صرف سفر کی تکلیف کے ڈر سے حج بدل کرانا صحیح نہیں ہے اس طرح حج بدل کرانے سے فرض ادا نہیں ہوگا اور حج کرنے کی ذمہ داری ساقط نہیں ہوگی، اس لئے معذور نہ ہونے کی صورت میں اپنا فرض حج خود کرے کسی اور کو نہ بھیجے۔(۱)

سفر کے دوران قصر کرے

اپنے وطن کے ائیر پورٹ سے جہاز پرواز کرنے کے بعد سے مکہ مکرمہ تک سفر ہے اس لئے اس دوران نماز قصر کرے گا۔(۲)

اگر مکہ مکرمہ میں سات ذی الحجہ تک پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا موقع

= وظهرت نفليّة الأوّل ، (لباب المناسك مع إرشاد السارى : (ص: ۲۱۱ ، ۲۱۲ ، ۲۱۳) باب الحج عن الغير ، وفصل : فى شرائط جواز الإحجاج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسك : (ص: ۳۲۱) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط النيابة فى الحج الفرض ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۵۹۸/۲ ، ۵۹۹) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ،ط : سعيد .

(۱) الثانى : عجزه عن الأداء بنفسهٖ بزوال أحدهما ، فلو أحج عنه فرضًا وهو صحيح ، وله مال ، ثم عجز بزوال الصحّة ، واستمرّ لا يجزئه عن فرضهٖ ، وهو تطوع له . (غنية الناسك : (ص: ۳۲۱) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط النيابة فى الحج الفرض ،ط : إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۲۱۳) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط جواز الإحجاج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامى : (۵۹۸/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ،ط : سعيد .

(۲) أقلّ مدّ سفرٍ تتغير به أى السفر ، الأحكام وهى لزوم قصر الصلاة ...... مسيرة ثلاثة أيّام من أقصر أيّام السنة ...... بسير وسط ...... فيقصر المسافر الفرض العلمى الرباعى . (مراقى الفلاح : (ص: ۴۱۹ ، ۴۲۱ ، ۴۲۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمى)

الحلبى الكبير : (ص: ۴۶۱ ، ۴۶۲) فصل : فى صلاة المسافر ، ط: نعمانيه .

الهندية : (۱۳۹/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه .

ہوتو مقیم ہوگا اور منی ،عرفات اور مزدلفہ میں بھی مقیم ہوگا اور پوری نماز پڑھے گا، اور اگر سات ذی الحجہ تک مکہ مکرمہ میں پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا موقع نہیں ملا تو مکہ مکرمہ میں بھی مسافر رہے گا منی ،عرفات اور مزدلفہ میں بھی مسافر رہے گا اور نمازیں قصر کرے گا۔(۱)

البتہ مقیم امام کے پیچھے پوری نماز پڑھے گا۔(۲)

سفر محرم کے بغیر کرنا

خواتین کے لئے محرم کے بغیر سفر کرنا ناجائز، حرام اور کبیرہ گناہ ہے جس عورت کا کوئی محرم نہ ہو اس پر حج فرض نہیں ہوتا، بلکہ اگر محرم ہو بھی لیکن حج پر قادر نہ ہو یا یہ عورت اس کے مصارف برداشت کرنے کے قابل نہ ہو تب بھی حج فرض نہ ہوگا۔(۳)

---

(۱) ولایزال علی حکم السفر حتی ینوی الإقامة فی بلد أو قریة خمسة عشر یوما أو أکثر کذا فی الهداية …… ونية الإقامة إنّما تؤثر بخمس شرائط ، ترک السیر ، …… وصلاحية الموضع …… واتحاد الموضع ، والمدّة والاستقلال بالرأی …… ولو نوی الإقامة خمسة عشر یومًا فی موضعين فإن کان کل منهما أصلاً بنفسه ، نحو مکّة ، ومنٰی ، والکوفة والحيرة لایصیر مقیمًا …… ذکر فی کتاب المناسک : أنّ الحاجّ إذا دخل مکّة فی أیّام العشر ونوی الإقامة نصف شهر لاتصح ؛ لأنّه لا بدّ له من الخروج إلی عرفات ، فلایتحقق الشرط . (الهندية : (۱/۱۳۹ ، ۱۴۰) کتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر : فی صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

☐ مراقی الفلاح : (۴۲۵ ، ۴۲۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمی .

☐ الدر مع الرد : (۲/۱۲۵ ، ۱۲۶) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید .

(۲) وإن اقتدی مسافر بمقیم یصلی رباعية ولو فی التشهد الأخیر فی الوقت صحّ اقتداؤه وأتمّها أربعًا ، تبعًا لإمامه …… (مراقی الفلاح : (ص: ۴۲۷) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: قديمی)

☐ الحلبی کبیر : (ص: ۴۶۷) فصل فی صلاة المسافر ، الثالث : اعتبار حال الصلاة فی التغيّر ومایبتنی علیه من اقتداء المسافر بالمقيم ، ط: نعمانيه .

☐ الدر مع الرد : (۲/۱۳۰) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید .

(۳) الرابع : المحرم أو الزوج لامرأةٍ بالغةٍ ولو عجوزًا ومعها غیرها من النساء الثقات والرجال الصالحين فی مسيرة سفر …… وتجب علیها النفقة والراحلة لمحرمها ؛ لأنّه محبوس علیها ، =

سگریٹ

اگر ''سگریٹ'' میں خوشبو دار چیز کی ملاوٹ نہیں ہے تو احرام کی حالت میں سگریٹ پینے سے دم تو لازم نہیں ہوگا، البتہ سگریٹ نوشی کی جو کراہت ہے وہ بدستور باقی رہے گی، اس لئے احرام کے دوران جہاں تک ممکن ہو اس سے پرہیز کرنے کی مکمل طور پر کوشش کرنی چاہیئے۔

اور اگر سگریٹ میں خوشبو دار چیز ملائی گئی ہے تو اس صورت میں احرام کی حالت میں خوشبو دار سگریٹ پینے سے دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

= فیشترط أن تکون قادرة علی نفقتها ونفقته الشاملة للراحلة ...... هٰذا إذا أبی أنّ یحج معها إلا بالنفقة منها والراحلة أمّا إذا حجّ معها من غیر اشتراط ذٰلک ، فلا تجب . (غنیة الناسک : (ص: ۲۶ ، ۲۷) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۷۶ ، ۷۷ ، ۷۸) باب شرائط الحج ، النوع الثانی : شرائط الأداء ، الشرط الرابع : المحرم الأمین أو الزوج للمرأة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

الدر مع الرد : (۲/ ۴۶۴) کتاب الحج ،ط : سعید .

(۱) لو أکل طیبًا کثیرا وهو أی الأکل الکثیر أن یلتصق أی یلتزق بأکثر فمه ...... یجب الدم ...... وإن کان ...... قلیلاً بأن لم یلتصق بأکثر فمه ...... فعلیه الصدقة ، أی عنده ...... (إرشاد الساری : (ص: ۴۴۴ ، ۴۴۵) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الثانی : فی الطیب ، فصل : فی أکل الطیب وشربه ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

وشرح الوهبانیة للشرنبلالی : ویمنع من بیع الدخان وشربه و شاربه فی الصوم لاشک یفطر ...... فهو داخل تحت قاعدة الأصل فی الأشباه الإباحة ، وأن فرض إضراره للبعض لایلزم منه تحریمه علی کل أحد ...... فالّذی ینبغی للإنسان إذا سئل عنه سواء کان ممن یتعاطاه أو لا کهٰذا العبد الضعیف و جمیع من فی بیته أن یقول هو مباح ، لکن رائحته تستکرهها الطباع فهو مکروه طبعًا لا شرعًا ...... (شامی : (۶/ ۴۵۹) کتاب الأشربة ، ط: سعید)

غنیة الناسک : (ص: ۲۴۶) باب الجنایات ، الفصل الأوّل : فی الطیب ، مطلب : فی أکل الطیب وشربه ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد: (۲/ ۵۴۴) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

سلام کرنا تلبیہ پڑھنے والے کو

اگر کوئی شخص تلبیہ پڑھ رہا ہے تو اس کو سلام کرنا مکروہ ہے۔(۱)

سلا ہوا کپڑا

☆......اگر محرم احرام کی حالت میں سلا ہوا کپڑا سارا دن پہنا رہا، اور اس کا دم دے دیا مگر کپڑا بدستور استعمال کرتا رہا تو دوسرا دم دینا لازم ہوگا، اور اگر بیچ میں دم نہیں دیا تو آخر میں ایک ہی دم کافی ہوجائے گا۔(۲)

☆......عورت کے لئے احرام کی حالت میں سلا ہوا کپڑا پہننا جائز ہے اور مردوں کے لئے جائز نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) سلامک مکروہ علی من ستسمع ، ومن بعد أبدٰی یسن ویشرع ...... وفی الرد : (قوله : کذٰلک أستاذ) ...... (ولا تنس من لبّی هنالک صرحوا ، فکن عارفًا یا صاح تحظی و ترفع . (الدر مع الرد : (۶/۷۱۲) کتاب الصلاة ، باب مایفسد الصلاة ، ومایکره فیها ، مطلب فی المواضع الّذی یکره فیها السلام ، ط: سعید)

▭ روح المعانی للآلوسی : (۵/۱۰۲) سورة الناساء ، رقم الآیة : ۸۶ . ط: دار إحیاء التراث .

(۲) ولو لبسه أی المخیط أیّامًا أی من غیر نزع وأداء جزاء فعلیه دم واحد ...... فإن أراق أی الدم لذٰلک أی لأجل ذٰلک اللبس ثم ترکه علیه یومًا آخر فعلیه دم آخر. (إرشاد الساری : (ص: ۴۲۷) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الأوّل : فی حکم اللبس ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ۲۵۱) باب الجنایات ، الفصل الثانی : فی لبس المخیط ، ط: إدارة القرآن .

▭ الهندیة : (۱/۲۴۲) کتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنایات ، الفصل الثانی : فی اللبس ، ط:رشیدیه .

(۳) قوله : وخفین : أی للرجال فإن المرأة تلبس المخیط والخفین . (إرشاد الساری : (ص:۲/۴۹۰) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : مایحرم بالإحرام ومالایحرم ، ط: سعید)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: المدادیة مکّة المکرّمة .

▭ غنیة الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن .

سلیپر

☆اگر ''سلیپر'' قدم کے بیچ میں ابھری ہوئی ہڈی کو نہ چھپائے تو مردوں کے لئے احرام کی حالت میں پہننا جائز ہے اور اگر سلیپر قدم کے بیچ میں ابھری ہوئی ہڈی کو چھپائے گا تو مردوں کے لئے احرام کی حالت میں پہننا جائز نہیں ہوگا۔(۱)

اگر ایسا ''سلیپر'' احرام کی حالت میں ایک دن یا ایک رات پہنا رہا تو دم واجب ہوگا، اور اس سے کم میں صدقہ فطر کی مقدار گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا لازم ہوگا۔(۲)

مزید تفصیل ''جوتا'' کے عنوان کے تحت دیکھیں۔

سلے ہوئے کپڑے

اگر احرام کے دوران ایک دن یا ایک رات تک سلے ہوئے کپڑے پہن لے تو دم دینا لازم ہوگا، اس سے کم میں صدقہ دینا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) ولبس الخفين، والجوربين وكل مايواري الكعب الّذي عند معقد شراك النعل أي في المفصِل الّذي هو في وسط القدم لا الكعب المعبّر عند غسل الرجلين. (لباب المناسك مع إرشاد الساري: (ص: ۱۲۶) باب الإحرام، فصل في محرمات الإحرام، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسك: (ص: ۸۶، ۸۷) باب الإحرام، فصل في محرمات الإحرام ومحظوراته الّتي في غالبها الجزاء، ط: إدارة القرآن.

▭ الدر مع الرد: (۲/۴۹۰) كتاب الحج، فصل في الإحرام، مطلب: فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم، ط: سعيد.

(۲) ولو لبس الخفين قبل القطع يومًا فعليه دم، وفي أقلّ من يوم صدقة، وكذا الجوربين. (غنية الناسك: (ص: ۲۵۴) باب الجنايات، الفصل الثاني في لبس المخيط، مطلب: في لبس الخفين، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساري: (ص: ۴۳۸) باب الجنايات وأنواعها، النوع الأوّل: في حكم اللبس، فصل في لبس الخفين، ط: الإمدادية مكة المكرّمة.

▭ البحر العميق: (۲/۶۹۷، ۶۹۸) الباب الثامن في الجنايات وكفاراتها، الفصل الأوّل: حكم اللبس، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.

(۳) انظر الحاشية السابقة رقم: ۲، على الصفحة السابقة، رقم: ۴۶۹.

سلے ہوئے کپڑوں میں احرام باندھ لیا

اگر کسی نے سلے ہوئے کپڑے پہن کر احرام باندھ لیا، اور احرام کی نیت کرنے کے بعد پورا دن پہنا رہا تو دم دینا لازم ہوگا، اور اس سے کم میں صدقہ فطر کی مقدار صدقہ کرنا کافی ہوجائے گا۔(۱)

سلے ہوئے کپڑوں میں احرام کی نیت کرنا

☆ اگر کسی مرد نے سلے ہوئے کپڑے پہنے ہوئے احرام کی نیت کر کے تلبیہ پڑھ لیا تو اگر تلبیہ پڑھنے کے بعد پورا دن سلے ہوئے کپڑے پہنے رہا تو دم واجب ہوگا اور اگر ایک دن سے کم پہنا رہا تو صدقہ فطر کی مقدار تقریبا دو کلو گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہوگا۔(۲)

☆ آدھی رات سے آدھے دن تک ایک دن شمار ہوتا ہے۔(۳)

☆ جو کپڑا بدن کی ہیئت پر سلا یا بنا ہوا ہو اگر اس کو احرام کی حالت میں پہنا اور پورا دن یا پوری رات پہنا رہا تو دم دینا لازم ہوگا، اس سے کم استعمال کیا تو صدقہ فطر کی مقدار گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہوگا۔(۴)

اور یہ صدقہ کہیں بھی ادا کر سکتا ہے، صدقہ کے لئے حدود حرم ہونا ضروری نہیں ہے۔(۵)

(۱،۲،۴) انظر الحاشية السابقة رقم : ۳ ، على الصفحة السابقة ، رقم : ۲۷۶ .

(۳) فإذا لبس مخيطًا يوماً كاملاً أى نهارًا شرعيًا وهو من الصبح إلى الغروب ، أو ليلة كاملة فعليه دم أى اتّفاقًا ، والظاهر أنّ المراد مقدار أحدهما ، فيفيد أن من لبس من نصف النّهار إلى نصف الليل من غير انفصال وكذا فى عكسه لزمه دم ...... (إرشاد السارى : (ص: ۴۲۴ ، ۴۲۵) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الأوّل : فى حكم اللبس ،ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۵۱) باب الجنايات ، الفصل الثانى : فى لبس المخيط ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامى : (۲/۵۴۷) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۵) ولاتختصّ الصدقة بزمان ولا مكان . (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۵۶۵)=

سلے ہوئے کپڑے ایک سے زائد پہن لئے

اگر احرام کی حالت میں ایک سے زائد سلے ہوئے کپڑے پہن لئے جیسے کرتہ، پاجامہ، ٹوپی، عمامہ پہن لئے، اور ایک ہی سبب سے سب کو پہنا ہے، چاہے ضرورت کے لئے پہنا ہے یا بلا ضرورت پہنا تو ایک ہی دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

سلے ہوئے کپڑے پر سونا

محرم احرام کی حالت میں سلے ہوئے کپڑے مثلاً فرش کی چادر وغیرہ پر سو سکتا ہے۔(۲)

= باب فی جزاء الجنایات وكفاراتها، فصل: فی أحكام الصدقة وشرائط جوازها، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۲٦۴) باب الجنايات، فصل فی شرائط كفاراتها الثلاث، مطلب: فی شرائط جواز الصدقة، ط: إدارة القرآن.

☜ البحر العميق: (۲/۸۱۲) الباب الثمن فی الجنايات، الفصل الأوّل: حكم اللبس، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.

(۱) ويتحدد الجزاء ...... مع تعدد اللبس بأمور أی ثلاثة منها: اتحاد السبب بأن لبس فی موضعين من الجسد كليهما بعذر أو كليهما بغير عذر ...... أنّه ن لبس الثياب كلها معًا ولبس خفين فعليه دم واحد. (إرشاد الساری: (ص: ۴۳۳، ۴۳۴) باب الجنايات وأنواعها، النوع الأوّل: فی حكم اللبس، ط: الإمداديه مكّة المكرّمة)

☜ ولو جمع اللباس أی أنواعه كله معًا أی فی مجلس واحد (من قميص و قباء و عمامة وقلنسوة وسراويل وخف، بيان لجنس اللباس ولبس أی دوام على لبس جميعها يومًا أو أيّامًا ...... فعليه دم واحد. (أيضًا: (ص: ۴۲۸) باب الجنايات وأنواعها، النوع الأوّل: فی حكم اللبس، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۲۵۱، ۲۵۲) باب الجنايات، الفصل الثانی فی لبس المخيط، ط: ادارة القرآن.

☜ الدر مع الرد: (۲/۵۱۸) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد.

(۲) ولا بأس للمحرم أن يغطی من لحيته ما دون الذقن، وأن يضع يده على أنفه وأن يغطی أذنه وقفاه وأن يلقی على نفسه القباء والفروة ونحوهما وهو مضطجع إذا كان لايعد لابسًا إذا قام. =

سلے ہوئے کپڑے دوبارہ پہننے کی نیت سے اتارے

☆ مرد حضرات کے لئے احرام کی حالت میں سلے ہوئے کپڑے پہننا منع ہے، اگر پورا ایک دن یا پوری ایک رات یا اس سے زیادہ پہن کر رکھے ہیں تو دم دینا لازم ہوگا اس سے کم میں اگر ایک گھنٹہ بھر ہو تو صدقۂ فطر کے برابر صدقہ دیدے، اور اگر ایک گھنٹہ سے بھی کم ہے تو ایک مٹھی گندم یا اس کی قیمت صدقہ کردے۔

☆ اگر سلے ہوئے کپڑے کو رات میں اس نیت سے اتارا ہے کہ دن کو پھر پہنے گا اور اسی طرح روز رات کو اتارتا ہے اور فجر میں پہنتا ہے تو اس طرح متعدد ایام پہننے کی صورت میں بھی ایک ہی دم دینا واجب ہوگا جب تک کہ ترک کی نیت سے نہ اتارے۔

☆ اگر ایک دن یا ایک رات سلے ہوئے کپڑے پہننے کے بعد ترک کی نیت سے اتار کر پھر پہنے اور پھر دوبارہ ایک دن یا ایک رات گزر گئے تو دوسرا دم بھی دینا لازم ہوگا، پہلے کا کفارہ دیدیا ہو یا نہ دیا ہو دونوں صورتوں میں دو دم دینا لازم ہوں گے۔(۱)

= (البحر العميق : (۲/ ۱۰۷) الباب السابع فی الإحرام ، الفصل السابع : مايحرم على المحرم وما يباح له ، ط: مؤسّسه الريّان ، المكتبة المكيّة)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۱۷۴) باب الإحرام ، فصل : فى مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ غنية الناسک : (ص: ۹۲) باب الإحرام ، فصل فى مباحات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

(۱) (أو لبس مخيطًا) لبسًا معتادًا ...... (يومًا كاملاً) أو ليلةً كاملة وفى الأقل صدقة (والزائد) على اليوم (كاليوم) وإن نزعه ليلا وأعاده نهارًا ولو جميع مايلبس (مالم يعزم على الترک) للبسه (عند النزع ، فإن عزم عليه) أى الترک (ثم لبس تعدد الجزاء كفر للأوّل أولا ، وكذا) يتعدد دما للبسه (ثم دام على الجزاء لو لبس يومًا فأراق لبسه يومًا آخر فعليه الجزاء)

(قوله : وفى الأقل صدقة) أى نصف صاع من برّ ، وشمل الأقل الساعة الواحدة أى الفلكية وما دونها خلافًا لما فى خزانة الأكمل ، أنّه فى ساعة نصف صاع و فى أقلّ من ساعة قبضة من بر ...... (قوله : مالم يعزم على الترک) فإن نزعه على قصد أن يلبسه ثانيًا أ ليلبس بدله لايلزمه كفارة أخرىٰ ، لتداخل لبسه وجعلهما لبسًا واحدًا . (الدر مع الرد : (۲/ ۵۴۷ ، ۵۴۸) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)=

سلے ہوئے کپڑے پہنے ہوئے دم دیا

اگر سلے ہوئے کپڑے پہنے ہی رہا، اور ایک رات گزرنے کے بعد دم دے دیا لیکن کپڑے پہنے ہی رہا اتارے نہیں تو مزید ایک دن یا ایک رات گزرنے کے بعد دوسرا دم دینا لازم ہوگا، اور اگر بیچ میں دم نہیں دیا تو ایک ہی دم دینا کافی ہوگا۔(۱)

سمجھ دار بچہ

☆ اگر نابالغ بچہ ہوشیار اور سمجھ دار ہے تو خود حج کے احرام کی نیت کرے، اور حج کے افعال خود ادا کرے، اور بالغ کی طرح سب افعال ادا کرے۔(۲)

= ▭ إرشاد الساری : (ص: ۴۲۴ ، ۴۲۵ ، ۴۲۶ ، ۴۲۷) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الأوّل، فی حکم اللبس ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

▭ الهندیة : (۱/ ۲۴۲) کتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنایات ، الفصل الثانی فی اللبس ، ط: رشیدیه .

(۱) ولو لبس المحرم المخیط أیّاما فإن لم ینزعه لیلاً ونهارًا یکفیه دم واحد بالاجماع ، وإن ذبح الهدی و دام علی لبسه یوماً کاملاً فعلیه دم آخر بالاجماع لأن الدوام علیه لبس مبتدأ . (الهندیة : (۱/ ۲۴۲) کتاب المناسک ، الباب الثامن ، فی الجنایات ، الفصل الثانی : فی اللبس ، ط: رشیدیه)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۴۲۷) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الأوّل : فی حکم اللبس، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

▭ الدر مع الرد : (۲/ ۵۴۸) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

(۲) ینعقد إحرام الصبی الممیز للنفل لا للفرض إذا أحرم بنفسهٖ ...... فالممیّز لایصلح النیابة عنه فی الإحرام ، ولا فی أداء الأفعال ، إلاّ فیما لا یقدر علیه فیحرم بنفسهٖ ، ویقضی المناسک کلها بنفسهٖ ، ویفعل کما یفعل البالغ . (غنیة الناسک : (ص: ۸۳) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام الصبی ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۵۷ ، ۱۵۸) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام الصبی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

▭ البحر العمیق : (۲/ ۶۸۶) الباب السابع فی الإحرام ، الفصل الخامس ، إحرام الصبی والمجنون والسفیه ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

☆ سمجھ دار بچہ کی طرف سے ولی احرام کی نیت نہیں کر سکتا، بلکہ سمجھ دار بچہ خود اپنے احرام کی نیت کرے گا۔(۱)

☆ سمجھ دار بچہ حج کے جو افعال خود کر سکتا ہے خود کرے، اور جو افعال وہ خود نہیں کر سکتا ہے وہ اس کا ولی کر دے، البتہ طواف کے بعد دو رکعت نماز بچہ خود پڑھے اس کی طرف سے ولی نہ پڑھے، کیونکہ نماز میں نیابت جائز نہیں ہے۔(۲)

☆ سمجھ دار بچہ خود طواف کرے، وقوف عرفہ، سعی اور رمی بھی خود کرے۔(۳)

سنت کا حکم

سنت کا حکم یہ ہے کہ ان کو قصداً چھوڑنا برا ہے اور کرنے سے ثواب ملتا ہے، اور ترک کرنے سے دم یا صدقہ لازم نہیں آتا لیکن بلا عذر چھوڑنا بدقسمتی ہے، آخرت میں سختی اور ڈانٹ بھی ہوگی۔(۴)

(۱،۳) ینعقد إحرام الصبی الممیز للنفل لا للفرض إذا أحرم بنفسہٖ ...... فالممیّز لایصلح النیابة عنه فی الإحرام، ولا فی أداء الأفعال، إلاّ فیما لا یقدر علیه فیحرم بنفسہٖ، ویقضی المناسک کلها بنفسہٖ، ویفعل کما یفعل البالغ. (غنیة الناسک: (ص: ۸۳) باب الإحرام، فصل: فی إحرام الصبی، ط: إدارة القرآن)

☜ إرشاد الساری: (ص: ۱۵۷، ۱۵۸) باب الإحرام، فصل: فی إحرام الصبی، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة.

☜ البحر العمیق: (۲/۶۸۲) الباب السابع فی الإحرام، الفصل الخامس، إحرام الصبی والمجنون والسفیه، ط: مؤسّسة الریّان، المکتبة المکیّة.

(۲) وکل ما قدر الصبی علیه أی الممیز بنفسہٖ لاتجوز فیه النیابة عنه، بل یفعله هو بنفسہٖ، وإلا أی وإن لم یقدر بنفسہٖ علیه سواء کان ممیزًا أو غیر ممیزٍ جاز، أی فی النیابة عنه، إلاّ رکعتی الطواف، فإنّ الولی لایصلیهما عن الصبی مطلقًا ...... (إرشاد الساری: (ص: ۱۵۹) باب الإحرام، فصل فی إحرام الصبیّ، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

☜ البحر العمیق: (۲/۶۸۵) الباب السابع فی الإحرام، الفصل الخامس: فی إحرام الصبی، ط: موسّسة الریّان المکتبة المکیّة.

☜ غنیة الناسک: (ص: ۸۴) باب الإحرام، فصل فی إحرام الصبی، ط: إدارة القرآن.

(۴) وحکم السنن أی المؤکّدة الإساءة بترکها أی لو ترکها عمدًا و عدم لزوم شیٔ من دم أو صدقة علی فاعلها (أی تارکها)، وحصول الأجر علی الإتیان بالسنن. (إرشاد الساری: =

سنتیں حج کی

’’حج کی سنتیں‘‘ کے عنوان کو دیکھیں۔ (۲/ ۱۹۱)

سنن چھوڑنا عذر کی وجہ سے

’’عذر کی وجہ سے سنن وواجبات چھوڑنا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳/ ۱۵۵)

سوار ہو کر سعی کی

’’سعی کی غلطی‘‘ عنوان کو دیکھیں۔

سواری پر سعی کر رہا ہے

اگر عذر کی وجہ سے سواری پر سعی کر رہا ہے یعنی وہیل چیئر وغیرہ پر تو سعی کے دوران دونوں سبز بتیوں کی پٹی کے درمیان سواری کو تیز کر دے بشرطیکہ اپنے آپ کو اور دوسرے لوگوں کو اس سے تکلیف نہ پہنچے۔ (۱)

= (ص: ۱۰۵) باب فرائض الحج، وواجباته، وسننه...... فصل: فی سننه، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ وحكمها الإساءة بتركها و عدم لزوم الجزاء . (غنية الناسک : (ص: ۴۷) باب فرائض الحج ، و واجباته ، و سننه ، ...... فصل : وأمّا سننه ، ط: إدارة القرآن)

☜ البحر العميق : (۱/ ۳۵۴) الباب الثالث : فی مناسک الحج ، و أمّا سنن الحج ، ط: مؤسّسة الريّان ،، المكتبة المكيّة .

☜ سنة الهدى و تاركها يستوجب إساءة أی جزاء إساءة كاللوم والعتاب أو سمی جزاء الإساءة كما فی قوله تعالىٰ : ﴿ جزاء سيئة سيئة مثلها ﴾ كالجماعة والأذان والإقامة ، فإنّ هٰؤلاء كلها من جملة شعائر الدين واعلام الاسلام ، ولهٰذا قالوا إذا أصر أهل مصر على تركها يقاتلوا بالسلاح من جانب الامام ، وقد وردت فی كل منها آثار لاتحصی . (نور الأنوار : (ص: ۱۷۹) باب الرخصة والعزيمة ، فصل المشروعات على نوعين ، ط: مکتبه رحمانیه)

(۱) وإن كان على دابة أی لعذر ، فإن المشيء فی السعی واجب عندنا ، حرّكها من غير أن يؤذی أحدًا ...... وليحترز أی كل الاحتراز عن أذی غيره ...... و تعريض نفسه للأذی . (إرشاد الساری : (ص: ۲۴۶) باب السعی بين الصفا والمروة ، كيفية السعی ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۱۳۰) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل فی كيفية أداء السعی، ط: إدارة القرآن.

☜ شامی : (۲/ ۵۰۱) كتاب الحج ، مطلب فی السعی بين الصفا والمروة ، ط: سعد .

سوتن کے نواسے کے ساتھ حج پر جانا

سوتن کا نواسا محرم ہے، اور یہ سوتیلی نانی ہے، اس لئے سوتیلی نانی کے لئے سوتیلے نواسے کے ساتھ حج پر جانا جائز ہے۔(۱)

سوتیلا داماد

سوتیلا داماد اپنی سوتیلی ساس کے لئے محرم نہیں ہے، اس لئے سوتیلی ساس سوتیلے داماد کے ساتھ حج کے لئے نہیں جاسکتی۔(۲)

سوتیلی ساس

سوتیلی ساس اپنے سوتیلے داماد کیساتھ حج کا سفر نہیں کرسکتی، کیونکہ سوتیلا داماد محرم نہیں ہے۔(۳)

سودی رقم سے حج کرنا

سودی رقم حرام رقم ہے اور حرام رقم سے حج کرنا جائز نہیں، اگر کسی نے سودی

---

(۱) والمحرم من لا یجوز له مناکحتها علی التأبید لقرابة أو رضاع أو مصاهرة بنکاح فاسدٍ علی الأصح .
(غنیة الناسک : (ص: ۲۷) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)
شامی : (۴۶۴/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی قولهم یقدم حق العبد علی حق الشرع ، ط: سعید ،
الهندیة : (۲۱۹/۱) کتاب المناسک ، الباب الأوّل : فی تفسیر الحج و فرضیته و وقته و شرائطه ، ط: رشیدیه .
التاتارخانیة : (۴۳۴/۲) کتاب المناسک ، الفصل الأوّل : فی بیان شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن.

(۲،۳) الرابع : المحرم الأمین وهو کل رجل مأمون عاقل بالغ مناکحتها حرام علیه بالتأبید سواء کان بالقرابة أو الرضاعة أو الصهریة بنکاح أو سفاح فی الأصح . (إرشاد الساری : (ص: ۷۶) باب شرائط الحج ، النوع الثانی : شرائط الأداء ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)
غنیة الناسک : (ص: ۲۷) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، الشرط الرابع ، ط: إدارة القرآن .
شامی : (۴۶۴/۲) کتاب الحج ، ط: سعید .

رقم سے حج کرلیا ہے تو حج ادا ہوجائے گا لیکن حج کا ثواب نہیں ملے گا اور یہ حج اللہ کے دربار میں قبول بھی نہیں ہوگا۔(۱)

سوڈا

''بوتل'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۲۰۵)

سوکس

''موزہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴/۲۱۱)

سوئی

احرام کی چادر اور تہبند میں سوئی لگانا مکروہ ہے۔(۲)

سوئیٹر

''ٹوپی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۳۰۵)

---

(۱) وقد يتصف بالحرمة كالحج بمال حرام ، ...... فقد يقال إن الحج نفسه الّذى هو زيارة مكان مخصوص الخ، ليس حرام بل الحرام هو إنفاق المال الحرام ولا تلازم بينهما...... ولذا قال فى البحر: ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال ، فإنّه لايقبل بالنفقة الحرام ، كما ورد فى الحديث ، مع أنّه يسقط الفرض عنه معها ، ولا تنافى بين سقوطه وعدم قبوله فلايثاب لعدم القبول ، ولايعاقب عقاب تارک الحج ...... (الدر مع الرد : (۲/۴۵٦) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد)

غنية الناسک : (ص: ۲۱) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن .

إرشاد السارى : (ص: ۸) مقدمة فى آداب مريد الحج ، فصل : ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) وعقد الإزار والرداء أى ربط طرف أحدهما بطرفه الآخر وأن يغلّه أى كل واحد منهما بخلال كنحو إبرة أو شدهما بحبل و نحوه من رباط ومنطقة . (إرشاد السارى : (ص: ۱٦۹ ، ۱۷۰) باب الإحرام ، فصل : فى مكروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۹۱) باب الإحرام ، فصل : فى مكروهات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۴۸۹) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

سیاسی حج

اگر حکومت اپنے پارٹی ورکروں کو سرکاری خرچ پر حج کے لئے بھیجنا چاہے تو بھیج سکتی ہے لیکن صرف اپنے ورکروں کو سیاسی رشوت کے طور پر حج کرانا مناسب نہیں۔(۱)

سیٹ کنفرم نہیں

''فلائٹ یقینی نہیں'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۲۶۱)

سیدھا منٰی چلا گیا

''منٰی چلا گیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴/ ۱۶۰)

سینہ

طواف کرتے وقت سینہ یا پیٹھ بیت اللہ شریف کی طرف کرنا مکروہ تحریمی ہے، اگر اسی حالت میں طواف کا کچھ فاصلہ طے کیا تو طواف کے اتنے حصے کا اعادہ واجب ہوگا ورنہ ایک چکر مزید کرنا لازم ہوگا۔(۲)

---

(۱) ولا تثبت الاستطاعة بالعادة والاباحة ...... فلو قبل وجب عليه الحج إجماعًا ...... ولا بمال حرام ولو حج به سقط عنه الفرض لكنه لاتقبل حجته، كما ورد فى الحديث. (غنية الناسک: (ص: ۲۱) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط الوجوب، السادس: الاستطاعة، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد: (۲/ ۴۶۱) كتاب الحج، ط: سعيد.

إرشاد السارى: (ص: ۶۱، ۶۲) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، السادس: الاستطاعة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

عن عبد الله بن عمرو قال: لعن رسول الله ﷺ الراشى والمرتشى، رواه أبو داؤد وابن ماجه. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۳۲۶) كتاب الإمارة والقضاء، باب رزق الولاة وهداياهم، الفصل الثانى، ط: قديمى)

(۲) وأداء شئ من الطواف مع استقبال البيت، قيل: الا قبالة الحجر الأسود فى ابتداء الطواف خاصة كما مرّ. (غنية الناسک: (ص: ۱۲۶) باب فى ماهية الطواف وأنواعه ...... فصل: وأمّا = محرماته، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى: (ص: ۲۱۶) باب أنواع الأطوفة، فصل: فى واجبات الطواف، الخامس: التيامن، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

الدر مع الرد: (۲/ ۴۹۴) كتاب الحج، مطلب فى دخول مكّة، ط: سعيد.

حج و عمرہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

جلد سوم

(ش - گ)

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

حج وعمرہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق

(ش - گ)

جلدِ سوم

مؤلف

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دار الافتا جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

نام کتاب: حج و عمرہ کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف: مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

طباعت: طبع ثانی: ۱۴۳۸-۲۰۱۷

ناشر: بیت العمار کراچی

نورانی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔ 74400

فون: 0302-2205466 ، 0333-3136872,
0333-3845224

ای میل: baitulammar2004@gmail.com
qaasmiesencyclopedia2004@gmail.com

کراچی:

الحجاز پبلشرز، بنوری ٹاؤن۔ 0314-2139797
اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن۔ 021-34727159
دار البشائر، بنوری ٹاؤن۔ 0334-2659744
ادارۃ النور، بنوری ٹاؤن۔ 0324-2855000
مکتبہ القرآن، بنوری ٹاؤن۔ 021-34856701
زم زم پبلشرز، اردو بازار۔ 021-32729089
مکتبہ ندوہ، اردو بازار۔ 0321-8936511
مکتبہ المعارف، دار العلوم کراچی۔ 021-35032020

کوئٹہ:

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ۔ 081-26622631
مکتبہ ماجدیہ۔ 0333-7434142

پنجاب:

مکتبہ رحمانیہ۔ 042-37224228
الفلاح پبلشرز۔ 0333-4101085
مکتبہ عائشہ۔ 0321-9233714
دار الناشر۔ 0333-8335011

خیبر پختونخواہ (KPK):

مکتبہ عمر فاروق، قصہ خوانی بازار، پشاور۔ 0311-8845717
مکتبہ بنوری ٹاؤن، لکی مروت۔ 0336-9731158
مکتبہ فاروقیہ، بنو۔ 0334-8825488
مکتبہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک۔ 0337-7445290
مکتبہ محمودیہ، صوابی۔ 0312-9430416
مکتبہ الحرمین، اکوڑہ خٹک۔ 0313-8680501
مولوی ظہور، مردان۔ 0334-8414660

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر

صفحہ نمبر	عنوان

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر
ق	

عنوان	صفحہ نمبر

شاخیں کاٹنا مزدلفہ اور منیٰ میں

''درختوں کی شاخیں کاٹنا مزدلفہ اور منیٰ میں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

شربت

☆ اگر شربت میں بالکل کسی قسم کی خوشبو نہیں ڈالی گئی تو وہ احرام کی حالت میں پینا جائز ہے، اس سے دم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔

اگر طواف زیارت بے وضو کیا، اور طواف وداع بارہ ذی الحجہ کے آفتاب غروب ہونے سے پہلے پہلے کرلیا، تو یہ طواف طواف زیارت بن جائے گا، اور اگر طواف وداع ایام نحر یعنی بارہ ذی الحجہ گزرنے کے بعد کیا تو یہ طواف، طواف زیارت

---

(۱) فإذا فرغ من الرمی والذبح والحلق یوم النحر فالأفضل أن یطوف للفرض من یومه ذٰلک وإلاّ فی الثانی أو فی الثالث ثم لافضیلة بل الکراهة . (أمّا عند الإمام فکراهة تحریمیّة موجبة للدم) . (إرشاد الساری : (ص: ٣٢٧) باب طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ١٧٦) باب طواف الزیارة ، ط: إدارة القرآن .

▭ شامی : (٢/ ٥١٧) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف الزیارة ،ط : سعید .

(٢) المحرم إذا جنٰی عمدًا بلاعذر یجب علیه الجزاء والإثم وإن جنٰی بغیر عمدٍ أو بعذر فعلیه الجزاء دون الإثم ، ولا بدّ من التوبة علی کل حال . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ٤٢١ ، ٤٢٢) باب الجنایات، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ٢٤٢) باب الجنایات ، مقدمة : فی ضوابط ینبغی حفظها لعموم نفعها فی الفصول الآتیة ، قبیل : الفصل الأوّل فی الطیب ، ط: إدارة القرآن .

▭ شامی : (٢/ ٥٤٤) باب الجنایات ، تنبیه ، ط: سعید .

▭ انظر الحاشیة السابقة، رقم: ١ ، علی الصفحة السابقة رقم: ٥٧ .

نہیں بنے گا، اور بے وضو طواف زیارت کرنے کی وجہ سے دم دینا واجب ہوگا۔(۱)

طواف زیارت بے ہوشی کی وجہ سے بارہ ذی الحجہ تک نہ کرسکا

☆ اگر کوئی حاجی طواف زیارت کے ایام میں بے ہوش ہوگیا ہے، بارہ ذی الحجہ تک ہوش میں آ کر طواف کرنے کا امکان نہیں ہے تو کوئی دوسرا شخص اس کی طرف سے نائب بن کر طواف زیارت کرلے، کافی ہوجائے گا، البتہ اگر اس دوران اس بے ہوش آدمی سے احرام کی ممنوع چیزوں میں سے کوئی چیز صادر ہوگی تو جزاء اس بے ہوش آدمی پر لازم ہوگی، نائب بن کر طواف زیارت کرنے والے پر نہیں۔

اور اگر نائب سے احرام کی ممنوع چیزوں میں سے کوئی چیز صادر ہوگی تو نائب کو اپنی طرف سے صرف ایک ہی جزاء دینا لازم ہوگا۔

☆ اور اگر بے ہوش آدمی بارہ ذی الحجہ تک ہوش میں آ کر طواف زیارت نہیں کرسکا اور بارہ ذی الحجہ کے اندر کسی نے نائب بن کر بھی اس کی طرف سے طواف زیارت نہیں کیا تو ہوش میں آنے کے بعد طواف زیارت کرلے، اور تاخیر کی وجہ سے حرم کی حدود میں ایک دم دے دے۔(۲)

---

(۱) وإن طاف للزيارة جنبًا محدثًا وللصدر طاهرًا أى من الحدثين فإن حصل فى أيّام النحر انتقل إلى الزيادة ، ثم إن طاف للصدر ثانيًا فلاشيئ عليه ...... وإلاً أى إن لم يطف ثانيًا فعليه دم لتركه أى لترك الصدر اتفاقًا ...... وإن حصل الصدر بعد أيّام النحر لاينتقل إليها وعليه دم أى اتّفاقًا لطواف الزيارة محدثًا ...... (إرشاد السارى : (ص: ۴۹۳ ، ۴۹۴) باب الجنايات وأنواعها، فصل : ولو طاف للزيارة جنبًا وللصد رطاهرًا ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗀 غنية النّاسک : (ص: ۲۷۴) باب الجنايات ، الفصل السابع فى ترک الواجب فى أفعال الحج ، المطلب الأوّل : فى ترک الواجب فى طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

🗀 شامي : (...... / ۵۵۱) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۲) ولو أحرم بحجه الإسلام عاقلاً ، ثمّ عرض له الجنون ففعل به ماعلىٰ الحاج من الوقوف و طواف الزيارة ونحو ذٰلک أجزأه ،و إلا فلا ...... ولو أحرم وهو صحيح ثم أصابه عنه ، فقضٰى به أصحابه =

طواف زیارت جنابت میں کرنے کے بعد وطی کا حکم

جنابت، حیض اور نفاس کی حالت میں طواف زیارت کرنا منع ہے، اگر کسی نے ایسی حالت میں طواف زیارت کرلیا تو گناہ ہوگا اور حرم کے حدود میں ''بدنہ'' یعنی اونٹ یا گائے ذبح کرنا لازم ہوگا، البتہ اس کے بعد حلق یا قصر کرکے بیوی سے ہمبستری کرنے کی صورت میں مزید دم لازم نہیں ہوگا، تاہم احتیاط اسی میں سے کہ جب تک پاکی کی حالت میں طواف زیارت دوبارہ نہ کرلیا جائے یا ''بدنہ'' ادا نہ کردیا جائے، اس وقت تک ہمبستری سے اجتناب کیا جائے۔(۱)

= المناسک ، ووقفوا به ، فلبث بذٰلک سنین ، ثم أفاق ، أجزأه ذٰلک عن حجة الإسلام ، ومایصیب هٰذا المعتوه من الصید أو مس الطیب أو لبس الثیاب أو الجماع یجب علیه فی ذٰلک مایجب علی الصحیح ؛ لأنّه قد جعل فیما یجزیه من حجته بمنزلة الصحیح . والحاصل أنه لو أغمٰی علیه ، أو جن أو نام وهو مریض فإن کان قبل الإحرام ، و دام بعده ، فکل من علم قصده هو نائب عنه فی کل شیئ علی الأصح ...... وإن کان بعد الإحرام تعیّن حمله ، ولانیة عنه إلاً فی نیة الطواف والرمی . (غنیة الناسک : (ص: ۸۳) باب الإحرام ، فصل فی إحرام المغمی علیه والمعتوه والنائم المریض والمجنون ، ط: إدارة القرآن).

ولو ارتکب أی المغمٰی علیه المحرم عنه غیره محظورًا لزمه موجبه ...... لا الرفیق أی لاغیره لأنّه أحرم عن نفسهٖ طریق الإصاله وعن المغمٰی علیه بطریق النّیابة کالولی یحرم عن الصغیر ...... ولذا لو ارتکب هو أیضًا محظورًا لزمه جزاء واحد لإحرام نفسهٖ ، ولا شیئ علیه من جهة إهلاله عن غیره . (إرشاد الساری : (ص: ۱۵۵ ، ۱۵۶) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المغمٰی علیه، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

الدر مع الرد : (۲/۵۲۶ ، ۵۲۷) کتاب الحج ، مطلب : فی مضاعفة الصلاة بمکّة ، ط: سعید.

(۱) فأمّا الطهارة عن الحدث والجنابة والحیض والنفاس فلیست بشرط لجواز الطواف ولیست بفرض عندنا بل واجبة حتٰی یجوز الطواف بدونها ...... وإذا لم تکن الطهارة من شرائط الجواز ، فإذا طاف وهو محدث أو جنب وقع موقعه حتٰی لو جامع بعده لایلزمه شیئ ؛ لأنّ الوطء لم یصادف الإحرام لحصول التحلل بالطواف هٰذا إذا طاف بعد أن حلق أو قصر ثم جامع . (بدائع الصنائع : (۲/۱۲۹) کتاب الحج ، فصل : وأمّا شرطه و واجباته ، ط: سعید)

ولو طاف للزیارة جنبًا أو حائضًا ، أو نفساء کله أو أکثره ، وهو أربعة أشواطٍ ، فعلیه بدنة ، ویقع معتد به فی حق التحلل ، ویصیر عاصیًا ویعیده طاهرًا حتمًا ، فإن أعاده سقطت عنه البدنة . (غنیة الناسک : (ص: ۲۷۲) باب الجنایات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الأوّل ، ط: إدارة القرآن)=

طواف زیارت جنابت کی حالت میں کیا

''جنابت کی حالت میں طواف زیارت کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۳۱۵)

طواف زیارت جنابت میں کیا اور طواف وداع طہارت سے کیا

☆ ......اگر طواف زیارت جنابت میں کیا اور طواف وداع پا کی کی حالت میں کیا، تو اگر طواف وداع بارہ ذی الحجہ کے اندر اندر کیا ہے تو یہ طواف، طواف زیارت بن جائیگا، اور طواف وداع ترک کرنے کا دم دینا پڑے گا، ہاں اگر اس کے بعد کوئی طواف کیا ہے تو وہ طواف، طواف وداع بن جائے گا، اور دم ساقط ہو جائے گا۔

☆ ......اور اگر طواف زیارت جنابت میں کرنے کے بعد پا کی کی حالت میں طواف وداع کیا لیکن یہ طواف وداع بارہ ذی الحجہ کے بعد کیا تو بھی یہ طواف، طواف زیارت ہو جائے گا مگر تاخیر کی وجہ سے ایک دم اور طواف وداع ترک کرنے کی وجہ سے دوسرا دم دینا پڑے گا، ہاں اگر اس کے بعد کوئی اور طواف کر لے گا تو وہ طواف وداع بن جائے گا اور طواف وداع ترک کرنے کی وجہ سے جو دم واجب ہوا تھا وہ ساقط ہو جائے گا اور طواف زیارت میں تاخیر کی وجہ سے صرف ایک دم دینا کافی ہوگا۔ (۱)

= إرشاد الساری : (ص: ۴۸۸) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، فصل : فی حکم الجنایات فی طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

(۱) مالو طاف للزیارة جنبًا وللصدر طاهرًا ، فإن طاف للصدر فی أیّام النحر ، فعلیه دم لترک الصدر ؛ لأنّه انتقل إلی الزیارة ، وإن طاف للصدر ثانیًا ، فلا شیئ علیه ، وإن طاف للصدر بعد أیّام النحر ، فعلیه دمان ، دم لترک الصدر ، ودم لتأخیر الزیارة ، وإن طاف للصدر ثانیًا ، سقط عنه دمه . (غنیة الناسک : (ص: ۲۷۴) باب الجنایات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج ...... المطلب الأوّل : ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۴۹۳) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، فصل : ولو طاف للزیارة جنبًا ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

الدر مع الرد : (۲/۵۵۰ ، ۵۵۱) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

طواف زیارت حیض کی حالت میں کیا

''حیض کی حالت میں طواف زیارت کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٢٤٦/٢)

طواف زیارت حیض میں کرنے کے بعد وطی کا حکم

''طواف زیارت جنابت میں کرنے کے بعد وطی کا حکم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٦١/٣)

طواف زیارت خود کرے

طواف زیارت خود کرنا فرض ہے، اگر چہ کسی کی گود یا کندھے پر ہو، اس میں نیابت جائز نہیں ہے، البتہ بے ہوش آدمی کے واسطے نائب بن کر طواف زیارت کرنا درست ہے، اور یہ طواف موت تک فوت بھی نہیں ہوتا، اور اس کا بدل بھی نہیں ہے، ہاں اگر کسی آدمی کا وقوف عرفہ کے بعد طواف زیارت کرنے سے پہلے انتقال ہو جائے اور اس نے موت سے پہلے حج مکمل کرنے کی وصیت کی تو اس صورت میں حرم کی حدود میں گائے یا اونٹ ذبح کرنا واجب ہوگا تا کہ حج مکمل ہو جائے۔(١)

---

(١) وكونه بنفسه أى وكون الطواف بنفس الناسک بلانيابة عنه وهو ركن الطواف ، ولو محمولاً أى بعذر أو بغيره ، فلاتجوز النيابة الا للمغمٰى عليه قبل الإحرام أى على الصحيح ، سواء طاف عنه واحد بأمره أو بغير أمره فإنّه يقع عنه و قيل : بل يشترط حضوره فيطاف به ، والصّبىّ غير المميّز ...... ولا مفسد للطواف وإنّما يبطله الردة ، ولا فوات قبل الممات ، ولايجزئ عنه البدل أى الجزاء ، الاّ إذا مات بعد الوقوف بعرفة ...... و أوصٰى بإتمام الحج : تجب البدنة لطواف الزيارة وجاز حجّه ، أى صح و كمل . (إرشاد السارى : (ص: ٣٢٨ ، ٣٢٩) باب طواف الزيارة ، فصل : فى شرائط صحّة الطواف ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص : ١٧٨) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (٥١٨/٢) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف الزيارة ، ط: سعيد .

طواف زیارت دوبارہ کیا تو سعی دوبارہ کرے یا نہیں؟

اگر طواف زیارت، جنابت یا حیض یا نفاس میں کیا، اور سعی بھی اس کے بعد کی، اور اس کے بعد طواف زیارت کا اعادہ کیا تو سعی دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ پہلا طواف معتبر ہے، البتہ اس میں نقصان ہوا ہے اور دوسرے طواف سے اس نقصان کی تلافی ہوئی ہے، جب پہلا طواف نقصانات کے ساتھ معتبر ہے تو سعی بھی معتبر ہے، جب سعی معتبر ہے تو دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔(۱)

طواف زیارت رمی کے بعد کرنا

حج تمتع یا حج قران کرنے والوں کے لئے دسویں ذی الحجہ کی رمی، قربانی اور حلق یا بال کٹوانے کے بعد طواف زیارت کرنا سنت ہے واجب نہیں ہے، لہذا اگر کوئی شخص رمی، قربانی اور حلق سے پہلے طواف زیارت کرلے گا تو طواف زیارت ہو جائے گا اور اس پر دم لازم نہیں ہوگا مگر خلاف سنت اور مکروہ ہوگا اور اگر افراد کرنے والا ہے تو رمی اور حلق سے پہلے طواف زیارت کرنے سے طواف زیارت

---

(۱) وإذا أعاد الطواف أی طواف الزيارة طاهرًا وقد طافه جنبًا أی أولاً، فالمعتبر هو الأوّل والثانی جبر له أی لنقصانه بترک الواجب علی ماذهب إليه الكرخی وصححه صاحب "الإيضاح" إذ لا شکّ فی وقوع الأوّل معتدًا به حتیٰ حل به النّساء اتّفاقًا ...... وذهب أبو بكر الرازی إلی أن المعتبر هو الثانی ...... قال الكرمانی: والأوّل أقرب إلی الفقه، و قال ابن الهمام: قول الكرخی أولیٰ، قال فی البحر الزاخر و فائدة الخلاف تظهر فی إعادة السعی، فعلی القول الأوّل لايجب وعلی الثانی يجب، قلت ويؤيد الأوّل أنّه إذا لم يعد الطواف لاشيئ عليه من إعادة السعی والدم بتركه اتّفاقًا. (إرشاد الساری: (ص: ٤٩٠) باب الجنايات وأنواعها، النوع الخامس: فی الجنايات فی أفعال الحج، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية النّاسک: (ص: ٢٧٣) باب الجنايات، الفصل السابع: فی ترک الواجب فی أفعال الحج، المطلب الأوّل: ، ط: إدارة القرآن.

شامی: (٥٥١/٢) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد.

ہو جائے گا اور دم لازم نہیں ہوگا مگر سنت کے خلاف ہونے کی وجہ سے مکروہ ہوگا۔(۱)

(موجودہ دور میں چونکہ رش بہت زیادہ ہوتا ہے اس لئے امید ہے کہ کراہت نہیں ہوگی۔)

طواف زیارت سے پہلے حج کرنا

طواف زیارت سے پہلے دوسرے حج یا عمرہ کا احرام باندھنا جائز نہیں۔(۲)

طواف زیارت سے پہلے صحبت کرنا

طواف زیارت سے پہلے بیوی سے صحبت کرنا حرام ہے اگر صحبت کر لی تو بدنہ (بڑا دم) یعنی پوری گائے یا پورا اونٹ حرم کی حدود میں ذبح کرنا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) وأمّا الترتيب بينه و بين طواف الزيارة وبين الرمي و الحلق أى كونه بعدهما فسنة وليس بواجب تاكيد لماقبله ، وكذا الترتيب بينه وبين الحلق ، حتٰى لو طاف قبل الرمى والحلق لاشيئ عليه ، إلاّ أنّه قد خالف السنة فيكره ، على ماصرّح به غير واحد . (إرشاد السارى : (ص: ۳۲۹) باب طواف الزيارة ، فصل : فى شرائط طواف الزيارة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

شامى : (۲/۵۱۷) كتاب الحج ، مطلب فى طواف الزيارة ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۱۷۸) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

(۲) وأمّا المنهى عنها أى من أنواع الإحرام المتصورة ، فالجمع بين الحجين أى بإحرام واحد ، أو بإدخال واحدة على أخرىٰ قبل الفراغ من الأولىٰ ، والعمرتين أى بينهما كذٰلک ، وهما نهى تحريم ، فيجب عليه الرفض و دمه على ماسيأتى فى محله وإدخال العمرة على الحج مطلقًا أى الآفاقى وغيره ...... (إرشاد السارى : (ص: ۱۳۴) باب الإحرام ، فصل : فى وجوه الإحرام ،ط : وأمّا المنهى عنها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۲۳۰) باب الجمع بين النسكين ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۵۸۷) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۳) و وطؤه بعد وقوفه لم يفسد حجه وتجب بدنة ، و بعد الحلق قبل الطواف شاة لخفة الجناية ، وفى الرد تحت قوله : لخفة الجناية) أى لوجود الحل الأوّل بالحلق فى حق غير النّساء ، وما=

اور اس کا گوشت صرف فقراء اور مساکین ہی کھا سکتے ہیں مالدار لوگ نہیں کھا سکتے، ساتھ ساتھ استغفار بھی کرنا چاہئے۔(۱)

طواف زیارت سے پہلے عمرہ کرنا

طواف زیارت سے پہلے دوسرے حج یا عمرہ کا احرام باندھنا جائز نہیں۔(۲)

طواف زیارت سے روکا گیا

اگر کسی محرم کو صرف ''طواف زیارت'' سے روکا گیا تو وہ ''محصر'' نہیں ہوگا

= ذكره من التفصيل هو ما عليه المتون ، ومشى في المبسوط والبدائع والاسبيجابى على وجوب البدنة قبل الحلق وبعده ، وفى الفتح أنّه الأوجه لإطلاق ظاهر الرواية ، وجوبها بعد الوقوف بلاتفصيل . (الدر مع الرد : (٢/٥٦٠) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

☐ إرشاد السارى : (ص: ٤٨١ ، ٤٨٢) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع : فى حكم الجماع ، و دواعيه ، فصل : فى الجماع قبل الحلق وبعده ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسک : (ص: ٢٦٩ ، ٢٧١) باب الجنايات ، الفصل السادس : فى الجماع و دواعيه ،ط : إدارة القرآن .

(١) ولايجوز للمكفر أى مكفر الجناية فى ذبح الهدى أى يأكل شيئًا من الدماء أى الواجبة عليه للجزاء الا دم القران والتمتّع والتطوع ...... (إرشاد السارى : (ص: ٥٧٠) باب فى جزاء الجنايات وكفاراتها ، فصل : لايجوز للمكفر ...... ط: الإمدادية ، مكّة المكرمة)

☐ غنية الناسک : (ص: ٣٥٥ ، ٣٥٦) باب الهدايا ، فصل : فى أحكام الهدايا بعد الذبح وأحكام ذبحها ، ط: إدارة القرآن .

☐ الدر مع الرد : (٢/٦١٥ ، ٦١٦) كتاب الحج ، باب الهدى ، ط: سعيد .

(٢) وأمّا المنهى عنها أى من أنواع الإحرام المتصورة ، فالجمع بين الحجين أى بإحرام واحد ، أو بإدخال واحدة على أخرىٰ قبل الفراغ من الأولىٰ ، والعمرتين أى بينهما كذٰلک ، وهما نهى تحريم ، فيجب عليه الرفض و دمه على ماسيأتى فى محله وإدخال العمرة على الحج مطلقًا أى الآفاقى وغيره ...... (إرشاد السارى : (ص: ١٣٤) باب الإحرام ، فصل : فى وجوه الإحرام ،ط : وأمّا المنهى عنها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسک : (ص: ٢٣٠) باب الجمع بين النسكين ، ط: إدارة القرآن .

☐ الدر مع الرد : (٢/٥٨٧) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

کیونکہ یہ طواف پوری زندگی میں جب بھی چاہے کرسکتا ہے۔(١)

البتہ بارہ ذی الحجہ کا سورج غروب ہونے کے بعد طواف زیارت کرنے سے دم واجب ہوگا۔(٢)

اور یہ دم حدود حرم میں دینا ہوگا۔(٣)

اور جب تک طواف زیارت نہیں کرے گا بیوی حلال نہیں ہوگی۔(۴)

طواف زیارت قربانی سے پہلے کرنا

''قربانی سے پہلے طواف زیارت کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(٣/ ٢٨٠)

طواف زیارت کا بدل نہیں

طواف زیارت کسی حال میں بھی فوت نہیں ہوتا، اور بدل دے کر بھی ادا نہیں

---

(١) هو المنع عن الوقوف والطواف بعد الإحرام في الحج الفرض والنفل ، و في العمرة عن الطواف بها أو بهما لاغير ، فإن قدر على الطواف أو الوقوف فليس بمحصر (لأنّه إن منع عن الطواف فقط وقف ويؤخّر الطواف ويبقى محرمًا في حق النّساء . (إرشاد الساري : (ص: ٥٧٩، ٥٨٠) باب الإحصار ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ٣٠٩) باب الإحصار ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (٢/ ٥٩٣) كتاب الحج ، باب الإحصار ، ط: سعيد .

(٢) انظر الحاشية السابقة، رقم: ٢، على الصفحة السابقة، رقم: ٥٧.

(٣) ذبحه في الحرم ، فلو ذبحه في غيره لايجزئه عن الذبح ...... (غنية الناسک : (ص: ٢٦٢) باب الجنايات ، فصل : في شرائط كفاراتها الثلاث ، مطلب : في شرائط جواز الدم ، الثامن ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساري : (ص: ٥٥۴) باب في جزاء الجنايار و كفاراتها ، فصل : في أحكام الدماء و شرائط جوازها ، الثالث : ذبحه في الحرم ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (٢/ ٦١٢) كتاب الحج ، باب الهدى ،ط : سعيد .

(۴) ولو لم يطف أصلاً لايحل له النّساء وإن طال ومضت سنون بإجماع ، كذا في الهندية . (شامي : (٢/ ٥١٨) كتاب الحج ، مطلب : في طواف الزيارة ، ط: سعيد)

غنية الناسک، (ص:١٧٧) باب طواف الزيارة، ط: ادارة القرآن.

إرشاد الساري : (ص: ٣٢٧ ، ٣٢٨) باب طواف الزيارة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

انظر الحاشية السابقة ، رقم : ١ .

کیا جاسکتا، ہر حال میں طواف زیارت کرنا ضروری ہے، اگر طواف زیارت نہیں کیا تو آخری عمر تک طواف زیارت کی ادائیگی فرض رہے گی (۱)

اور جب تک اس کو ادا نہیں کرے گا بیوی سے صحبت اور بوس و کنار حرام رہے گا گویا کہ بیوی کے حق میں احرام باقی رہے گا۔ (۲)

طواف زیارت کا وقت

طواف زیارت کا وقت ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کی صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اس سے پہلے طواف زیارت کرنا جائز نہیں ہے، اور اس کو بارھویں تاریخ کا سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے ادا کر لینا واجب ہے، اور طواف زیارت رات میں بھی کرنا جائز ہے، اگر کسی نے بارھویں تاریخ کا سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے طواف زیارت نہیں کیا تو اس کو بھی طواف زیارت کرنا پڑے گا اور ایک دم دینا بھی لازم ہوگا۔ (۳)

---

(۱) ولایجزئ عنه البدل أی الجزاء إلاّ إذا مات بعد الوقوف بعرفة . (إرشاد الساری : (ص: ۳۲۹) طواف الزیارة ، فصل : فی شرائط صحة الطواف ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۱۷۸) باب طواف الزیارة ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۲/۵۱۷) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف الزیارة ، ط: سعید .

(۲) ولو لم یطف أصلاً لایحل له النّساء وإن طال ومضت سنون بإجماع ، کذا فی الهندیة . (شامی : (۲/۵۱۸) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف الزیارة ، ط: سعید)

إرشاد الساری : (ص: ۳۲۷ ، ۳۲۸) باب طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

انظر الحاشیة السابقة، رقم: ۱، علی الصفحة السابقة، رقم: ۶۷، أیضًا.

(۳) أوّل وقت طواف الزیارة : طلوع الفجر الثانی من یوم النحر ، فلایصح قبله ، ولا آخر له فی حق الصحة ، فلو أتٰی به بعد سنین صحّ ، ولکن یجب فعله فی أیّام النحر أی أولیالیها عند الإمام ، ویسنّ إجماعًا ، فیکره تأخیرها عنه بالاتفاق تحریمًا أو تنزیهًا ، فلو أخّر عنها أی بغیر عذر ولو إلیٰ آخر أیّام التشریق لزمه دم . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۳۲۸) باب طواف الزیارة ، فصل : أوّل وقت طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة) =

اور یہ دم حدود حرم میں دینا لازم ہوگا۔(۱)

طواف زیارت کے بعد سعی کرنا

طواف زیارت کے بعد سعی کرنا واجب ہے جس شخص نے پہلے سعی کرلی تھی اس کے لئے طواف زیارت کے بعد دوبارہ سعی کرنا واجب نہیں ہے۔(۲)

طواف زیارت کے بعد سعی نہیں کی

☆اگر حج افراد کرنے والے نے منیٰ جانے سے پہلے طواف قدوم کے ساتھ سعی نہیں کی تو طواف زیارت کے بعد سعی کرنا واجب ہے، اور طواف کے بعد متّصل سعی کرنا سنت ہے اور فاصلہ کرنا سنت کے خلاف ہونے کی وجہ سے مکروہ ہے لیکن دم واجب نہیں ہوگا۔(۳)

= غنية الناسک : (ص: ۱۷۷ ، ۱۷۸) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

بدائع الصنائع : (۱۳۲/۲) کتاب الحج ، فصل : وأمّا زمان هٰذا الطواف (طواف الزيارة) ط: سعيد .

(۱) ذبحه في الحرم ، فلو ذبحه في غيره لايجزئه عن الذبح ...... (غنية الناسک : (ص: ۲۶۲) باب الجنايات ، فصل : في شرائط کفاراتها الثلاث ، مطلب : في شرائط جواز الدم ، الثامن ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساري : (ص: ۵۵۴) باب في جزاء الجنايات و کفاراتها ، فصل : في أحکام الدماء و شرائط جوازها ، الثالث : ذبحه في الحرم ، ط: الإمدادية ، مکّة المکرّمة .

الدر مع الرد : (۲۱۶/۲) کتاب الحج ، باب الهدی ،ط : سعيد .

(۲) فيطوف سبعة أشواط بلارمل فيه ، وسعی بين الصفا والمروة بعده إن قدم السعي و وقع معتدا به ، وإلاّ رمل و سعی ، ......قدمنا أن الأفضل تأخير السعي إلی ما بعد طواف الإفاضة ، وکذٰلک الرمل ليصير تبعًا للفرض دون السنة ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۷۶ ، ۱۷۷) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساري : (ص: ۳۲۷) باب طواف الزيارة ، ط: الإمدادية ، مکّة المکرّمة .

شامي : (۵۱۸/۲) کتاب الحج ، مطلب في طواف الزيارة ، ط: سعيد .

(۳) فإن کان سعی بين الصفا والمروة عقيب طواف القدوم ولم يرمل في هٰذا الطواف ولم يسع والا رمل کذا في الکافي. (الهنديه: (۲۳۲/۱) کتاب الحج، الباب الخامس في کيفية أداء الحج، ط: رشيديه)

(فإن کان سعی بين الصفا والمروة) سابقًا (عقب طواف القدوم لم يرمل في هٰذا الطواف)=

☆اور اگر قران اور تمتع کرنے والے نے منی جانے سے پہلے ایک نفلی طواف کر کے حج کی سعی نہیں کی تو طواف زیارت کے بعد سعی کرنا واجب ہے، طواف زیارت کے بعد متّصل سعی کرنا سنّت ہے، اور فاصلہ کرنا سنت کے خلاف ہونے کی وجہ سے مکروہ ہے، لیکن دم واجب نہیں ہوگا۔

اگر ان دونوں صورتوں میں طواف زیارت کرنے کے بعد سعی نہیں کی اور بارہ ذی الحجہ کا دن بھی گزر گیا تو اب بھی سعی کرے، تاخیر کی وجہ سے مکروہ ضرور ہوگا لیکن دم واجب نہیں ہوگا، اور اگر بارہ ذی الحجہ کے بعد سعی بھی نہیں کی اور گھر واپس آ گیا تو ایسی صورت میں حرم کی حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

= لأنّ الرمل فی طواف بعده سعی (ولا سعی علیه) ؛ لأنّ تکراره غیر مشروع (فإن لم یکن قدم السعی) بعد طواف القدوم (رمل فی هٰذا الطواف ...... و سعی بعده) وجوبًا علی ماقدمنا .
(اللباب فی شرح الکتاب : (۱/۱۹۲) کتاب الحج ، ط: دار الکتاب العربی)

ولو ترک السعی ورجع إلی أهله ، فإن خرج من المیقات (شرح) فأراد العود یعود بإحرام جدید ، فإن کان بعمرة فیأتی أوّلاً بأفعال العمرة ، ثمّ یسعی ، وإن کان لحج فیطوف اولاً طواف القدوم ثمّ یسعی بعده وإذا أعاده سقط الدم ، قال فی الأصل : والدم أحب إلی من الرجوع ؛ لأنّ فیه منفعة للفقراء ، والنقصان لیس بفاحش ...... ولو أخر السعی عن أیّام النحر ولو شهورًا لا شیئ علیه ، ویکره . (غنیة الناسک : (ص: ۲۷۸) المطلب الخامس : فی ترک الواجب فی السعی، ط: إدارة القرآن)

أمّا بیان حکمه إذا تأخر عن وقته الأصلی وهی أیّام النحر بعد طواف الزیارة ، فإن کان لم یرجع إلی أهله فإنّه یسعی ولاشیئ علی ؛ لأنّه أتٰی بما وجب علیه ولایلزمه بالتاخیر شیئ ؛ لأنه فعله فی وقته الأصلی وهو ما بعد طواف الزیارة ...... وإن کان رجع إلی أهله ، فعلیه دم لترکه السعی بغیر عذر . (بدائع الصنائع : (۲/۱۳۵) کتاب الحج ، ط: سعید)

(۱) فإن کان سعی بین الصفا والمروة عقیب طواف القدوم ولم یرمل فی هٰذا الطواف ولم یسع والا رمل کذا فی الکافی . (الهندیه : (۱/۲۳۲) کتاب الحج ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه)

(فإن کان سعی بین الصفا والمروة) سابقًا (عقب طواف القدوم لم یرمل فی هٰذا الطواف) لأنّ الرمل فی طواف بعده سعی (ولا سعی علیه) ؛ لأنّ تکراره غیر مشروع (فإن لم یکن قدم السعی) بعد طواف القدوم (رمل فی هٰذا الطواف ...... و سعی بعده) وجوبًا علی ماقدمنا .
(اللباب فی شرح الکتاب : (۱/۱۹۲) کتاب الحج ، ط: دار الکتاب العربی) =

اور اگر گھر سے واپس آکر کبھی بھی سعی کرے گا تو دم ساقط ہو جائے گا، البتہ دوبارہ حرم جانے کے لئے حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر جانا ہوگا، پہلے حج یا عمرہ سے فارغ ہوگا پھر اس کے بعد سعی کرے گا جو ذمہ میں رہ گئی تھی۔(۱)

= ☜ ولو ترك السعي ورجع إلى أهله ، فإن خرج من الميقات (شرح) فأراد العود يعود بإحرام جديد ، فإن كان بعمرة فيأتي أوّلاً بأفعال العمرة ، ثمّ يسعى ، وإن كان لحج فيطوف اولاً طواف القدوم ثمّ يسعى بعده وإذا أعاده سقط الدم ، قال في الأصل : والدم أحب إلى من الرجوع ؛ لأنّ فيه منفعة للفقراء ، والنقصان ليس بفاحش ...... ولو أخر السعي عن أيّام النحر ولو شهورًا لا شيئ عليه ، ويكره .
(غنية الناسك : (ص: ۲۷۸) المطلب الخامس : في ترك الواجب في السعي، ط: إدارة القرآن)

☜ أمّا بيان حكمه إذا تأخر عن وقته الأصلي وهي أيّام النحر بعد طواف الزيارة ، فإن كان لم يرجع إلى أهله فإنّه يسعى ولاشيئ على ؛ لأنّه أتىٰ بما وجب عليه ولايلزمه بالتاخير شيئ ؛ لأنّه فعله في وقته الأصلي وهو ما بعد طواف الزيارة ...... وإن كان رجع إلى أهله ، فعليه دم لتركه السعي بغير عذر . (بدائع الصنائع : (۱۳۵/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)

(۱) فإن كان سعى بين الصفا والمروة عقيب طواف القدوم ولم يرمل في هٰذا الطواف ولم يسع والا رمل كذا في الكافي . (الهنديه : (۲۳۲/۱) كتاب الحج ، الباب الخامس في كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

☜ (فإن كان سعى بين الصفا والمروة) سابقًا (عقب طواف القدوم لم يرمل في هٰذا الطواف) لأنّ الرمل في طواف بعده سعي (ولا سعي عليه) ؛ لأنّ تكراره غير مشروع (فإن لم يكن قدم السعي) بعد طواف القدوم (رمل في هٰذا الطواف ...... و سعى بعده) وجوبًا على ماقدمنا .
(اللباب في شرح الكتاب : (۱۹۲/۱) كتاب الحج ، ط: دار الكتاب العربي)

☜ ولو ترك السعي ورجع إلى أهله ، فإن خرج من الميقات (شرح) فأراد العود يعود بإحرام جديد ، فإن كان بعمرة فيأتي أوّلاً بأفعال العمرة ، ثمّ يسعى ، وإن كان لحج فيطوف اولاً طواف القدوم ثمّ يسعى بعده وإذا أعاده سقط الدم ، قال في الأصل : والدم أحب إلى من الرجوع ؛ لأنّ فيه منفعة للفقراء ، والنقصان ليس بفاحش ...... ولو أخر السعي عن أيّام النحر ولو شهورًا لا شيئ عليه ، ويكره . (غنية الناسك : (ص: ۲۷۸) المطلب الخامس : في ترك الواجب في السعي، ط: إدارة القرآن)

☜ أمّا بيان حكمه إذا تأخر عن وقته الأصلي وهي أيّام النحر بعد طواف الزيارة ، فإن كان لم يرجع إلى أهله فإنّه يسعى ولاشيئ على ؛ لأنّه أتىٰ بما وجب عليه ولايلزمه بالتاخير شيئ ؛ لأنّه فعله في وقته الأصلي وهو ما بعد طواف الزيارة ...... وإن كان رجع إلى أهله ، فعليه دم لتركه السعي بغير عذر . (بدائع الصنائع : (۱۳۵/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)

طواف زیارت کے لئے مستقل احرام

طواف زیارت کی قضاء کرنے کیلئے مستقل احرام کی ضرورت نہیں ہے، جس احرام سے حلال ہوا ہے وہی اس کے لئے کافی ہے۔(۱)

طواف زیارت کے وقت حیض آجائے

☆ طواف زیارت حج کا عظیم رکن ہے، جب تک طواف زیارت نہیں کیا جاتا میاں بیوی ایک دوسرے کیلئے حلال نہیں ہوتے بلکہ اس معاملہ میں احرام بدستور باقی رہتا ہے اس لئے یہ طواف ہر حال میں کر کے آنے کی کوشش کرنی چاہئے۔(۲)

☆ اگر کوئی شخص طواف زیارت کے بغیر وطن واپس آ گیا تو اس پر نیا احرام باندھے بغیر واپس مکہ مکرمہ جا کر طواف زیارت کرنا لازم ہے، اور تاخیر کی وجہ سے دم دینا بھی لازم ہوگا، جب تک طواف زیارت نہیں کرے گا میاں بیوی کے تعلق کے حق میں احرام باقی رہے گا اور اس کا حج مکمل نہیں ہوگا، اور طواف زیارت کا بدل کوئی چیز نہیں ہے، دم دینا کافی نہیں ہر حال میں واپس جا کر طواف کرنا ہی ضروری ہے۔(۳)

---

(۱) ولو ترک طواف الزيارة كله أو أكثره فهو محرم أبدًا فى حق النّساء ، حتى يطوف ...... فعليه حتمًا أن يعود بذٰلک الإحرام ويطوفه ولايجزئ عنه البدل أصلاً . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۳) باب الجنايات ، الفصل السابع فى ترک الواجب فى أفعال الحج ...... المطلب الأوّل : فى ترک الواجب فى طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

انظر الحاشية السابقة ، رقم : ۳، ۴، ۵ على الصفحة السابقة ، رقم : ۲۸۱ .

(۲) ولو ترک طواف الزيارة كله أو أكثره فهو محرم أبدًا فى حق النّساء ، حتى يطوف ...... فعليه حتمًا أن يعود بذٰلک الإحرام ويطوفه ولايجزئ عنه البدل أصلاً . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۳) باب الجنايات ، الفصل السابع فى ترک الواجب فى أفعال الحج ...... المطلب الأوّل : فى ترک الواجب فى طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

انظر الحاشية السابقة ، رقم : ۳، ۴، ۵ على الصفحة السابقة ، رقم : ۲۸۱ .

(۳) ولو ترک طواف الزيارة كله أو أكثره فهو محرم أبدًا فى حق النّساء ، حتى يطوف ...... فعليه =

☆ جوخواتین طواف زیارت کے دنوں میں ناپاک ہوں، ان کو چاہئے کہ اپنا سفر ملتوی کردیں، اور جب تک پاک ہوکر طواف نہیں کرلیتیں مکہ مکرمہ سے واپس نہ جائیں اگر پہلے سے ایام کو روکنے کی کوئی تدبیر ہوسکتی ہے تو اس کو اختیار کرلینا چاہئے۔(۱)

آج کل حج کے سفر میں آمدورفت کی تاریخ پہلے ہی سے متعین ہوتی ہے، تبدیل کرانا مشکل ہوتا ہے اور کافی پریشانی ہوتی ہے اس لئے اگر واپسی کی تاریخ تبدیل کرنا ممکن نہیں یا پاک ہونے تک مکہ مکرمہ میں ٹھہرنے کی کوئی صورت نہیں تو ایسی مجبوری اور ناگزیر حالت میں حیض کی حالت میں طواف زیارت کرلے اور اللہ تعالی سے توبہ استغفار کرلے تو طواف زیارت شرعا معتبر ہوجائے گا اور وہ پوری طرح حلال ہوجائے گی اور احرام کی پابندیاں ختم ہوجائیں گی، مگر اس پر ایک بدنہ بڑا جانور، اونٹ، گائے یا بھینس حدود حرم میں ذبح کرنا لازم ہوگا اگر حدود حرم میں بدنہ ذبح نہ کرسکی اور وہ کسی بھی موقع پر پاکی کی حالت میں طواف زیارت کا اعادہ کرلے تو بدنہ ذبح کرنا ساقط ہوجائے گا۔(۲)

= حتمًا أن يعود بذٰلک الإحرام ويطوفه ولايجزئ عنه البدل أصلاً . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۳) باب الجنايات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج ...... المطلب الأوّل : فی ترک الواجب فی طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

▭ انظر الحاشية السابقة، رقم:۴، علی الصفحة رقم:۶۷، والحاشية رقم: ۱ ،علی الصفحة:۶۸ .

(۱) وحيضها لايمنع نسکاً إلاّ الطواف ، فهو حرام من وجهين ، دخولها المسجد ، وترک واجب الطهارة ، فلو حاضت قبل الإحرام اغتسلت وأحرمت وشهدت جميع المناسک ، الاّ الطواف والسعی ...... ولايلزمها دم لترک الصدر وتأخير الزيارة عن وقته لعذر الحيض والنفاس. (غنية الناسک : (ص: ۹۴ ، ۹۵) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

▭ الدر مع الرد : (۵۲۸/۲) کتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ،ط: الإمدادية ، مکّة المکرّمة .

(۲) ولو همّ الراکب علی القفول ، ولم تطهر فاستفتت هل تطوف أم لا ؟ قالوا : يقال لها : لاتحل لک دخول المسجد وإن دخلت وطفت أثمت ، وصحّ طوافک وعليک ذبح بدنة . =

طواف زیارت موت تک نہ کرسکا

☆ اگر کوئی حاجی موت تک طواف زیارت کرنے پر قادر نہیں ہوا تو اس پر آخری وقت میں ایک بدنہ (اونٹ یا گائے) حرم کی حدود میں ذبح کرنے کے لئے وصیت کرنا لازم ہے۔(۱)

واضح رہے کہ طواف زیارت کرنے سے پہلے بیوی سے صحبت کرنا بھی حلال نہیں ہے۔

☆ اگر ایسے آدمی نے بارہ ذی الحجہ کے اندر یا اس کے بعد کوئی طواف کیا تو یہ طواف، طوافِ زیارت کے قائم مقام ہوجائے گا اور بیوی حلال ہوجائے گی البتہ بارہ ذی الحجہ کے بعد طواف کرنے کی صورت میں تاخیر کی وجہ سے ایک دم دینا لازم ہوگا۔

= (غنية الناسك : (ص: ۲۷۴) باب الجنايات ، الفصل السابع : في ترك الواجب في أفعال الحج ......المطلب الأوّل : في ترك الواجب في طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

☞ ولو انقطع دمها أي دم الحائض بدواء أو لا أي لا بدواء أو لم ينقطع أي بالكية ، فاغتسلت أولا أي أو ما اغتسلت وطافت ثم عاد دمها في أيّام العادة يصح طوافها ، ولزمها بدنة وكانت عاصية ...... ، وعليها أن تعيده طاهرة ، أي من الحدثين ، فإن أعادته سقط ما وجب أي من البدنة وعليها التوبة من جهة المعصية ولو مع البدنة . (إرشاد الساري : (ص: ۴۹۲) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات في أفعال الحج ، فصل : في طواف الزيارة للحائض ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☞ شامي : (۲/۵۱۹) كتاب الحج ، مطلب : في طواف الزيارة ، ط: سعيد .

(۱) طواف الزيارة (أول وقته بعد طلوع الفجر يوم النحر وهو فيه) أي الطواف في يوم النحر الأوّل (أفضل ويمتد) وقته إلى آخر العمر ...... (قوله : ويمتد وقته) أي وقت صحته إلى آخر الموت ، فلو مات قبل فعله ، فقد ذكر بعض المحشين عن شرح اللباب للقاضي محمد عبد عن البحر العميق أنّهم قالوا : ان عليه الوصية ببدنة لأنّه جاء العذر من قبل من له الحق وإن كان آثمًا بالتاخير اهـ تامل . (قوله : وحل له النّساء) أي بعد الركن منه وهو أربعة أشواط " بحر " ولو لم يطف أصلاً لا يحل له النّساء وإن طال ومضت سنون بإجماع . (شامي : (۲/۵۱۸) كتاب الحج ، مطلب في طواف الزيارة ،ط : سعيد)

☞ إرشاد الساري : (ص: ۳۲۸ ، ۳۲۹) باب طواف الزيارة ، فصل : في شرائط صحة الطواف، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

1 غنية الناسك : (ص: ۱۷۸) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

طواف زیارت میں احرام ضروری نہ ہونے کی وجہ

طواف زیارت حج کا اہم رکن ہے اس کے باوجود اس سے پہلے احرام کھولنے کی اجازت ہونے کی وجہ یہ ہے کہ جب لوگ بادشاہوں کے دربار میں حاضری دیتے ہیں تو خوب صفائی کرکے، بن سنور کر حاضر ہوتے ہیں، اسی طرح لوگوں کو طواف زیارت کے لئے اپنا حال درست کرکے حاضر ہونا چاہئے، سر سے گرد وغبار صاف کرلیں، بدن سے میل دور کرلیں، اور سلے ہوئے موزوں کپڑے پہن کر اللہ تعالیٰ کے دربار میں طواف زیارت کے لئے حاضری دیں اسی مقصد سے قارن اور تمتع کرنے والے کو قربانی اور حلق کے بعد طواف زیارت سے پہلے اور مفرد کو رمی کے بعد طواف زیارت سے پہلے احرام کھول کر سلے ہوئے کپڑے پہن کر طواف زیارت کرنے کی اجازت ہے، اور یہ احرام جزوی طور پر یعنی صرف تزیین کی حد تک کھلتا ہے، بیوی کے ساتھ صحبت کرنے میں ابھی احرام باقی ہے، کیونکہ ابھی حج کا ایک اہم رکن طواف زیارت باقی ہے۔(۱)

---

(۱) والسر فی الحلق أنّه تعيين طريق للخروج من الإحرام بفعل لاينافی الوقار ، فلو تركهم وأنفسهم لذهب كل مذهبًا ، وأيضًا ففيه تحقيق انقضاء التشعث والتغبر بالوجه الأتم ، ومثله كمثل السلام من الصلاة ، وإنّما قدم على طواف الإفاضة ليكون شبيهًا بحال الداخل على الملوک فی مؤاخذته نفسه بإزالة تشعثه وغباره. (حجة الله البالغة : (۲/ ۶۰) مبحث فی أبواب من الحج ، ط: كتب خانه رشيديه دهلی)

☐ حكمه التحلل فيباح فيه جميع ماحُظر بالإحرام من الطيب والعيد ولبس المخيط وغير ذٰلک إلا الجماع ودواعيه ، فإنّه و توابعه يتوقّف حلّه على الطواف أی طواف الإفاضة . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۳۲۶) باب مناسک منٰی ، فصل : فی حكم الحلق ،ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسک : (ص: ۱۷۶) باب مناسک منٰی يوم النحر ، فصل : فی الحلق ، مطلب : فی حكم الحلق ،ط : إدارة القرآن .

☐ شامی : (۲/ ۵۱۷) كتاب الحج ، قبيل : مطلب : فی طواف الزيارة ، ط: سعيد .

طواف زیارت میں اضطباع

''طواف زیارت میں رمل'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۳/۷۷)

طواف زیارت میں اہم باتیں

طواف زیارت میں طواف کی نیت کرنا فرض ہے، اور چار شوط (چکر) اس طواف میں فرض ہیں، اور سات شوط پورے کرنے واجب ہیں، اگر پیدل چل سکتا ہے تو پیدل چل کر طواف کرنا اور دائیں طرف سے شروع کرنا، اور وضو کے ساتھ کرنا، اور ستر چھپانا اور بارہ ذی الحجہ کے غروب سے پہلے پہلے کرنا واجب ہے۔(۱)

طواف زیارت میں تاخیر کی اور حیض آ گیا

عورت جانتی ہے کہ حیض عنقریب آنے والا ہے، اور ابھی حیض آنے میں اتنا وقت باقی ہے کہ پورا طواف زیارت یا چار پھیرے کر سکتی ہے، لیکن اس عورت نے طواف زیارت نہیں کیا اور حیض آ گیا، پھر ایام نحر گزرنے کے بعد پاک ہوئی تو پاک ہونے کے بعد طواف زیارت بھی کرنا پڑے گا اور تاخیر کرنے کی وجہ سے ایک دم بھی دینا پڑے گا اور یہ دم حدود حرم میں دینا لازم ہوگا۔

---

(۱) هٰذا الطواف هو المفروض فی الحج ولا یتم الحج الاّ به أی لکونه رکنًا بالإجماع ، والفرض منه أربعة أشواط وما زاد فواجب ...... فصل فی شرائط صحة الطواف ...... والنیّة أی أصلها لا تعینها واتیان أکثره ، وفیه أنّه رکن لا شرط، ...... و واجباته : المشی للقادر ، والتیامن ، وإتمام السبعة ،والطهارة عن الحدث أی مطلقا ، وستر العورة ، وفعله فی أیّام النحر . (إرشاد الساری : (ص: ۳۲۸ ، ۳۲۹) باب طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

▭ بدائع الصنائع : (۲/۱۲۸) کتاب الحج ، فصل : وأمّا شرطه و واجباته ، و : (ص ۲/۱۳۲) فصل : وأمّا مقداره ، ط: سعید .

▭ الدر مع الرد : (۲/۴۶۷ ، ۴۶۸ ، ۴۶۹) کتاب الحج ، مطلب : فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعید .

اور اگر حیض شروع ہونے سے پہلے پاک ہونے کی حالت میں طواف کے چار پھیرے کرنے کا وقت نہیں تھا تو دم واجب نہیں ہوگا البتہ پاک ہونے کے بعد طواف زیارت کرنا لازم ہوگا، اس کے بغیر شوہر کے لئے حلال نہیں ہوگی۔(۱)

طواف زیارت میں حیض کی وجہ سے تاخیر ہوگئی

''حیض کی وجہ سے طواف زیارت میں تاخیر ہوگئی'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۲۴۹)

طواف زیارت میں رمل

اگر حج کا احرام باندھنے کے بعد منی جانے سے پہلے ایک نفلی طواف کر کے سعی نہیں کی تو طواف زیارت کے بعد سعی بھی کرنی ہوگی اور اس طواف میں رمل بھی کرنا ہوگا، مگر طواف زیارت عموماً احرام کا کپڑا بدل کر سادہ کپڑے پہن کر کیا جاتا ہے اس لئے اس میں اضطباع نہیں ہوگا، البتہ اگر احرام کی چادریں نہ اتاری ہوں تو اضطباع بھی کرلیں۔(۲)

---

(۱) ولو حاضت في وقت تقدر أى حال كونها قادرة على أن تطوف فيه أربعة أشواط فلم تطف أى قبل الحيض لزمها دمٌ للتأخير ...... ولو حاضت في وقت تقدر على أقلّ من ذٰلك لم يلزمها شيئ ...... فقولهم أى مجملاً لاشيئ على الحائض وكذا النفساء لتأخير الطواف ...... مقيد بما إذا حاضت في وقت لم تقدر على أكثر الطواف أى قبل الحيض أو حاضت قبل أيّام النحر ولم تطهر إلاّ بعد مضيّ أيّام النحر أى جميعها ...... (إرشاد السارى : (ص:۴۹۵) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات في أفعال الحج ، فصل : في طواف زيارة للحائض ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسك : (ص: ۲۷۳ ، ۲۷۴) باب الجنايات ، الفصل السابع : في ترك الواجب في أفعال الحج ، ...... المطلب الأوّل : في ترك الواجب في طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

شامى : (۲/۵۱۹) كتاب الحج ، مطلب في طواف الزيارة ، ط: سعيد .

(۲) فيطوف سبعة أشواط بلا رمل فيه ، وسعى بين الصفا والمروة بعده إن قدم السعى و وقع معتدا به ، وإلاّ رمل و سعى ، وإن قدم الرمل ؛ لأنّ رمله السابق بلا سعى غير مشروع ...... وإن قدم السعى لا الرمل سقط الرمل ؛ لأنّ الرمل إنّما شرع في طواف بعده سعى ...... وأمّا الاضطباع فساقط مطلقًا في هٰذا الطواف سواء سعى قبله ، أو بعده ؛ لأنّه قد تحلل من إحرامه وقد لبس المخيط ، و =

طواف زیارت ناپاکی کی حالت میں کیا

اگر طواف زیارت جنابت یا حیض یا نفاس کی حالت میں کیا تو ایک بدنہ یعنی بڑا جانور اونٹ یا گائے کو حدودِ حرم میں ذبح کرنا لازم ہوگا، اور اگر ایسی حالت میں تین یا اس سے زیادہ طواف کے چکر کئے تو دم دینا لازم ہوگا (دم ایک بکرا یا گائے اور اونٹ کے ساتویں حصہ کو کہتے ہیں اور دم کا جانور حدودِ حرم میں ذبح کرنا ضروری ہے) اور اگر پاکی کے بعد طواف زیارت کا اعادہ کر لیا جائے گا تو بدنہ اور دم ساقط ہو جائے گا۔(۱)

طواف زیارت نفاس کی حالت میں کیا

''جنابت کی حالت میں طواف زیارت کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۵/۱)

طواف زیارت نہیں کیا

☆اگر کسی نے حج کے موسم میں طواف زیارت نہیں کیا تو وہ بعد میں جب بھی

= الاضطباع فی حال بقاء الإحرام ...... و مفاده أنّه لو قدمه علی الحلق سن الاضطباع فیه إذا کان أخر السعی إلیه . (غنیة الناسک : (ص: ۱۷۶ ، ۱۷۷) باب طواف الزیارة ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساری : (ص: ۳۲۷ ، باب طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

☐ شامی : (۵۱۸/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف الزیارة ، ط: سعید .

(۱) ولو طاف للزیارة جنبًا أو حائضًا أو نفساء کله أو أکثره ، وهو أربعة أشواط فعلیه بدنة ، ویقع معتدا بـه فـی حـق التحلّل ، ویصیر عاصیًا ، وعلیه أن یعیده طاهرًا حتمًا ، فإن أعاده سقطت عنه البـدنة ...... ولـو طـاف أقلّه جنبًا فعلیه لکل شوط صدقة نصف صاعٍ ، (وفی حاشیته :قوله : لکل شـوط صـدقة) الخ ، أقول : یخالفه ما فی "غایة البیان " حیث أوجب الدم ...... (لباب المناسک مـع إرشـاد السـاری : (ص: ۴۸۸ ، ۴۸۹) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، فصل : فی حکم الجنایات فی طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☐ غنیة الناسک : (ص: ۲۷۲) باب الجنایات ، الفصل السابع : فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الأوّل : فی ترک الواجب فی طواف الزیارة ، ط: إدارة القرآن .

☐ الدر مع الرد: (۵۵۱/۲) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

چاہے وہاں جا کر طواف زیارت کرے، نیا احرام باندھنے کی ضرورت نہیں، ویسے ہی جا کر طواف کرے، اور تاخیر کی وجہ سے حرم کی حدود میں ایک دم دیدے۔(۱)

☆ طواف زیارت سے پہلے دوسرے حج یا عمرہ کا احرام باندھنا جائز نہیں۔(۲)

بیوی سے صحبت کرنا بھی حرام ہے۔(۳)

اگر بیوی سے صحبت کر لی تو تاخیر کی وجہ سے دم دینے کے علاوہ بدنہ یعنی پوری گائے یا پورا اونٹ دینا بھی واجب ہوگا اور یہ حدود حرم میں دینا لازم ہوگا۔(۴)

---

(۱) ولو ترک طواف الزیارة کله أو أکثره ، فهو محرم أبدًا فی حق النّساء حتی یطوف ...... فعلیه حتمًا أن یعود بذٰلک الإحرام ، ویطوفه ، ولایجزئ عنه البدل أصلاً ...... ولو أخّر طواف الزیارة کله أو أکثره عن أیّام النحر فعلیه دم . (غنیة الناسک : (ص: ۲۷۳) باب الجنایات ، الفصل السابع : فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الأوّل : فی ترک الواجب فی طواف الزیارة ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساری : (ص: ۴۹۰ ، ۴۹۳) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، فصل : فی حکم الجنایات فی طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

☐ الدر مع الرد : (۲/۵۵۳ ، ۵۵۵) کتاب الحج ، باب الجنایات ،ط : سعید .

(۲) وأمّا المنهی عنها أی من أنواع الإحرام المتصورة ، فالجمع بین الحجین أی بإحرام واحد ، أوبإدخال واحدة علی أخریٰ قبل الفراغ من الأولیٰ ، والعمرتین أی بینهما کذٰلک وهما نهی تحریم ، فیجب علیه الرفض ، ودمه علی ماسیأتی فی محله ، وإدخال العمرة علی الحج مطلقًا أی الآفاقی وغیره ...... (إرشاد الساری : (ص:۱۳۴) باب الإحرام ، فصل : فی وجوه الإحرام ، وأمّا المنهی عنها ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☐ غنیة الناسک : (ص: ۲۳۰) باب الجمع بین النسکین ، ط: إدارة القرآن .

☐ الدر مع الرد : (۲/۵۸۷) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

(۳) فإذا أحرم قولاً بالتلبیة أو فعلاً بالسوق کما ذکرنا فلیتق الرفث وهو الجماع عند الجمهور ...... أو ذکر الجماع و دواعیه بحضرة النّساء . (غنیة الناسک : (ص: ۹۵) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: إدارة القرآن)

☐ الدر مع الرد : (۲/۴۸۷) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی مایحرم بالإحرام ومالایحرم ، ط: سعید .

☐ إرشاد الساری : (ص: ۱۶۴) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الحرام ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

(۴) و وطؤه بعد وقوفه لم یفسد حجه وتجب بدنة ، و بعد الحلق قبل الطواف شاة لخفة الجنایة، وفی الرد تحت قوله : لخفة الجنایة) أی لوجود الحل الأوّل بالحلق فی حق غیر النّساء ، =

طواف شروع کرتے وقت

طواف شروع کرتے وقت پورا جسم حجر اسود کے سامنے ہونا افضل ہے یہاں تک کہ بدن کا کوئی حصہ اس کے مقابل ہونے سے رہ نہ جائے۔(۱)

طواف شروع کرنے سے پہلے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا

طواف شروع کرنے سے پہلے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا صرف پہلے چکر

= وما ذكره من التفصيل هو ما عليه المتون ، ومشى فى المبسوط والبدائع والاسبيجابى على وجوب البدنة قبل الحلق وبعده ، وفى الفتح أنّه الأوجه لإطلاق ظاهر الرواية ، وجوبها بعد الوقوف بلاتفصيل . (الدر مع الرد : (۵۶۰/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

☐ إرشاد السارى : (ص: ۴۸۱ ، ۴۸۲) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع : فى حكم الجماع ، و دواعيه ، فصل : فى الجماع قبل الحلق وبعده ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسک : (ص: ۲۶۹ ، ۲۷۱) باب الجنايات ، الفصل السادس : فى الجماع و دواعيه ،ط : إدارة القرآن .

☐ وأيضًا فيه : ذبحه فى الحرم ، فلو ذبحه فى غيره لايجزئه عن الذبح . (غنية الناسک : (ص: ۲۶۲) باب الجنايات ، فصل : فى شرائط كفاراتها الثلاث ، مطلب : فى شرائط جواز الدم ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد السارى : (ص: ۵۵۴) باب فى جزاء الجنايات وكفاراتها ، فصل : فى أحكام الدماء و شرائط جوازها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ الدر مع الرد : (۶۱۲/۲) كتاب الحج ، باب الهدى ، ط: سعيد .

☐ وانظر الحاشية السابقة، رقم: ۱ ، على الصفحة السابقة رقم: ۷۹، أيضًا.

(۱) قالوا : وأخذ الطائف عن يمين الحجر مما يلى الركن اليمانى ليحاذى جميع الحجر بجميع بدنه حين مروره عليه خروجًا عن خلاف من اشتراطه ...... والشرط إنّما هو أن يحاذى بجميعه جميع الأسود أو بعضه ، قال ابن الحجر رحمه اللّٰه تعالىٰ : إن المحاذاة لجميع الحجر ليست بشرط ، إنّما تكفى لبعضه بكل بدنه . (غنية الناسک : (ص: ۱۲۰) باب فى ماهية الطواف وأنواعه ، وأركانه ، وشرائطه ، وأحكامه ، فصل : وأمّا مستحبات الطواف ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد السارى : (ص: ۲۲۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى مستحبات الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ شامى: (۴۹۳/۲) كتاب الحج، فصل : فى الإحرام ، مطلب : فى دخول مكّة ، ط: سعيد.

کے شروع میں ہے باقی چھ چکروں کے شروع میں نہیں ہے۔(۱)

طواف صدر

طواف صدر، طواف وداع کو کہتے ہیں۔(۲)

طواف عمرہ ناپاکی کی حالت میں کیا

عمرہ کا طواف جنابت یا حیض یا نفاس کی حالت میں کیا تو جرمانہ میں ایک دم یعنی بکری کو حدود حرم میں ذبح کرنا لازم ہوگا، اور اگر پاک ہونے کے بعد دوبارہ طواف کرلے گا تو دم ساقط ہوجائے گا۔(۳)

---

(۱) فاستقبل الحجر ، مکبّرًا مهلّلًا ، رافعًا يديه كالصلاة ، (قال تحتة فی الرد :)أی عند التكبير لا عند النية فإنّه بدعة لباب . و قال شارحه القاری فی موضع آخر بعد كلام : والحاصل أن رفع اليدين فی غير حالة الاستقبال مكروه . (الدر مع الرد : (۲/ ۴۹۳) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی دخول مكّة ، ط: سعيد)

غنية الناسک : (ص: ۱۱۹) باب فی ماهية الطواف ...... فصل : و أمّا سنن الطواف ، ط: إدارة القرآن .

إرشاد الساری : (ص: ۲۲۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی سنن الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) ــــ الثالث : طواف الصدر ، ...... ولذا يسمٰى طواف الرجوع ، و يسمّى طواف الوداع بفتح الواو و بكسرها لموادعته البيت أو الحج . (إرشاد الساری : (ص: ۲۰۱) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، الثالث : طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

شامی : (۲/ ۵۲۳) كتاب الحج ، مطلب : فی طواف الصدر ، ط: سعيد .

البحر العميق : (۴/ ۱۹۰۶) الباب الثانی عشر : فی الأعمال المشروعة يوم النحر ، فصل: النفر من منٰی إلی مكّة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۳) ولو طاف للعمرة كله أو أكثره ، أو أقلّه ، ولو شوطًا جنبًا ، أو حائضًا ، أو نفساء ، أو محدثًا ، فعليه شاة ، لا فرق فيه بين الكثير والقليل والجنب والمحدث ؛ لأنّه لا مدخل فی طواف العمرة للبدنة ولا للصدقة ، ...... ولو أعاده سقط عنه الدم . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۶) باب الجنايات ، الفصل السابع : فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الرابع : فی ترک الواجب فی طواف العمرة ، ط: إدارة القرآن) =

طوافِ قدوم

حج تمتع کرنے والے پر طواف قدوم واجب نہیں۔(۱)

عمرہ کرنے کے بعد جس قدر عمرے یا طواف کرنا چاہے عمرے اور طواف کرسکتا ہے۔(۲)

☆...... حج افراد اور حج قران کرنے والے پر طواف قدوم ہے، حج تمتع کرنے والے اور صرف عمرہ کرنے والے پر طواف قدوم نہیں۔

☆...... اگر حج افراد کرنے والے نے مکّہ آ کر طواف کیا مگر قدوم کی نیت نہیں کی، مطلق طواف کی نیت کر لی یا اور کسی طواف کی نیت کر لی تو طواف قدوم ہی ادا

= إرشاد الساری : (ص: ۴۹۹، ۵۰۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل : فى الجناية فى طواف العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (۲/۵۵۱) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۱) الأوّل : طواف القدوم ، وهو سنة (أى على ما فى عامة الكتب المعتمدة وفى خزانة المفتيين ، أنّه واجب على الأصح) ، للآفاقى المفرد بالحج والقارن بخلاف المعتمر و المتمتّع والمكى ومن بمعناه ، فإنّه لايسن فى حقهم . (إرشاد السارى : (ص: ۱۹۹) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، الأوّل : طواف القدوم ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۰۸) باب دخول مكّة و حرمها ، فصل : فى أحكام اطواف القدوم ، ط: إدارة القرآن .

البحر العميق : (۲/۱۰۴۱) الباب العاشر : فى دخول مكة و فى الطواف والسعى ، فصل : يستحب الدخول من باب بنى شيبة ، قبيل : فى بيان أنواع الأطوفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة.

(۲) وأقام بمكّة حلالاً يطوف بالبيت مابداله ، ويعتنى بسائر ما سبق له فى فصل ما ينبغى الاعتناء به بعد السعى ، ويعتمر قبل الحج ماشاء . (غنية الناسک : (ص: ۲۱۵) باب التمتّع ، فصل : فى كيفية أداء التمتّع المسنون ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۴۰۷، ۴۰۸) باب التمتّع ، فصل : المتمتّع على نوعين ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامى : (۲/۵۳۷) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد .

ہوگا، طواف قدوم کی نیت نہ کرنے سے کچھ فرق نہیں پڑے گا۔(۱)

طواف قدوم عمرہ کرنے والے پر

عمرہ کرنے والے پر طواف قدوم نہیں۔(۲)

طواف قدوم کا وقت

طواف قدوم کا وقت مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے بعد سے وقوف عرفہ تک ہے، اگر طواف قدوم کرنے سے پہلے وقوف عرفہ شروع کرلیا تو طواف قدوم کا وقت فوت ہوگیا۔(۳)

طواف قدوم کی نیت نہیں کی

''طواف قدوم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/ ۸۲)

---

(۱) هو سنة للآفاقی المفرد بالحج والقارن، ولو دخل قبل الأشهر كما مرّ، فلايسنّ للمعتمر والمكی ولا لأهل المواقيت ومن دونها إلى مكة. (غنية الناسک: (ص: ۱۰۸) باب دخول مكة وحرمها، فصل: فی أحكام طواف القدوم، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساری: (ص: ۱۹۸) باب أنواع الأطوفة، الأوّل: طواف القدوم، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

☐ الفقه الإسلامی وأدلّته: (۳/ ۱۴۴، ۱۴۵) الباب الخامس: الحج والعمرة، والمبحث الخامس، المطلب الثانی: الطواف، طواف القدوم، ط: دار الفكر، بيروت.

(۲) گزشتہ عنوان ''طواف قدوم'' کا حاشیہ ملاحظہ ہو۔

(۳) وسقط طواف القدوم عمن وقف بعرفة ساعة قبل دخول مكّة ولا شيئ عليه بتركه؛ لأنّه سنة وأساء. (الدر المختار: (۲/ ۵۲۵) كتاب الحج، مطلب فی مضاعفة الصلاة بمكة، ط: سعيد)

☐ وأوّل وقته أی وقت أدائه حين دخول مكة ...... وآخره وقوفه بعرفةٍ أی ينتهی بوقوفه بعرفة ...... فإذا وقف فقد فات وقته أی سقط أدائه، وإن لم يقف فإلى طلوع فجر النحر إذ اهو نهاية وقت الوقوف. (إرشاد الساری: (ص: ۱۹۹) باب أنواع الأطوفة، الأوّل: طواف القدوم، ط: الإمداديه مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسک: (ص: ۱۰۸) باب دخول مكّة وحرمها، فصل: فی أحكام طواف القدوم، ط: إدارة القرآن.

طواف قدوم ناپاکی کی حالت میں کیا

’’طواف قدوم‘‘ جنابت، حیض اور نفاس کی حالت میں کرنے سے جرمانہ میں ایک دم حدودِ حرم میں دینا لازم ہوگا، اور پاک ہونے کے بعد طواف دوبارہ کرنے سے دم ساقط ہو جائے گا۔(۱)

طواف قدوم نہیں کر سکا

طواف قدوم سنت ہے، اگر کسی وجہ سے طواف قدوم نہیں کر سکا تو سنت کے خلاف ہوگا لیکن دم لازم نہیں ہوگا۔(۲)

طواف کا آٹھواں چکر کر لیا

☆ اگر کسی نے قصداً طواف کا آٹھواں چکر کر لیا رتو پھر مزید چھ چکر ملا کر پورا

---

(۱) فلو طاف للقدوم كله أو أكثره جنبًا ، فعليه دم ، ولو محدثًا فصدقة ...... ويعيده طاهرًا وجوبًا في الجنابة وندبًا في باقي الحدث ، فإن أعاده سقط عنه الجزاء . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۵ ، ۲۷۶) باب الجنايات ، الفصل السابع : في ترک الواجب في أفعال الحج ، المطلب الثاني : في ترک الواجب في طواف القدوم ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساري : (ص: ۴۹۷ ، ۴۹۸) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات في أفعال الحج ، فصل : في الجناية في طواف القدوم ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ الدر مع الرد : (۲/۵۵۰) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط : سعيد .

(۲) (وطاف بالبيت طواف القدوم ويسن) هٰذا الطواف (للآفاقي) لأنّه القادم (قوله : طواف القدوم) ...... ويقع هٰذا الطواف للقدوم من المفرد بالحج وإن لم ينو كونه للقدوم ، أو نوى غيره ؛ لأنّه وقع في محلّه ، قال في اللباب : ثم إن كان المحرم مفردًا بالحج وقع طوافه هذا القدوم وإن كان مفردًا بالعمرة أو متمتّعًا أو قارنًا وقع عن طواف العمرة نواه له أو لغيره ، وعلى القارن أن يطوف طوافًا آخر للقدوم اهـ أي استحبابا بعد فراغه عن سعي العمرة . (شامي : (۲/۴۹۴) كتاب الحج ، مطلب في دخول مكة ، ط: سعيد)

☐ إرشاد الساري : (ص: ۱۹۸) باب أنواع الأطوفة ، الأوّل : طواف القدوم ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

☐ غنية الناسک : (ص: ۱۰۸) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : في أحكام طواف القدوم ، ط: إدارة القرآن .

طواف کرنا واجب ہوگا گویا اب دوطواف ہوجائیں گے، اوردودو رکعت کرکے چار رکعات ''واجب الطّواف'' پڑھنا لازم ہوگا، (اگر واجب الطّواف کے چار رکعات حرم میں نہیں پڑھیں تو حرم سے باہر بھی پڑھنا لازم ہوگا)(۱)

☆اگرکسی نے وہم یا وسوسہ کی بنا پر طواف میں ساتویں چکر کے بعد آٹھواں چکر بھی کرلیا تو اس پر دوسرا طواف بھی پورا کرنا لازم ہوگا، اور آخر میں دودو رکعت کرکے چار رکعات واجب الطّواف پڑھنا لازم ہوگا (گویا اس صورت میں دوطواف ہوگئے ہیں اس لئے دودو رکعت دوطوافوں کی الگ الگ پڑھنا واجب ہے اگر اب تک ادا نہیں کی تو فی الحال ادا کرلے)(۲)

---

(۱) فلو طاف ثامنًا مع علمه به (أی بأنّه ثامن لکن فعله بناءً ا علی الوهم أو الوسوسة لا علی قصد دخول طواف آخر ، فإنّه حینئذٍ یلزم اتفاقًا ، شرح اللباب) فالصحیح أنّه یلزمه إتمام الأسبوع للشروع ، أی لأنّه شرع فیه ملتزمًا بخلاف ما لوظنّ أنّة سابع بشروعه مسقطًا لامستلزمًا …… ثم صلیٰ شفعًا فی وقت مباحٍ یجب بعد کل أسبوع عند المقام …… أو غیره من المسجد ، وهل یتعین المسجد ؟ قولان . (لم أر من حکی القولین سوی ما توهمه عبارة النهر وفیها نظر ، والمشهور فی عامة الکتب أن صلاتها فی المسجد أفضل من غیره ، وفی اللباب : ولا تختصّ بزمان ولامکان ولاتفوت فلو ترکها لم یجبر بدم ، ولو صلاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلی وطنهٖ جاز ویکره ، ویستحب مؤکّدًا أدائها خلف المقام ، ثم فی الکعبة ، ثم فی الحجر تحت المیزاب ، ثم کل ما قرب من الحجر ، ثم باقی الحجر ، ثم ما قرب من البیت ، ثم المسجد ، ثم الحرم ، ثم لافضیلة بعد الحرم ، بل الإساءة.
(الدر مع الرد : (۲/۴۹۶، ۴۹۸، ۴۹۹) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعید)
▭ غنیة الناسک : (ص: ۱۱۷، ۱۱۸) باب فی ماهیة الطواف وأنواعه وأرکانه وشرائطه وأحکامه ، فصل : ومن الواجبات رکعتا الطواف ،ط : إدارة القرآن .
▭ إرشاد الساری : (ص: ۲۳۵) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل : فی مسائل شتی عن الطواف ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

(۲) فلو طاف ثامنًا مع علمه به (أی بأنّه ثامن لکن فعله بناءً ا علی الوهم أو الوسوسة لا علی قصد دخول طواف آخر ، فإنّه حینئذٍ یلزم اتفاقًا ، شرح اللباب) فالصحیح أنّه یلزمه إتمام الأسبوع للشروع ، أی لأنّه شرع فیه ملتزمًا بخلاف ما لوظنّ أنّة سابع بشروعه مسقطًا لامستلزمًا …… ثم صلیٰ شفعًا فی وقت مباحٍ یجب بعد کل أسبوع عند المقام …… أو غیره من المسجد ، وهل یتعین المسجد ؟ قولان . =

طواف کا اعادہ کرے

''بائیں طرف سے طواف کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۸/۱)

طواف کا طریقہ

☆ طواف کی ابتداء اور انتہاء، حجر اسود کے استلام (بوسہ لینے) سے ہوتی ہے۔(۱)

☆ طواف شروع کرنے سے پہلے اضطباع کر لے۔(۲)

= (لم أر من حكى القولين سوى ما توهمه عبارة النهر وفيها نظر، والمشهور فى عامة الكتب أن صلاتها فى المسجد أفضل من غيره، وفى اللباب: ولا تختصّ بزمان ولامكان ولاتفوت فلو تركها لم يجبر بدم، ولو صلاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلى وطنه جاز ويكره، ويستحب مؤكّدًا أدائها خلف المقام، ثم فى الكعبة، ثم فى الحجر تحت الميزاب، ثم كل ما قرب من الحجر، ثم باقى الحجر، ثم ما قرب من البيت، ثم المسجد، ثم الحرم، ثم لافضيلة بعد الحرم، بل الإساءة. (الدر مع الرد: (۴۹۶/۲، ۴۹۸، ۴۹۹) كتاب الحج، مطلب: فى طواف القدوم، ط: سعيد)

☐ غنية الناسک: (ص: ۱۱۷، ۱۱۸) باب فى ماهية الطواف وأنواعه وأركانه وشرائطه وأحكامه، فصل: ومن الواجبات ركعتا الطواف، ط: إدارة القرآن.

☐ إرشاد السارى: (ص: ۲۳۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، فصل: فى مسائل شتى عن الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

(۱) استلام الحجر فى أوّله و آخره، وأمّا فى ما بينهما، فسنة مستحبة، قال فى شرح الطحاوى: وإن افتتح الطواف باستلام الحجر، وختم به، وترک الاستلام فيما بين ذٰلک أجزأه، وإذا تركه رأسًا فقد أساء. (غنية الناسک: (ص: ۱۱۹) باب فى ماهية الطواف، ...... فصل: وأمّا سنن الطواف، ط: إدارة القرآن)

☐ شامى: (۴۹۸/۲) كتاب الحج، مطلب فى طواف القدوم، ط: سعيد.

☐ الهندية: (۲۲۵/۱) كتاب المناسک، الباب الخامس: فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

(۲) وإذا أراد أن يبتدأ به ينبغى أن يضطجع قبله بقليل بأن يجعل وسط ردائه تحت إبطه الأيمن، ويلقى طرفيه على كتفه الأيسر، ويكون منكبه الأيمن مكشوفًا وهو سنة فى كل طواف بعده سعى. (غنية الناسک: (ص: ۹۹) باب دخول مكّة وحرمها، فصل: فى صفة الابتداء من الحجر الأسود، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد السارى: (ص: ۱۸۲) باب دخول مكّة، فصل: فى صفة الشروع فى الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

☐ البحر الرائق: (۳۲۷/۲) كتاب الحج، فصل فى الإحرام، ط: سعيد.

☆ طواف کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ حجر اسود کے سامنے اس طرح کھڑا ہو کہ حجر اسود اس کی دائیں جانب ہو، اور اس کا اندازہ حجر اسود کو دیکھ کر یا سائڈ کی سبز بتی کو دیکھ کر کیا جا سکتا ہے، پھر طواف کی نیت اس طرح کرے۔(۱)

”اللهم انی ارید طواف بیتک الحرام سبعۃ اشواط

للّٰہ تعالی فیسرہ لی و تقبلہ منی“

اے اللہ میں تیرے مقدس گھر کے سات چکروں کے طواف کی نیت کرتا ہوں خالص تیری رضا اور خوشنودی کے لئے، لہذا اسے میرے لئے آسان کر کے قبول فرما۔

☆ نیت کرنے کے بعد ذرا دائیں طرف چلے اور سینہ اور چہرہ حجر اسود کی طرف بالکل مقابل کر کے کھڑا ہو جائے، پھر نماز کے شروع میں تکبیر تحریمہ کے لئے جس طرح دونوں ہاتھ اٹھائے جاتے ہیں اسی طرح دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے ہوئے ”بسم اللہ اللہ اکبر وللہ الحمد“ پڑھے اور ہاتھ گرا دے۔(۲)

(۱) ويقف على جانب الحجر الأسود ممايلى الركن اليمانى بحيث يصير جميع الحجر عن يمينه ، ويكون منكبه الأيمن عند الحجر ، فينوى الطواف ، ثم يمشى مارًا إلى يمينه حتى يحاذى الحجر فيقف بحياله ، ويستقبله ، ثم يستلمه .... (غنية الناسک : (ص: ۱۰۰) باب دخول مكّة و حرمها ، فصل : فى صفة الابتداء بالحجر الأسود ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۱۸۳ ، ۱۸۴) باب دخول مكّة ، فصل : فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 شامى : (۴۹۳/۲) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، مطلب : فى دخول مكّة ، ط: سعيد .

= ☐ البحر العميق : (٣/ ١٥١٣ ، ١٥١٤) الباب الحادی عشر فی الخروج من مکة إلی منٰی ثم عرفة ، مقدار الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المکتبة المکيّة .

(١) و وقوف الحائض والجنب ومن لم يصل الصلاتين يجزيه ولايلزمه شيئ كذا فی محيط السرخسی . (الهنديه : (١/ ٢٢٩) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

☐ غنية الناسک : (ص: ١٥٩) باب مناسک عرفات ، فصل فی ركن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه ومستحبابه ، ط : إدارة القرآن .

☐ البحر العميق : (٣/ ١٥١٣ ، ١٥١٤) الباب الحادی عشر فی الخروج من مکّة إلی منٰی ثم عرفة ، مقدار الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المکتبة المکيّة .ذ

خلافِ شرع امور کے متعلق توبہ واستغفار کثرت سے کرے اور ذکر کے ساتھ گریہ وزاری بھی کثرت سے کرے، وہاں پر آنسو بہائے جائیں اور گناہوں سے معافی مانگی جائے۔(۱)

وقوف کے مستحبات

(۱)زوال سے پہلے وقوف کی تیاری کرنا۔(۲) وقوف کی نیت کرنا۔ (۳) قبلہ رو ہوکر وقوف کرنا۔(۴) جب تک کھڑے ہوکر وقوف کرنے کی قدرت ہو کھڑے ہوکر قیام کرنا افضل ہے، اگر تھک جائے تو بیٹھ جائے۔(۵) اگر دھوپ میں کھڑے ہوکر وقوف کرنے کی صورت میں ضرراور بیماری کا اندیشہ نہ ہوتو دھوپ میں کھڑے ہوکر وقوف کرے اور اگر دھوپ میں کھڑے ہوکر وقوف کرنے کی صورت میں ضرراور بیماری کا اندیشہ ہے تو درختوں کے سائے اور خیمہ میں وقوف کرے اور آفتاب غروب ہونے تک خوب رورو کر دعاء اور استغفار کرے۔(۶) دعاء کے لئے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اُٹھانا۔(۷) دعاؤں کا تین بار تکرار کرنا۔(۸) دعاء

---

(۱) فيقف راكبًا وهو الأفضل وإلاَّ فقائمًا وإلاَّ فقاعداً وبقرب جبل الرحمة أفضل عند الصخرات، مستقبل القبلة خلف الإمام وإلاَّ فعن يمينه أو بحذائه أو شماله رافعاً يديه بسطا مكبرًا مهلّلاً مسبّحًا ملبّيًا حامدًا مصليًّا على النّبی صلی اللّٰه عليه وسلم داعيًا مستغفرًا له ولوالديه وأقاربه وأحبائه ولجميع المؤمنين والمؤمنات ويجتهد فی الدعاء ويقوّی الرجاء ولايفرط فی الجهر بصوته ويكرّر الدعاء ثلاثًا يستفتحه بالتحميد والتمجيد والتسبيح والصلاة ويختمه بها فيقف هكذا إلى غروب الشمس ويلبّی ساعةً فساعةً فی أثناء الدعاء ويعلمهم المناسک وليجتهد فی أن يقطر من عينيه قطرات فإنّه دليل الإجابة . (مناسک الملاعلی القاری مع إرشاد الساری : (ص: ۲۸۲ ـ ۲۸۷) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل فی صفة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ الهندية : (۱/۲۲۹) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه .

☐ البحر الرائق : (۲/۳۳۸) كتاب الحج ، ط: سعيد .

☐ غنية الناسک : (ص: ۱۵۳ ، ۱۵۴) باب مناسک عرفات ، فصل : فی صفة الوقوف بعرفة ، ط: إدارة القرآن .

کے شروع میں حمد وصلوٰۃ پڑھنا اور دعاء کے ختم پر بھی حمد وصلوٰۃ وآمین کہنا۔(۱)

وقوفِ مزدلفہ ترک کرنے سے دَم واجب ہوگا

☆......اگر تندرست لوگ مزدلفہ کے وقوف کو ترک کریں گے خواہ کسی بھی وجہ سے ہو ان پر دَم دینا لازم ہوگا، البتہ معذور اور خواتین اگر مرض، ضعف یا ازدحام کے خوف سے وقوف مزدلفہ ترک کریں گے تو ان پر دَم واجب نہیں، معذور اور خواتین کے لئے بھی مزدلفہ میں ٹھہرے بغیر براہِ راست جانا درست نہیں ہے، بلکہ مزدلفہ میں اتریں، مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھے مزدلفہ میں پڑھیں، پھر آخر رات میں یہاں سے روانہ ہو جائیں۔(۲)

☆......واضح رہے کہ اگر تندرست آدمی وقوفِ مزدلفہ کے بغیر خواتین اور کمزور لوگوں کے ساتھ منیٰ چلے جائیں گے تو تندرست لوگوں پر دَم واجب ہوگا۔(۳)

---

(۱) وأمّا مستحباته : فالإكثار من التلبية والتكبير والتهليل والدعاء والاستغفار وقراءة القرآن والصلاة على النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم وأن يقف عند الصخرات السود موقف رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم وإن بعذر يقف بقرب منه بحسب الإمكان ...... قالا : يستحب أن يقصد هٰذا الجبل يقال له : جبل الدعاء وهو موقف الأنبياء ...... وأن يكون حاضر القلب فى الدعاء متضرعًا متخشعاً وأن يلح فى الدعاء مع قوّة الرجاء ، والوقوف خلف الإمام والقريب منه والوقوف راكبًا والنزول مع النّاس والتوجه إلى القبلة ، والاستعداد للوقوف قبل الزوال ، والنية ، ورفع اليدين للدعاء إلى السماء ، ...... وتكرارالدعاء ثلاثًا وافتتاحه وختمه بالحمد والصلاة والطهارة .... (غنية الناسک : (ص: ۱۶۰ ، ۱۶۱) باب مناسک عرفات ، فصل : فى ركن الوقوف وقدر الواجب فيه وسننه ومستحباته ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۲۹۲ ، ۲۹۳) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، وأمّا مستحباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ الفقه الإسلامه وأدلّته : (۱۷۹/۳ ، ۱۸۰) الباب الخامس ، الحج والعمرة ، الفصل الأوّل ، المبحث الخامس ، أركان الحج والعمرة ، المطلب الرابع ، الوقوف بعرفة ، ط: دار الفكر ، بيروت.

(۲،۳) والوقوف بمزدلفة أى ولو ساعة بعد الفجر وتأخير الصلاتين أى العشائين إليها بأن يؤديها فى وقت العشاء بمزدلفة ...... وحكم الواجبات لزوم الجزاء أى الدم كما فى نسخة صحيحة بترك واحد منها وهو أحسن ...... وجواز الحج أى حجّه معه سواء ترك عمدًا أو =

وقوفِ مزدلفہ رہ گیا

☆......اگر وقوفِ مزدلفہ کسی قدرتی عذر کی وجہ سے نہ ہوسکا مثلاً کوشش کے باوجود عرفات سے مزدلفہ آفتاب طلوع ہونے سے پہلے نہ پہنچ سکا تو کوئی دَم وغیرہ لازم نہیں ہوگا، البتہ مخلوق کی طرف سے کسی رکاوٹ کی وجہ سے یا جان بوجھ کر مزدلفہ کے وقوف کو ترک کرنے کی وجہ سے حدودِ حرم میں ایک دَم دینا واجب ہوگا۔(۱)

☆......اگر کوئی شخص عرفات میں بالکل اخیر وقت یعنی صبح صادق کے قریب پہنچا اور صبح صادق کے بعد سورج نکلنے تک مزدلفہ میں نہ آسکا تو اس پر دَم واجب نہ ہوگا۔(۲)

= سهوًا و كذا خطأ أو نسيانًا جاهلاً أو عالماً لكن العامد أى إذا كان عالماً آثم بتركه . (إرشاد الساری : (ص: ۹٦، ۹۷ . ۱۰۱) باب فرائض الحج و واجباته ، فصل فی واجباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ ولو ترك الوقوف بها فدفع الأولىٰ بأن دفع ليلاً فعليه دم أى محتم لتركه الواجب إلّا إذا كان لعلة أى مرض أو ضعف أى ضعف بنية من كبر أو صغر أو يكون أى الناسك امرأة يخاف الزحام فلاشيئ عليه ولو مر بها فى وقته أى وقت وقوفه من غير أن يبيت بها صوابه من غير أن يمكث فيها، جاز أى وقوفه ولا شيئ عليه . (إرشاد الساری : (ص: ۳۱۰، ۳۱۱) باب أحكام المزدلفة ، فصل فی الوقوف بها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ الدر المختار مع رد المحتار : (۲/ ۵۱۱، ۵۱۲) كتاب الحج ، مطلب فی الوقوف بمزدلفة ، ط: سعيد .

▭ الهندية : (۱/ ۲۳۱) كتاب المناسك ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه .

(۱) ولو جاوز حد المزدلفة قبل طلوع الفجر فعليه دم لترك الوقوف بها إلّا إذا كانت به علة أو مرض أو ضعف فخاف الزحام فدفع منها ليلاً فلا شيئ عليه .... (الهندية : (۱/ ۲۳۱) كتاب المناسك ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

▭ غنية الناسك : (ص: ۱٦٦) باب أحكام المزدلفة ، فصل فی شرائط الوقوف بها وبيان وقته وقدره و ركنه و مكانه ، ط: إدارة القرآن .

▭ الدر مع الرد : (۲/ ۵۱۱، ۵۱۲) كتاب الحج ، مطلب فی الوقوف بمزدلفة ، ط: سعيد .

(۲) وأمّا من لم يمكنه هٰذا الوقوف ، بأن أدرك الوقوف بعرفة فی آخر وقته ، فلم يمكنه الوصول إلى مزدلفة قبل طلوع الشمس ، فينبغی أن يسقط عنه بلا شيئ كما سقط عنه وقوف =

وِکس

☆......اگر ’’وِکس بام‘‘ خوشبودار ہے اور اس کی خوشبو تیز ہے، اگر احرام کی حالت میں سر کے درد یا سردی کی وجہ سے پوری پیشانی پر لگایا تو دَم دینا لازم ہوگا، فقہائے کرام نے ہتھیلی کو بڑا عضو شمار کیا ہے ہاتھ کے تابع نہیں کیا، اس لئے پیشانی بھی بڑا عضو ہے سر کے تابع نہیں ہے۔(۱)

☆......اگر ’’وِکس بام‘‘ خوشبودار نہیں ہے تو اس صورت میں لگانے سے دَم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔(۲)

☆......عذر کی وجہ سے لگائے یا عذر کے بغیر دونوں کا حکم ایک ہے۔(۳)

= عرفة نهارًا ، ولم أر من تعرض لذٰلک ، ولكنه قياس ظاهر لاينكره ماهر ؛ لأنّ كل واحد منهما واجب وعذرهما واحد وقد صرّح الشافعية بعدم لزوم شيئ بذٰلک ، وعللوا أنّه مما يؤمر المنفرغون ، وهٰذا مضطر إلى التخلف عنه ، كذا في الكبير . (غنية الناسک : (ص: ۱۶۶ ، ۱۶۷) باب أحكام المزدلفة ، فصل في شرائط الوقوف بها و بيان وقته وقدره وركنه ومكانه ، ط: إدارة القرآن)

▭ الهندية : (۱/ ۲۳۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس في كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه .

▭ إرشاد الساري : (ص: ۳۱۰ ، ۳۱۱) باب أحكام المزدلفة ، فصل في الوقوف بها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۱ ، ۲) فإن طيب عضوًا كبيرًا كاملاً من اعضائه فما زاد كالرأس والوجه واللّحية والفم والساق والفخذ والعضد واليد والكف ونحو ذٰلک ، فعليه دم وإن غسله من ساعته وفي أقلّه ولو أكثره صدقة ...... ولو تداوى بالطيب أو بداوء فيه طيب غالب ولم يكن مطبوخًا فألزقه بجراحته يلزمه صدقة إذا كان موضع الجراحة لم يستوعب عضوًا أو أكثر إلّا أن يفعل ذٰلک مرارًا فيلزمه دم . (غنية الناسک : (ص: ۲۴۳ ، ۲۴۸) باب الجنايات ، الفصل الأوّل في الطيب ، مطلب : في تطييب البدن ، ومطلب في التداوي بالطيب ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساري : (ص: ۴۵۲) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثاني في الطيب ، فصل في التداوي بالطيب ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ الهندية : (۱/ ۲۴۰ ، ۲۴۱) كتاب المناسک ، الباب الثامن في الجنايات ، الفصل الأوّل فيما يجب بالطيب والتدهن ، ط: رشيديه .

(۳) ويستوي في وجوب الجزاء بالتطيب الذكر والنسيان والطوع والكره والرجل والمرأة =

وہیل چیئر پر سعی کر رہا ہے

’’سواری پر سعی کر رہا ہے‘‘ عنوان دیکھیں۔ (۲/۴۷۶)

وہیل چیئر پر طواف کر کے حلق کرلیا

☆ اگر معذور آدمی نے وہیل چیئر پر طواف کر کے حلق کرلیا تو اس پر کچھ بھی لازم نہیں ہوگا۔

☆ اور اگر صحت مند آدمی نے وہیل چیئر پر طواف کر کے حلق کرلیا، تو مکہ میں رہتے ہوئے طواف کا اعادہ کرنا لازم ہے، اگر طواف کا اعادہ نہیں کیا اور وطن واپس آ گیا تو دم دینا لازم ہوگا۔

☆ اگر تندرست آدمی نے عذر کے بغیر وہیل چیئر پر طواف کر کے حلق کرلیا، اور مکہ مکرمہ میں رہتے ہوئے طواف کا اعادہ نہیں کیا، اور طواف عمرہ کا تھا تو دو دم دینے لازم ہوں گے، ایک دم طواف کا اعادہ نہ کرنے کی وجہ سے لازم ہوگا اور دوسرا دم طواف کا اعادہ کرنے سے پہلے حلق کرنے کی وجہ سے لازم ہوگا۔

اور اگر طواف حج کا تھا، اور اس نے رمی اور قربانی کے بعد وہیل چیئر پر طواف کیا، پھر پیدل اعادہ کرنے سے پہلے حلق کیا تو حلق کرنے کی وجہ سے دم لازم نہیں ہوگا، البتہ طواف کا اعادہ نہ کرنے کی وجہ سے دم دینا لازم ہوگا۔

اور اگر طواف حج کا تھا اور اس نے رمی اور قربانی کرنے سے پہلے عذر کے

= هٰكذا في البدائع . (الهندية : (۱/۲۴۱) كتاب المناسك ، الباب الثامن في الجنايات ، الفصل الأوّل فيما يجب بالتطيب والتدهن ، ط: رشيديه)

🗁 بدائع الصنائع : (۲/۱۹۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا الّذي يرجع إلى الطيب ، ط: سعيد .

🗁 إرشاد الساري : (ص: ۴۶۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثاني : في الطيب ، فصل : لافرق بين الرجل والمرأة في الطيب ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

بغیر وہیل چیئر پر طواف کر کے حلق کیا تو قربانی سے پہلے حلق کرنے کی وجہ سے دم لازم ہوگا۔(۱)

وہیل چیئر پر طواف کرنا

☆ تندرست آدمی کے لئے پیدل چل کر طواف کرنا واجب ہے۔

☆ اگر تندرست آدمی نے عذر کے بغیر سوار ہو کر یا وہیل چیئر پر بیٹھ کر طواف کیا ہے تو مکہ مکرمہ میں رہتے ہوئے اس طواف کو دوبارہ کرنا واجب ہوگا، اور اگر طواف دوبارہ کئے بغیر گھر واپس آ گیا تو حرم کے حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا۔(۲)

(۱) ولو طاف راكبًا أو محمولًا وسعى بين الصفا والمروة راكبًا أ ومحمولًا إن كان ذٰلک من عذر يجوز ولا يلزمه شيئ ، وإن كان من غير عذر فمادام بمكّة ، فإنّه يعيد وإذا رجع إلى أهله فإنّه يريق لذٰلک دمًا عندنا . (التاتارخانية : (۵۱۴/۲) كتاب الحج ، الفصل السابع في الطواف والسعى ، ط: إدارة القرآن)

▭ أن يطوف ماشيًا ، لاراكبًا لا من عذر ، فلو طاف راكبًا من غير عذر فعليه الاعادة مادام بمكّة، وإن عاد إلى أهله يلزمه دم ؛ لقوله تعالىٰ : ﴿ وليطوّفوا بالبيت العتيق ﴾ والراكب ليس بطائف حقيقة ، فأوجب ذٰلک نقصا فيه ، فوجب جبره بالدم . (الفقه الإسلامى وأدلّته : (۱۵۳/۳) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الأوّل ، المبحث الخامس : أركان الحج والعمرة ، المطلب الثانى : الطواف ، ثانيًا : شروط الطواف أو واجباته ، وأمّا شرط الطواف عند الحنفية ، ط: دار الفكر بيروت)

▭ فذكر أصحابنا الحنفية ماحاصله : أن الطواف لا يجب ترتيبه على شيئ من الثلاثة ، وإنّما يجب ترتيب الثلاثة الرمى ، ثم الذبح ، ثم الحلق ...... ولو طاف قبل الرمى والحلق لا شيئ عليه ولكن يكره لترک السنة ، وهٰذا كله عند أبى حنيفة . (فتح الملهم : (۱۷۲/۶) كتاب الحج، باب جواز تقديم الذبح على الرمى والحلق على الذبح ، ط: دار القلم دمشق)

▭ قال الطيبى : أفعال يوم النحر أربعة رمى جمرة العقبة ثم الذبح ثم الحلق ثم طواف الإفاضة ...... قال ابن جبير : أنّه واجب وإليه ذهب جماعة من العلماء . (مرقاة المفاتيح : (۳۶۳/۵) كتاب المناسک ، باب جواز التقديم والتأخير فى بعض أمور الحج ، الفصل الأوّل ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

(۲) ومن واجبات الطواف أن يطوف ماشيًا لا راكبًا من عذر حتىٰ لو طاف راكبًا من غير عذر فعليه الإعادة ما دام مكّة ، وإن عاد إلى أهله يلزمه الدم وهٰذا عندنا . (بدائع الصنائع : (۱۳۰/۲) كتاب الحج ، فصل وأمّا شرطه و واجباته ، ط: سعيد) =

وِکس(Vicks)

وکس میں تقریبًا باون فیصد کافور شامل ہوتا ہے، اس لئے احرام کی حالت میں اس کا استعمال صحیح نہیں ہے، اگر کسی نے احرام کی حالت میں وِکس استعمال کر لی تو کفارہ لازم ہوگا، اور کفارہ کے بارے میں تفصیل یہ ہے کہ اگر محرم نے ایک عضو یا ایک عضو کی مقدار عضو پر وکس استعمال کی تو دم واجب ہوگا، اور اگر ایک عضو سے کم پر استعمال کی تو صدقہ لازم ہوگا۔(۱)

اور ''ڈیپ ہیٹ'' (Deep Heat) کا بھی یہی حکم ہے۔

= ▭ عن أم سلمة رضی اللّٰه عنها قالت : شکوت إلی رسول اللّٰه ﷺ إنّی اشتکی ، فقال : " طوفی من وراء النّاس وأنت راکبة " ، فطفت ورسول اللّٰه ﷺ یصلی إلی جنب البیت وهو یقرأ بالطور و کتاب المسطور . (صحیح البخاری : (۱/ ۲۲۱) کتاب الحج ، باب المریض یطوف راکبًا ، ط: قدیمی)

▭ واعلم أن المشی فی الطواف واجب عندنا . (فیض الباری : (۳/ ۲۲۶) کتاب الحج ، باب المریض یطوف راکبًا ، ط: بیروت)

(۱) ولو تداوی بالطیب أی المحض الخالص أو بدواء فیه طیب أی غالب ولم یکن مطبوخًا، فالتصق أی الدواء علی جراحته تصدق أی إذا کان موضع الجراحة لم یستوعب عضوا أو أکثر ، الا أن یفعل ذٰلک مرارًا فیلزمه دم ؛ لأنّ کثرة الفعل قامت مقام کثرة الطیب . (شرح لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۳۵۳) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الثانی : فی الطیب، فصل فی التداوی بالطیب ، ط: بیروت ، و: (ص: ۵۴۲) ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

▭ فإذا استعمل الطیب ، فإن کان کثیرًا فاحشا ففیه الدم ، وإن کان قلیلاً ففیه الصدقة ...... حتٰی لو تطیب به عضوا کاملا یکون کثیرا یلزمه دم ، وفیما دونه صدقة . (الهندیة : (۱/ ۲۴۰) کتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنایات ، الفصل الأوّل : فیما یجب بالتطیب والتدهن ، ط: رشیدیه)

ہار

احرام باندھنے کے بعد گلے میں پھولوں کا ہار ڈالنا مکروہ ہے، البتہ اس سے دَم یا صدقہ کچھ لازم نہیں ہوگا۔(۱)

ہتھیار

احرام کی حالت میں ہتھیار جسم کے ساتھ باندھنا اور لٹکانا جائز ہے، اس سے دم لازم نہیں ہوگا کیونکہ اس کا تعلق لباس سے نہیں ہے۔(۲)

ہدایا

ہدایا، تحائف دینا اور لینا سنت ہے۔(۳)

---

(۱) ویکره له شم الريحان والطيب والسفرجل والأترج وما أشبه ذٰلک . (غنية الناسک : (ص: ۹۱) باب الإحرام، فصل فی مکروهات الإحرام ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۷۰) باب الإحرام ، فصل : فی مکروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ الدر مع الرد : (۴۸۷/۲) کتاب الحج ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

(۲) ولبس المخيط ، قال الحلبی رحمه اللّٰه تعالیٰ : أن ضابطه لبس کل شيئ محمول علی قدر البدن أو بعضه بحيث يحيط به بخياطته ، أو تلزيق بعضه ببعض أو غيرهما ، ...... فخرج ما خيط به بعضه ببعض لا بحيث يحيط بالبدن مثل المرقعة ، فلا بأس بلبسه . (غنية الناسک : (ص: ۸۵) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: إدارة القرآن)

▭ وله أن يشدّ الهميان ، والمنطقة علی وسطه ، ويلبس الخاتم ، ويتقلد بالسيف والمصحف...... (البحر العميق : (۸۰۲/۲) الباب الثامن : فی الجنايات وکفارتها ، الفصل الأوّل : حکم اللبس ، ط: مؤسسة الريّان ، المکتبة المکيّة)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۷۲) باب الإحرام ، فصل فی مباحاته ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

(۳) وعنها قالت : کان رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم يقبل الهدية ويثيب عليها ، قوله : (يقبل =

اس سے محبت میں اضافہ ہوتا ہے عداوت اور دشمنی ختم ہوتی ہے، اور ماحول خوشگوار ہوجاتا ہے، لہٰذا اگر حاجی حضرات اخلاص، للّٰہیت اور خوش دلی کے ساتھ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سے لائی ہوئی چیزوں کا ہدیہ اور تحفہ لوگوں کو دیتے ہیں تو یہ لین دین دونوں درست ہے، اور دینے والے کو اس پر اجروثواب ملے گا۔

اور اگر دکھاوے، شہرت اور بڑائی کے خیال سے ہدایا اور تحائف دیتے ہیں یا یہ سمجھ کر دیتے ہیں کہ ہدیہ نہیں دیں گے تو لوگ کیا کہیں گے، خالی ہاتھ ملاقات کے

= الهدية) قال الخطابى فى المعالم : قبول النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم الهدية نوع من الكرم ، و باب من حسن الخلق يتألف به القلوب ، وقد روى عنه صلى اللّٰه عليه وسلم أنّه قال: تهادوا تحابوا ، وكان أكل الهدية ، وأمارة من أماراته ، و وصف فى الكتب المتقدمة بأنّ يقبل الهدية ، ولايأكل الصدقة ؛ لأنّها أوساخ النّاس ، وكان إذا قبل الهدية أثاب عليها لئلا يكون لأحد عليه يد ، ولا يلزمه لأحد منة ، انتهى .قال البيجورى : فيسن قبول الهدية حيث لاشبهة فى مال المهدى وإلّا فلا يقبلها ، وكذٰلك إذا ظنّ المهدى إليه أن المهدى أهداه حياءً ، قال الغزالى : مثال من يهدى حياء من يقدم من سفره ويفرق الهدايا خوفًا من العار ، فلايجوز قبول هديته إجماعًا ؛ لأنّه لايحل مال امرئ مسلم إلّا عن طيب نفس ، وإذا ظن المهدى إليه إنّ المهدى إنّما أهدٰى له هديته لطلب المقابل فلايجوز له قبولها ، إلّا إذا أعطاه ما فى ظنّه بالقرائن . (مرعاة المفاتيح : (۲۲۲/٦) رقم الحديث : ۱۸۴۱ ، كتاب الزكاة ، باب من لاتحل له الصدقة ، الفصل الأوّل ، ط: إدارة البحوث الإسلامية ، بنارس الهند)

عن عائشة رضى اللّٰه عنها عن النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم قال : تهادوا ؛ فإنّ الهدية تذهب الضغائن . (فإنّ الهدية تذهب الضغائن) جمع ضغينة وهى الحقد أى تزيل البغض والعداوة ، وتحصل الألفة والمحبة كما ورد " تهادوا تحابوا وتصافحوا يذهب الغل عنكم " ...... و فى رواية له عن عائشة : تهادوا تزدادوا حبا . (مرقاة المفاتيح : (۱۹۴/٦ ، ۱۹۵) رقم الحديث : ۳۰۲۷ ، كتاب البيوع ، باب من عرض عليه ريحان ...... الفصل الثانى ، ط: رشيديه ، دار الكتب العلمية)

تكمله شامى : (۴۲۲/۸) كتاب الهبة ، ط: سعيد .

عن أبى حرّة الرّقاشى عن عمه قال : قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم : ألا لا تظلموا ، ألا لايحل مال امرئ مسلم الا بطيب نفس منه .... (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۵۵) كتاب البيوع ،، باب الغصب ، الفصل الثانى ، ط: قديمى)

السنن الصغرٰى للبيهقى : (۳۸۲/۵) رقم الحديث : ۲۱۱۳ ، كتاب البيوع ، باب الغصب ، ط: مكتبة الرشد .

لئے جانا معیوب اور اپنے لئے خفت کا باعث سمجھتے ہیں یا لعن طعن سے بچنے کے لئے یا بدلہ چکانے کے لئے یا آئندہ بدلہ وصول کرنے کے خیال سے دیتے ہیں تو اس خیال سے ہدیہ دینا اور لینا درست نہیں ہے۔(۱)

حدیث شریف میں ہے کہ ''کسی مسلمان کا مال اس کی دل کی خوشی کے بغیر حلال نہیں''۔(۲)

(۱،۲) وعنها قالت : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقبل الهدية ويثيب عليها ، قوله : (يقبل الهدية) قال الخطابى فى المعالم : قبول النّبى صلى الله عليه وسلم الهدية نوع من الكرم ، و باب من حسن الخلق يتألف به القلوب ، وقد روى عنه صلى الله عليه وسلم أنّه قال: تهادوا تحابوا ، وكان أكل الهدية ، وأمارة من أماراته ، و وصف فى الكتب المتقدمة بأنّ يقبل الهدية ، ولايأكل الصدقة ؛ لأنّها أوساخ النّاس ، وكان إذا قبل الهدية أثاب عليها لئلا يكون لأحد عليه يد ، ولا يلزمه لأحد منة ، انتهى .قال البيجورى : فيسن قبول الهدية حيث لاشبهة فى مال المهدى وإلّا فلا يقبلها ، وكذٰلك إذا ظنّ المهدى إليه أن المهدى أهداه حياءً ، قال الغزالى : مثال من يهدى حياء من يقدم من سفره ويفرق الهدايا خوفًا من العار ، فلايجوز قبول هديته إجماعًا ؛ لأنّه لايحل مال امرئ مسلم إلّا عن طيب نفس ، وإذا ظن المهدى إليه إنّ المهدى إنّما أهدٰى له هديته لطلب المقابل فلايجوز له قبولها ، إلّا إذا أعطاه ما فى ظنّه بالقرائن . (مرعاة المفاتيح : (۲۲۲/۶) رقم الحديث : ۱۸۴۱ ، كتاب الزكاة ، باب من لاتحل له الصدقة ، الفصل الأوّل ، ط: إدارة البحوث الإسلامية ، بنارس الهند)

▭ عن عائشة رضى اللّٰه عنها عن النّبى صلى الله عليه وسلم قال : تهادوا ؛ فإنّ الهدية تذهب الضغائن . (فإنّ الهدية تذهب الضغائن) جمع ضغينة وهى الحقد أى تزيل البغض والعداوة ، وتحصل الألفة والمحبة كما ورد " تهادوا تحابوا وتصافحوا يذهب الغل عنكم " ...... و فى رواية له عن عائشة : تهادوا تزدادوا حبا . (مرقاة المفاتيح : (۱۹۴/۶ ، ۱۹۵) رقم الحديث : ۳۰۲۷ ، كتاب البيوع ، باب من عرض عليه ريحان ...... الفصل الثانى ، ط: رشيديه ، دار الكتب العلمية)

▭ تكمله شامى : (۴۲۲/۸) كتاب الهبة ، ط: سعيد .

▭ عن أبى حرّة الرّقاشى عن عمه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ألا لا تظلموا ، ألا لايحل مال امرئ مسلم الا بطيب نفس منه .... (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۵۵) كتاب البيوع ،، باب الغصب ، الفصل الثانى ، ط: قديمى)

▭ السنن الصغرٰى للبيهقى : (۳۸۲/۵) رقم الحديث : ۲۱۱۳ ، كتاب البيوع ، باب الغصب ، ط: مكتبة الرشد .

دوسری حدیث شریف میں ہے کہ ''رسول اللہ ﷺ نے ان لوگوں کی دعوت قبول کرنے سے منع فرمایا ہے جو فخر کے لئے کھانا کھلائیں''۔(۱)

خلاصہ یہ ہے غیر ضروری چیز کو ضروری سمجھنا درست نہیں ہے ایسی صورت میں اس کو ترک کرنا لازم ہوتا ہے،(۲)

خاص طور پر اگر اس میں غیر شرعی امور شامل ہوجائیں تو اس کا ترک کرنا انتہائی ضروری ہے۔

ہَدِیٰ

جس جانور کو عبادت اور ثواب کی نیت سے حرم میں ذبح کرنے کے لئے لے جاتے ہیں اس کو ''ھَدِیٰ'' کہتے ہیں، چاہے وہ جانور گائے ہو یا اونٹ، بکری ہو یا بھیڑ۔(۳)

---

(۱) عن أبی هريرة قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : المتباريان لايجابان ولايوكل طعامهما قال الإمام أحمد: يعنی المتعارضين بالضيافة فخرًا ورياءً . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۷۹) كتاب النكاح ، باب الوليمة ، الفصل الثالث ، ط: قديمی)

☐ سنن أبی داود : (۲/۱۷۱) كتاب الأطعمة ، باب فی طعام المتبارين ، ط: حقانيه .

☐ الجامع لشعب الإيمان : (۸/۱۸۲) رقم الحديث : ۵۶۶۷ ، المطاعم والمشارب ، ومايجب التورع عنه منها ، الأكل ...... الفصل الرابع : فی آداب تخمير الإناء وإيكاء السقاء ، ط: مكتبة الرشد.

(۲) من أصر على أمر مندوب وجعله عزمًا ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الإضلال ، فكيف من أصر على بدعة و منكر ؟ . (مرقاة المفاتيح : (۳/ ۳۱) كتاب الصلاة ، باب الدعاء فی التشهد ، الفصل الأوّل ، ط: رشيديه)

☐ السعاية : (۲/۲۶۵) كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، ط: سهيل اكيڈمی لاهور .

☐ مجموعة رسائل اللكنوی : (۳/ ۴۹۰) سباحة الفكر فی الجهر بالذكر ، (ص: ۳۴) الباب الأوّل ، ط: إدارة القرآن .

(۳) وهو مايهدی إلى الحرم للتقرب إلى الله تعالىٰ ، والمراد به أنواع الهدايا وأكثر أحكامها كالضحايا ، (الهدی من الإبل والبقر والغنم ، أی لا من غيرها ،من النعم) . (إرشاد السارى : (ص: ۶۶۴) باب الهدايا ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة) =

ہدی لے کر جانے والے نے عمرہ کر کے حلق کر لیا

اگر تمتع کرنے والا اپنے ساتھ ہدی بھی لایا ہے تو ہدی کو ذبح کرنے تک احرام میں رہنا ضروری ہے، اسلئے اگر عمرہ کر کے حلق یا قصر کر لیا تو وہ حلال نہیں ہوگا، جنایت کا دم دینا واجب ہوگا، اور عمرہ کا احرام باقی رہے گا، اور اگر اس دوران کوئی اور جنایت کرے گا تو اس کا بھی دم وغیرہ دینا پڑے گا، پھر اس کے بعد حج کا احرام باندھ کر حج ادا کرے گا، پھر رمی کے بعد ذبح کر کے حلق یا قصر کرے گا اور دونوں احراموں سے نکل جائے گا۔(۱)

ہدیہ دینے پر قادر نہ ہونے کی وجہ سے حج پر نہ جانا

حج فرض ہونے کے بعد حج پر جانا ضروری ہے، حج سے واپس آ کر لوگوں کو ہدیہ دینا ضروری نہیں ہے، لہٰذا ہدیہ دینے پر قادر ہو یا نہ ہو ہر حال میں حج فرض ہونے کے بعد حج کے لئے جانا ضروری ہے، اس میں سستی کرنا درست نہیں۔(۲)

= غنية الناسک : (ص: ۳۵۲) باب الهدايا ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۶۱۴) كتاب الحج ، باب الهدى ، ط: سعيد .

(۱) (ثم اذا دخل مكة) أى هذا المتمتع الذى ساق الهدى (طاف وسعى لعمرته واقام محرما) اى لأن سوقه مانع من الحلاله قبل يوم النحر (ولو حلق لم يتحلل من احرامه) اى لعمرته بل يكون جناية على احرامها مع انه ليس محرما بالحج.

(ولزمه دم) اى كما صرح به الزيلعى................ (ارشاد السارى الى مناسک الملا على القارى (ص: ۴۰۵) فصل المتمتع على نوعين: متمتع يسوق الهدى، ط: المكتبة الامدادية، مكة المكرمة)

فاذا دخل مكة طاف، وسعى لعمرته، واقام محرما، ولو حلق لم يتحلل من عمرته بل يكون جنايته على احرامها الا أن يرجع الى اهله بعد ذبح هديه، وحلقه. (غنية الناسک فى بغية المناسک، ص: ۲۱۸، فصل فى كيفية اداء التمتع المسنون، فصل وان كان متمتع يسوق الهدى...... الخ، ط: ادارة القرآن)

(۲) ليس من الحوائج الأصلية ماجرت به العادة المحدثة برسم الهدية للأقارب والأصحاب فلايعذر بترک الحج لعجزه عن ذٰلک كما نبه عليه العمادى فى منسكه . (شامى : (۲/۴۶۱) كتاب الحج ، تبنيه : قبيل مطلب : فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد)=

ہدیہ کی رقم سے حج کرنا

ہدیہ کی رقم سے حج کرنا جائز ہے، اس سے فرض حج ادا ہو جائے گا، اور ہدیہ کرنے والے کو بھی ثواب ملے گا۔(۱)

ہر عمرہ کا الگ احرام باندھنا ضروری ہے

☆ ...... ہر عمرہ کا الگ احرام باندھنا ضروری ہے، ایک احرام سے ایک سے زائد عمرے کرنا صحیح نہیں ہے، ایک دفعہ احرام باندھ کر طواف اور سعی کر کے بال منڈوایا کٹوا کر احرام کھول دے، پھر اس کے بعد تنعیم یا جعرانہ جا کر دوبارہ عمرہ کا احرام باندھے اس طرح ایک سے زائد عمرے کرنا صحیح ہے۔(۲)

☆ ......ایک احرام کے ساتھ ایک سے زیادہ عمرے نہیں ہو سکتے اور عمرہ یعنی طواف اور سعی کرنے کے بعد جب تک حلق یا قصر کے ذریعہ بال کٹوا کر احرام کھولا نہیں جائے گا دوسرے عمرہ کا احرام باندھنا جائز نہیں ہوگا۔(۳)

= منحة الخالق على هامش البحر : (۳۱۲/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

بدائع الصنائع : (۱۲۵/۲) كتاب الحج ، وأمّا شرائط فرضيته ، ط: سعيد .

(۱) وكذا لو وهب مالًا ليحج به ، لايجب عليه قبوله ؛ لأنّ شرط الوجوب لايجب تحصيله فلو قبل وجب عليه الحج إجماعًا . (غنية الناسک : (ص: ۲۱) فصل : وأمّا شرائط الوجوب فسبعة ، السادس الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن ، الطبعة الأولىٰ ۱۴۱۷هـ)

ولو وهبه إنسان مالاً يحج به لايجب على الموهوب له القبول عندنا وللشافعي فيه قولان ...... (بدائع الصنائع : (۱۲۲/۲) كتاب الحج ، فصل وأمّا شرائط فرضيته فنوعان ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۳۱۳/۲) كتاب الحج ، قوله : بشرط حرية و بلوغ وعقل و صحة وقدرة زاد و راحلة ...... ، ط: سعيد .

الدر مع الرد : (۴۶۱/۲) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، (قوله : ولو وهب الأب لابنه) . (الهندية : (۲۱۷/۱) كتاب المناسک ، الباب الأوّل ، ومنها القدرة على الزاد والراحلة ، ط: رشيديه.

(۳،۲) يجب أن يعلم أن الجمع بين إحرامي الحج أو إحرامي العمرة بدعة بالاتفاق بين أصحابنا =

....

= وفى الجامع الصغير للعتابى حرام ؛ لأنّه من أكبر الكبائر هٰكذا روى عن النّبى صلى الله عليه وسلم ...... فى المحيط ولاجمع بين إحرامى العمرة مكروه ...... وقال : رجل فرغ من عمرته إلّا التقصير فأحرم بأخرٰى فعليه دم . (البحر العميق : (۲/۷۷۸ ، ۷۸۴) الباب السابع فى الإحرام ، الفصل العاشر فى الجمع بين الإحرامين ، ط : مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة) =

☜ من فرغ من عمرته إلّا التقصير فأحرم بأخرٰى ، فعليه دم باتفاق الحنفية لإحرامه قبل الوقت ؛ لأنّ وقته بعد الحلق للإحرام الأوّل ، ولم يوجد ، ولأنّه جمع بين إحرامى العمرة وهٰذا مكروه فيلزمه دم ، وهو دم جبر و كفارة . (الفقه الإسلامى وأدلّته : (۳/۱۳۹) الباب الخامس الحج والعمرة ، الفصل الأوّل : أحكام الحج والعمرة ، المبحث الخامس : أركان الحج والعمرة ، المطلب الأوّل : الإحرام ، ضم العمرة إلى العمرة ، ط: دار الفكر بيروت)

☜ إرشاد السارى : (ص: ۴۱۴) باب الجمع بين النسكين المتّحدين ، فصل فى الجمع بين العمرتين ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☜ وأفضل مواقيتها لمن بمكّة التنعيم والجعرانة . (مناسك الملا على القارى مع إرشاد السارى : (ص: ۶۵۷) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۲۳۰ ، ۲۳۷ ، ۲۳۸) باب الجمع بين النسكين ، فصل فى الجمع بين إحرامى عمرتين فأكثر ، ط: إدارة القرآن .

(۲) يجب أن يعلم أن الجمع بين إحرامى الحج أو إحرامى العمرة بدعة بالاتفاق بين أصحابنا وفى الجامع الصغير للعتابى حرام ؛ لأنّه من أكبر الكبائر هٰكذا روى عن النّبى صلى الله عليه وسلم ...... فى المحيط ولاجمع بين إحرامى العمرة مكروه ...... وقال : رجل فرغ من عمرته إلّا التقصير فأحرم بأخرٰى فعليه دم . (البحر العميق : (۲/۷۷۸ ، ۷۸۴) الباب السابع فى الإحرام ، الفصل العاشر فى الجمع بين الإحرامين ، ط : مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة)

☜ من فرغ من عمرته إلّا التقصير فأحرم بأخرٰى ، فعليه دم باتفاق الحنفية لإحرامه قبل الوقت ؛ لأنّ وقته بعد الحلق للإحرام الأوّل ، ولم يوجد ، ولأنّه جمع بين إحرامى العمرة وهٰذا مكروه فيلزمه دم ، وهو دم جبر و كفارة . (الفقه الإسلامى وأدلّته : (۳/۱۳۹) الباب الخامس الحج والعمرة ، الفصل الأوّل : أحكام الحج والعمرة ، المبحث الخامس : أركان الحج والعمرة ، المطلب الأوّل : الإحرام ، ضم العمرة إلى العمرة ، ط: دار الفكر بيروت)

☜ إرشاد السارى : (ص: ۴۱۴) باب الجمع بين النسكين المتّحدين ، فصل فى الجمع بين العمرتين ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة . =

ہر فرشتے کو کعبہ کی زیارت کا حکم

وہب ابن منبہ سے روایت ہے کہ میں نے عہد اول کی کتابوں میں سے ایک کتاب میں پڑھا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس فرشتے کو بھی زمین پر بھیجتا ہے اس کو حکم دیتا ہے کہ وہ بیت اللہ کی زیارت کرے، چنانچہ وہ فرشتہ عرش کے نیچے سے احرام باندھ کر تلبیہ یعنی لبیک اللّٰہم لبیک میں حاضر ہوگیا، اے اللہ میں تیرے حضور میں حاضر ہوگیا (یہ دعا) پڑھتا ہوا نکلتا ہے، اس کے بعد وہ حجر اسود کو بوسہ دیتا ہے، پھر بیت اللہ شریف کا سات مرتبہ طواف کرتا ہے، اس کے بعد کعبہ شریف کے اندر دو رکعت نماز پڑھتا ہے اور پھر آسمان کی طرف اٹھ جاتا ہے۔(۱)

ہر قدم پر نیکی

''حاجی کا قدم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۸)

ہرنیہ

اگر ہرنیہ کی وجہ سے پیٹ کے نچلے حصے کے ایک جانب یا دونوں جانب آپریشن ہوا ہے، اس کی وجہ سے لنگوٹ یا انڈرویئر ہر وقت پہننا ضروری ہوتا ہے تو ایسے لوگ احرام کی حالت میں بغیر سلے ہوئے لنگوٹ وغیرہ پہنیں، نیکر اور انڈرویئر

= 🗀 وأفضل مواقيتها لمن بمكّة التنعيم والجعرانة . (مناسک الملا علی القاری مع إرشاد الساری : (ص: ۶۵۷) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۲۳۰ ، ۲۳۷ ، ۲۳۸) باب الجمع بين النسكين ، فصل فی الجمع بين إحرامی عمرتين فأكثر ، ط: إدارة القرآن .

(۱) وعن وهب ابن منبه : قرأت فی كتاب من كتب الأوّل : ليس من ملک بعثه اللّٰه إلى الأرض الا أمره بزيارة البيت ، فينفض من تحت العرش محرما ملبيا حتیٰ يستلم الحجر ، ثم يطوف سبعًا بالبيت ، ويصلی فی جوفه ركعتين ، ثم يصعد . (السيرة الحلبية : (۱/۲۲۰) باب بنيان قريش الكعبة شرّفها اللّٰه تعالیٰ ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

وغیرہ سلے ہوئے کپڑے نہ پہنیں، تاہم عذر کی وجہ سے سلا ہوا کپڑا استعمال کیا جا سکتا ہے، البتہ استعمال کے بعد ایک دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

ہمبستری

☆......عمرہ کے احرام میں ہمبستری کرنا جائز نہیں ہے، اور حج میں احرام کی حالت میں اور طوافِ زیارت سے فارغ ہونے تک ہمبستری کرنا جائز نہیں۔(۲)

☆......احرام کی حالت میں ہمبستری کی طرح وہ حرکات جن سے اس کی خواہش پیدا ہوتی ہے وہ بھی حرام ہیں، مثلاً بوسہ لینا، بدن سے بدن ملانا وغیرہ۔(۳)

---

(۱) ولایلبس مخیطًا قمیصًا أو قباء أو سراویل أو عمامة أو قلنسوة أو خفًا .... (الهندية : (۱/۲۲۴) کتاب المناسک ، الباب الرابع : فیما یفعله المحرم بعد الإحرام ، ط: رشیدیه)

▭ بدائع الصنائع : (۲/۱۸۳) کتاب الحج ، فصل : وأمّا بیان مایحظره الإحرام ومالایحظره ، ط: سعید.

▭ التاتارخانیة : (۲/۴۹۲) کتاب المناسک ، الفصل الخامس : فیما یحرم علی المحرم بسبب إحرامه ومالایحرم ، نوع منه فی لبس المخیط ، ط: إدارة القرآن .

▭ ولو اضطر المحرم إلی لبس ثوب فلبس ثوبین ، فإن لبسهما علی موضع الضرورة فعلیه کفارة واحدة وهی کفارة الضرورة . (الهندية : (۲/۲۴۲) کتاب المناسک ، الباب الثامن : فی الجنایات ، الفصل الثانی : فی اللبس ، ط: رشیدیه)

▭ بدائع الصنائع : (۲/۱۸۸) کتاب الحج ، فصل : وأمّا بیان مایحظره الإحرام ومالایحظره ، ط: سعید .

▭ التاتارخانیة : (۲/۴۹۲) کتاب المناسک ، الفصل الخامس : فیما یحرم علی المحرم بسبب إحرامه ومالایحرم ، ط: إدارة القرآن .

(۲،۳) فإذا أحرم قولاً بالتلبیة أو فعلاً بالسوق کما ذکرنا ، فلیتق الرفث وهو الجماع عند الجمهور ، لقوله تعالیٰ : ﴿أحلّ لکم لیلة الصیام الرفث﴾ أو ذکر الجماع ودواعیه بحضرة النّساء ...... وقیل : ذکره و دواعیه مطلقًا ، قیل هو الأصح ...... والجماع و دواعیه کالقبلة واللمس والمعانقة والمفاخذة بشهوة . (غنیة الناسک : (ص: ۸۵) باب الإحرام، فصل فی محرمات الإحرام ومحظوراته الّتی فی غالبها الجزاء ، ط: إدارة القرآن)

▭ النوع الرابع فی حکم الجماع و دواعیه وهو أغلظ الجنایات یفسد به الحج والعمرة ...... وإن جامع بعد الوقوف بعرفة قبل الحلق وقبل طواف الزیارة کله أو أکثر لم یفسد حجه و علیه =

ہم وطن محرم نہیں

ہم وطن محرم نہیں ہے، اس لئے عورتوں کے لئے ہم وطن کو محرم بنا کر سفر کرنا او حج اور عمرہ کے لئے جانا جائز نہیں ہے۔(۱)

ہندوستان سے آدم علیہ السلام مکہ مکرمہ ہزار مرتبہ آئے

''آدم علیہ السلام ہندوستان سے مکہ مکرمہ ایک ہزار مرتبہ آئے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/)

ہوائی جہاز

☆......جو لوگ مکہ مکرمہ جانے کے لئے یا حج وعمرہ کے لئے ہوائی جہاز سے سفر کرتے ہیں ان کو چاہیئے کہ ہوائی جہاز پر سوار ہونے سے پہلے احرام باندھ لیں، یا کم از کم احرام کی چادر ہی پہن لیں، اور جب میقات کا اعلان ہو تو جہاز میں

= بدنة سواء جامع عامدًا أو ناسيًا . (مناسک الملا علی القاری مع إرشاد الساری : (ص: ۴۷۴ ، ۴۸۱) بـاب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع في حكم الجماع و دواعيه ، وفصل في الجماع قبل الحلق وبعده ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 وبـعـده أی الإحـرام بـلا مهـلة يتـقـى الرفث أی الجماع أو ذكره بحضرة النّساء . (الدر المختار : (۴۸۶/۲، ۴۸۷) كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ،ط : سعيد)

(۱) والـمـحـرم فی حق المرأة شرط ، شابة كانت أو عجوزًا ، إذا كانت بينهما وبين مكّة مسيرة ثـلاثة أيّـام ...... والـمـحـرم : الـزوج ، ومـن لايجوز مناكحتها على التأبيد برضاع أو صهرية وفی الـخـانية : أو رحم .... (التاتارخانية : (۴۳۴/۲) كتاب المناسک ، الفصل الأوّل : فی بيان شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن)

🗀 الهـنـدية : (۲۱۸/۱ ، ۲۱۹) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : فی تفسير الحج ...... ، ط: رشيديه .

🗀 غـنية الـناسک : (ص: ۲۶ ، ۲۷) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، الرابع : المحرم أو الزوج ، ط: إدارة القرآن .

احرام باندھ لیں یعنی نیت کر کے تلبیہ پڑھ لیں، جدہ پہنچنے کا انتظار نہ کریں کیونکہ جدہ تک احرام کو مؤخر کرنا صحیح نہیں ہے۔(۱)

ہوائی جہاز میں بیٹھ کر طواف کرنا

☆......اگر ہوائی جہاز مسجد کی حدود میں داخل رہے تو اس پر سوار ہو کر طواف کرنے سے طواف صحیح ہو جائے گا، لیکن عذر کے بغیر ایسا کرنے سے دَم واجب ہوگا جبکہ بلا عذر ہوائی جہاز کے علاوہ کسی اور چیز پر سوار ہو کر طواف کرنے سے طواف ہو جاتا ہے اور دَم واجب ہوتا ہے۔(۲)

---

(۱) ومستحباته ...... تقديم الإحرام على وقته أى ميقاته المكانى للآفاقى إن ملك نفسه أى بالاحتراز عن المحظورات والتحفظ عن المحذورات ...... فصل فى محرماته أى محرمات الإحرام ...... ومنها تأخير الإحرام عن الميقات فإنّ الإحرام منه واجب . (إرشاد السارى : (ص: ۱۲۸ ، ۱۲۹) باب الإحرام ، مستحبات الإحرام ، وفصل فى محرماته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ من سلك طريقًا فى بر أو بحر أو جو بين ميقاتين فإنّه يجتهد حتى يكون إحرامه بحذو الميقات الّذى هو إلى طريقه أقرب ويحرم من محاذاة أقرب الميقاتين إليه وإن كان الآخر أبعد إلى مكّة فإن استويا فى القرب إليه ، أحرم من محاذاة أبعدهما من مكة وإن لم يعرف حذو الميقات المقارب لطريقه احتاط فأحرم من بعد ، بحيث يتيقن أنّه لم يجاوز الميقات إلّا محرمًا ؛ لأنّ الإحرام قبل الميقات جائز ، وتأخيره عنه لايجوز ، فالإحتياط فعل ما لاشك فيه .... (الفقه الإسلامى وأدلّته : (۳/۷۲) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الأوّل : أحكام الحج والعمرة ، المبحث الثالث : مواقيت الحج والعمرة ، الزمانية والمكانية ، المطلب الثانى : ميقات الحج والعمرة المكانى ، من حاذى الميقات ، ط: دار الفكر بيروت)

▭ بدائع الصنائع : (۲/۱۶۴) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان مكان الإحرام ، ط: سعيد .

(۲) مكانه حول البيت لافيه ...... داخل المسجد أى سواء كان قريبًا من البيت أو بعيدًا عنه بعد أن يكون فى المسجد ويجوز أى فى جميع أجزائه ولو من وراء السوارى أى الأسطوانات وزمزم وكذا المقامات ، ولو طاف على سطح المسجد ولو مرتفعًا عن البيت أى من جدرانه كما صرّح به صاحب الغاية جاز ؛ لأنّ حقيقة البيت هو الفضاء الشامل لما فوق البناء من الهواء .... (إرشاد السارى : (ص: ۲۱۰ ، ۲۱۱) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فى مكان الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

اور اگر ہوئی جہاز مسجد کی حدود سے باہر رہے گا تو اس پر سوار ہو کر طواف کرنے سے طواف صحیح نہیں ہوگا، اُتر کر دوبارہ مسجد کی حدود میں آ کر طواف کرنا لازم ہوگا۔(۱) واضح رہے کہ تحت الثریٰ (زمین) سے لیکر آسمان تک ''بیت اللہ'' ہے۔(۲) اس لئے خانۂ کعبہ کی عمارت سے بلند ہو کر اس کے چاروں طرف گھومنے سے طواف ہو جائے گا۔(۳)

= غنیة الناسک : (ص: ۱۰۹) باب فی ماهیة الطواف وأنواعه وأرکانه وشرائطه وسائر أحکامه ، فصل : فی أرکان الطواف و شرائطه ، ط: إدارة القرآن .

الفقه الإسلامی وأدلّته : (۱۵۳/۳) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الأوّل : أحکام الحج والعمرة ، والمبحث الخامس : أرکان الحج والعمرة ، المطلب الثانی : الطواف، ثانیاً : شروط الطواف و واجباته ، ط: دار الفکر بیروت . الدر مع الرد : (۴۹۷/۲) کتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید .

الخامس : المشی فیه للقادر ، فلو طاف للزیارة (لباب) أو العمرة (بحر) راکبا أو محمولاً ، أو زحفًا بلا عذر ، فعلیه الإعادة أو الدم وإن کان بعذر لا شیئ علیه . (غنیة الناسک : (ص: ۱۱۴) باب فی ماهیة الطواف وأنواعه وأرکانه و شرائطه وسائر أحکامه ، فصل فی واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۴۶۸/۲، ۴۶۹) کتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعید.

إرشاد الساری : (ص: ۲۱۵) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل فی واجبات الطواف ، الرابع : المسی فیه للقادر ، ط: الإمدادیه ، مکّة المکرّمة .

البحر العمیق : (۱۲۲۴/۲) الباب العاشر فی دخول مکّة و فی الطواف والسعی ، فصل : فی بیان أنواع الأطوفة ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

(۱،۲،۳) مکانه حول البیت لافیه ...... داخل المسجد أی سواء کان قریبًا من البیت أو بعیدًا عنه بعد أن یکون فی المسجد ویجوز أی فی جمیع أجزائه ولو من وراء السواری أی الأسطوانات وزمزم وکذا المقامات ، ولو طاف علی سطح المسجد ولو مرتفعًا عن البیت أی من جدرانه کما صرّح به صاحب الغایة جاز ؛ لأنّ حقیقة البیت هو الفضاء الشامل لما فوق البناء من الهواء ...... (إرشاد الساری : (ص: ۲۱۰ ، ۲۱۱) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل فی مکان الطواف ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۱۰۹) باب فی ماهیة الطواف وأنواعه وأرکانه وشرائطه وسائر أحکامه ، فصل : فی أرکان الطواف و شرائطه ، ط: إدارة القرآن .

الفقه الإسلامی وأدلّته : (۱۵۳/۳) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الأوّل : أحکام=

ہوائی جہاز میں بیٹھ کر وقوفِ عرفہ کرنا

واضح رہے کہ ''بیت اللہ'' کی طرح زمین سے لیکر آسمان تک ''میدانِ عرفہ'' ہونے کی صراحت نہیں ہے بلکہ اکثر کتابوں میں ''وقوفِ عرفہ'' کو زمین کے ساتھ مقید کیا ہے اس لئے ہوائی جہاز میں سوار ہو کر عرفات کے اوپر سے گزرنے سے وقوف عرفہ صحیح نہیں ہوگا۔

ایسے لوگوں کے لئے مقررہ وقت کے اندر ہوائی جہاز سے اُتر کر میدانِ عرفات سے گزرنا یا وقوف کرنا لازم ہوگا ورنہ حج نہیں ہوگا۔(۱)

= الحج والعمرة ، والمبحث الخامس : أركان الحج والعمرة ، المطلب الثانی : الطواف، ثانياً : شروط الطواف و واجباته ، ط: دار الفكر بيروت . الدر مع الرد : (۴۹۷/۲) كتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

☜ الخامس : المشی فيه للقادر ، فلو طاف للزيارة (لباب) أو العمرة (بحر) راكبا أو محمولاً ، أو زحفًا بلا عذر ، فعليه الإعادة أو الدم وإن كان بعذر لا شيئ عليه . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۴) باب فی ماهية الطواف وأنواعه وأركانه و شرائطه وسائر أحكامه ، فصل فی واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن)

☜ الدر مع الرد : (۴۶۸/۲ ، ۴۶۹) كتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد.

☜ إرشاد الساری : (ص: ۲۱۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فی واجبات الطواف ، الرابع : المسی فيه للقادر ، ط: الإمداديه ، مكّة المكرّمة .

☜ البحر العميق : (۱۲۲۴/۲) الباب العاشر فی دخول مكّة و فی الطواف والسعی ، فصل : فی بيان أنواع الأطوفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۱) وأمّا شرائطه ...... الثالث : المكان أی عرفات فلو أخطأه أی فضلاً عن تعمده ونسيانه و جهله لم يجز وقوفه بغير عرفة . (إرشاد الساری : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۱۵۷) باب مناسک عرفات ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: إدارة القرآن .

☜ البحر العميق : (۱۴۹۶/۳) الباب الحادی عشر فی الخروج من مكّة إلی منٰی ثم عرفة، فصل : الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،،المكتبة المكيّة .

ہوائی جہاز میں محرم ہونا ضروری ہے

ہوائی جہاز کے چند گھنٹوں کے سفر میں بھی عورت کے ساتھ محرم کا ہونا ضروری ہے، کیونکہ کم از کم اڑتالیس میل کے سفر پر سفر کے احکام جاری ہوتے ہیں مثلاً نماز میں قصر وغیرہ۔(۱)

ہوائی چپل

مَردوں کے لئے احرام کی حالت میں ہوائی چپل پہننا سب سے بہتر ہے ،اور اگر جوتا یا چپل ایسی ہو کہ جو ٹخنوں اور پیروں کے بیچ کی ابھری ہوئی ہڈی کو نہ چھپاتا ہو تو اس کا پہننا بھی درست ہے ،البتہ اگر ایڑی ، پنجہ اور انگلیاں چھپی رہیں جیسے ناگرہ جوتے میں ہوتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔(۲)

---

(۱) الرابع : المحرم الأمين أو الزوج إذا كانت على مسافة السفر من مكّة ، وفى الإرشاد : أى وإنّما يشترط المحرم أو الزوج إذا كان بينهما وبين مكّة ثلاثة أيّام فصاعدًا أما لو كان أقلّ من ذٰلک فلها أن تخرج بغير محرم أو زوج إلّا أن تكون معتدة . وروى عن أبى حنيفة وأبى يوسف كراهة الخروج لها مسيرة يوم بلا محرم ، فينبغى أن يكون الفتوىٰ عليه لفساد الزمان . (مناسک الملا على القارى مع إرشاد السارى : (ص: ۷۶ ، ۷۷ ، ۷۸) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، وهى خمسة ، الشرط الرابع : المحرم الأمين للمرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الدر مع الرد : (۲/۴۶۴ ، ۴۶۵) كتاب الحج ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۲۶ ، ۲۷) باب شرائن الحج ، فصل فى شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامية .

(۳) ولبس الخفين أى أن لايجد نعلين فإنّه يقطعهما أسفل من الكعبين ، والجوربين أى ولبسهما سواء كانا منعلين أو غير منعلين وكل ما يوارى الكعب الّذى عند معقد شراک النعل أى فى المفصل الّذى فى وسط القدم لاالكعب المعبر عند غسل الرجلين . (إرشاد السارى : (ص: ۱۶۲) باب الإحرام ، فصل فى محرمات الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۸۶ ، ۸۷) باب الإحرام ، فصل فى محرمات الإحرام ، ومحظوراته الّتى فى غالبها الجزاء ، ط: إدارة القرآن .=

ہوٹل سے احرام باندھ کر عمرہ کرنا

☆ آفاقی یعنی میقات سے باہر رہنے والے لوگوں کے لئے حج اور عمرہ دونوں کا احرام اپنی اپنی میقات یا اس کے محاذات سے باندھنا لازم ہے، باقی گھر سے باندھ کر آنے کا ثواب زیادہ ہے۔

☆ اگر ایسا آفاقی حج یا عمرہ کے لئے میقات سے احرام باندھے بغیر مکہ مکرمہ آ گیا ہے تو حرم کے حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا، ہاں اگر واپس میقات آ کر احرام باندھے گا تو دم ساقط ہو جائے گا۔

☆ اگر آفاقی آدمی میقات کے باہر سے آئے اور میقات سے احرام نہیں باندھا بلکہ میقات کے اندر کسی ہوٹل سے احرام باندھ کر حج یا عمرہ کیا تو ایک دم دینا لازم ہوگا۔

اور اگر میقات سے احرام باندھ کر حج یا عمرہ کرلیا پھر اس کے بعد مکہ مکرمہ میں رہتے ہوئے مزید عمرہ کرنے کا ارادہ کیا تو اس صورت میں اگر ہوٹل حدود حرم کے اندر ہے تو اس صورت میں ہوٹل سے احرام کی نیت کر کے عمرہ کرنے کی صورت میں دم دینا لازم ہوگا، اور اگر ہوٹل حدود حرم سے باہر ہے تو اس صورت میں ہوٹل سے احرام کی نیت کر کے عمرہ کرنا درست ہوگا اور دم بھی لازم نہیں ہوگا، کیونکہ حدود حرم میں رہنے والوں کے لئے حدود حرم سے باہر حل میں جا کر عمرہ کے احرام کی نیت کرنا ضروری ہے ورنہ دم دینا لازم ہوتا ہے باقی ہوٹل میں احرام کے کپڑے پہن کر اور حدود حرم سے باہر مسجد عائشہ وغیرہ میں جا کر عمرہ کے احرام کی نیت کر کے عمرہ کرنا زیادہ بہتر ہے۔(۱)

= الدر مع الرد: (۲/۴۹۰) كتاب الحج، مطلب في ما يحرم بالإحرام ومالايحرم، ط: سعيد.

الهندية: (۱/۲۲۴) كتاب المناسك، الباب الرابع: فيما يفعله المحرم بعد الإحرام، ط: رشيديه.

(۱) ثم إذا دخل الآفاقي مكّة بغير إحرام وهو لايريد الحج ولا العمرة فعليه لدخول مكّة إما حجة =

ہیجڑہ پن کی کمائی سے حج کرنا

ہیجڑہ پن کی زندگی گزارنے والا ان تمام غیر شرعی کاموں سے توبہ واستغفار کرے جو عام طور پر ہیجڑے لوگ کرتے ہیں، اور جو روپیہ اس کے پاس ہے اور اس دھندہ اور طریقہ سے کمایا ہے اس سے حج نہ کرے، بلکہ کسی غیر مسلم سے قرض لیکر حج کرے اور جو رقم اس کے پاس جمع ہے اس سے قرض ادا کرے، آئندہ کے لئے زنانہ وضع قطع چھوڑ دے، مردانہ لباس پہنے اور اس کا اڈّہ بھی ختم کرے۔(۱)

= أو عمرة ، فإن أحرم بالحج أو العمرة من غير أن يرجع إلى الميقات فعليه دم لترك حق الميقات . (التاتارخانية : (۲/ ۴۷۵) الفصل الرابع فی بیان مواقیت الإحرام ومایلزم لمجاورتها بغير الإحرام ، ط: إدارة القرآن)

(قوله : وصح تقديمه عليها لا عكسه) أی جاز تقديم إحرام على المواقيت ولا يجوز تأخيره عنها ...... أما الثانی فلقوله عليه الصلوة والسلام " لايجاوز أحد الميقات الا محرمًا " ، وفائدة التأقيت بالمواقيت الخمسة المنع من التأخير ...... (قوله : ولداخلها الحل) أی الحل ميقات من كان داخل الميقات . (البحر الرائق : (۲/ ۳۱۹) كتاب الحج ، ط : سعيد)

ولا يجوز للإنسان أن يجاوز الميقات إلا محرمًا لحج أو عمرة وإلا وجب على دم ، أو العودة إليه ...... ومن كان بمكّة مكيا أو آفاقيا فميقاته فی العمرة من أدنیٰ الحل ، ولو بأقلّ من خطوة من أی جانب شاء ليتحقق وقوع السفر ؛ لأنّ أداء العمرة فی الحرم فيكون الإحرام من الحل ليجمع فی إحرامه بين الحل والحرم إذ هو شرط فی كل إحرام فإن أحرم بها فی الحرم انعقد وعليه دم إلا أن خرج بعد إحرامه إليه . (الفقه الإسلامی وأدلّته : (۳/ ۶۸) المطلب الثانی : ميقات الحج والعمرة ، تحت آفاقی أو أهل الآفاقی ، ط: دار الفكر ، بيروت)

(۱) أصل التوبة فی اللغة الرجوع ...... والمراد بالتوبة هنا الرجوع عن الذنب ، وقد سبق فی كتاب الايمان أن لها ثلاثة أركان : الإقلاع ، والندم على فعل تلك المعصية ، والعزم على أن لايعود إليها أبدًا ، فإن كانت المعصية لحق آدمی فلها ركن رابع وهو التحلل من صاحب ذٰلک الحق ، وأصلها الندم وهو ركنها الأعظم .... (شرح الصحيح لمسلم للنووی : (۲/ ۳۵۴) كتاب التوبة ، ط: قديمی)

روح المعانی : (۲۸/ ۱۵۸ ، ۱۵۹) سورة التحريم ، آية : ۸ ، ط: دار إحياء التراث العربی.

شرح الفقه الأكبر للملا على القاری : (ص:۱۵۸) ط: قديمی .

ولا بمال حرام ...... والحيلة لمن ليس معه إلاَّ مال حرام أو فيه شبهة أن يستدين للحج من =

= مال حلال ليس فيه شبهة ، ويحج به .... (غنية الناسك : (ص: ۲۱، ۲۲) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۶۹۰ ، ۶۹۱) باب المتفرقات ، مسألة : من حج بمال حرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 الدر مع الرد : (۴۵۶/۲) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

یلملم

مکہ مکرمہ کی جنوبی جانب مثلاً یمن وغیرہ کی طرف سے مکہ مکرمہ آنے والوں کے لئے مکہ کی جنوبی جانب ایک پہاڑی ہے اس کو ''یلملم'' کہتے ہیں، اور یہ مغربی جنوبی جانب کے سمندر (بحر احمر) کے ساحل سے پندرہ، بیس میل کے فاصلہ پر ہے۔

یہ اصل میں یمن اور عدن والوں کی میقات ہے، لیکن پہلے زمانے میں ہندوستان، پاکستان اور مشرقی ممالک والے جب بحری جہاز سے سمندری سفر کر کے حج کے لئے آتے تو مکہ مکرمہ کی جنوبی جانب ''یلملم'' پہاڑی کی محاذات سے گزر کر جدہ آتے تھے، اس لئے پرانی کتابوں میں ہندوستان، پاکستان اور مشرقی ممالک والوں کے لئے ''یلملم'' کی میقات مشہور ہے، لیکن آج کل ہوائی جہاز کے سفر میں یہ میقات نہیں پڑتی، بلکہ جہاز ''قرن المنازل'' والی میقات سے گزر کر آتا ہے۔(۱) نقشہ یہ ہے۔()

یومِ عرفہ

ذی الحجہ کی نویں تاریخ کو ''یومِ عرفہ'' کہتے ہیں، اس روز حج ہوتا ہے اور حاجی لوگ عرفات میں وقوف کرتے ہیں۔

اور اس سے مراد ۹/ ذی الحجہ کے زوال آفتاب سے ۱۰/ ذی الحجہ کی صبح صادق

---

(۲) وميقات أهل اليمن غير أهل النجد وباقى تهامة : يلملم ، بفتح الياء واللامين وإسكان الميم بينهما ...... وهو جبل من جبال تهامة على مرحلتين من مكّة . (البحر العميق : (۱/ ۲۰۲، ۲۰۳) الباب السادس فى المواقيت ، ط: مؤسّسة ، الريّان ،المكتبة المكيّة)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۱۲) باب المواقيت ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۵۲) باب المواقيت ، فصل : أمّا مواقيت أهل الآفاق، ط:إدارة القرآن.

تک کا وقت ہے۔(۱)

مزید''حج کا دوسرا دن ۹رذی الحجہ''عنوان بھی دیکھیں۔(۲ر۱۷٤)

(۱) والوقوف بعرفة فی أوانه وهو من زوال یوم عرفة إلی قبیل طلوع فجر النحر . (الدر مع الرد: (۲ر۴٦۷) کتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعید)

إرشاد الساری : (ص: ۹۲ ، ۹۳) باب فرائض الحج ، الإمدادیة ، مكّة المكرّمة .

غنیة الناسک : (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات ، فصل فی رکن الوقوف وقدر الواجب فیه و سننه ومستحباته ، ط: إدارة القرآن .